۲۔ نواب حیدر یار جنگ بہادر
۳۔ مولوی محمد عبد القدیر صاحب
۴۔ مولوی عبد المجید خانصاحب
۵۔ مولوی عبد الحق صاحب بی لٹ، پی ایچ۔ ڈی (آکسفورڈ)

۶۔ مولوی عبداللہ العمادی صاحب
۷۔ مولوی سیّد غلام نبی صاحب
۸۔ قاری سیّد کلیم اللہ حسینی صاحب ایم۔اے، ایل۔ایل۔بی، پی ایچ۔ڈی (لندن)

اُردو

۱۔ مولوی عبدالحق صاحب۔بی۔اے
۲۔ مولوی محمد عنایت اللہ صاحب۔ بی۔اے
۳۔ نواب حبیدر یار جنگ بہادر
۴۔ مولوی محمد نظام الدین صاحب۔ ڈی فل (کیمبرج)
۵۔ مولوی خلیفہ عبدالحکیم صاحب۔ایم اے، ایل ایل۔بی، پی ایچ۔ڈی (ہیڈلبرگ)
۶۔ مولوی سیّد سجاد حسین صاحب۔ ایم۔اے
۷۔ پنڈت ہری ہر شاستری صاحب
۸۔ مولوی سید عبداللطیف صاحب بی اے، پی ایچ۔ڈی (لندن)
۹۔ مولوی سیّد ہاشمی صاحب۔

مرہٹی

۱۔ مسٹر سی این جوشی ایم۔اے
۲۔ مسٹر ایچ بی آترے۔ بی۔اے
۳۔ پنڈت کیشو راؤ صاحب
۴۔ مسٹر آر۔ اے شیرساگر۔ بی۔اے
۵ مسٹر وی۔ کے بھوگل۔

۶۔ مسٹر وی۔ کے۔ بھاوے
۷۔ مسٹر وٹھل راؤ دیشپانڈے
۸۔ راؤ صاحب آر۔ ایل۔ جوشی

تلنگی

۱۔ مسٹر آر۔ سبا راؤ
۲۔ مسٹر آر۔ وی سوریا جولو
۳۔ مسٹر ایس ہنمنت راؤ
۴۔ مولوی محمد حفیظ اللہ صاحب بی۔ اے، بی۔ ٹی
۵۔ مسٹر پی۔ ستیا نارائن راؤ۔ بی۔ اے، بی۔ ٹی
۶۔ پنڈت جے۔ سوبھانادری شاستری صاحب
۷۔ مسٹر جی۔ بی رامچندر راؤ۔ بی۔ اے
۸۔ مسٹر لکشمی کانت شاستری۔ بی۔ اے

کنڑی

۱۔ مسٹر ٹی رامراؤ۔ بی۔ اے
۲۔ مسٹر ایچ۔ وی کرشنا سوامی ایم۔ اے
۳۔ مسٹر جے۔ اے چندرواکر۔ ایم۔ اے
۴۔ مسٹر اے ستیارام راؤ۔ ایم۔ اے
۵۔ مسٹر اچوت راؤ وکیل
۶۔ مسٹر گھوشل راؤ۔

۷۔ مسٹر وی کے۔ ہنمنتا چاریہ

تاریخ و معاشیات و عمرانیات

تاریخ و معاشیات

۱۔ سر اکبر حیدری نواب حیدر نواز جنگ بہادر۔ بی اے ایل۔ ایل۔ ڈی

۲۔ مسٹر ہنمنت راؤ۔ ایم۔ اے

۳۔ مولوی ہارون خانصاحب شروانی۔ ایم۔ اے (آکسفورڈ)

۴۔ مولوی حمید احمد صاحب انصاری۔ بی۔ اے

۵۔ مولوی غلام یزدانی صاحب ایم۔ اے

۶۔ مولوی سید ہاشمی صاحب

۷۔ مولوی عبداللہ العمادی صاحب

۸۔ مولوی جمیل الرحمن صاحب۔ ایم۔ اے

۹۔ مولوی مرزا علی یار خانصاحب۔ بی۔ اے (کیمبرج)

۱۰۔ مسٹر کے۔ سی رائے لکسینہ۔ ایم۔ اے

۱۱۔ مولوی قادر حسین خانصاحب۔ ایم۔ اے

۱۲۔ مولوی یوسف حسین صاحب۔ ڈی فل (پیرس)

۱۳۔ مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی ایم۔ اے

تاریخ

معاشیات و عمرانیات

۱۴۔ مولوی جعفر حسن صاحب۔ پی ایچ۔ ڈی (ہیڈلبرگ)

۱۵۔ مولوی احمد محی الدین صاحب۔ بی۔ اے (کیمبرج)

۱۶۔ مولوی سید علی اکبر صاحب۔ بی۔ اے کیمبرج

۱۷۔ مولوی محمد الیاس برنی صاحب۔ ایم۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی

۱۸۔ مولوی حبیب الرحمن صاحب۔ ایم۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی

۱۹۔ مسٹر ایس۔ کے آنگار ایم۔ اے
۲۰۔ مولوی وہاج الدین صاحب بی اے، بی۔ ٹی

منطق و فلسفہ

۱۔ سر اکبر حیدری نواب حیدر نواز جنگ بہادر بی اے، ایل۔ ایل۔ ڈی
۲۔ ڈاکٹر نواب سر امین جنگ بہادر ایم اے، بی۔ ایل، ایل۔ ایل۔ ڈی، کے۔ سی۔ ایس آئی۔ سی۔ ایس۔ آئی
۳۔ مولوی خلیفہ عبدالحکیم صاحب ایم۔ اے، ایل ایل۔ بی، پی ایچ۔ ڈی (ہیڈلبرگ)
۴۔ مولوی مرزا محمد ہادی صاحب بی۔ اے۔
۵۔ مولوی سید شیر علی صاحب۔
۶۔ مولوی عبدالباری صاحب ندوی۔
۷۔ مولوی معتضد ولی الرحمٰن صاحب ایم۔ اے
۸۔ مسٹر شیو موہن لال ایم۔ اے
۹۔ مولوی احمد حسین صاحب۔
۱۱۔ مولوی میر ولی الدین صاحب ایم۔ اے، پی ایچ۔ ڈی (لندن)
۱۲۔ مولوی عبدالقادر صاحب ایم۔ اے۔

ریاضی

۱۔ مولوی محمد عبدالرحمٰن خاں صاحب بی۔ اے، بی۔ ایس سی (لندن)
۲۔ مولوی قاضی محمد حسین صاحب ایم۔ اے، ایل ایل۔ بی (کیمبرج)
۳۔ مسٹر کشن چند ایم۔ اے (کیمبرج)

۴۔ مولوی وحید الرحمن صاحب بی۔ ایس سی۔
۵۔ مسٹر ارناچلم شاستری ایم۔ اے، ایل۔ ٹی۔
۶۔ مسٹر ٹی۔ پی بھاسکرن ایم۔ اے، الیف۔ آر۔ اے۔ ایس
۷۔ مولوی مظفر الدین صاحب قریشی ایم۔ ایس سی، پی ایچ۔ ڈی (برلن)
۸۔ مولوی شیخ برکت علی صاحب ایم۔ اے۔
۹۔ مولوی خان فضل محمد خاں صاحب ایم۔ اے (کیمبرج)
۱۰۔ مولوی سید محمد اعظم صاحب ایم۔ اے، بی۔ ایس سی (کیمبرج)
۱۱۔ مولوی سمیع اللہ شاہ صاحب بی۔ ایس سی (آنرس) (میانچسٹر) اے۔ ایم۔ آئی۔ سی۔ ای (لندن)

طبیعیات

۱۔ مولوی محمد عبدالرحمن خاں صاحب بی۔ اے، بی۔ ایس سی (لندن)
۲۔ مولوی قاضی محمد حسین صاحب ایم۔ اے، ایل ایل۔ بی (کیمبرج)
۳۔ مولوی سید محمد اعظم صاحب ایم۔ اے، بی۔ ایس سی (کیمبرج)
۴۔ مولوی مظفر الدین صاحب قریشی ایم۔ ایس سی، پی ایچ۔ ڈی (برلن)
۵۔ مولوی وحید الرحمن صاحب بی۔ ایس سی
۶۔ مولوی نصیر احمد صاحب ایم۔ اے، بی۔ ایس سی
۷۔ مسٹر کشن چند ایم۔ اے (کیمبرج)
۸۔ مسٹر کومیشور راؤ

کیمیا

۱۔ مولوی محمد عبدالرحمن صاحب بی۔ اے، بی۔ ایس سی (لندن)

۲۔ مولوی مظفر الدین صاحب قریشی ایم۔ ایس سی، پی ایچ۔ ڈی (برلن)
۳۔ مولوی سید محمد اعظم صاحب ایم۔ اے، بی۔ ایس سی (کیمبرج)
۴۔ مولوی خواجہ حبیب حسن صاحب ایم۔ ایس سی (لیڈز) ایف۔ سی۔ ایس
۵۔ مولوی محمود احمد خاں صاحب بی۔ ایس سی
۶۔ مولوی سید حسین صاحب ایم۔ ایس سی، پی۔ ایچ ڈی (لندن)
۷۔ مسٹر رام راؤ پروائیکر ایم۔ اے۔

حیاتیات

۱۔ مولوی محمد عبدالرحمٰن خاں صاحب بی۔ اے، بی۔ ایس سی (لندن)
۲۔ میجر فرحت علی صاحب ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی (اڈنبرا)
۳۔ مولوی سید محمد اعظم صاحب ایم۔ اے، بی۔ ایس سی (کیمبرج)
۴۔ مولوی سعید الدین صاحب بی۔ ایس سی، ایم۔ اے (اڈنبرا)
۵۔ مولوی عبدالباری صاحب بی۔ ایس سی
۶۔ میجر محمد اشرف صاحب ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی (اڈنبرا)
۷۔ مولوی محمد رحیم اللہ صاحب بی۔ ایس سی۔
۸۔ مولوی سید عبدالرحمٰن صاحب ایم۔ بی۔ سی۔ ایچ۔ بی (اڈنبرا)

دینیات

۱۔ مولوی محمد عبدالرحمٰن خاں صاحب بی۔ اے، بی۔ ایس سی (لندن)
۲۔ مولوی عبدالقدیر صاحب۔

۳ ۔ مولوی مناظر احسن صاحب گیلانی
۴ ۔ مولوی عبدالباری صاحب ندوی
۵ ۔ مولوی سید شیر علی صاحب
۶ ۔ مولوی عبدالواسع صاحب
۷ ۔ مولوی سید ہاشم صاحب ندوی
۸ ۔ مولوی محمود حسن خاں صاحب

اخلاقیات

۱ ۔ خلیفہ عبدالحکیم صاحب ایم ۔ اے ۔ ایل ایل ۔ بی ۔ پی ایچ ۔ ڈی (ہیڈلبرگ)
۲ ۔ مولوی ظہیرالدین احمد صاحب ڈی لٹ (مصر)
۳ ۔ مسٹر ای ۔ ای اسپیٹ بی ۔ اے (لندن)
۴ ۔ مسٹر آر ۔ سبا راؤ
۵ ۔ پنڈت ہری ہر شاستری صاحب
۶ ۔ مسٹر الیف ۔ ایس کون بی ۔ اے ۔ بی ۔ ڈی جنرل سکرٹری ۔ وای ۔ ایم سی ۔ اے (سکندرآباد)
۷ ۔ مولوی مناظر احسن صاحب گیلانی ۔

مجلس تنقیح حسابات

برائے سنہ ۱۳۳۹ و سنہ ۱۳۴۰ ف

۱۔ نواب فخر یار جنگ بہادر بی۔ اے
۲۔ نواب ناظر یار جنگ بہادر ایم اے، ایل۔ ایل۔ ڈی
۳۔ مسٹر کشن چند ایم۔ اے (کیمبرج)

(۴) فہرست سلسلۂ عہدہ داران

امیر جامعہ

۱۳۲۸ف تا ۱۳۲۹ف / ۱۹۱۸ء تا ۱۹۱۹ء	نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی
۱۳۳۰ف م ۱۹۲۰ء	سر سید علی امام کے۔ سی۔ ایس۔ آئی
۱۳۳۱ف م ۱۹۲۲ء	نواب سر فریدون الملک بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ بی۔ ای
۱۳۳۳ف م ۱۹۲۴ء	نواب ولی الدولہ بہادر
۱۳۳۵ف م ۱۹۲۶ء	مہاراجہ سر کشن پرشاد بہادر یمین السلطنت جی۔ سی۔ آئی۔ ای

معین امیر جامعہ

۱۳۲۸ف م ۱۹۱۰ء	مولوی حبیب الرحمٰن خاں صاحب (نواب صدر یار جنگ بہادر)
۱۳۳۰ف م ۱۹۲۰ء	نواب ولی الدولہ بہادر
۱۳۳۳ف م ۱۹۲۴ء	صدر المہام تعلیمات
۱۳۳۶ف م ۱۹۲۶ء	نواب ولی الدولہ بہاد

معتمد مجلس اعلیٰ

۱۳۲۸ف م ۱۹۱۸ء	محمد اکبر حیدری بی اے (نواب سر حیدر نواز جنگ بہادر)
۱۳۲۹ف م ۱۹۲۰ء فروری	سید اس مسعود بی۔ اے (آکسفورڈ) بیرسٹر ایٹ لا (نواب مسعود جنگ بہادر)

خرداد ۱۳۲۹ف م اپریل ۱۹۲۰ء	محمد اکبر حیدری بی اے (نواب حیدر نواز جنگ بہادر)
۱۳۳۰ف م ۱۹۲۱ء	نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم اے (کیمبرج)
۱۳۳۲ف م ۱۹۲۲ء	نواب اکبر یار جنگ بہادر
۱۳۳۶ف م ۱۹۲۷ء	نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم اے (کیمبرج)
۱۳۳۸ف م ۱۹۲۹ء	نواب اکبر یار جنگ بہادر

مستجل (رجسٹرار)

۱۳۲۸ف م ۱۹۱۹ء	سید محی الدین بی اے (بیرسٹرایٹ لا)
۱۳۲۹ف م ۱۹۲۰ء	حمید احمد انصاری بی اے

(۵) منشورِ خسروی (رائل چارٹر)

[بارگاہِ خسروی سے بذریعہ فرمان عطوفت نشان مرقومہ ۱۶ ذیحجہ الحرام ۱۳۳۶ھ م، ۱۲ آبان ۱۳۲۷ف م ۲۲ ستمبر ۱۹۱۸ء نافذ فرمایا گیا اس کی اشاعت بذریعہ جریدہ غیر معمولی جلد (۴۹) نمبر (۶۴) مورخہ ۳۰ آبان ۱۳۲۷ف م ۱۲ اکتوبر ۱۹۱۸ء ہوئی]

چونکہ بادولت و اقبال کو اپنی عزیز و وفادار رعایا کی فلاح و بہبودی بدرجہ اتم مدنظر ہے اور یہ مقصد اعلیٰ صرف اس صورت میں بوجہ احسن حاصل ہو سکتا ہے جبکہ موجودہ انتظام تعلیم ممالک محروسہ سرکار عالی کو بیرونی جامعات (یونیورسٹیز) سے مناسب حد تک آزاد و مستغنی کر کے اعلیٰ تعلیم کا انتظام ملکی خصوصیات و حالات کے اعتبار سے خود اندرون ملک کیا جائے۔ لہٰذا بادولت و اقبال حکم صادر فرماتے ہیں کہ:—

ف ۱۔ حیدرآباد دکن میں ایک جامعہ (یونیورسٹی) بنام "**جامعہ عثمانیہ**" یکم محرم الحرام ۱۳۳۷ھ سے قائم کیجائے۔

ف ۲۔ جامعہ عثمانیہ کا مقصد یہ ہے کہ مذہبی۔ اخلاقی۔ ادبی۔ فلسفی۔ طبیعی۔ تاریخی۔ طبی۔ قانونی۔ زراعتی۔ تجارتی اعلیٰ تعلیم کا اور دیگر مفید علوم و فنون و سودمند پیشوں اور صنعت و حرفت وغیرہ سکھانے اور ان سب میں تحقیقات و ترقی کا انتظام کرے۔

ف ۳۔ جامعہ عثمانیہ کی خاص خصوصیت یہ ہوگی کہ جملہ علوم کی تعلیم زبان اردو میں دیجائے گی۔ اور اسی کے ساتھ انگریزی زبان و ادب کی تعلیم بھی لازمی رہیگی۔

ف۴۔ جامعہ عثمانیہ مجاز و مقتدر ہوگی کہ :۔

(الف) جملہ شاخہائے علوم و فنون کیلئے اپنی صوابدید کے لحاظ سے تعلیم و تدریس و تربیت کا انتظام کرے۔ ان کے حصول کیلئے ذرائع بہم پہونچائے اور علوم و فنون کی عام تحقیقات و ترقی اشاعت کا اہتمام کرے۔

(ب) اسناد (ڈگریز) اور دوسرے تعلیمی امتیازات ان اشخاص کو عطا کرے جنھوں نے اس کے مجوزہ تعلیم نصاب کو ختم کر کے اس مقررہ امتحانات میں کامیابی حاصل کی ہو۔

(ج) اجازے (ڈپلوماز) یا صداقت نامے (سارٹیفکیٹس) یا دیگر امتیازات ان اشخاص کو عطا کرے جنھوں نے اس کے مجوزہ شرائط کے بموجب نصاب مقررہ کی تحصیل کی ہو۔

(د) دوسرے جامعات کے طیلسانین (گریجویٹیس) کو اپنے یہاں کی اسناد اسی یا اس کے مماثل درجہ کے عطا کرے۔

(ھ) اعزازی اسناد یا دیگر امتیازات عطا کرے۔

(و) عطا شدہ سند، اجازہ یا صداقت نامہ یا دیگر امتیازات کو مسترد یا منسوخ کرے۔

(ز) جملہ دیگر اختیارات اور کارروائیاں عمل میں لائے۔ جو جامعہ کے حصول مقاصد اور اجرائی کار کے لئے ضروری ہوں۔

ف۵۔ جامعہ عثمانیہ مجاز و مقتدر ہوگی کہ کسی جائداد منقولہ یا غیر منقولہ کو جو اس کے اغراض کیلئے اسکے حوالے یا تفویض کیجائے بذریعہ اشتراء عطا۔ وصیت یا دوسرے طور پر حاصل کرے۔ خریدے اور قبض و دخل میں رکھے ۔ اور

اسی طرح وہ مقتدر و مجاز ہوگی کہ اپنی ملوکہ جائداد منقولہ یا غیر منقولہ یا اس کے کسی جزو کو عطا۔ بیع۔ علیحدہ یا کسی اور طور پر اس کے ساتھ عمل کرے اور نیز ایسے دوسرے اختیارات و امور عمل میں لاسکے گی جو جماعتِ مشترکہ کی حیثیت سے اسکو پیش آئیں یا اس سے متعلق ہوں۔

ف۶۔ جامعہ عثمانیہ مجاز و مقتدر ہوگی کہ بطور خود کلیہ (کالج) قائم کرے یا جو کلیات اس کے لئے قائم کئے جائیں یا جو اس کے انتظام میں منتقل کئے جائیں یا جن کو وہ اپنے قاعدہ کے لحاظ سے کلیہ کے حقوق عطا کرے ان سب کے متعلق اپنے جملہ اختیارات کو کام میں لائے اور ایسے کلیات اسکے اجزاء ترکیب متصور ہوں گے۔

ف۷۔ جامعہ عثمانیہ کی ہیئت ترکیبی حسب ذیل رہیگی:۔

مجلس اعلیٰ (کونسل)

مجلس رفقاء (سنیٹ)

مجلس انتظامی (سنڈیکیٹ) — مجالس شعبہ (فیکلٹیز)

مجالس نصاب (بورڈ آف اسٹڈیز)

ف۸۔ ما بدولت واقبال جامعہ عثمانیہ کے سرپرست اعلیٰ رہینگے اور باقی مناصب وقتاً انتظامیہ حسب ذیل ہوں گے:۔

(۱) امیر جامعہ (چانسلر) یہ جامعہ کے سب سے اعلیٰ حاکم ہوں گے

ان کو عام اختیار رہیگا کہ کسی وقت جامعہ کے کسی کلیہ عمارت وانتظام وغیرہ اور دوسرے متعلقات کے معائنہ ونگرانی کا حکم دیں اور ان میں کسی یا سب کی تنقیح اس غرض سے کرائیں کہ جامعہ کے کاروبار منشور ہذا اور قواعد نافذہ تحت منشور ہذا کے بموجب عمل میں لائے جارہے ہیں۔

امیر جامعہ کو یہ اختیار بھی رہیگا کہ بذریعہ حکم تحریری کسی کارروائی کو منسوخ کریں جو ان کی رائے میں منشور ہذا اور قواعد نافذہ تحت منشور ہذا کے بموجب نہ ہو۔

مدار المہام سرکار عالی بحیثیت عہدہ امیر جامعہ رہینگے۔

(۲) **معین امیر جامعہ** (وائس چانسلر) ان کا درجہ امیر جامعہ کے بعد ہوگا اور معین المہام صیغہ تعلیمات یا وہ عہدہ دار جن سے جامعہ کا کام متعلق ہو **معین امیر جامعہ** ہوں گے۔ ان کی عام نگرانی جامعہ کے انتظام تعلیم پر رہیگی اور ان کا فرض ہوگا کہ وہ نظر رکھیں کہ منشور ہذا و قواعد نافذہ تحت منشور ہذا کی تعمیل کماحقہ ہوتی ہے۔ بصورت ضرورت معین امیر کو یہ اختیار بھی ہوگا کہ فوراً کوئی حکم صادر یا کارروائی عمل میں لائیں جس کو وہ اپنے صوابدید کے لحاظ سے ضروری تصور کریں اور اسکی اطلاع اس عہدہ دار کو دیں جو معمولی حالت میں معاملہ مذکور کے متعلق کارروائی کا مجاز ہو۔

(۳) **مجلس اعلیٰ** (کونسل) جامعہ کا عاملانہ انتظام اور حکومت جس میں جامعہ کے متعلقہ کلیات کی عام نگرانی اور ان پر اختیار رکھنا بھی داخل ہے۔ مجلس اعلیٰ کے تفویض رہیگی۔ مگر سرکار کو اختیار رہیگا کہ قواعد نافذہ کے اپنے واسطے ایسے اختیارات محفوظ کرلے جو عہدہ داروں کے تقرر۔ برطرفی سزا علیحدگی و رخصت سے متعلق ہوں۔

مجلس اعلیٰ میں علاوہ پرنسپل صاحبان کلیہ جات نو سے کم اور گیارہ سے زیادہ ارکان نہ ہوں گے۔

مندرجہ ذیل اصحاب پر مجلس اعلیٰ مشتمل رہیگی۔

(۱) مدار المہام سرکار عالی

(۲) معین المہام صیغہ تعلیمات یا وہ عہدہ دار جن سے جامعہ متعلق ہو۔

(۳) معین المہام مذہبی

(۴) معین المہام مالیہ (فینانس)

(۵) معتمد صیغہ تعلیمات

(۶) ناظم تعلیمات

(۷) صدر (پرنسپالز) کلیات جامعہ

(۸) بقیہ ارکان جن کا تقرر سرکار سے ہوگا۔

معتمد تعلیمات مجلس اعلیٰ کا معتمد رہیگا۔

(۴) مجلس رفقاء (سنیٹ) بہ متابعت منشور ہذا و قواعد و ضوابط نافذ الوقت جامعہ اور کلیات جامعہ کی ترکیب و تعلیم نصاب درس و امتحان و تربیت طلباء و عطا، اسناد معمولی و اعزازی کے متعلق جملہ انتظامات کرے گی۔

مجلس رفقاء کم سے کم چالیس اور زیادہ سے زیادہ ستر ارکان پر مشتمل ہوگی جن کی تعداد کا تعین وقتاً فوقتاً امیر جامعہ کریں گے۔ اور یہ ارکان جامعہ کے رفقاء (فیلوز) کہلائیں گے۔ اور ان کے اختیارات و فرائض کی صراحت قواعد میں ہوگی۔ رفقاء کا تقرر دو سال کیلئے ہوگا پہلے ارکان مجلس رفقاء اس مدت کیلئے سرکار سے مقرر ہوں گے۔ مدت مذکور کے ختم کے بعد

مجلس مذکور میں حسب ذیل اصحاب شریک ہوں گے:۔

(الف) معین امیر جامعہ اور دوسرے اراکین مجلس اعلیٰ مندرجہ فقرہ (۳)

(ب) جامعہ کے علامہ (پروفیسرس)

(ج) چہار ارکان منتخب کردہ مجلس رفقاء جن میں دو ارکان ملیشیا نہیں مندرجہ فہرست سے اور دو ارکان مجالس شعبہ سے ہونگے۔

(د) اور بقیہ ارکان جن کو امیر جامعہ مقرر کریں۔ مگر شرط یہ ہے کہ رفقاء کا تقرر اس طرح سے عمل میں آئے کہ مجلس رفقاء میں تعداد غالب ان اشخاص کی رہے جن کا پیشہ تعلیم ہو یا اس سے تعلق رکھتے ہوں۔

(۵) **مجلس انتظامی** (سینڈی کیٹ) یہ مجلس رفقاء کے کاروبار کی مجلس ہوگی اور اس کے ارکان پانچ سے کم اور سات سے زیادہ نہ ہونگے اور اسکے اختیارات و فرائض کی صراحت قواعد میں کیجائیگی۔

(۶) **مجالس شعبہ** (فیکلٹیز) یہ مجلس رفقاء کی علمی مجلسیں ہونگی جن کے سپرد تعین نصاب و تقرر امتحانات وغیرہ کا اہتمام ہوگا اور جو وقتاً فوقتاً حسب قواعد نافذہ مقرر کیجائیں گی اور ہر شعبہ علم و فن کے متعلق علیحدہ مجلس شعبہ قائم ہوگی۔

فی الحال جامعہ میں دو شعبے ہوں گے۔ شعبۂ دینیات اور شعبۂ علوم و فنون۔

ہر مجلس شعبہ کم از کم بارہ اور زیادہ سے زیادہ سولہ ارکان پر مشتمل ہوگی جن میں تعداد علامہ جملہ تعداد کے نصف سے کم از کم بقدر دو کے زیادہ ہوگی

ہر مجلس شعبہ اپنے ارکان میں سے ایک شخص کو بطور میر شعبہ (ڈین) مقرر کریگی۔ مجلس شعبہ مجاز ہوگی کہ کسی مسئلہ پر جو مجلس رفقاء یا مجلس اعلیٰ اس میں بھیجے غور کرے اور کیفیت پیش کرے۔

(۷) **مجالس نصاب** (بورڈ آف اسٹڈیز) یہ دینیات اور دیگر علوم و فنون کی ہر شاخ کے متعلق قائم ہونگی۔ ان کے ارکان کے انتخاب کی تحریک مجلس شعبہ کی طرف سے مجلس رفقاء میں کیجائیگی۔ اور مجلس رفقاء کی سفارش پر مجلس اعلیٰ سے تقرر کیا جائیگا۔ ان کے ارکان جامعہ کے علاوہ اور دوسرے اشخاص مقرر ہوں گے جو خاص واقفیت و مہارت ان علوم و فنون میں رکھتے ہوں جن کا تعلق اس مجلس نصاب سے ہو۔

مجلس نصاب کے فرائض یہ ہوں گے کہ وہ مجلس شعبہ متعلقہ میں کتب نصاب اور ایسی کتابوں کے لئے جن کا ترجمہ ضروری ہو اور مضامین تعلیم اور ممتحنین کے تقرر کیواسطے تحریک کرے اور جملہ امور پر جو منجانب مجلس اعلیٰ یا مجلس شعبہ اسکے پاس بھیجے جائیں رائے ظاہر کرے۔

(۸) **مجلس تنقیح** (بورڈ آف آڈٹ) یہ مجلس جامعہ اور اس کی جائداد وغیرہ کے تمام حسابات متعلقہ کی تنقیح کی مجاز ہوگی۔ اس کا تقرر سالانہ مجلس رفقاء کی طرف سے ہوا کریگا۔ اور ایسے تین ارکان پر مشتمل ہوگی۔ جو رفیق ہوں اور مجلس اعلیٰ کے رکن نہوں۔

جامعہ کے جملہ حسابات کی تنقیح سالانہ منجانب سرکار بھی کیجائیگی۔ اور یہ تنقیح ایسا عہدہ دار کریگا جس کو سرکار اس کام کیلئے مقرر کرے اور ایک تنقیح سے دوسری تنقیح تک (۱۵) ماہ سے زیادہ وقفہ نہ ہوگا۔ سرکاری تنقیح کنندہ جامعہ کے تمام حسابات اور دفتر کا معائنہ کرنے کا مجاز رہیگا۔

(۹) مسجّل (رجسٹرار) مجلس رفقاء مجلس انتظامی کا معتمد رہے گا مسجّل ان مجالس کا رکن ہو سکتا ہے لیکن وہ مجلس اعلےٰ کا رکن نہ ہو سکے گا۔ اس کا تقرر مجلس اعلیٰ کی سفارش پر سرکار سے ہوا کریگا لیکن پہلے مسجّل کو خود سرکار مقرر کریگی۔

(۱۰) دیگر اشخاص یا جماعت جن کا ذکر قواعد نافذ الوقت میں ہو۔

ف۹۔ تمابعت منشور ہذا و قواعد نافذ الوقت مجلس اعلےٰ مجاز ہوگی کہ بشرکت رفقاء جامعہ اور مناسب معلوم ہو تو غیر بشرکت دیگر اشخاص جو رفقاء نہ ہوں ذیلی مجالس جامعہ کے انتظامی یا دیگر معاملات یا کسی خاص شعبہ یا صیغہ یا کسی جائداد یا عمارت وغیرہ کی نگرانی کے متعلق مقرر کرے۔ اور ایسے مجالس کو مناسب اختیارات و فرائض تفویض کرے۔ مجلس رفقاء، و مجالس شعبہ و مجالس نصاب کو بھی اپنے اختیارات کے اندر ایسے مجالس ذیلی کے تقرر کا اختیار رہیگا۔

ف۱۰۔ جامعہ عثمانیہ اپنے کاروبار میں ایسی مُہر کا استعمال کرے جس کا نمونہ بادولت و اقبال منظور فرمائیں گے

ف۱۱۔ بتمابعت منشور ہذا و قواعد نافذہ مجلس اعلےٰ مجاز ہوگی کہ وقتاً فوقتاً امور متعلقہ جامعہ کی نسبت قواعد وضوابط بغرض تعمیل احکام و حصول مقاصد منشور ہذا مرتب و نافذ کرے یا قواعد مجربہ میں ترمیم یا اضافہ یا تبدیل یا تنسیخ عمل میں لائے لیکن ہر ایسی ترمیم یا اضافہ یا تبدیل یا تنسیخ قبل نفاذ تابع منظوری سرکار رہیگی اور سرکار کو اختیار ہوگا کہ حکم مناسب اسکے متعلق صادر کرے۔

اوّل قواعد منجانب سرکار مرتب و نافذ ہوں گے۔

ف۱۲۔ مجلس رفقاء مجاز ہوگی کہ جو قواعد مجلس اعلیٰ سے مرتب و جاری ہوں انکے متعلق مسودات و تحریکات مجلس اعلیٰ میں پیش کرے اور مجلس اعلیٰ کا فرض ہوگا کہ

ان پر غور کرے۔

ف ۱۳۔ ہر قسم کے عطیات جو اغراض جامعہ کیلئے منجانب سرکار یا حکام مقامی یا دیگر اشخاص دئے جائیں وہ بشمول ہر قسم کے دیگر آمدنی کے بطور سرمایہ کے رہینگے۔ جس کا نام "سرمایہ جامعہ عثمانیہ" ہوگا یہ سرمایہ جامعہ کے اغراض مقررہ منشور ندا کے لئے باختیار جامعہ صرف کیا جائیگا۔

ف ۱۴۔ مجلس اعلیٰ کو لازم ہوگا کہ ہر سال جامعہ کے حسابات کا موازنہ آمدنی و خرچ مرتب کر کے مجلس رفقاء میں بھیجے اور انکی رائے کے بعد بغرض منظوری سرکار میں پیش کرے۔ اور سرکار کو اختیار ہوگا کہ حکم مناسب اسکے متعلق صادر کرے

ف ۱۵۔ جامعہ اور اسکے مجالس انتظامی اور عہدہ داروں کے فرائض و اختیارات کی مزید تصریح قواعد میں کیجائیگی۔

حسب الحکم

محمد اکبر حیدری

معتمد خدالت و کوتوالی و امور عامہ سرکار عالی

(۶) قواعدِ جامعۂ عثمانیہ

باب اول

مراتب ابتدائی ۔ تعریفات

تعریفات | ان قواعد میں بجز اس صورت کے کہ سیاق عبارت یا مضمون سے اور معنی اور مفہوم ظاہر ہوں :۔

"منشور" سے مراد منشور خسروی مترشدہ ۶ ار ذیحجۃ الحرام ۱۳۳۶ھ ہوگا۔

"یوم دن" سے مراد ایسی مدت سے ہوگی جس میں اول اور آخر کے روز شامل نہ ہوں گے۔

"جریدہ" سے مراد جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی ہوگا۔

"قواعد" سے مراد وہ قواعد جامعۂ عثمانیہ ہوں گے جو فی الحال نافذ ہوں۔

"جامعہ" سے مراد جامعہ عثمانیہ ہوگی۔

"رزولیوشن" سے مراد ابتدائی تجاویز ہونگی۔

"تحریک" سے مراد ان امور سے ہوگی جو بصورت رزولیوشن یا ترمیم پیش کئے گئے ہوں۔

تمام الفاظ یا فقرے جو ان قواعد میں استعمال کئے گئے ہوں اور جن کی تعریف ان قواعد اور منشور میں کی گئی ہو ہمیشہ انہی معنوں میں استعمال کئے جائینگے جو ان تعریفات میں قائم کئے گئے ہیں۔

اطلاع نامے | جب قواعد جو اطلاع یا کیفیت کسی شخص کو دیجانی ضروری ہے

یا جو کاغذ۔ روئداد یا کارروائی کسی شخص کو ارسال کرنی لازمی ہے وہ ارسال شدہ تصور کی جائے گی اگر اس شخص کے پتہ پر بھیجدی جائے یا ذریعہ ٹپہ روانہ کردی جائے بجز اس صورت کے کوئی اور طریقہ اختیار کیا گیا ہو۔

پتہ ہر رفیق کو چاہیئے کہ سجل کو اپنے پتہ یا تبدیل مقام کی تحریری اطلاع دے دیں۔ سجل تمام رفقاء کے پتوں کا داخلہ دفتر میں رکھینگے جو آخری پتہ سجل کو دیا گیا ہو وہی صحیح پتہ تصور کیا جائے گا۔

باب دوم

معین امیر جامعہ

(۱) معین امیر مجاز ہوں گے کہ مجلس اعلیٰ اور مجلس رفقاء کے کسی اجلاس کا انعقاد کریں اور ایسی تمام کارروائی کریں جس سے منشور خسروی اور اس کے ماتحت قواعد کے منشاء کی تکمیل ہو یا جو ان کے مقاصد کی ترقی کے لئے ضروری ہو۔

(۲) اگر کوئی ایسی فوری ضرورت پیدا ہو جس کے لئے معین امیر کی رائے میں فوری کارروائی لازمی ہو تو معین امیر ایسی کارروائی جسے وہ ضروری سمجھیں عمل میں لائیں گے۔ اور اس کی رپورٹ اس متقدر عہدہ دار کی خدمت میں کریں گے جو معمولی حالات میں ایسے معاملات میں کارروائی کرتا۔

(۳) ایسے معاملات میں جن کا ذکر منشور خسروی یا قواعد میں نہیں کیا گیا ہے اور جس کے متعلق ان کی رائے میں سرکار عالی سے استصواب

ضروری ہے، تو معین امیر ایسے معاملات میں سرکار عالی سے استصواب کر سکتے ہیں۔

باب سوم

مجلس اعلیٰ

(۴) مجلس اعلیٰ کے وہ ارکان جو نامزد کئے جائیں، اپنے عہدہ پر تین برس تک فائز رہیں گے۔ جو جگہیں وقتاً فوقتاً خالی ہوں گی ان پر سرکار عالی تقرر کریں گے۔ جس رکن کی مدت ختم ہو جائے وہ دوبارہ نامزد ہو سکیگا

(۵) مجلس اعلیٰ مجلس رفقاء کی روئداد وں کی نقول بلا تعویق سرکار عالی میں ارسال کرے گی۔

(۶) مجلس اعلیٰ کا معمولاً ہر مہینے میں ایک بار اجلاس ہوا کرے گا۔ اور دیگر اوقات میں حسب طلب معین امیر معین امیر یا ان کے غیاب میں جو سینیر رکن موجود ہوں صدارت کریں گے۔

(۷) نصف تعداد ارکان کا نصاب ہوگا۔ کسرات اعداد صحیح شمار ہوں گی تمام مسائل کا فیصلہ ارکان موجودہ کی غلبۂ آرا سے ہوگا۔

(۸) جب منشاء منشور خسروی اور ان قواعد کے جو باتباع منشور مرتب کئے گئے ہوں مجلس اعلیٰ کو علاوہ ان اختیارات کے جو اس کو عطا کئے گئے ہوں اختیارات ذیل بھی حاصل ہوں گے:۔

(الف) وقتاً فوقتاً اساتذہ مددگار اساتذہ اور جامعہ اور اس کے متعلق کلیات کے دیگر ارکان اسٹاف تعلیمی یا عملہ دفتر کی تعداد مقرر کرنا۔

(ب) ایسے تقررات کے موقع پر جو اندرون اختیار مجلس اعلیٰ ہوں اختیارات تقرر بہ ماتحتی اپنے عام اختیارات نگرانی ایسے عہدہ دار یا عہدہ داروں کے تفویض کرنا جن کو مجلس اعلیٰ وقتاً فوقتاً کسی عام یا خاص رزولیوشن کے ذریعہ (اس قسم کی) ہدایت کرے۔

(ج) فینانس۔ حسابات۔ رقوم۔ سرمایہ۔ جائداد کاروبار اور دیگر تمام معاملات انتظامی متعلق جامعہ کا انتظام اور بندوبست کرنا اور اس مقصد کی تکمیل کے لئے ایسے کارکنوں کا مقرر کرنا جن کو وہ مناسب سمجھے۔

(د) ایسی رقوم متعلقہ جامعہ کو جن میں وہ رقم آمدنی بھی شامل ہوگی جسے کسی کام میں نہ لگایا گیا ہو حسب صوابدید وقتاً فوقتاً۔ اسٹاکس فنڈز سیکیورٹیز۔ اور سیکیورٹیز میں لگانا۔ یا اس سے جائداد غیر منقولہ خریدنا اور ایسے رقوم سرمایہ کا وقتاً فوقتاً ایک کام سے دوسرے کام میں بغرض منافعہ لگانا۔

(ہ) جامعہ کی جانب سے یا جامعہ کے لئے جائداد منقولہ و غیر منقولہ کو منتقل کرنا۔ یا انتقال بحق جامعہ کو قبول کرنا۔

(و) عمارات، اراضیات، فرنیچر، آلات، اور دیگر ذرائع جو جامعہ کے کاروبار اور کارروائی کے لئے ضروری ہوں مہیا کرنا۔

(ز) جامعہ کی جانب سے معاہدہ کرنا یا اس کی تبدیل یا تنسیخ کرنا۔

(ح) ان اساتذہ ارکان تعلیمی اسٹاف طلبا میں انڈر گراجویٹوں اور دیگر ملازمین جامعہ کی جن کو کوئی وجہ شکایت ہو شکایات

کی سماعت کرنا، ان کا تصفیہ کرنا اور ان کو رفع کرنا۔

(ط) معطیان جامعہ کا ایک رجسٹر رکھنا۔

(ی) حسب صوابدید مسودات قواعد مرتب اور بغرض غور و منظوری سرکار میں پیش کرنا۔

حسب فرمان خسروی مترشدہ ۲۰ رجب سنہ ۱۳۴۰ھ م ۶ ارادی بہشت سنہ ۱۳۳۱ف ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء مجلس اعلیٰ کو حسب ذیل زائد اختیارات عطا کئے گئے ہیں:۔

(۱) کوئی رقم ایک ذیلی مد سے دوسرے مد میں منتقل کرنا۔

(۲) ایسے ملازمین کی رخصتیں منظور کرنا یا منسوخ کرنا جن کی رخصتوں کا منظور کرنا صدر کلیہ یا مسجل یا ناظم دارالترجمہ کا اقتداری نہ ہو۔

(۳) جامعہ کے ایک دفتر سے دوسرے دفتر میں عمل تعیناتی منظور کرنا۔

(۴) تبدیل لقب جائداد غیر گزیٹڈ۔

(۵) بقایا تنخواہ یا بھتہ یا سفر خرچ ملازمین جامعہ کا کسی مدت کیلئے منظور کرنا۔

(۶) ملازمین جامعہ کو بیرون ممالک محروسہ علمی مجالس میں شریک ہونے یا دیگر یونیورسٹیوں کی طرز کارروائی کو دیکھنے یا سامان و آلات کے خریدنے یا کسی دوسری غرض کے لئے بھیجنا جو جامعہ کے اغراض کے لئے مفید ہو۔

(۷) رخصت غیر معمولی کی صورت میں منصرم کو جائداد منصرمانہ کی بہم تنخواہ کی منظوری دینا۔

(۸) غیر حاضری بلا رخصت کو کسی قسم کی رخصت میں تبدیل کرنا جس کا

کوئی ملازم از روئے قاعدہ مستحق ہے بشرطیکہ ایسی غیر حاضری کی مدت چھ ماہ سے زیادہ نہ ہو۔

(۹) ملازمین جامعہ کے لئے بلا لحاظ ان کی مدت ملازمت کے تین سال کی رخصت خانگی بغرض تعلیم منظور کرنا۔

(۱۰) جامعہ کے کلیات (کالجوں) اور دفاتر کے لئے تعطیلات یا تعطیلات موسمی کا منظور کرنا اور کلیات اور دفاتر کو بحالت امراض وبائی بند کر دینا۔

(۱۱) جو کتابیں اجرت پر ترجمہ کرائی جائیں ان کے لئے شرح اجرت مقرر کرنا۔

(۱۲) ملازمین جامعہ کی مدت ملازمت میں (۶۰) سال تک توسیع منظور کرنا۔

(۱۳) کسی جدید تقرر شدہ ملازم کو اقل تنخواہ گریڈ سے زیادہ تنخواہ دینا۔

(۱۴) باوجود تخالف مثنا، دفعات (۱۱۳) و (۱۱۷) ضابطہ ملازمت سرکار عالی مجلس اعلیٰ جامعہ عثمانیہ مجاز ہوگی کہ جامعہ کے کلیات یا دفاتر میں ایک سے زائد خدمات کے متعلق الونس بپابندی اس عام شرط کے منظور کرے کہ ایسے انتظامات کا صرفہ اس گنجایش سے زیادہ نہ ہو جو الونس نہیں خدمات مذکور کیلئے رکھی گئی ہو۔

نوٹ۔ اگر صدر المہام صاحب فینانس کو کسی رقمی معاملہ میں غلبہ آراء سے اتفاق نہ ہو تو یہ کارروائی سرکار میں پیش ہوگی۔

باب چہارم

(۱) مجلس رفقاء

(۹) حسب منشاء منشور خسروی دفعہ ۸ (۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶) مترشدہ ۱۶ ذیحجۃ الحرام ۱۳۳۶ھ م ۲۲ ستمبر ۱۹۱۸ء امیر جامعہ بعین امیر جامعہ معتمد تعلیمات سرکار عالی، ناظم تعلیمات، اراکین مجلس اعلیٰ، میر شعبہ جات، دینیات و فنون و رفقاء جامعہ کا تقدم اور ترتیب مراتب میر ہائے شعبہ جات تک حسب ترتیب مندرجہ بالا ہوگی۔ ثانیاً رفقاء سرکاری کی ترتیب بلحاظ ان کے مراتب عہدہ کے اور ثالثاً بقیہ رفقاء کی ترتیب ابتدائی تقرر کی تاریخ کے لحاظ سے ہوگی۔

(۱۰) ارکان کا انتخاب مشروط بہ منظوری امیر جامعہ ہوا کرے گا۔

(۱۱) امیر جامعہ دو تہائی ارکان مجلس رفقاء کی درخواست پر کسی شخص کے تقرر بحیثیت رفیق جامعہ کو منسوخ کر سکتے ہیں جس وقت جریدہ اعلانیہ میں اس قسم کا اعلان کر دیا جائے تو جس شخص کے متعلق ایسا اعلان کیا جائے وہ رفیق جامعہ نہ رہیگا۔

جب کسی رکن پر فعل ناشائستہ کا الزام عائد کیا گیا ہو جس سے وہ اس منصب کے لائق نہ رہے تو مجلس رفقاء قبل اس کے کہ امیر جامعہ کی خدمت میں رپورٹ پیش کرے۔ خود اس کو یا اس کی جانب سے کسی اور رکن کو جسے وہ نامزد کرے عذرات پیش کرنے کا موقع دے گی۔ اور ان کو سماعت کرے گی۔

(۱۲) ہر رفیق جو حسب قواعد منتخب یا نامزد کیا جائے گا وہ ختم مدت پر مکرر

منتخب یا نامزد ہو سکتا ہے۔

(۱۳) مجلس رفقاء میں جو رکنیت اتفاقی طور پر خالی ہوگی اس پر وہی جماعت یا طبقہ دوسرے رکن کا انتخاب کرنے کا مجاز ہوگا جس نے اس رکن کا انتخاب کیا تھا جس کی جگہ خالی ہے۔

(۲) مجلس رفقاء کے اختیارات

(۱۴) حسب منشاء منشور خسروی اور ان قواعد کے تحت ہیں جو باتباع منشور خسروی مرتب کئے گئے ہوں مجلس رفقاء کو منجملہ دیگر اختیارات کے اختیارات ذیل بھی حاصل ہوں گے۔ مجلس رفقاء مجاز ہوگی:۔

(الف) کہ کسی مسئلہ متعلقہ جامعہ پر بحث اور اس پر اظہار رائے کرے۔

(ب) کہ کسی استاد یا مدرس جامعہ کی برطرفی یا ترقی اساتذہ اور دیگر مدرسین کے تقرر کے لئے مجلس اعلیٰ میں سفارش کرے۔

(ج) کہ شعبہ جات جامعہ کی تشکیل کے متعلق اسکیم تجویز و مرتب کرے یا ان کی ترمیم یا نظر ثانی کرے۔ اور مضامین متعلقہ ان شعبہ جات کے تفویض کرے اور نیز مجلس اعلےٰ میں کسی شعبہ کے شکست کرنے یا کسی شعبہ کو دوسرے شعبہ سے ملانے یا منقسم کرنے کی ضرورت پر رپورٹ کرے۔

(د) کہ طیلسان، اسناد، پروانے، صداقت نامے اور دیگر امتیازات بلحاظ نصاب ہائے تعلیم و امتحانات جن کا قواعد میں تعین

کیا گیا ہو تجویز کرے اور ان کو عطا کرے۔

(ھ) کہ جامعہ کے طلبا نہیں امتیاز یافتگان اور عہدہ داران کے لباس کے متعلق ضوابط مرتب کرے۔

(و) کہ معطیان کے ان شرائط کے بموجب جن کو جامعہ نے منظور کر لیا ہو عطائے فلوشپ و وظائف و انعامات کے قواعد و طریق عطیہ و شرائط متابلہ مقرر کرے۔ اور فلوشپ و وظائف و انعامات عطا کرے۔

(ز) کہ جس معاملہ کو مجلس اعلیٰ نے اس کے تفویض یا محول کیا ہو اس کے متعلق رپورٹ پیش کرے۔

(ح) کہ جامعہ میں تحقیق علمی کو وسعت دے اور اس کے متعلق رپورٹ وقتاً فوقتاً طلب کرتی رہے۔

(ط) کہ طلبا نہیں کا ایک رجسٹر رکھے۔

(۳) مجلس رفقا کے اجلاس

(۱۵) مجلس رفقاء کا اجلاس معمولاً سال میں ایک دفعہ ماہ امرداد میں منعقد ہوا کرے گا اگر معین امیر جامعہ ضرورت سمجھیں تو دیگر مواقع پر بھی اجلاس منعقد ہو سکتا ہے۔ روئداد اجلاس مجلس رفقاء کی ایک کاپی مجلس اعلیٰ میں ارسال کرنی لازمی ہوگی۔

(۱۶) چھ رفقاء کی خواہش پر معین امیر جامعہ مجلس رفقاء کا اجلاس منعقد کریں گے۔

(۱۷) نصاب (کورم) اجلاس کے لئے بیس ارکان کافی متصور کئے جائیں گے

تمام مسائل ارکان موجودہ کی کثرت رائے سے فیصل ہوں گے۔

(۱۸) مجلس رفقاء کا کوئی رکن مجاز ہوگا کہ کسی معاملہ کے متعلق جو روئداد مجلس شعبہ جات یا مجلس انتظامی یا کسی مسئلہ متعلقہ بجٹ (موازنہ) یا اور کسی طرح معاملات جامعہ سے وابستہ ہو۔ رزولیوشن پیش کرے ایسا رزولیوشن اگر طے پا جائے مجلس اعلیٰ میں ارسال کیا جائیگا۔ اور مجلس اعلیٰ مناسب وقفہ کے بعد جو کچھ کارروائی اس رزولیوشن کی بنا پر عمل میں آئی ہو اس سے مجلس رفقاء کو مطلع کرے گی۔ اگر مجلس رفقاء کو مجلس اعلیٰ کے طریق کارروائی پر اطمینان نہ ہو یا مجلس اعلیٰ نے جو طرز عمل اختیار کیا ہو اس کو پسند نہ کرے تو مجلس رفقاء مجاز ہوگی کہ اس بارہ میں سرکار عالی میں درخواست پیش کرے۔

(۱۹) مجلس رفقاء میں صرف وہی تجاویز اور ترمیمات جو جامعہ عثمانیہ سے براہ راست متعلق ہوں اور جو منشور خسروی کے مطابق ہوں پیش ہوسکیں گی اور ان پر بحث ہوسکے گی۔

(۴) جلسہ عطائے اسناد

(۲۰) جلسہ عطائے اسناد ماہ آذر کے چوتھے دوشنبہ کو منعقد ہوا کرے گا۔ اس دن تعطیل ہو تو اس کے دوسرے دن یا ایسی عطائے اسناد کی تاریخوں میں جن کا تعین امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ نے کیا ہو۔

(۲۱) جو اشخاص اسناد (طیلسان) کے مستحق ہوں اور جلسہ میں عطائے طیلسان کے خواہش مند ہوں ان کو لازم ہوگا کہ دس دن قبل مسجل کو درخواست تحریری دیں مسجل ان کے نام معہ صداقت نامجات متعلقہ

میر شعبہ کی خدمت میں ارسال کرے گا تاکہ ان کی درخواستیں بروز عقائے اسناد مجلس انتظامیہ میں پیش ہو سکیں۔

(۲۲) میر شعبہ یا بصورت غیر موجودگی میر شعبہ اس شعبہ کے سینیر رکن کی تحریک پر مجلس انتظامیہ احکامات و مراعات ضروری منظور کرے گی اور ان اشخاص کو جن کی درخواست منظور ہو چکی ہو امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ کی خدمت میں اس ترتیب سے پیش کیا جائے گا کہ طیلسانیین دینیات اول پیش ہوں گے۔ اور طیلسانیین فنون ان کے بعد۔

(۲۳) خاص صورتوں میں اور جب صوابدید مجلس انتظامی کامیاب امیدواران امتحانات کو اجازت دے سکتی ہے کہ وہ بصورت عدم شرکت جلسہ مبلغ ۱۰ سکہ عثمانیہ کی رقم فیس ادا کر کے طیلسان حاصل کریں۔

(۵) اطلاع اور طریق کارروائی

(۲۴) پورے سولہ روز قبل اس تاریخ کے جو انعقاد اجلاس مجلس انتظامیہ کے لئے معین کی گئی ہو سجل ہر رکن کی خدمت میں اس تمام کارروائی کا جو مجلس انتظامیہ میں پیش ہوگی ایک تختہ ارسال کرے گا۔ اس تختہ میں بجنسہ وہ رزولیوشن بھی درج ہوں گے محرک کے نام کے ساتھ جن کی اطلاع تحریری سجل کو قبل از قبل دے دی گئی ہو۔ نظام العمل میں اگر کوئی رپورٹ کسی کمیٹی کی شامل کی گئی ہو تو وہ مساوی ہوگا اس اطلاع کے کہ رپورٹ کی منظوری کی تحریک کی جائے گی۔ کوئی مجوزہ ترمیم اور اس ترمیم کی بجنسہ وہ عبارت جس میں ترمیم پیش کی جائے گی اور دیگر تحریکات دربارۂ تبدیل ترتیب کارروائی مندرجہ نظام العمل سجل کے

پاس پورے پانچ روز قبل اجلاس ارسال کر دینی چاہیئے۔ مجلس پورے دو روز قبل اجلاس ہر رکن کی خدمت میں تختہ تحریکات و ترمیمات ارسال کرے گا۔ اجلاس مجلس رفقاء میں کوئی ایسی تحریک یا ترمیم پیش نہیں ہوگی جس کی اطلاع اس طرح قبل از قبل نہ دے دی گئی ہو۔ البتہ تحریکاتِ ذیل بلا اندراج نظام العمل پیش ہو سکیں گی:۔

(الف) تحریک برخاست یا التواء اجلاس یا تحریک تعطل جلسہ بدیں غرض کہ نظام العمل کی بعد کی کارروائی پر غور کیا جائے۔

(ب) استدعا کہ مجلس اعلیٰ کسی کارروائی پر دوبارہ غور کرے یا یہ ہدایت کہ مجلس انتظامی اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرے۔

(ج) یا تحریک اس امر کی کہ مسئلہ زیر بحث رپورٹ کی غرض سے مجلس انتظامی یا مجلس شعبہ میں منتقل کیا جائے۔

(د) یا ایسی ترمیم جسے صدر نشیں رسمی تسلیم کرے۔

(۶) ترتیب کارروائی

(۲۵) ارکین قبل اپنی نشست پر متمکن ہونے کے اس رجسٹر میں اپنی حاضری درج کریں گے جو مقام اجلاس کے دروازہ پر اس غرض سے رکھا جائے گا۔

(۲۶) وقت مقررہ اجلاس سے پاؤ گھنٹہ بعد صدر نشیں ملاحظہ کریں گے کہ آیا بیس ارکان موجود ہیں اور اگر ارکان کی اتنی تعداد نہ ہو تو اجلاس فی الفور اس تاریخ تک ملتوی کر دیا جائے گا جو صدر نشیں مقرر کرے اس التواء کو باخذ دستخط صدر نشیں مسجل قلمبند کرے گا اگر اجلاس

عدم تکمیل نصاب کی بناء پر ملتوی ہو گا تو التوائے جلسہ کے فیصلہ کے لئے کسی نصاب کی حاجت نہ ہو گی۔

(۲۷) بجز اس صورت کے کہ جلسہ خاص ووٹ کے ذریعہ ترتیب کار روائی دوسری قرار دے ہر اجلاس میں ترتیب کار روائی حسب صراحت ذیل ہو گی:۔

(الف) انتخاب صدر نشین اگر ایسا انتخاب جزو کار روائی اجلاس ہو۔

(ب) اجلاس ماقبل یا اجلاس معرض التوا کی روئداد پر ثبت دستخط۔

(ج) انتخاب کسی عہدہ دار جامعہ کا اگر وہ جزو کار روائی اجلاس ہو۔

(د) کوئی تحریک ترتیب کار روائی کے تبدیل کرنے کی۔

(ھ) ایسی کار روائی اور تحریکات اور اس ترتیب سے جس کے ساتھ وہ نظام العمل میں درج کی گئی ہوں اور جن کی حسب قاعدہ اطلاع دے دی گئی ہو اور وہ تحریکات بھی جو حسب قاعدہ ہذا اور قاعدہ (۳۴) پیش ہو سکتی ہوں۔

(۷) ضوابط بحث

۱۔ تحریکات

(۲۸) ہر تحریک بصورت جملہ اثباتی ہو گی اور لفظ "کہ" سے شروع ہو گی۔

(۲۹) ہر تحریک وہی رکن پیش کرے گا جس کے نام سے وہ درج نظام العمل ہو اگر وہ غیر حاضر ہو یا پیش کرنے سے انکار کرے تو کوئی اور رکن پیش کر سکتا ہے۔

(۳۰) ہر تحریک کی اجلاس میں تائید ہونی لازمی ہے ورنہ تحریک ساقط سمجھی

جائے گی۔ مؤید تحریک اپنی تقریر کو اور موقع کے لیے محفوظ کر سکتا ہے۔

(۳۱) جب تحریک کی تائید ہو چکی ہو تو پھر کرسی صدارت سے تحریک کا اعلان ہوگا۔

(۳۲) جب تجویز کا اس طرح اعلان ہو چکا ہو تو پھر اس پر بحث ہو سکے گی ایسے مسئلہ کی طرح جس کا فیصلہ اثبات یا نفی میں ہو یا اس میں جب تجویز ترمیم کے طور پر تبدیلی کی جائے۔ جب قبل یا بعد بحث کوئی رکن تحریک پر تقریر کی غرض سے کھڑا نہ ہو تو صدر نشین اس مسئلہ پر ووٹ طلب کریں گے۔ اس طریقہ سے جس کی صراحت آئندہ کی جائے گی۔

(۳۳) ایک ایسی مستقل تجویز جو ایک مرتبہ پیش کی جا چکی ہو دوبارہ اسی اجلاس اور اس کے ملتوی شدہ اجلاس میں پیش نہیں کی جا سکتی۔ ایسی تجویز جو اسی اجلاس یا ملتوی شدہ اجلاس کی کسی طے شدہ تجویز سے معناً مماثلت جزوی بھی رکھتی ہو پیش کی جا سکتی ہے بشرطیکہ مماثل جزو حذف کر دیا جائے۔

(۳۴) ایک ہی اجلاس میں ایک ہی وقت ایک سے زیادہ تجویز اور کسی تجویز کے متعلق ایک سے زیادہ ترمیم نہ پیش ہو سکے گی ایک ترمیم کے فیصل ہو جانے کے بعد دوسری ترمیم پیش کی جائے گی۔ ایسی تمام ترمیمات جو زیر قاعدہ (۴۳) واپس نہ لے لی گئی ہوں یا جو قاعدہ (۳۶) کے خلاف نہ ہوں معرض بحث میں آئیں گی اور ان پر ووٹ طلب لئے جائیں گے اس صورت میں کہ حسب قاعدہ (۲۴) ترمیم کی اطلاع نہ دی گئی ہو مجلس رفقاء مجرد تجویز پر غور کرے گی اور اس پر ووٹ دیگی۔

۲۔ ترمیمات

(۳۵) کوئی ایسی ترمیم پیش نہ ہو سکے گی جس سے اصل تجویز نفی کی صورت اختیار کرے۔

(۳۶) کوئی ایسی ترمیم بھی پیش نہ ہو سکے گی جس سے ایسا سوال پیدا ہو جو اجلاس میں فیصل ہو چکا ہو یا جو کسی طے شدہ رزولیوشن کے منافی ہو۔

(۳۷) صدر نشین ہی مجاز ہو گا کہ وہ ترمیمات کے نشاء اور ان کے ایک دوسرے سے تعلقات معنوی کے لحاظ سے اس امر کا فیصلہ کرے کہ کس ترتیب سے ترمیمات پیش ہوں گی۔

(۳۸) اگر کسی ترمیم کے مفہوم اصلی کے کسی جزو کا فیصلہ ہو چکا ہے تو محرک اس میں اسقدر تبدیلی کر سکتا ہے کہ ترمیم میں صرف وہی جزو باقی رہ جائے جس کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

(۳۹) جب ایک ترمیم پیش ہو اور اس کی تائید بھی ہو چکے تو کرسی صدارت سے اس کا اعلان کیا جائے گا اور پھر اصل تجویز اور ترمیم پر بحث ہو سکتی ہے۔ ایسی ترمیم سے جو مسئلہ چھڑے اگر وہ ایسا ہے جس پر کسی رکن نے تقریر نہیں کی ہے تو ہر رکن نے اصل تجویز اور کسی سابقہ ترمیم پر تقریر کی بھی ہو، پھر اس پر تقریر کر سکتا ہے۔

(۴۰) ہر ترمیم ایسی صورت میں پیش کی جائے گی کہ اس سے اصل تحریک میں حسب ذیل کسی ایک یا کل طریقوں سے تبدیل ہو سکے:۔

(الف) بہ اضافہ الفاظ

(ب) بہ اسقاط الفاظ

(ج) بہ تبدیل الفاظ

اور محرک بیان کر سکتا ہے کہ اصل تحریک یا اس کا کوئی جزو بعد ترمیم کیا صورت اختیار کرے گا۔

(۴۱) اگر ترمیم اس طرح منظور ہو جائے تو وہ اصل تحریک کا جزو تصور کیجائیگی اور تحریک حسبہ تبدیل کر دی جائے گی۔

(۴۲) جب تمام ان ترمیمات پر غور ہو چکا ہو جن کی حسب قاعدہ اطلاع دی جا چکی تھی تو اصل تحریک یا اصل تحریکات جن کی ترمیم دوران بحث میں طے پا چکی ہو مجلس رفقاء کے سامنے پیش کی جائے گی اور ان پر بلا بحث مزید ووٹ طلب کئے جائیں گے۔

۳۔ تحریکات کا واپس لینا

(۴۳) مجلس رفقاء میں کوئی تحریک بغیر طے پائے واپس نہیں لی جائے گی سوائے اس صورت کے کہ مجلس رفقاء متفقہ طور پر اظہار رضامندی کرے اور محرک خواہش ظاہر کرے کہ وہ تحریک یا ترمیم کو واپس لیتا ہے اور محرک کے اس بیان کے بعد صدر نشین کے مقرر کئے ہوئے وقفہ میں اس سے اختلاف نہ کیا جائے تو صدر نشین اعلان کرے گا کہ بہ رضامندی مجلس رفقاء مسئلہ زیر بحث واپس لیا جا سکتا ہے۔

۴۔ مجلس رفقاء کا ایک کمیٹی میں تبدیل ہونا

(۴۴) مجلس رفقاء حسب صوابدید خود کو ایک کمیٹی کی صورت میں تبدیل کر سکتی ہے تاکہ نظام العمل کے کسی مسئلہ پر غور کامل کر سکے تبدیل بصورت کمیٹی کی تحریک کوئی رکن کسی وقت کر سکتا ہے (بشرطیکہ کسی تقریر میں مخل نہ ہو) اور اس قسم کی تحریک کے لئے قاعدہ (۲۴) کے تحت میں کسی اطلاع کی ضرورت

ضرورت نہیں۔ البتہ ایسی تحریک اسی وقت مجلس رفقاء کے سامنے غور کے لئے پیش ہو سکتی ہے کہ صدر نشین نے پیش کرنے کی اجازت عطا کی ہو۔ ایسی تحریک کے پیش کرنے میں تقریر کی اجازت نہیں دیجائے گی کسی ایسی تحریک پر غور نہیں کیا جائے گا جب تک پندرہ ارکان اس کی تائید کی غرض سے نہ کھڑے ہو جائیں۔ اس طرح تائید ہونے کے بعد تحریک اجلاس میں بغرض غور و فیصلہ بلا مزید بحث کے پیش کی جائے گی۔ تحریک اسی وقت منظور تصور کی جائے گی کہ دو تہائی ارکان موجودہ اجلاس اس کے موافق ووٹ دیں۔

(۴۵) جب مجلس رفقاء اپنے کو کمیٹی میں بدلنے کا فیصلہ کرے تو صدر نشین ہی رہے گا جو اس اجلاس مجلس رفقاء میں تھا اور نصاب ارکان وہی ہوگا جو اجلاس مجلس رفقاء میں تھا۔

جس طرح مسئلہ زیر غور پر بحث کی جائے گی اس کا طریقہ صدر نشین کی صوابدید پر منحصر ہوگا۔ جب صدر نشین کی رائے میں مسئلہ زیر غور پر کافی بحث ہو چکی ہو تو کمیٹی اپنے نتائج کو بصورت رپورٹ مرتب کرے گی جس پر صدر نشین کے دستخط ہوں گے جتنی دیر تک مجلس رفقاء کمیٹی کی صورت میں رہے اجلاس مجلس رفقاء معطل تصور کیا جائے گا۔ کمیٹی کے ختم ہوتے ہی صدر نشین اجلاس مجلس رفقاء کا اعلان کرے گا۔ اور سجل کمیٹی کی رپورٹ پیش کرے گا اگر کمیٹی کے رزولیشن میں ایسے امور کی سفارش کی گئی ہو جو اصل تحریک اور اس کی ترمیمات مندرجہ نظام العمل اجلاس مجلس رفقاء میں شامل نہیں ہیں تو مجلس رفقاء ان پر غور نہیں کرے گی جب تک ان امور کی اطلاع حسب قاعدہ (۲۴)

نہ دی جائے اور اس غرض سے کہ اس قسم کی اطلاع دی جا سکے مجلس رفقاء اپنے اجلاس کو ملتوی کر دے گی۔ اس طرح کی کمیٹی کے اظہار رائے کی بناء پر مجلس رفقاء میں کوئی تحریک مجلس انتظامی کے غور کرنے کے بغیر پیش کی جا سکتی ہے۔

۵۔ التواء وغیرہ

۴۶) یہ تجویز "کہ اجلاس اب برخاست ہو" ایک جداگانہ مسئلہ کے طور پر بحیثیت ترمیم نہ اس طرح کہ کسی تقریر میں مخل ہو کسی وقت پیش کی جا سکتی ہے اگر یہ تحریک منظور ہو جائے تو جو کارروائی اجلاس میں ہو رہی ہے وہ ساقط کر دی جائے گی۔

۴۷) یہ تجویز "کہ اجلاس اب ملتوی کیا جائے" کسی معینہ وقت تک بحیثیت ایک جداگانہ مسئلہ کے نہ بصورت ترمیم اور نہ اس طرح کہ کسی تقریر میں مخل ہو پیش کی جا سکتی ہے۔ البتہ خود صدر نشین اس قسم کی تحریک دوران تقریر میں پیش کر سکتا ہے۔ اگر یہ تحریک مسترد ہو جائے تو بحث پھر شروع ہو جائے گی مگر یہی قاعدہ اس وقت بھی ملحوظ رہے گا۔ جب کہ مجلس رفقاء کمیٹی میں مبدل ہو جائے۔

۴۸) تجویز قاعدہ مذکورۂ سابق کے متعلق کوئی ترمیم پیش نہیں ہو سکتی بجز ایک ایسی ترمیم کے جس سے اصل تحریک التواء میں وہ وقت تجویز کیا گیا ہو اس کی بجائے کوئی اور وقت تجویز کیا جائے۔

۴۹) بعد التواء جو اجلاس پھر شروع کیا جائے یا جاری رکھا جائے وہ اور اجلاس قبل التواء ایک ہی تصور کئے جائیں گے بشرطیکہ اجلاس ایک ایسی

تاریخ تک ملتوی کیا جائے کہ اطلاع حسب قاعدہ (۲۴) دی جا سکے۔ ایسی صورت میں کہ اطلاع حسب قاعدہ دی جا چکی ہو کسی اجلاس ملتوی شدہ میں کوئی ترمیم جو اور طرح حسب ضابطہ ہو پیش ہو سکتی ہے۔

(۵۰) یہ تحریک "کہ اجلاس دوسرے مسئلہ مندرجہ نظام العمل پر غور کرے" بحیثیت مسئلہ جداگانہ بحیثیت ترمیم اور نہ اس طرح کہ کسی تقریر میں محل ہو پیش کی جا سکتی ہے۔

اگر ایسی تحریک منظور ہو جائے تو مسئلہ زیر غور اور اس کے متعلق ترمیمات پر اس اجلاس میں مزید غور نہیں کیا جائے گا۔

(۵۱) جس رکن نے دوران بحث میں تقریر کی ہو وہ نہ تحریک برخاستہ یا التوا دیا تعطل اجلاس یا رجوع بہ مسئلہ دیگر مندرجہ نظام العمل پیش کر سکے گا اور نہ اس پر تقریر کر سکے گا۔ ایسی تحریک اس تحریک کی جگہ تصور کی جائے گی جو قبل اس کے اجلاس میں پیش ہو۔ اگر ایسی تحریک کو واپس نہ لے لیا جائے تو لازمی ہے کہ اجلاس پہلے اس کا تصفیہ کرے۔

(۵۲) جب اس قسم کی کوئی تحریک جس کا ذکر قاعدہ ماسبق میں کیا گیا ہے نامنظور کی جائے تو پھر اس وقفہ کے گزرنے تک جسے صدر نشین کافی اور معقول تصور کرے ایسی کوئی تحریک پیش نہیں کی جائے گی نہ اس قسم کی دوسری مابعد کی تحریک پر بحث کی اجازت دی جائے گی۔ اگر اسی تحریک کو جس پر علیحدہ بحث ہو چکی ہے یا اسی تحریک اور اس کی ترمیم کو جس پر بحث ہو چکی ہے دوران بحث میں پیش کیا جائے۔

۱۔ متفرقات

(۵۳) ہر تجویز یا تجاویز اور ہر ترمیم پر ہر رکن حسب منشائے

قاعدہ (۳۹) اور قاعدہ (۵۱) ایک مرتبہ تقریر کر سکتا ہے۔

(۵۴) جو رکن کسی تقریر کے ختم ہونے پر پہلے کھڑا ہو اس کو تقریر کرنے کا حق ہوگا۔ ایسی صورت میں کہ کئی ارکان کھڑے ہو جائیں صدر نشین فیصلہ کرے گا۔

(۵۵) محرک ترمیم یا اگر کوئی ترمیم نہ ہو تو اصل رزولیوشن کا محرک طلب ووٹ سے قبل مباحثہ کے جواب میں تقریر کر سکتا ہے۔ البتہ تحریک برخاست التوا یا تعطل اجلاس یا رجوع بہ مسئلہ دیگر مندرجہ نظام العمل کے محرک کو جواب کا حق نہ ہوگا۔

(۵۶) کوئی رکن مسئلہ زیر بحث پر تقریر نہ کر سکے گا جس وقت محرک نے اپنی جوابی تقریر شروع کر دی ہو۔

(۵۷) صدر نشین کو بھی مثل دیگر رکن کے تحریک یا ترمیم کے پیش کرنے یا تائید کرنے یا اور کسی طرح بحث میں حصہ لینے کا حق حاصل ہوگا۔ جب صدر نشین اس طرح بحث میں حصہ لے تو وہ کرسی صدارت کو اپنی تقریر کے دوران میں خالی کر دے گا اور وہ رکن جو صدر نشین کے بعد سینیر ہو اور جو اس اجلاس میں موجود ہو صدر نشین ہو کر کرسی صدارت پر متمکن ہوگا۔

۷۔ سوالات ضابطہ

(۵۸) ہر رکن مجاز ہوگا کہ صدر نشین کی توجہ کسی سوال ضابطہ کی طرف منعطف کرائے اس حالت میں بھی کہ کوئی اور رکن اجلاس کو مخاطب کر رہا ہو اور صرف جو سوال ضابطہ پیدا ہوتا ہو اسے بغیر تقریر کئے بیان کرے ایسی صدائے سوال ضابطہ جسے صدر نشین ناگوار یا اجلاس کے کاروبار

محل یا رکاوٹ یا جسے نامناسب اور ناواجبی قرار دے خلاف ورزی ضابطہ تصور کیجائے گی۔

(۵۹) صدر نشین کلیتہً سوال ضابطہ کے متعلق تصفیہ کرنے کا مجاز ہوگا۔ اور کسی رکن کو نگہداشت ضابطہ کی ہدایت کر سکتا ہے۔ اگر کوئی رکن جس کو نگہداشت ضابطہ کی اس طرح ہدایت کی گئی ہو دوران تقریر نگہداشت ضابطہ کی ہدایت پر لحاظ نہ کرے تو صدر نشین اس رکن کو بیٹھ جانے کی ہدایت کرے گا اس کے بعد کوئی اور رکن تقریر کر سکے گا اس صورت میں کہ احکام صدارت اور صدائے ضابطہ پر بھی کوئی رکن محض ضد سے لحاظ نہ کرے تو صدر نشین اس سے استدعا کرے گا کہ وہ اجلاس سے چلا جائے۔ اور جب اس قسم کی استدعا کسی رکن سے نام لیکر کی گئی ہو تو اس رکن کے حقوق رکنیت اس اجلاس میں معطل تصور کئے جائیں گے اور وہ رکن پابند ہوگا کہ اجلاس سے فوراً چلا جائے۔

۸۰۔ طلب آراء (ووٹ لینا)

(۶۰) جب کسی مسئلہ پر ووٹ (رائے) لینا ہوگا تو صدر نشین مجلس رفقاء سے اظہار رائے کی استدعا کرے گا اس طرح کہ اثبات اور نفی کے لئے ہاتھ اٹھائے جائیں اور نتیجہ کا اعلان صدر نشین اپنی رائے کے مطابق کرے گا۔

(۶۱) اس کے بعد چھ رفقاء تفریق کی خواہش کر سکتے ہیں۔ البتہ بہ استثناء اس تحریک کے جس کے لئے حسب قاعدہ (۲۴) و (۴۴) قبل از قبل اطلاع لازمی نہیں ہے۔

(۶۲) تفریق میں صرف وہی ارکان جو اجلاس میں موجود ہوں ووٹ دے سکیں گے۔ ووٹ کے پرچے مسجل مہیا کرے گا ووٹ کا پرچہ معہ ووٹ یا بلا ووٹ واپس کیا جائے گا۔

(۶۳) جب صدر نشین تفریق کے بند ہونے کا اعلان کرے تو رفقاء ہر جانب کی تعداد تحریر کر کے دستخط کے ساتھ صدر نشین کے حوالہ کریں گے اور اس تختۂ آرا کے ساتھ پرچہ ہائے ووٹ دو علیحدہ حصوں میں ترتیب دے کر صدر نشین کے سپرد کریں گے اس کے بعد صدر نشین اجلاس میں نتیجہ تفریق کا اعلان کرے گا اور نتیجہ روئداد میں قلمبند کیا جائے گا۔

(۶۴) اگر تفریق کے بعد پانچ ارکان موجودہ اجلاس شمار مکرر کے طالب ہوں تو صدر نشین دو یا دو سے زیادہ ارکان کو ان رفقاء کے ساتھ شمار کرنے کے لئے مقرر کرے گا۔ یہ ارکان اپنی رپورٹ صدر نشین کی خدمت میں پیش کریں گے اور صدر نشین نتیجہ کا اعلان کرے گا اور یہ اعلان قطعی ہوگا۔

(۶۵) شمار مکرر کے دوران میں صدر نشین یا تو اجلاس کو معطل کر سکتا ہے یا ایسی کارروائی کے پیش ہونے کا حکم دے سکتا ہے۔ جو سہولت سے طے پا سکے۔ لیکن اس کارروائی کے ختم ہونے پر اجلاس کو اصل ترتیب کارروائی مندرجہ نظام العمل پر اگر وہ ترتیب نظر انداز کر دی گئی تھی عمل پیرا ہونا لازمی ہوگا۔

(۸) روئداد کا قلمبند کرنا

(۶) مسجل کے پاس ایک رجسٹر ہوگا جس میں مختصر اقتباس روئداد مجلس رفقاء

قلمبند ہوا کرے گا۔ یہ رجسٹر اجلاس کے بعد ہی بعجلت ممکنہ صدر نشین کی خدمت میں توثیق اور دستخط کے لئے پیش ہوگا۔

(۶۷) تاریخ اجلاس سے تین ہفتوں کے اندر حسب ہدایت مجلس انتظامی مجلس کی ایک ایک مطبوعہ نقل روئداد موثقہ صدر نشین ہر رکن کی خدمت میں ارسال کرے گا۔

(۶۸) اگر ان ارکان کو جو اجلاس میں شریک تھے صحت روئداد کے متعلق کسی قسم کا تامل یا اختلاف روئداد کے روانہ کرنے کے دس روز کے اندر نہو تو روئداد صحیح تصور کیجائے گی۔

(۶۹) اس صورت میں کہ کسی رکن کو اختلاف ہو اور اس اختلاف کی اطلاع مدت مذکورالصدر کے اندر کردی جائے صدر نشین کی توجہ روئداد کے معترضہ حصہ کی طرف مبذول کرائی جائے گی۔
اور صدر نشین اپنی رائے کے موافق مناسب تبدیل کر دے گا۔

باب پنجم

مجلس انتظامی

(۷۰) مجلس انتظامی کے دو ارکان مجلس اعلیٰ نامزد کرے گی اور بقیہ کا انتخاب مجلس رفقاء کرے گی۔

(۷۱) تین ارکان کی موجودگی نصاب کے لئے کافی ہوگی۔

(۷۲) صدر مجلس انتظامی کو اسی کے اراکین میں سے مجلس اعلیٰ نامزد کریگی۔

(۷۳) مجلس انتظامی کے فرائض حسب ذیل ہوں گے:۔

(الف) حسب قواعد امتحانات لینے کا حکم صادر کرنا اور ان کے انعقاد کی تاریخیں مقرر کرنا۔

(ب) ممتحنوں اور مبصروں کی فیس معاوضہ سفر خرچ اور دیگر رقوم کا تعین کرنا۔

(ج) ارکان مجلس رفقاء یا مجالس شعبہ جات سے جن رقمی یا کاروباری معاملات کو مجلس رفقاء میں غور کے لئے پیش کیا ہو اُن پر غور کرے۔ ان کے متعلق ایسی رپورٹ یا سفارش کرے جس کو وہ مناسب تصور کرے۔

(د) نمونہ جات (فارم) اور رجسٹر تیار کرے جو وقتاً فوقتاً حسب قواعد تجویز کئے جائیں۔

(ھ) ایسے کتب وغیرہ کی اشاعت کا اہتمام کرے جو زیر حمایت جامعہ تیار ہوئی ہوں۔

باب ششم

مجالس شعبہ جات

(۷۴) مجالس شعبہ کی تشکیل ہر دو برس کے بعد ہوا کرے گی اور مجلس رفقاء ارکین کا انتخاب کرے گی۔

(۷۵) مجلس شعبہ کے دو سال کے بعد دوبارہ تشکیل پانے تک میر شعبہ اپنے عہدہ پر فائز رہے گا۔ اور وہی مجلس شعبہ کے اجلاس میں صدارت کرے گا۔

(۷۶) مجلس شعبہ مجاز ہوگی:۔

(الف۔ کہ مسودۂ ضوابط دربارۂ نصابات امتحانات مجوزہ جامعہ مرتب کرکے مجلس رفقاء میں اس غرض سے پیش کرے کہ مسودۂ ضوابط مجلس اعلیٰ میں منظوری کے لئے پیش ہو سکے۔

(ب) کہ کسی مسئلہ پر غور کرنے اور اس پر رپورٹ پیش کرنے کی غرض سے اس کو کسی مجلس نصاب کے سپرد کرے (جو اس مجلس شعبہ کی جزو ہو)

(ج) کہ کسی مجلس نصاب (جو اس مجلس شعبہ کا جزو ہو) کی رپورٹ یا سفارش پر غور کرے۔

(د) کہ مجلس شعبہ یا کمیٹی مجلس شعبہ کے مشترکہ اجلاس کسی دوسرے شعبہ کی مجلس یا مجلس کی کمیٹی کے ساتھ کسی مشترک فیہ دلچسپی کے معاملہ پر بحث کرنے کے لئے منعقد کرے۔

(ھ) کہ ممتحنوں اور مبصروں کا تقرر کرے۔

(و) کہ ہر امتحان کی مجلس ممتحنین کی سفارشوں کی بنا پر نتائج امتحانات کا قطعی فیصلہ کرے۔

(ز) کہ حسب قواعد و شرائط مجوزہ وظائف امدادی و رعایتی انعامی تمغہ جات، انعامات اور دیگر عطیات تقسیم کرنے کا فیصلہ کرے۔

(ح) کہ نصاب ہائے تعلیم اور فہرست ہائے کتب کا جو داخل نصاب ہوں گی یا جن کے مطالعہ یا ترجمہ کے لئے سفارش کی گئی ہو قطعی فیصلہ کرے۔

باب ہفتم

مجالسِ نصاب

(۷۷) مجلس شعبۂ فنون کی مجالس نصاب حسب ذیل ہوں گی :-

ادب انگریزی
دینیات لازمی
ادب عربی
ادب سنسکرت
ادب فارسی
ادب لاطینی
ادب اردو
ادب مرہٹی
ادب تلنگی
ادب کنڑی
ادب ٹامل
ادب فرانسیسی
تاریخ (اس مجلس نصاب میں کم از کم ایک ایک رکن تاریخ ہند اور تاریخ اسلام کے لئے ہونا لازمی ہے۔)
معاشیات اور سیاسیات (پولیٹکل سائنس)
ریاضیات۔

علم طبعیات اور علم کیمیا۔
نیچرل سائنس (علم ارضیات۔ حیاتیات، نباتیات۔ حیوانیات)
حکمت (نفسیات و اخلاقیات) اس مجلس نصاب میں کم سے کم ایک رکن فلسفۂ اسلام و فلسفۂ ہنود کی جانب سے بھی ہوگا۔
(۷۸) ہر رکن مجلس نصاب دو سال تک رکنیت پر رہیگا اور دوبارہ مقرر ہوسکیگا
(۷۹) کسی مجلس نصاب میں تین سے کم رکن نہ ہوں گے۔
(۸۰) ہر مجلس نصاب اپنا صدر نشین آپ انتخاب کرے گی۔
(۸۱) کوئی مجلس نصاب کسی ماہر فن سے جو مجلس کا رکن نہ ہو مشورہ کر سکتی ہے۔
(۸۲) اراکین مجلس نصاب ان کتابوں کی مذہبی تنقید کے بالکلیہ ذمہ دار ہونگے جو ان کے متعلقہ مجالس میں پیش ہوں گی اور ان میں کم از کم ایک ایسے مسلمان کا رہنا لازمی ہوگا جو اس زبان سے معقول واقفیت رکھتا ہو اور کتاب پر مذہبی و اسلامی نقطۂ نظر سے رائے دے سکتا ہو۔

باب ہشتم

مالیہ

(الف) مجلس حساب

(۸۳) معمولاً مجلس حساب کا ہر مہینہ میں ایک مرتبہ اجلاس ہوا کرے گا۔ دیگر مواقع پر حسب الطلب معین امیر جامعہ اجلاس منعقد ہوگا۔
(۸۴) مجلس حساب جامعہ کے حسابات عطیات و اوقاف کی تنقیح کرے گی جو اہم معاملات زیر غور ہوں ان کے عمل میں لانے کی سبیل اور ذرائع اور انکے

مالی (فینانس) اثرات پر غور کرے گی اور حسب ضرورت جملہ معاملات میں جو جامعہ کی مالی حالت سے متعلق ہوں مجلس رفقاء میں سفارش کرے گی

مجلس رفقاء میں مجلس حساب سالگذشتہ کے خاص خاص اشکال آمد و خرچ کی نسبت رپورٹ پیش کرے گی۔ مجلس حساب کی تمام رپورٹوں اور تجاویز پر مجلس رفقاء کے ذریعہ مجلس اعلیٰ میں ارسال ہوا کریں گی۔ ارکان مجلس حساب جامعہ کے جملہ حسابات اور دیگر امثلہ جات کے معائنہ کے مجاز ہوں گے۔

(۸۵) ارکان مجلس حساب اپنی خدمت پر دوسرے سالانہ اجلاس مجلس رفقاء کے انعقاد تک قایم رہیں گے۔ ارکان کا تقرر ختم میعاد معینہ پر دوبارہ ہو سکیگا۔ دوران سال میں مجلس حساب کی جو جگہ خالی ہو جائے۔ اس پر مجلس رفقاء مقرر کرے گی۔

(ب) تنقیح حسابات منجانب سرکار

(۸۶) سرکار عالی کے مقرر کردہ تنقیح ساز کم از کم سال میں ایک مرتبہ حسابات جامعہ کی تنقیح کریں گے۔ اور درمیانی وقفہ پندرہ ماہ سے زائد نہ ہوگا۔

(۸۷) تنقیح ساز اپنے فرایض کی انجام دہی کے لئے تمام حسابات اور دیگر کاغذات جامعہ کا معائنہ کر سکیں گے۔

(۸۸) حسابات بعد تنقیح تنقیح ساز کی رپورٹ کے ساتھ حسب نمونۂ معینہ سرکار عالی شائع کر دئے جائیں گے۔ اور اس کی ایک نقل پیشگاہ سرکار عالی میں ارسال کیجائے گی۔

باب نہم

عہدہ داران و ملازمین جامعہ

مسجل (رجسٹرار) جامعہ

(۸۹) مسجل اپنے عہدہ پر اس وقت تک قائم رہے گا جب تک سرکار عالی اس کو قایم رکھنا چاہے۔ لیکن مجلس اعلیٰ کے دو ثلث ارکان کی تحریک پر مسجل خدمت سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔

(۹۰) مسجل کے فرایض حسب تفصیل ذیل ہوں گے :—

(الف) دفتر، کتب خانہ، مہر جامعہ اور ایسی دیگر املاک (جائداد) جامعہ کا محافظ رہیگا جو مجلس اعلیٰ اس کے تفویض کرے۔

(ب) حتی الوسع مجلس رفقاء، مجلس انتظامی اور مجلس رفقاء کی مقررکی ہوئی ہر کمیٹی کے اجلاسوں میں حاضر رہے اور ان کی روداد قلمبند کرے۔

(ج) مجلس رفقاء اور مجلس انتظامی کی جانب سے باضابطہ دفتری مراسلت کرے۔

(د) مجلس رفقاء، مجالس شعبہ جات۔ مجلس انتظامی۔ مجالس نصاب و تحقیق اور مجلس رفقاء اور مجالس شعبہ جات یا کسی مجلس نصاب کی مقررہ کمیٹی کے اجلاس کے اطلاع نامے جاری کرے۔

(ھ) سررشتہ تالیف و تراجم کا جملہ انتظامی کام انجام دے۔

(و) ایسے دیگر فرایض انجام دے جن کا وقتاً فوقتاً مجلس اعلیٰ تعین کرے اور عموماً ایسے جملہ امور میں مدد دے جن کی اس کے فرائض سرکاری کی انجام دہی کے ضمن میں مجلس اعلیٰ اس سے خواہش کرے

(۹۱) مجلس اعلیٰ جامعہ کے دفتر کے عملہ کا تکمیل وقتاً فوقتاً معین کرتی رہیگی۔

(۹۲) مسجل ان ملازمین جامعہ کو جن کے نام درج سول لسٹ نہ ہوں جرمانہ کرنے معطل کرنے یا ان کی رخصت نامنظور کرنے کا مجاز ہوگا۔ اور اس کو سو روپیہ ماہوار تک تقررات کا اختیار حاصل ہوگا۔

باب دہم

امتحانات

(۹۳) کسی کو شرکت جامعہ کی اجازت، اس غرض سے کہ جامعہ کے امتحان انٹرمیڈیٹ کے لئے تعلیم حاصل کرنے نہیں دیجائے گی جب تک کہ جامعہ کا امتحان میٹرک یا ہندوستان یا انگلستان کی کسی جامعہ کے امتحان اسکول لیونگ یا امتحان میٹریکولیشن میں کامیابی نہ حاصل کی ہو۔

(۹۴) کسی کو جامعہ میں بی اے وغیرہ کی طیلسان کے لئے تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے شریک نہ کیا جائے گا جب تک کہ اس جامعہ یا ہندوستان یا انگلستان کی کسی جامعہ کے امتحان انٹرمیڈیٹ میں کامیابی نہ حاصل کی ہو۔

حسب الحکم

محمد اکبر حیدری

معتمد عدالت و کوتوالی و امور عامہ

سرکار عالی

(۷) ذیلی قواعد

مجلسِ رفقاء سے مجلسِ انتظامی کے اراکین کا انتخاب*

بروئے دفعہ (۷۰) قواعد جامعہ عثمانیہ مجلسِ رفقاء مجلسِ انتظامی کے جن اراکین کا انتخاب کرے گی ان کا انتخاب قواعد ذیل کے تحت عمل میں آئے گا۔

(۱) انتخاب سالانہ اجلاس میں ہوگا جو ماہ امرداد یا کسی ایسی تاریخ میں منعقد ہوگا جس کو امیر جامعہ اس غرض کے لئے معین کریں۔

(۲) مجلسِ انتظامی کی رکنیت کے لئے کسی رفیق جامعہ کی جانب سے جو نام تجویز کئے گئے ہوں وہ اجلاس کے کم سے کم دس روز قبل تحریراً مسجل کے پاس پیش کر دئے جائیں مسجل اجلاس کے چار روز قبل ان ناموں کو اراکین مجلسِ رفقاء کے درمیان گشت کرائیں گے۔

(۳) رائے دہندگان ہر ایک جائداد مامور طلب کے لئے صرف ایک ووٹ کے حقدار ہوں گے اور کسی ایک امیدوار کے متعلق صرف ایک ووٹ دے سکیں گے۔

(۴) مجلسِ رفقاء کے اجلاس میں تاریخ مقررہ پر انتخاب ہوگا اور ووٹ بذریعہ بیلٹ دئے جائیں گے۔

---

* منظورہ حضرت اقدس والا (فرمان مبارک مترشحہ ۱۳۴۰ھ ۱۳۳۱ف ۱۹۲۲ء)

(۵) جن اصحاب کے نام سب سے زیادہ ووٹ ہوں گے وہ منتخب قرار دیئے جائیں گے۔ اگر دو یا زیادہ امیدواروں کے ووٹ محصل برابر ہوں اور ان کے درمیان پھر انتخاب کی ضرورت ہو تو ان کے نام امیر جامعہ کے پاس پیش کئے جائیں گے جن کا تصفیہ قطعی ہوگا۔

نوٹ۔ ہر ایک انتخاب کو منظور یا نامنظور کرنے کا حق امیر جامعہ یا ان کے غیاب میں نائب امیر جامعہ کو حاصل رہیگا۔ اگر وہ کسی انتخاب کو نامناسب سمجھیں تو اس کو نامنظور کرکے دوسرا انتخاب کرنے کا حکم دے سکیں گے۔

(۲) مجلس رفقاء سے مجالس شعبہ جات کے اراکین کا انتخاب*

بروئے دفعہ (۴۷) قواعد جامعہ عثمانیہ مجلس رفقاء سے مجالس شعبہ جات کے اراکین کا انتخاب قواعد ذیل کے تحت عمل میں آئیگا۔

(۱) انتخاب سالانہ اجلاس میں ہوگا جو ماہ امرداد یا ایسی تاریخ میں منعقد ہوگا جس کو معین امیر جامعہ اس غرض کے لئے معین کریں۔

(۲) مجلس انتظامی اولاً ان اصحاب کی ایک فہرست مرتب کرے گی جن کو وہ مختلف شعبہ جات کی رکنیت کے لئے تقرر کی سفارش کرے گی۔ مسجل اس فہرست کو اجلاس سے کم سے کم پورے سولہ روز قبل اراکین مجلس رفقاء کے درمیان گشت کرائیں گے۔ اس وقت مجلس رفقاء کے کسی رکن کو اختیار ہوگا کہ کسی شعبہ کے لئے زائد نام تجویز کرے اور یہ تجویز اجلاس کے پورے ۹ روز

---

* منظورۂ سرکار معالی (۲۲ اردی بہشت ۱۳۳۳ف م ۲۶ مارچ ۱۹۲۴ء)

پہلے مسجل کے پاس بھیجدیا جائے۔ یہ زائد اسماء معہ فہرست اسماء سابقہ مجوزہ مجلس انتظامی اجلاس کے پورے پانچ روز قبل مجلس رفقاء کے اراکین کے درمیان گشت کرائی جائے گی جس کے بعد کوئی زائد نام کی تجویز پیش نہ ہو سکیگی۔

(۳) مجلس رفقاء کے اجلاس میں پوری فہرست پر شعبہ واری ووٹ لئے جائینگے اور جن صاحب کے نام سب سے زیادہ ووٹ ہوں گے ان کے انتخاب کا اعلان کیا جائے گا۔

ووٹ بذریعہ بیلٹ دئے جائیں گے۔

اگر دو یا زیادہ امیدواروں کے ووٹ محصلہ برابر ہوں اور ان کے درمیان پھر انتخاب کی ضرورت ہو تو ان کے نام معین امیر جامعہ کے پاس پیش کئے جائیں گے جن کا تصفیہ قطعی ہوگا۔

(۳) اراکین مجالس شعبہ جات سے دو رفقاء کا انتخاب

مجلس رفقاء کی طرف سے مجالس شعبہ کے اراکین میں سے جو پہلے سے رفیق جامعہ نہ ہوں دو اشخاص کا انتخاب بطور رفیق جامعہ قواعد ذیل کے تحت عمل میں آئے گا جن میں سے ایک کا انتخاب مجلس شعبۂ فنون سے اور دوسرے کا مجلس شعبۂ دینیات سے ہوگا:۔

(۱) اراکین مجالس شعبہ جات و فنون و دینیات میں سے جن دو رفقاء کو

بذریعہ منظورۂ حضرت اقدس والا (قدم مبارک مترشحہ ۱۳ شعبان ۱۳۴۱ھ مطابق ۵ خرداد ۱۳۰۱ش مطابق ۲۹ اپریل ۱۹۲۲ء)

(جو پہلے سے مجلس رفقاء کے رکن نہیں ہیں) مجلس رفقاء انتخاب کرتی ہے ان میں سے اگر بصورت خلوئے جائداد کسی کی ماموری کی ضرورت ہو تو سال میں ایک دفعہ مجلس رفقاء کے سالانہ اجلاس میں جو ماہ امرداد یا کسی ایسی تاریخ میں منعقد ہوگا جس کو امیر جامعہ اس غرض کے لئے مقرر کریں انتخاب عمل میں آئے گا۔

(۲) اس انتخاب کے لئے جو تاریخ مقرر کی جائے گی اس کی اطلاع مجلس رفقائے اراکین کو کم از کم پچیس روز قبل دی جائے گی اور ساتھ ہی مجالس شعبہ جات کے ان اراکین کی ایک فہرست جو مجلس رفقاء کے رکن نہ ہوں بھیجی جائیگی ہر رفیق جامعہ اطلاع کے وصول ہونے پر مقتدر ہوں گے کہ فہرست موصولہ سے ایک صاحب کا نام بحیثیت رفیق جامعہ تقرر کرنے کی تجویز کریں۔ یہ تجویز پورے چودہ روز قبل اس تاریخ کے جو انتخاب کے لئے معین کی گئی ہو مسجل کے پاس پہنچ جانی چاہیئے۔ مسجل جملہ نامزد شدہ اصحاب کی ایک فہرست طبع کرا کر پورے پانچ روز قبل اس تاریخ کے جو انتخاب کے لئے معین کی گئی ہو اراکین مجلس رفقاء کی خدمت میں بھیجدیں گے۔

(۳) مجلس رفقاء کے اجلاس میں تاریخ مقررہ پر انتخاب ہوگا اور ووٹ بذریعہ بیلٹ دئے جائیں گے۔

(۴) جن صاحب کے نام سب سے زیادہ ووٹ ہوں گے ان کے انتخاب کا اعلان کیا جائے گا۔ اگر دو یا زیادہ امیدواروں کے ووٹ محصلہ برابر ہوں اور ان کے درمیان پھر انتخاب کی ضرورت ہو تو ان کے نام امیر جامعہ کے پاس پیش کئے جائیں گے جن کا تصفیہ قطعی ہوگا۔

نوٹ۔ ہر ایک انتخاب کو منظور یا نامنظور کرنے کا حق امیر جامعہ یا ان کے غیاب

ہیں نائب امیر جامعہ کو حاصل رہیگا۔ اگر وہ کسی انتخاب کو نامناسب سمجھیں تو اسکو نامنظور کرکے دوسرا انتخاب کرنے کا حکم دے سکیں گے۔

(۴) طیلسانیین مندرجہ فہرست سے دو رفقاء کا انتخاب*

بروئے دفعہ (۸) ضمن (۴) ج منشور خسروی طیلسانیین مندرجہ فہرست سے مجلس رفقاء جن دو رفقاء کو منتخب کرے گی ان کا انتخاب قواعد ذیل کے تحت عمل میں آئے گا:۔

(۱) طیلسانیین مندرجہ فہرست سے جن دو رفقاء کو مجلس رفقاء انتخاب کرتی ہے ان میں سے کسی کی ماموری کے لئے ہر سال میں ایک دفعہ مجلس رفقاء کے سالانہ اجلاس میں جو ماہ امرداد یا کسی ایسی تاریخ میں منعقد ہوگا جس کو امیر جامعہ اس غرض کے لئے مقرر کریں بشرط ضرورت انتخاب ہوگا۔

(۲) کوئی شخص جب تک کہ اس کا نام رجسٹر طیلسانیین میں درج نہ ہو اور جتنک وہ اس سال کی فہرس جس میں انتخاب ہوتا ہو روانہ نہ کرے کسی انتخاب میں جو بروئے قواعد ہذا ہو منتخب ہونے کا مستحق نہ ہوگا۔

(۳) انتخاب کے لئے جو تاریخ مقرر کی جائے گی اس کی اطلاع مجلس رفقاء کے اراکین کو کم سے کم پچیس روز قبل دی جائے گی۔ اور ساتھ ہی طیلسانیین مندرجہ فہرست کا ایک تختہ بھی روانہ کیا جائے گا۔ ہر رفیق جامعہ اطلاع کے وصول ہونے پر مقتدر ہوں گے کہ تختہ موصولہ سے ایک صاحب کا نام بحیثیت

---

* منظورہ حضرت اقدس و اعلیٰ (فرمان مبارک مترشحہ ۱۰ شعبان ۱۳۴۰ھ / ۵ خرداد ۱۳۳۱ف / ۲۸ اپریل ۱۹۲۲ء)

رفیق جامعہ تقرر کرنے کے لئے تجویز کریں۔ اس تجویز کے ہمراہ اپنے نامزد کردہ امیدوار کے خاص قابلیتوں کا ایک تختہ بھی روانہ کرنا چاہئے اور یہ تجویز پورے چودہ روز قبل اس تاریخ کے جو انتخاب کے لئے معین کی گئی ہو مسجل کے پاس پہنچ جانی چاہئے۔ مسجل جملہ نامزد شدہ اشخاص کی ایک فہرست معہ تختہ جات طبع کرا کر پورے پانچ روز قبل اس تاریخ کے جو انتخاب کے لئے معین کی گئی ہو اراکین مجلس رفقاء کی خدمت میں بھیج دیں گے۔

۴) ہر ایک رائے دہندہ ہر ایک جائداد مامور طلب کے لئے صرف ایک ووٹ کے حقدار ہوں گے اور کسی ایک امیدوار کے متعلق صرف ایک ووٹ دے سکیں گے۔

۵) مجلس رفقاء کے اجلاس میں تاریخ مقررہ پر انتخاب ہوگا اور ووٹ بذریعہ بیلٹ دئے جائیں گے۔

۶) جن اشخاص کے نام سب سے زیادہ ووٹ ہوں گے وہ منتخب قرار دئے جائیں گے اگر دو یا دو سے زیادہ امیدواروں کے ووٹ محصل برابر ہوں اور ان کے درمیان پھر انتخاب کی ضرورت ہو تو ان کے نام امیر جامعہ کے پاس پیش کئے جائیں گے جن کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

نوٹ۔ ہر ایک انتخاب کو منظور یا نامنظور کرنے کا حق امیر جامعہ یا ان کے غیاب میں نائب امیر جامعہ کو حاصل رہے گا۔ اگر وہ کسی انتخاب کو نامناسب سمجھیں تو اس کو نامنظور کر کے دوسرا انتخاب کرنے کا حکم دے سکیں گے۔

(۵) رجسٹر طبلسانیین*

بروئے دفعہ (۸) ضمن (۴) (ج) جو رجسٹر طبلسانیین رکھا جائے گا وہ اس نمونہ کے مطابق ہوگا جسے مجلس انتظامی وقتاً فوقتاً تجویز کرے۔

(۱) کوئی شخص جو مندرجہ ذیل طبقات میں شامل ہو اور جو بالعموم ممالک محروسہ میں قیام پذیر ہو بشرط ادائی ابتدائی فیس مقررہ فہرست ہذا درخواست اپنا نام درج کرانے کا مستحق ہوگا:۔

(الف) جامعۂ عثمانیہ کا کوئی ماسٹر Master یا ڈاکٹر Doctor یا ہندوستان کی کسی یونیورسٹی کا یا برطانیہ یا اس کے مقبوضات یا امریکہ کی کسی ایسی یونیورسٹی کا جس کو مجلس اعلےٰ جامعہ عثمانیہ اس غرض کے لئے تسلیم کرے۔

(ب) جامعۂ عثمانیہ کا کوئی بیچلر Bachelor جس کو ڈگری حاصل کئے ہوئے کم سے کم چھ سال گزرے ہوں یا کسی ہندوستان کی یونیورسٹی کا یا برطانیہ یا اس کے مقبوضات یا امریکہ کی کسی ایسی یونیورسٹی کا جس کو مجلس اعلیٰ جامعہ عثمانیہ اس غرض کے لئے تسلیم کرے۔

(ج) دارالعلوم کا کوئی مولوی فاضل یا مولوی کامل یا منشی فاضل جس کو امتحانات کامیاب کرکے کم سے کم چھ سال کا عرصہ گزرا ہو۔

(۲) ہر طبلسانی کو اپنا نام رجسٹر میں درج کرانے کے لئے جو ابتدائی فیس دینی ہ

---

* منظورہ مجلس اعلیٰ جامعہ عثمانیہ (۱۸ فروری ۱۹۳۳ء م ۱۹ فروری ۱۹۲۱ء)

اس کی مقدار پانچ روپیہ ہوگی۔

۱) ہر طلبانی کو اپنا نام رجسٹر میں قائم رکھنے کے لئے جو فیس دینی ہوگی وہ دو روپیہ سالانہ ہوگی جب تک کہ یہ فیس ادا نہ کی جائے گی کوئی طلبانی کسی انتخاب میں شریک ہونے یا قواعد کی رو سے جو رعایات اُسے عطا کئے گئے ہوں ان میں سے کسی سے فائدہ اٹھانے کا مستحق نہ ہوگا۔

۴) ہر طلبانی جس کا نام پہلے سے درج رجسٹر ہو کسی وقت بیس روپیہ ادا کر دینے سے سالہائے مابعد کی سالانہ فیس ادا کرنے سے مستثنیٰ ہو جائے گا۔

۵) کسی ایسے طلبانی کا نام جو درج رجسٹر ہو اگر سالانہ فیس کی رقم ۳۰ اردی بہشت تک نہ دی جائے تو رجسٹر سے خارج کر دیا جائیگا لیکن کسی وقت مابعد میں جملہ بقایا کی ادائی پر دوبارہ شریک کر لیا جائے گا۔

۶) طلبانین مندرجہ فہرست (رجسٹر شدہ) دو رفقاء کے انتخاب کرنیکے مقتدر ہونے کے علاوہ مندرجہ ذیل رعایات کے بھی مستحق ہونگی۔

(الف) وہ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ کے استعمال کے اور انجمن جامعہ کی رکنیت کے مستحق ہوں گے۔

(ب) جامعہ کے پروفیسروں کے لکچروں میں وہ بلا کسی فیس کے شریک کئے جائیں گے۔

(ج) جلسہ عطائے اسناد میں شرکت کے لئے انھیں ایسے طلبانین پر جو مندرجہ فہرست نہ ہوں ترجیح دیجائیگی۔

(۶) لباس تعلیمی

امیر جامعہ

سبز ریشمی گون طلائی لیس و پھندنا

معین امیر جامعہ

سبز ریشمی گون نقرئی لیس و پھندنا

رفقاء

گہرا سبز ایم اے کا گون اور ریش جیسا کہ آکسفورڈ یونیورسٹی کا ہوتا ہے

طیلسانین

گون — گہرا سبز اسی وضع اور قطع کا ہوگا جیسا کہ آکسفورڈ یونیورسٹی میں بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی اور ایم۔ اے کے طیلسانین کا ہوتا ہے۔

شملہ — ہلکا زرد رنگ (کریم) کا ہوگا۔

ہوڈ — فنون ۔ زرد
دینیات ۔ سبز
سائنس ۔ گہرا سبز
قانون ۔ سرخ
طب ۔ بھورا (گرے)

تعلیم - ہلکا نیلا
انجینیرنگ - ارغوانی (پرپل)
میسرز پارفٹ اینڈ کمپنی الہ آباد جامعہ کے گون ساز مقرر کئے گئے ہیں۔

(۷) قواعد برائے کارروائی جلسہ عطائے اسناد*

(۱) امیر جامعہ معین امیر جامعہ و رفقاء جامعہ وقت مقررہ پر مجلس رفقاء کے کمرے میں جمع ہوں گے۔ امیر جامعہ کی غیاب میں معین امیر جامعہ صدارت کرینگے۔
(۲) ہر شعبہ کے امیدواران اسناد کی طرف سے اس کے میر شعبہ سلسلہ ذیل میں مجلس رفقاء سے عطائے طیلسان کی اجازت طلب کریں گے۔

دینیات
قانون
طب
انجینیرنگ
تعلیم
فنون
سائنس

(۳) ہر سند کے لئے الفاظ ذیل میں درخواست کی جائے گی:۔
"..... امیر جامعہ! میں تحریک کرتا ہوں کہ مجلس شعبہ..... بے امتحنوں کی رائے کی بنا پر جن شخصوں کے طیلسان..... کے مستحق ہونے کی تصدیق

* بمنظوری حضرت اقدس مدظلہ (فرمان مبارک مرسلہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ مطابق ۴ دسمبر ۱۹۲۳ء و ۱۷ نومبر ۱۹۲۴ء)

کی ہے ان کو طیلسان ..... عطا کی جائے۔"

(۴) تمام طیلسانوں کے عطا کرنے کی اجازت ہو جانے کے بعد امیر جامعہ معین امیر جامعہ و رفقائے جامعہ بصورت جلوس اس ہال کی طرف روانہ ہوں گے جہاں اسناد عطا کیجائیں گی۔

(۵) امیر جامعہ و معین امیر جامعہ اپنے عہدہ کے خاص لباس میں ملبوس ہونگے اور رفقاء اس علمی لباس میں ملبوس ہوں گے جس کے پہننے کے وہ اپنے طیلسانوں کی رو سے مستحق ہوں یا اس لباس میں جو رفقائے جامعہ کیلئے مقرر کیا جائے۔

(۶) امیدواران اسناد اپنے اپنے طیلسانوں کے مقررہ عبا اور ہود میں ملبوس ہوں گے اور امیر جامعہ و معین امیر جامعہ کے مقابل بٹھائے جائیں گے۔

(۷) ہال میں جلوس کے داخل ہوتے ہی امیدوار کھڑے ہو جائیں گے اور امیر جامعہ معین امیر جامعہ و رفقائے جامعہ کے تشریف رکھنے تک استادہ رہیں گے۔

(۸) امیر جامعہ و معین امیر جامعہ و رفقاء کے تشریف فرما ہونے کے بعد امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ بہ الفاظ ذیل جلسہ کا افتتاح فرمائینگے:۔

"جامعۂ عثمانیہ کا یہ جلسہ عطائے اسناد اس غرض سے منعقد ہوا ہے کہ جن امیدواروں کے متعلق یہ تصدیق کی گئی ہے کہ وہ طیلسانوں کے مستحق ہیں انھیں اسناد عطا کی جائیں۔ امیدوار اب استادہ ہو جائیں۔"

(۹) امیدواروں کے استادہ ہو جانے کے بعد امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ امیدواروں سے حسب ذیل سوالات کریں گے جن کے جواب میں امیدوار

کہیں گے "میں وعدہ کرتا ہوں"۔

سوال۔ (۱) کیا تم وعدہ کرتے ہو اور اقرار کرتے ہو کہ جس طبیان کے لئے تم امیدوار ہو اور جس کے لئے تمھاری سفارش کی گئی ہے اگر تم کو عطا کی جائے تو تم اپنی روزمرہ زندگی اور طرز کلام میں اس وقار کو قائم رکھو گے جو اس جامعہ کے ارکان کا مابہ الامتیاز ہے۔

جواب۔ میں وعدہ کرتا ہوں۔

سوال۔ (۲) کیا تم وعدہ کرتے ہو اور اقرار کرتے ہو کہ اپنی اہلیت اور مواقع کے لحاظ سے تا حد امکان تحقیقی علم کی توسیع کے لئے کوشاں رہو گے۔

جواب۔ میں وعدہ کرتا ہوں۔

سوال۔ (۳) کیا تم وعدہ کرتے ہو اور اقرار کرتے کہ اپنی اہلیت اور مواقع کے لحاظ سے تا حد امکان اپنی قابلیت کو اپنے ہم جنسوں کی خدمت میں صرف کرو گے۔

جواب۔ میں وعدہ کرتا ہوں۔

سوال۔ (۴) کیا تم وعدہ کرتے ہو کہ تم اس پیشہ کے فرایض کو دیانت اور تندہی کے ساتھ انجام دو گے جسے تم بالآخر اختیار کرو گے اور ہر موقعہ پر اس کی شہرت اور نیکنامی کو برقرار رکھو گے۔

جواب۔ میں وعدہ کرتا ہوں۔

سوال۔ (۵) (صرف شعبۂ دینیات کے طلبا تعین کے لئے) کیا تم وعدہ کرتے ہو اور اقرار کرتے ہو کہ اپنی اہلیت اور مواقع کے لحاظ سے تا حد امکان اپنی قابلیت کو اسلام کی خدمت میں ایک سچے مسلم کی طرح صرف کرو گے"۔

جواب۔ میں وعدہ کرتا ہوں۔

(۱۰) امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ اس کے بعد فرمائیں گے "امیدواروں کو پیش کیا جائے"

(۱۱) ہر شعبہ کے میر شعبہ امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ کی خدمت میں اپنے اپنے شعبہ کے امیدواروں کو جماعتوں میں پیش کریں گے اور ہر جماعت کے لئے اسی طرح عرض کریں گے:۔

"میں جناب والا کی خدمت میں اس امیدوار یا ان امیدواروں (نام پڑھے جائیں) کو پیش کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ ان کو طیلسان عطا کی جائیں"

(۱۲) جب کسی ایک طیلسان کے تمام امیدوار پیش کر دئے جائیں تو امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ الفاظ ذیل کے ساتھ اسناد امیدواروں کو عطا کریں گے جو اسنادہ ہیں:۔

"اس اقتدار کی رو سے جو مجھے بحیثیت امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ عثمانیہ حاصل ہے میں تم کو اس جامعہ عثمانیہ کی طیلسان ..... عطا کرتا ہوں اور تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ مدت العمر اپنا طرز زندگی ایسا رکھو جو اس طیلسان کے شایان شان ہو"

(۱۳) تمام امیدواروں کے پیش کر چکنے کے بعد مسجل اسناد عطا شدہ کی فہرست امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ کی خدمت میں پیش کرے گا جو اس پر اپنی دستخط ثبت کریں گے۔

(۱۴) اس کے بعد امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ یا کوئی رفیق یا کوئی معزز مہمان امیدواروں

کے سامنے تقریر کریں گے۔

(۱۵) تقریر کے ختم ہو جانے کے بعد امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ اور رفقاء جامعہ استادہ ہو جائیں گے اور امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ فرمائیں گے:۔

"میں جلسہ کو برخاست کرتا ہوں"

(۱۶) امیر جامعہ یا معین امیر جامعہ اور رفقائے جامعہ بصورت جلوس مجلس رفقاء کے کمرے کو واپس جائیں گے اور طیلسانین استادہ رہیں گے۔

(۸) قواعد برائے عطائے اعزازی ڈگریاں*

(۱) جب کہ معین امیر جامعہ اور مجلس اعلیٰ کے کم از کم دو ثلث ارکان یہ سفارش کریں کہ کسی شخص کو اعزازی ڈگری عطا کی جائے جو ان کی رائے میں بحیثیت اپنی ممتاز حیثیت و قابلیت کے اس ڈگری کا مستحق اور اہل ہو اور جب کہ مجلس رفقاء کے کسی اجلاس میں موجودہ اراکین میں سے دو ثلث ان کی سفارش کی تائید کریں اور امیر جامعہ اس کی توثیق کریں تو مجلس رفقاء ایسے شخص کو بلا کسی امتحان کے مجوزہ اعزازی ڈگری عطا کر سکتی ہے۔ لیکن عجلت کی حالت میں امیر جامعہ کو اختیار ہوگا کہ صرف مجلس اعلیٰ کی سفارش پر کارروائی کریں۔

(۲) جامعہ حسب ذیل اعزازی ڈگریوں کے عطا کرنے کی مقتدر ہوگی:۔

(۱) پی ایچ۔ ڈی

(۲) ڈی۔ لٹ

---

* منظورہ حضرت اقدس اعلیٰ (فرمان مبارک مترشحہ ۱۹ شوال ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۸ جون ۱۹۲۶ء / ۱۳۴۵ھ ۲ مئی ۱۹۲۶ء)

(۳) ڈی۔ایس سی۔
(۴) ایل۔ایل۔ڈی۔
(۵) ڈی۔ٹی سی۔ (ڈاکٹر آف تھیالوجی)

(۳) امیر جامعہ حسب ذیل الفاظ میں اعزازی ڈگری عطا کریں گے:۔

"..... صاحب اس اقتدار کی رو سے جو مجھے بحیثیت امیر جامعہ حاصل ہے میں آپ کو..... کی اعزازی ڈگری بلحاظ آپ کی ممتاز حیثیت اور قابلیت کے عطا کرتا ہوں"

(۴) ایل۔ایل۔ڈی کی ڈگری کے لئے سبز ریشم کا گون ہوگا جس کی پوری آستینیں ہوں گی اور کف چوڑے اور زرد رنگ کے ہوں گے۔ ہوڈ سرخ رنگ کے ریشم کا ہوگا جس پر سیاہ مخمل کا حاشیہ ہوگا۔ اس لباس کے ساتھ شملہ یا دستار کا استعمال ہو سکتا ہے۔

(۹) اصول تنقید کتب*

(۱) جملہ کتب نصاب ایسے مضامین سے پاک رہنی چاہئے جن میں پیشوایان مذہب کی نسبت گستاخی ہو یا کسی اہل مذہب کی دل آزاری ہو یا کسی مذہب پر متعصبانہ حملہ ہو۔

(۲) مذہبی کتب اسلامیہ قطعاً ایسی تعلیم سے پاک رہنی چاہئیں جو عقائد مسلمہ اہل اسلام کے خلاف ہو۔

---

*منظورہ حضرت اقدس دامت برکاتہم العالی (فرمان مبارک مورخہ ۱۲ صفر ۱۳۲۵ھ مطابق ۳۰ دسمبر ۱۳۲۹ف مطابق ۶ نومبر ۱۹۱۹ء)

(۳) لیکن کتب ذیل میں امور ذیل محل اعتراض نہ ہوں گے بشرطیکہ کسی مذہب پر کوئی غیر مہذب حملہ نہ ہو۔

(الف) کتب ادبیہ میں بضمامین رندانہ و تخیلات شاعرانہ۔

(ب) کتب فلسفہ میں مسائل حکمیہ۔

(ج) کتب تواریخ میں غیر اقوام کے مذہبی خیالات و حالات یا ان کے کارناموں کا مورخانہ ذکر۔

(۱۰) اختیارات صدر کلیۂ جامعہ عثمانیہ و صدر طبیہ کالج

(مراسلہ محکمہ سررشتہ کارنشان (۶۷۷) مورخہ ۲ تیر ۱۳۳۲ف م، مئی ۱۹۲۱ء و مراسلہ نشان (۹۲۳) مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۳۶ف م ۱۶ جون ۱۹۲۷ء)

(۱) جملہ امور میں جن کا تعلق کالج و اقامت خانہ جات کے اندرونی انتظامات سے ہو صدر افسر اعلیٰ ہوں گے۔

(۲) صدر کو اختیار ہوگا کہ کالج میں شرکت کی درخواستیں منظور یا نامنظور کریں اور طلبہ کو کالج سے خارج یا علٰحدہ کریں یا کسی دوسرے طریقہ پر سزا دیں۔

(۳) صدر کو اختیار ہوگا کہ وہ کالج کے درجہ دوم اور درجہ سوم کے اہلکاروں کا تقرر کریں۔

(۴) صدر کو اختیار ہوگا کہ وہ عملہ اساتذہ کی رخصت اتفاقی سال تمام میں سات دن تک منظور کریں اور ایسے غیر گزیٹیڈ ملازمین کی ہر قسم کی رخصت منظور کریں جن کا تقرر ان کا اختیاری ہے اور زمانہ رخصت میں منصرفانہ انتظام کریں۔

(۵) صدر کو اختیار ہوگا کہ اگر کوئی گزیٹیڈ عہدہ دار بوجہ بیماری یا کسی ایسی وجہ سے جو ناگزیر ہو غیر حاضر ہو جائے تو اس کی جگہ کا عارضی طور پر منصرفانہ

انتظام کریں۔ ایسی صورتوں میں صدر کو چاہیئے کہ منصرمانہ انتظام کرتے ہی عہدہ دار مجاز کو اس کی اطلاع کر دیں جو رخصت کے منظور کرنے کا مقتدر ہے۔

(۶) صدر کو اختیار ہوگا کہ ایسے غیر گزیٹڈ ملازمین کو جن کے تقرر کے وہ مجاز ہیں معطل یا برطرف کریں۔

(۷) حکام جامعہ اور کالج کے عملہ اساتذہ کے درمیان مراسلت صدر کے وساطت سے ہوگی۔

(۸) جو وظایف کالج کے لیے مخصوص ہوں اُن کی تقسیم صدر کریں گے۔ اور ان کو اختیار ہوگا کہ عارضی طور پر وظیفہ کی مقدار میں تخفیف کریں یا کسی وظیفہ کی اجرائی منسوخ کر دیں یا اگر ضرورت ہو تو وظایف کو پھر سے تقسیم کریں۔

(۹) صدر کو غیر معمولی تعطیلات دینے کا اختیار ہوگا۔

(۱۰) کالج کے کتب خانے دارالتجربے وغیرہ صدر کے تحت ہوں گے اور ان کو اختیار ہوگا کہ ان کا انتظام اپنے عملہ اساتذہ سے ایک یا ایک سے زائد اصحاب کے سپرد کریں جو اس کے اہل ہوں۔

(۱۱) صدر کو مختلف مدات کے لحاظ سے جملہ رقوم مندرجۂ موازنہ کے خرچ کرنیکا اختیار ہوگا۔ اور رقوم کی اجرائی کے لئے برآوردات براہ راست صدر محاسب کو روانہ کیجیئے

(۱۱) اختیارات پریسیڈنٹ و سکرٹری انجینیرنگ کالج

(۱) وقتاً فوقتاً بمنظوری مجلس اعلیٰ اساتذہ مددگار اساتذہ وغیرہ اور دیگر ارکان تعلیمی اسٹاف و عملۂ دفتر کی تعداد مقرر کرنا۔

(۲) جملہ غیر گزیٹڈ ملازمین اور ایسے گزیٹڈ ملازمین کے تقررات کرنا جن کے

گریڈ کی اوسط تنخواہ (۵۰۰) ماہانہ سے زیادہ نہ ہو۔

(۳) فرنیچر و آلاتِ سائنس اور دیگر ضروری سامان فراہم کرنا جن کی انجینرنگ کالج کے اغراض کے لئے ضرورت ہو۔

(۴) انجینرنگ کالج کی جانب سے معاہدہ کرنا یا اوس کی تبدیل یا تنسیخ کرنا۔

(۵) اساتذہ۔ ارکان تعلیمی۔ اسٹاف۔ طلبا نی و غیر طلبانی طلبہ کالج و ملازمین کالج کو اگر کوئی وجہ شکایت ہو تو اوس کی سماعت کرنا اور ضروری تصفیہ و رفع شکایت کرنا۔

(نوٹ) اس اختیار کے خلاف مجلس اعلیٰ میں مرافعہ ہو سکیگا۔

(۶) حسب قواعد سررشتہ فینانس کوئی رقم اندرون گنجائش موازنہ ایک مد سے دوسرے مد میں منتقل کرنا۔

(۷) ایسے ملازمین کی رخصتیں منظور کرنا یا منسوخ کرنا جن کے تقررات ان کے اختیاری ہوں اور ناگزیر صورتوں میں دیگر گزیٹڈ عہدہ داران کی رخصت منظور کرنا۔

(۸) ملازمین انجینرنگ کالج کا بقایہ، تنخواہ یا بھتہ و سفر خرچ جو دو سال سے متجاوز نہ ہو منظور کرنا بشرطیکہ اس کے لئے کافی گنجائش موجود ہو۔

(۹) عہدہ داران انجینرنگ کالج کو صرف اندرون ہندوستان سائنٹفک مجالس میں شریک ہونے یا دیگر یونیورسٹیوں کی طرز کارروائی کو دیکھنے یا کالج کے لئے سامان و آلات خریدنے یا کسی دوسری غرض کے لئے بھیجنا جو انجینرنگ کالج کے مفاد کے لئے ہو۔ بشرطیکہ مصارف لاحقہ انجینرنگ کالج کی گنجائش سے ادا ہو سکیں۔

(۱۰) رخصت غیر معمولی کی صورت میں منصرم کو جائداد منصرم کی سالم تنخواہ کی

منظوری دینا۔

(۱۱) غیر حاضری بلا رخصت کو کسی قسم کی رخصت میں تبدیل کرنا جس کا کوئی ملازم از روئے قواعد مستحق ہو بشرطیکہ ایسی غیر حاضری کی مدت چھ ماہ سے زیادہ نہ ہو۔

(۱۲) ملازمین کالج کے لئے جن کے تقرر کے وہ مجاز ہیں بلا لحاظ ان کی مدت ملازمت کے تین سال کی حد تک رخصت خاتگی بغرض تعلیم منظور کرنا۔

(۱۳) کالج اور دفتر کالج کے لئے تعطیلات یا تعطیلات موسمی کا منظور کرنا یا کالج اور دفتر کو بحالت امراض وبائی بند کرنا۔

(۱۴) ایسے ملازمین کی مدت ملازمت میں جن کا تقرر ان کا اختیاری ہو دس سال تک توسیع منظور کرنا۔

(۱۵) جملہ رقوم مندرجۂ موازنہ کو خرچ کرنا۔

(۱۶) جملہ امور میں جن کا تعلق کالج و اقامت خانہ کے اندرونی انتظامات سے ہو پریسیڈنٹ افسر اعلیٰ ہوں گے۔

(۱۷) کالج کے کتب خانے، تجربہ خانے اور ورک شاپ اور اسی قسم کے دیگر ادارات جو کالج سے متعلق ہوں پریسیڈنٹ کے تحت ہوں گے اور ان کو اختیار ہوگا کہ ان کا انتظام اپنے عملۂ اساتذہ میں سے ایک یا زائد اصحاب کے سپرد کریں جو اس کے اہل ہوں۔

(۱۸) جو وظائف کالج کے لئے مخصوص ہوں اور اُن کی تقسیم کرنا اور اپنے اختیار سے عارضی طور پر وظیفہ کی مقدار میں تخفیف کرنا یا کسی وظیفہ کی اجرائی منسوخ کرنا یا اگر ضرورت ہو تو وظائف کو پھر سے تقسیم کرنا۔

(۱۹) فینانس، حسابات اور دیگر تمام انتظامی معاملات انجینئرنگ کالج کا انصرام

وبند وبست کرنا۔

اختیارات سکرٹری

(۱) کالج میں شرکت کی درخواستیں منظور یا نامنظور کرنا اور بہ منظوری پریسیڈنٹ طلبہ کو کالج سے خارج یا علٰحدہ کرنا یا کسی دوسرے طریقہ پر سزا دینا۔

(۲) کالج کے دفتر کے غیر گزیٹیڈ ملازمین درجۂ دوم و درجۂ سوم کا تقرر کرنا۔

(۳) ایسے غیر گزیٹیڈ ملازمین کی ہر قسم کی رخصت منظور کرنا جن کا تقرر ان کا اختیاری ہے اور زمانۂ رخصت میں ان کی خدمت کا منصرمانہ انتظام کرنا

(۴) ایسے غیر گزیٹیڈ ملازمین کو جن کے تقرر کے وہ مجاز ہیں معطل یا برطرف کرنا۔

(۵) حکام جامعہ اور کالج کے ارکان تعلیمی کے درمیان سکرٹری کے توسط سے مراسلت ہوگی۔

نوٹ۔ اس کے یہ معنے نہ ہوں گے کہ اساتذہ کو کالج کے پریسیڈیٹ سے براہ استصواب کرنیکا حق نہ ہوگا۔

(۶) رخصت اتفاقی باختیار خود منظور کرنا۔

(۷) جملہ رقوم مندرج موازنہ کو باختیار خود خرچ کرنا الّا اُن مدات کے جو پریسیڈنٹ اپنے لئے مخصوص کرلے ہوں اور رقوم کی اجرائی کے لئے براہ آوردات راست صدر محاسبی کو روانہ کرنا۔

(۱۲) اختیارات ناظم دارالترجمہ

[مراسلہ محکمۂ سرکار نشان (۵۰) مورخہ ۲۷ اسفندار ۱۳۲۷ف مطابق ۹ جنوری ۱۹۱۸ء

و مراسلہ نشان (۸۷۵) مورخہ ۳ر شہریور ۱۳۳۰ف م ۱۳- جولائی ۱۹۲۱ء]
ناظم دارالترجمہ کے اختیارات حسب ذیل ہوں گے۔

(۱) دارالترجمہ کے ایسے ملازمین جن کی تنخواہ (۱۲۵) روپیہ سے زائد نہ ہو انکا تقرر و تبدل کرنا اور اخراجات سفر خرچ منظور کرنا۔

(۲) مترجمین کی رخصت اتفاقی سال تمام میں سات یوم تک منظور کرنا۔

(۳) صیاد اور دوسری رقومات جو دارالترجمہ کے لئے منظور ہوں اُن کو صرف کرنے کے متعلق دیگر منتظمان سررشتہ کے مماثل اختیارات حاصل رہیں گے۔

(۴) جملہ اہلکار (جن کے تقرر کرنے کے وہ مجاز نہیں) اور ملازمین درجہ ادنیٰ پر جرمانہ کرنا یا معطل کرنا اور ان کی رخصتیں منظور کرنا۔

(۵) جن مترجمین کے ترجمہ کی شرح افسران متقدر نے مقرر کر دی ہے ان کو بموجب شرح مقررہ اجرت ترجمہ ادا کرنا۔

(۶) انگریزی کتب کے شائع کنندگان کو حق طبع کے بابت شرح منظورہ کے موافق رقوم ایصال کرنا۔

(۷) بعد منظوری افسران متقدر بیرون ملک کے مطابع کو اجرت ادا کرنا۔

(۱۳) معاوضہ ممتحنین مبصرین نگران کار ان امتحانات

(۱) ممتحنین کے لئے شرح معاوضہ حسب ذیل ہو گی۔

امتحان میٹریکیولیشن

روپیہ آنہ پائی سکہ شاہی

ترتیب پرچہ سہ ساعت کے لئے

	روپیہ	آنہ	پائی سکہ عثمانیہ
ترتیب پرچہ دوم یا کم از دو ساعت کے لئے	۴	.	.
بیاضات جوابات پرچہ سہ ساعت کی جانچ کیلئے فی بیاض	.	۱۲	.
" " دو یا کم از ساعت "	.	۸	.
عملی امتحان معاشیات خانداری فی امیدوار	۱	۸	

(معاوضہ کی مقدار کم از کم ۲۵ روپیہ ہوگی)

امتحان انٹرمیڈیٹ

ترتیب پرچہ سہ ساعت کے لئے۔	۷۵	.	.
ترتیب پرچہ دو یا کم از دو ساعت کے لئے	۵۰	.	.
بیاضات جوابات پرچہ سہ ساعت کی جانچ کیلئے فی بیاض	۱	.	.
" " دو یا کم از دو ساعت "	.	۱۲	.
عملی امتحان مضامین سائنس کیلئے ہر ایک ممتحن کو فی امیدوار	۲	.	.

امتحان بی۔ اے، بی ٹی اور ایل ایل۔ بی

ترتیب پرچہ کے لئے	۱۰۰	.	.
جوابی بیاضات کی جانچ کے لئے فی بیاض	۱	۸	.
عملی امتحان مضامین سائنس یا مضامین بی ٹی کی تعلیم کے لئے فی امیدوار	۳	.	.

(معاوضہ کی مقدار کم از کم ۲۵ روپیہ ہوگی)

امتحان ایم۔ اے

	روپیہ	آنہ	پائی	سکہ عثمانیہ
ترتیب پرچہ کے لئے	۱۲۵			
بیاضات جواب کی جانچ کے لئے فی بیاض	۲	۸		
زبانی امتحان کے لئے فی امیدوار فی ممتحن	۲			

(معاوضہ کی مقدار کم از کم ۲۵ روپیہ ہوگی)

مقالہ کی جانچ کے لئے فی مقالہ فی ممتحن ۵۰

ایم۔ ایس سی

ترتیب پرچہ کے لئے	۱۲۵			
بیاضات جواب کی جانچ کے لئے فی بیاض	۲	۸		
عملی امتحان کے لئے فی امیدوار فی ممتحن	۲	۸		

(معاوضہ کی مقدار کم از کم ۵۰ روپیہ ہوگی)

نوٹ۔ ممتحن صاحبان کو اپنے پرچہ کا مکمل انگریزی ترجمہ بھی روانہ کرنا ہوگا ورنہ ترتیب پرچہ کے معاوضہ سے ۵۰ وضع کرلئے جائیں گے۔

(۲) اگر کوئی ممتحن پرچہ مرتب کرے اور جوابی بیاضوں کی جانچ نہ کرسکے تو اس کو ترتیب پرچہ کا معاوضہ نصف ایصال ہوگا اور بقیہ نصف اس ممتحن کو دیا جائیگا جو جوابی بیاضوں کی جانچ کرے۔

(۳) تصحیح پروف کے لئے ہر ممتحن کو حسب ذیل شرح سے معاوضہ ایصال ہوگا اور تصحیح کا انتظام مضمون متعلقہ کے سینیر پروفیسر کریں گے۔

(۱) ریاضی کے پرچوں کی تصحیح کے لئے ۸ فی پرچہ

(۳) دیگر مضامین کے پرچوں کی تصحیح کیلئے ۴ فی پرچہ۔
(۴) ممتحنین کیلئے معاوضہ تبصرہ پندرہ روپیہ فی اجلاس ہوگا ہر اجلاس ۳ گھنٹہ کا ہوگا۔
(۵) نگران کاران امتحان کے لیے شرح معاوضہ حسب ذیل ہوگی۔

امتحان میٹریکولیشن	امتحان انٹرمیڈیٹ بی۔اے و دیگر اعلیٰ امتحانات
روپیہ آنہ فی یوم پائی	روپیہ آنہ فی یوم پائی
(۱) صدر نگران کار ۱۰ . .	صدر نگران کار ۱۰ . .
(۲) نگرانکا ماہوار آباد (دہ تا گم) ۳ . .	. . .
(۳) نگرانکا ماہوار آباد (دہ تا مہ) ۳ . .	. . .
(۴) " " (مابعد تا ۱م) ۴ . .	(۲) نگرانکا ماہوار آباد (ماہ تا ۱م) ۴ . .
(۵) " " دوسو سے زائد ۵ . .	(۳) " " زائد از دوسو ۵ . .
(۶) چپراسی . ۴ .	(۴) چپراسی . ۴ .

(۱۴) مصارف سفر و بھتہ

مجلس رفقاء اور دیگر مجالس کے ارکین کو (جو بیرون بلدہ حیدرآباد قیام پذیر ہوں) حسب ذیل شرح سے سفر خرچ اور بھتہ ایصال ہوگا:۔

(۱) اکہرا آمد و رفت کا کرایہ ریل درجۂ اول اور دس روپیہ بھتہ فی یوم صرف انہی ایام کے لئے جن میں کمیٹیاں ہوں۔
(۲) ملازم کے لئے اکہرا آمد و رفت کا کرایہ ریل درجہ سوم۔

(۱۵) جامعہ عثمانیہ کی اسناد کی نقلیں

جامعہ عثمانیہ کے اسناد یا اجازوں کی نقلیں صرف اسی صورت میں دیجائیں گی جب کہ مجلس انتظامی کو حلفی بیان پیش کردہ درخواست گزار سے یا کسی اور طریقہ سے) جس کی تصدیق صدر مدرس مدرسہ مسلمہ جامعہ یا صدر مہتمم تعلیمات یا مہتمم تعلیمات سرکار عالی یا صدر کلیۃ جامعہ عثمانیہ نے کی ہو) یہ اطمینان ہو جائے کہ درخواست گزار نے اپنی سند یا اجازہ کھو دیا ہے یا وہ خراب ہو گئے ہیں۔ ان صورتوں میں اسناد کی نقلیں جن کی اصل پر مسجل کے دستخط ثبت تھے پانچ روپیہ فیس ادا کرنے پر اور جن کی اصل پر امیر جامعہ کے دستخط ثبت ہوئے ہوں دس روپیہ فیس دینے پر عطا ہوں گی اور اس کی اطلاع جریدۂ اعلانیہ میں شائع ہو گی۔

(۱۶) رجسٹری فیس

دوسری یونیورسٹیوں کے جو طلبہ جامعۂ عثمانیہ میں شریک ہونگے یا برٹش انڈیا کے کسی صوبہ کا امتحان ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ کامیاب کر کے یہاں آئیں گے ان سے دس روپیہ رجسٹری فیس لیجائے گی:۔

(۱۷) قواعد قرضہ جات جامعہ

(یونیورسٹی لون فنڈ)

(۱) وجوہ کلیدار کی رقم اس سرمایہ کے لئے مختص کیجائے۔

(۲) ممالک غیر میں تعلیم حاصل کرنے کے صرف قابل اور ہونہار اساتذہ قرضہ کے مستحق ہو سکیں گے بشرطیکہ ان کی مدت ملازمت پانچ سال ہو اور شعبہ متعلقہ انھیں اپنی خدمات سے سبکدوش کرے۔

(۳) قرضہ کی انتہائی مقدار دس ہزار (۱۰۰۰۰) کلدار ہوگی۔
(۴) قرضہ سے متعلق دو ضامن اس حیثیت کے پیش ہونے چاہئیں جو مالک محروسہ سرکار عالی میں ایسی جائداد رکھتے ہوں جو قرض مستدعیہ کی ادائی کے لئے کافی ہو سکے۔ یا ایسی جائداد کی کفالت پر دیا جا سکے گا جواز قسم پرامیسری نوٹ۔ ریلوے شیئرز ماہوارات منصب۔ پالیسی بیمہ (اسکی سرنڈر ویالو کی صرف دو تہائی حد تک قرضہ دیا جا سکیگا) اور جائداد غیر منقولہ (جس کی مالیت رقم قرضہ کی ڈیوڑھی ہونی ضروری ہوگی) ہو۔
(۵) جملہ رقومات پر جو ادا ہونگی سود بہ شرح (۴) فیصدی عائد کیا جائیگا۔
(۶) قرضہ کی ادائی ہر ماہ کی تنخواہ سے بحساب (۲۵) فی صدی اقساط ہونگی اور ادائی قرضہ کی انتہائی مدت (۱۲) ہوگی۔
(۷) اعلیٰ قابلیت حاصل کرنے کی بناء پر جامعہ ترقی دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔
(۸) قبل اس کے کہ سرکار سے قرضہ ایصال کیا جائے ایک دستاویز مرتب ہونی چاہئے جس میں یہ اقرار درج رہے کہ قرض خواہ کامل ادائی قرضہ یا (۵) سال تک (ان میں سے جو صورت بھی بعد واقع ہو) ملازمت سرکار عالی میں رہیگا۔ اور بصورت خلاف ورزی کامل قرضہ سرکاری کی فوری ادائی بحساب (۶) فیصد سود در سود لازمی ہوگا۔
(۹) رقم قرضہ ماہی اقساط سی دیجائیگی اور پہلی قسط میں رقم کرایہ جہاز اور سماکلدار برائے سفر شریک ہونیکے جو اقرار نامہ رضامندی موٹنی باضابطہ تکمیل کے بعد ہی ادا کیجا سکے گی۔

نوٹ (۱) ایسی رقم قرضہ کیلئے جو قرض گیرندہ کے مستحقہ وظیفہ یا انعام کی بہ بابت مالیت سے زیادہ نہ ہو کفالت کی ضرورت نہیں۔
(۲) وظیفہ یا انعام کے بہ بابت مالیت کے تعین کیلئے قرض گیرندہ کی تعلیمی حیثیت کی سالم مدت شمار کیجائیگی۔

وظائف جامعہ

شعبہ فنون

انٹرمیڈیٹ | ایک وظیفہ بیس روپیہ ماہانہ کا اوس طالب علم کو جو امتحان میٹریکولیشن جامعہ عثمانیہ میں اول آئے اور دو وظائف پندرہ روپیہ ماہانہ کے اُن طلبہ کو جو اس امتحان میں دوم و سوم آئیں۔

سات وظیفے پندرہ روپیہ ماہانہ کے اُن طلبہ کو جو مندرجہ ذیل مضامین میں اول آئیں بشرطیکہ وہ اس مضمون میں بدرجہ اول کامیاب ہوں اور پورے امتحان میں کم از کم بدرجہ دوم کامیاب رہیں۔

(۱) انگریزی (۲) دینیات (۳) عربی (۴) سنسکرت
(۵) ریاضی ابتدائی (۶) ریاضی اعلیٰ (۷) سائنس

بی اے | ایک وظیفہ پچیس روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو امتحان انٹرمیڈیٹ جامعہ عثمانیہ میں اول آئے اور دو وظیفے بیس روپیہ ماہانہ کے اُن طلبہ کو جو دوم و سوم آئیں۔

انیس وظایف اٹھارہ روپیہ ماہانہ کے اُن طلبہ کو جو مندرجۂ ذیل مضامین میں اول آئیں۔ بشرطیکہ وہ اس مضمون میں درجہ اول میں کامیاب ہوں اور پورے امتحان میں کم از کم درجۂ دوم میں کامیاب رہیں۔

انگریزی۔ دینیات۔ ریاضی۔ طبیعیات۔ کیمیا۔ حیوانیات
اردو ۔ عربی ۔ فارسی۔ سنسکرت۔ معاشیات۔ تاریخ اسلام
تاریخ انگلستان۔ تاریخ ہند۔ منطق۔ نفسیات۔ مرہٹی۔ کنڑی
تلنگی۔

ایم اے | دو وظائف چالیس روپیہ ماہانہ کے اُن طلبہ کو جو امتحان بی۔ اے جامعہ

عثمانیہ کے شعبہ فنون اور شعبہ سائنس میں علی الترتیب اول اور پورے امتحان میں درجۂ اول میں کامیاب ہوں۔

آٹھ وظائف تیس روپیہ ماہانہ کے ان طلبہ کو جو مندرجۂ ذیل مضامین میں اول آئیں بشرطیکہ وہ اس مضمون میں درجۂ اول میں کامیاب ہوں اور پورے امتحان میں کم از کم درجۂ دوم میں کامیاب رہیں۔

انگریزی۔ عربی و ایک مضمون متعلقہ سنسکرت و ایک مضمون
متعلقہ تاریخ فلسفہ طبیعیات۔ کیمیا۔ ریاضی

تین تحقیقاتی وظائف فی وظیفہ ماہانہ برائے کنڑی و مرہٹی و تلنگی۔

شعبۂ دینیات

انٹرمیڈیٹ | ایک وظیفہ بیس روپیہ ماہانہ کا اوس طالب علم کو جو امتحان میٹریکیولیشن میں اول آئے اور ایک وظیفہ پندرہ روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو دوم آئے ایک وظیفہ پندرہ روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو زبان عربی میں اول آئے۔

بی۔ اے | ایک وظیفہ پچیس روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو امتحان انٹرمیڈیٹ کے جملہ مضامین میں اول آئے۔

ایک وظیفہ اٹھارہ روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو فقہ اور اصول فقہ میں اول آئے۔

ایک وظیفہ اٹھارہ روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو عربی میں اول آئے۔

ایم اے | ایک وظیفہ چالیس روپیہ ماہانہ کا اس طالب علم کو جو امتحان بی۔ اے میں بدرجۂ اول کامیاب ہو

شعبۂ انجینیرنگ

سال اول { دو وظائف فی تیس روپیہ ماہانہ
دو وظائف فی پچیس روپیہ ماہانہ

سال دوم { دو وظائف فی تیس روپیہ ماہانہ
دو وظائف فی پچیس روپیہ ماہانہ

سال سوم { ایک وظیفہ پینتیس روپیہ ماہانہ
ایک وظیفہ تیس روپیہ ماہانہ

سال چہارم دو اپرٹنس شپ فی پچھتر روپیہ ماہانہ

شعبۂ طب

پندرہ وظائف فی سترہ روپیہ ماہانہ (طلبا رذکور کے لئے)

وظائف رعایتی

شعبۂ فنون

انٹرمیڈیٹ۔ بیس وظائف

طلبہ غیر مقیم اقامت خانہ فی طالب علم چھ روپیہ ماہانہ
طلبہ مقیم اقامت خانہ فی طالب علم دس روپیہ ماہانہ

بی۔ اے:۔ بارہ وظائف:۔

طلبہ غیر مقیم اقامت خانہ فی طالب علم آٹھ روپیہ ماہانہ
طلبہ مقیم اقامت خانہ فی طالب علم بارہ روپیہ ماہانہ

یم۔ اے۔ ماہانہ بیس روپیہ کے پانچ وظائف

انٹرمیڈیٹ۔ سات وظائف دس روپیہ ماہانہ شعبۂ بنیسات

بی۔ اے۔ دو وظائف بارہ روپیہ ماہانہ کے صرف دو سال کے لئے۔

وظائف رعایتی شعبۂ طب (برائے طالبات اناث)

پانچ وظائف فی سترہ روپیہ ماہانہ
تین وظائف فی چالیس روپیہ ماہانہ
بارہ وظائف فی تیس روپیہ ماہانہ

(۸) کلیہ جامعہ عثمانیہ

اساتذہ

صدر (مفخم) محمد عبدالرحمٰن خاں بی۔ اے (مدراس) بی۔ ایس سی اے۔ ار سی پی ایس (لندن)

شعبہ فنون وسائنس

حیاتیات

ردگار پروفیسر۔ سعید الدین بی۔ ایس سی (بمبئی) ایم۔ اے (ایڈنبرا)
〃 عبدالباری بی ایس سی (بمبئی)
〃 محمد رحیم اللہ بی۔ ایس۔ سی (علیگڈھ)

کیمیا

وفیسر۔ مظفر الدین قریشی ایم۔ ایس سی۔ پی ایچ ڈی (برلن)
〃 ۔ سید حسین بی۔ اے۔ ایم۔ ایس سی پی ایچ ڈی (لندن)
دگار پروفیسر۔ محمود احمد خاں بی۔ ایس سی (الہ آباد)
〃 عنایت خاں یم۔ ایس سی (عثمانیہ) ہنگامی
〃 تقرر طلب

ڈیمانسٹریٹر عبدالعزیز بی۔ اے (عثمانیہ)
" سیتارام راؤ بی۔ اے (عثمانیہ) ایم۔ اے (ڈھاکہ)

معاشیات وعمرانیات

پروفیسر تقرر طلب
مددگار پروفیسر محمد الیاس برنی ایم۔ اے ایل ایل۔ بی (الہ آباد)
(یہ شعبۂ معاشیات کے نگراں ہیں)
حبیب الرحمٰن ایم اے ایل ایل (الہ آباد) (خصوصت تعلیمی پر ہیں)
سید جعفر حسن پی۔ ایچ ڈی۔ (ہیڈلبرگ)

انگریزی

پروفیسر ای۔ ای اسپیٹ بی۔ اے (لندن)
مرزا حسین علی خان بی۔ اے (آکسفورڈ)
سید عبداللطیف بی۔ اے (مدراس) پی ایچ ڈی (لندن)
ٹی ویرا بھدروڈو ایم۔ اے ایل۔ ٹی (مدراس)
مددگار پروفیسر ایس ڈی رامچندرن بی۔ اے ایل۔ ٹی (مدراس)

تاریخ

پروفیسر ہارون خاں شروانی ایم۔ اے (آکسفورڈ)
" مرزا علی یار خاں بی۔ اے (آکسفورڈ)
مددگار پروفیسر محمد جمیل الرحمٰن ایم۔ اے (پنجاب)

مددگار پروفیسر کے۔ سی۔ رائے سکسینہ ایم۔ اے (الہ آباد)
〃 ابن حسن ایم۔ اے (الہ آباد) (رخصت تعلیمی پر ہیں)
〃 عبدالمجید صدیقی ایم۔ اے (عثمانیہ)
〃 (منصرم) یوسف حسین ڈی لٹ (پیرس)

السنہ قدیم وجدید

پروفیسر عبدالحق بی۔ اے (اردو)
محمد نظام الدین پی ایچ۔ ڈی (کیمبرج) (فارسی)
عبدالحق بی لٹ ڈی۔ فل (آکسفورڈ) (عربی)
مددگار پروفیسر سید غلام نبی (〃 〃)
〃 سیف بن سلطان حسین القعیطی ایم اے ایل ایل۔ بی (〃 〃)
〃 سید ابراہیم (〃 〃)
〃 عبدالحمید خان (فارسی)
〃 سید سجاد حسین ایم۔ اے (الہ آباد) (اردو)
〃 قاری سید کلیم اللہ حسینی ایم اے ایل ایل۔ بی (عثمانیہ) (فارسی)
پی ایچ۔ ڈی (لندن)
〃 لطیف احمد فاروقی ایم اے ایل ایل۔ بی (〃 〃)
〃 عبدالقادر سروری ایم۔ اے (عثمانیہ) (اردو)
〃 ٹی رامراؤ بی۔ اے (مدراس) (کنڑی)
〃 آر سبارائڈو (تلنگی)
〃 پنڈت ہری ہر شاستری (سنسکرت)

مدد گار پروفیسر جی دھر پنیور بی۔ اے (سنسکرت)
" سی۔ین جوشی ایم۔ اے (مرہٹی)
لکچرار مرزا علی یار خاں بی۔ اے (آکسفورڈ) (فرانسیسی)
" سید جعفر حسین پی۔ ایچ۔ ڈی (ہیڈلبرگ) (جرمنی)

ریاضی

پروفیسر قاضی محمد حسین ایم اے (پنجاب) بی اے ایل ایل۔ بی (کیمبرج)
کشن چند ایم۔ اے (کیمبرج)
مدد گار پروفیسر شیخ برکت علی ایم۔ اے (عثمانیہ)
" خواجہ محی الدین ایم اے (مدراس)
" تقرر طلب

فلسفہ

پروفیسر خلیفہ عبدالحکیم ایم اے، ایل ایل، بی، پی۔ ایچ۔ ڈی (ہیڈلبرگ)
مدد گار پروفیسر عبدالباری ندوی
ولی الدین ایم اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن)
معتضد ولی الرحمٰن ایم۔ اے (پنجاب)
شیو موہن لال ایم۔ اے (علیگڈھ)
تقرر طلب

طبیعیات

پروفیسر وحید الرحمٰن بی۔ ایس۔ سی (کلکتہ)
تقرر طلب

مددگار پروفیسر نصیر احمد ایم اے۔ بی ایس سی (الہ آباد)
" تقرر طلب
" سید محمد علیخاں بی ایس سی آنرس (لندن) اے آر ایس ایس
ڈیمانسٹریٹر سید عبدالرحمن بی۔ اے (عثمانیہ)
" محمد یونس وفاقانی بی۔ اے (عثمانیہ) ایم۔ ایس سی (ڈھاکہ

دینیات

مددگار پروفیسر مناظر احسن گیلانی

اخلاقیات

مددگار پروفیسر ظہیر الدین احمد ڈی لٹ (مصر)

شعبۂ دینیات

پروفیسر محمد عبدالقادر صدیقی
مددگار پروفیسر سید شیر علی (کلام و فلسفہ)
" مفتی عبداللطیف (تفسیر)
" محمد عثمان جعفری (فقہ)
" عبدالواسع (حدیث)
" عبدالقادر ایم۔ اے (عثمانیہ) (منطق)
" فضل احمد (تفسیر)
" عبدالمقتدر (فقہ)

شعبۂ قانون

پروفیسر حسین علی مرزا بیرسٹرایٹ لا
مددگار پروفیسر میر اکبر علی موسوی بی۔اے، ایل۔ایل۔بی (بمبئی)
چند ساعتی لکچرار میر اکبر علیخاں بیرسٹرایٹ لا
〃 〃 خلیل الزماں بیرسٹرایٹ لا
〃 〃 محمود احمد بی۔اے، ایل۔ایل۔بی
〃 〃 سری پت راؤ

مہتمم کتبخانہ

یوسف الدین احمد صدیقی بی۔اے (عثمانیہ)

میقانیں (ٹرمس)

از شہریور تا بہمن و از اسفندارمذ تا خرداد (از جولائی تا دسمبر و از جنوری تا اپریل)

اجرت تعلیم

انٹرمیڈیٹ	سالانہ	۶۰	روپیہ
بی۔اے	〃	۸۰	〃
ایم۔اے یا ایم۔ایس سی	〃	۱۰۰	〃
ایل۔ایل۔بی	〃	۸۰	〃

اقامت خانے

کلیہ کے طلبہ کے لئے چار اقامت خانے ہیں اخراجات فی طالب علم سالانہ تقریباً ۱۸۰ روپیہ۔

کتب خانہ

انگریزی اور السنہ مشرقیہ کی جملہ (۲۶۳۳۹) کتابیں ہیں جن میں ۹۰۷ قلمی کتابیں شامل ہیں۔ کلیہ کے اساتذہ اور طلبہ کتب خانہ آصفیہ سے بھی مستفید ہو سکتے ہیں جس میں کثیر التعداد قلمی اور نایاب کتابیں ہیں۔

تعداد طلبہ

	شعبۂ فنون	شعبۂ دینیات	شعبۂ سائنس	شعبۂ قانون
سال اول	۹۸	۵	۰	۰
" دوم	۱۳۷	۴	۰	۰
" سوم	۹۴	۷	۰	۰
" چہارم	۹۲	۳	۰	۰
" پنجم (ایم۔اے)	۸	۰	۰	۰
" ششم	۷	۲	۰	۰
" پنجم ایم۔ایس سی	۰	۰	۴	۰
" ششم " " "	۰	۰	۳	۰
ایل۔ایل۔بی (ابتدائی)	۰	۰	۰	۳۱

	شعبۂ فنون	شعبۂ دینیات	شعبۂ سائنس	شعبۂ قانون
ایل۔ایل۔بی (آخری)	۰	۰	۰	۲۶
میزان	۴۳۶	۲۱	۷	۵۷

مضامین جن کی تعلیم کلیہ میں دیجاتی ہے

انگریزی ۔ دینیات ۔ اخلاقیات ۔ عربی ۔ فارسی ۔ سنسکرت ۔ فرانسیسی
جرمنی ۔ اردو ۔ مرہٹی ۔ تلنگی ۔ کنڑی ۔ تاریخ (ہندوستان
انگلستان ۔ اسلام ۔ یورپ قدیم وجدید) معاشیات ۔ عمرانیات
ریاضی ۔ طبیعیات ۔ کیمیا ۔ حیاتیات ۔ منطق ۔ فلسفہ ۔ قانون

تجربے خانے

طبیعیات اور کیمیا میں ایم۔ایس سی تک سامان مہیا ہے۔

(۹) زنانہ کالج ناپیلی

پرنسپل

مس آمنہ پوپ ۔ ایم اے (لندن) ڈی لٹ، ایل۔آر۔اے، ایم۔اے۔آر
سی، ایم۔آر۔اے۔ایس۔

لکچرار

انگریزی — مس ایچ گلسن ۔ بی۔اے ایل۔ٹی

تاریخ انگلستان و تاریخ ہند	مس برون بی۔اے
فارسی و اخلاقیات	مسز محمد علی
عربی	نوشابہ خانون (رخصت بیماری پر ہیں)
تاریخ اسلام، اردو اور دینیات	نورالنسا بیگم بی۔اے

مندرجۂ ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے:۔

انگریزی ۔ دینیات لازمی ۔ اخلاقیات ۔ اردو

عربی ۔ فارسی ۔ تاریخ ہند ۔ تاریخ اسلام ۔ تاریخ انگلستان

(۱۰) انٹرمیڈیٹ کالج

(۱) سٹی انٹرمیڈیٹ کالج

پرنسپل

سید محمد اعظم ایم۔اے، بی۔ایس۔سی (کیمبرج)

لکچرار

انگریزی	پی۔وی۔آر۔سیباسٹین بی۔اے (رخصت تعلیمی پر ہیں)
〃	ایس۔ملکارجن راؤ ایم۔اے (منصرم)
〃	غلام محمد علی ایم۔اے
دینیات	تقرر طلب
اخلاقیات	یوسف علی ایم۔اے
فارسی	آغا محسن
اردو	ابوالمظفر عبدالوحید ایم۔اے
تاریخ	خواجہ منیرالدین ایم۔اے
〃	میر محمود علی ایم۔اے
معاشیات	فضل الرحمٰن بی۔اے (آنرس) بمبئی
ریاضی	ایس۔این پٹواری ایم۔اے
طبیعیات	محمد احمد عثمانی ایم۔ایس۔سی

کیمیا — احمد بن عبداللہ بی۔اے، ایم۔ایس سی

مندرجۂ ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے:۔
انگریزی ۔ دینیات ۔ اخلاقیات ۔ فارسی
اردو ۔ تاریخ ۔ معاشیات ۔ ریاضی طبیعیات
کیمیا ۔

(۲) اورنگ آباد انٹرمیڈیٹ کالج

پرنسپل
سید محی الدین بی۔اے بیرسٹرایٹ لا

لکچرار

انگریزی	جان بھگتل بی۔اے، بی۔ٹی
دینیات	سید محمد
اردو و اخلاقیات	غلام طیب بی۔اے
عربی فارسی	محمد صابر
عربی سنسکرت و مرہٹی	محمد حسن محوی بھاسکر گوبند شاستری
معاشیات و تاریخ ہند	سید وہاج الدین احمد بی۔اے، بی۔ٹی

تاریخ انگلستان و تاریخ ہند	محمد ابراہیم ایم۔اے
طبیعیات	عزیز الرحمٰن ایم۔ بیس سی
کیمیا	بی۔ این سری کشن ایم۔بیس سی
ریاضی	محمد احمد ایم۔اے

مندرجۂ ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے :۔
انگریزی ۔ دینیات ۔ اخلاقیات ۔ معاشیات ۔
تاریخ ۔ عربی ۔ فارسی ۔ اردو ۔ مرہٹی سنسکرت ۔
طبیعیات ۔ کیمیا ۔ ریاضی ۔

(۳) ورنگل انٹرمیڈیٹ کالج

پرنسپل

عبدالعزیز خاں بی۔اے، بی۔ٹی

لکچرار

انگریزی	محمد عبدالسلام بی۔اے، بی۔ٹی
تاریخ	میر زین العابدین
معاشیات	احمد عبدالعزیز ایم۔اے، بی۔ٹی
ریاضی	اے وی گوپال راؤ ایم۔اے
کیمیا	شریف الحسن برنی ایم۔ ایس سی، بی۔ٹی
طبیعیات	محمد فضل الدین ایم۔ ایس سی۔

تاریخ انگلستان و تاریخ ہند	مس برون بی۔اے
فارسی و اخلاقیات	مسز محمد علی
عربی	نوشابہ خاتون (رخصت بیماری پر ہیں)
تاریخ اسلام، اردو اور دینیات	نورالنسا بیگم بی۔اے

مندرجۂ ذیل مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے:۔

انگریزی ۔ دینیات لازمی ۔ اخلاقیات ۔ اردو
عربی ۔ فارسی ۔ تاریخ ہند ۔ تاریخ اسلام ۔ تاریخ انگلستان

(۱۰) انٹرمیڈیٹ کالج

(۱) سٹی انٹرمیڈیٹ کالج

پرنسپل

سید محمد اعظم ایم۔اے، بی۔ایس۔سی (کیمبرج)

لکچرار

انگریزی	پی۔وی۔آر۔سیباسٹین بی۔اے (رخصت تعلیمی پر ہیں)
〃	ایس۔ملکارجن راؤ ایم۔اے (منصرم)
〃	غلام محمد علی ایم۔اے
دینیات	تقرر طلب
اخلاقیات	یوسف علی ایم۔اے
فارسی	آغا محسن
اردو	ابوالظفر عبدالوحید ایم۔اے
تاریخ	خواجہ منیرالدین ایم۔اے
〃	میر محمود علی ایم۔اے
معاشیات	فضل الرحمٰن بی۔اے (آنرس) بمبئی
ریاضی	ایس۔این پٹواری ایم۔اے
طبیعیات	محمد احمد عثمانی ایم۔ایس۔سی

کیمیا — احمد بن عبداللہ بی۔ اے، ایم۔ ایس سی

مندرجۂ ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے:۔
انگریزی ۔ دینیات ۔ اخلاقیات ۔ فارسی
اردو ۔ تاریخ ۔ معاشیات ۔ ریاضی طبعیات
کیمیا ۔

(۳) اورنگ آباد انٹرمیڈیٹ کالج

پرنسپل
سید محی الدین بی۔ اے بیرسٹر ایٹ لا

لکچرار

انگریزی	جان بھگتل بی۔ اے، بی۔ ٹی
دینیات	سید محمد
اردو و اخلاقیات	غلام طیب بی۔ اے
عربی فارسی	محمد صابر
عربی	محمد حسن محوی
سنسکرت و مہٹی	بھاسکر گوبند شاستری
معاشیات و تاریخ ہند	سید وہاج الدین احمد بی۔ اے، بی۔ ٹی

تاریخ انگلستان و تاریخ ہند	محمد ابراہیم ایم۔اے
طبیعیات	عزیز الرحمن ایم۔ایس سی
کیمیا	بی۔این سری کشن ایم۔ایس سی
ریاضی	محمد احمد ایم۔اے

مندرجۂ ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے :۔
انگریزی ۔ دینیات ۔ اخلاقیات ۔ معاشیات ۔
تاریخ ۔ عربی ۔ فارسی ۔ اردو ۔ مرہٹی سنسکرت ۔
طبیعیات ۔ کیمیا ۔ ریاضی ۔

(۳) ورنگل انٹرمیڈیٹ کالج

پرنسپل

عبدالعزیز خاں بی۔اے، بی۔ٹی

لکچرار

انگریزی	محمد عبدالسلام بی۔اے، بی۔ٹی
تاریخ	میر زین العابدین
معاشیات	احمد عبدالعزیز ایم۔اے، بی۔ٹی
ریاضی	اے وی گوپال راؤ ایم۔اے
کیمیا	شریف الحسن برنی ایم۔ایس سی، بی۔ٹی
طبیعیات	محمد فضل الدین ایم۔ایس سی۔

دینیات لازم	محمد یعقوب الرحمٰن
اخلاقیات	سید جعفر علی
تلنگی	کنڈل راؤ

مندرجہ ذیل مضامین کی تعلیم دیجاتی ہے:۔
انگریزی ۔ دینیات ۔ اخلاقیات ۔ معاشیات
تاریخ ۔ ریاضی ۔ طبیعیات ۔ کیمیا ۔ تلنگی

(۱۱) مڈیکل کالج

پرنسپل

میجر فرحت علی بی۔اے، ایم۔بی۔سی۔ایچ۔بی (ایڈنبرا)

پروفیسران

ایس ڈبلیو۔ ہارڈیکر ایم۔ڈی (ایڈنبرا) (میٹراڈیکا و فارموکالوجی)
برج موہن لعل بی۔اے، ایم۔بی۔بی ایس (رخصت تعلیمی پر ہیں)
یس۔پی۔سہاگل ایم۔بی۔بی۔ایس (اناٹمی) منصرم
سید عبدالرحمن ایم۔بی۔سی۔ایچ۔بی (ایڈنبرا)
مفتی شاہ نواز ایم۔بی۔بی۔ایس (پیتھالوجی)

مددگار پروفیسران

ابھیانکر ایم۔بی۔بی۔ایس (فزیالوجی)
پی۔وی۔رنگاریڈی ایل۔سی۔پی۔اینڈ۔ایس (اناٹمی) منصرم

ڈیمانسٹریٹر (ہنگامی)

یس۔راگھویندر راؤ ایل۔سی۔پی۔اینڈ۔ایس (فزیالوجی)
یسونت راؤ ایل۔ایم۔اینڈ۔ایس (پیتھالوجی)

سی۔ڈی۔ناگارتنم ایل۔ایم۔اینڈ ایس (میٹرامڈیکاوفارمو کالوجی)
سید عابد حسین ایل۔ایم۔اینڈ ایس (فزیالوجی)

چند ساعتی لکچرار

میجر عنایت علیخاں یم۔بی۔سی۔ایچ۔بی (ڈیسن)
خورشید حسین یم۔بی۔سی۔ایچ۔بی (سرجری)
عبدالرحیم بی۔اے۔ایم۔بی۔سی۔ایچ۔بی (آپتھلمالوجی)
عبداللطیف سعید یم۔بی۔سی۔ایچ۔بی (مڈیکل جیورس پروڈنس)
یچ۔جے چنیائی ایل۔آر۔سی۔پی۔اینڈ ایس (ہائیجن)
کیپٹن۔یم آر۔ڈبلیو۔ہارٹ۔یم۔آر۔سی۔ایس۔یل۔آر۔سی
پی۔یم۔بی۔ای (مڈوائف ری وجینی کالوجی)

(۱۲) انجینیرنگ کالج

پریسیڈنٹ

نواب علی نواز جنگ بہادر ایف۔سی۔ایچ

سکرٹری

تقرر طلب

پروفیسران

سمیع اللہ شاہ بی۔ایس سی (الہ آباد) بی۔ایس سی آنرس (مانچسٹر)
اے۔ایم۔آئی۔سی۔ای (لندن)
بابو للت موہن مکرجی بی۔اے۔سی۔آئی

لکچراران (سیول انجینیرنگ)

مسعود اللہ بی۔ایس سی (مانچسٹر) سیول انجینیرنگ
پی۔کے گھوش بی۔ایس سی (کلکتہ) بی۔اے (کنٹب)
ایف آر۔سی۔ایس (لندن) سروے انگ
محمد حفیظ اللہ بی۔ایس سی (الہ آباد) ڈرائنگ
مرزا مہدی علی۔بی۔آئی۔ایپلائڈ میکانکس

میکینیکل انجینیر

عبداللہ حسن بی۔ ایس سی (الہ آباد)

ڈیمانسٹریٹر (الکٹرک انجینیرنگ)

محمد افضل علی خاں بی۔ ایس۔ سی (کلکتہ) بی۔ ایس سی (مانچسٹر)
اے۔ ایم۔ آئی۔ ایم۔ ای' اے۔ ایم۔ آئی۔ ای۔ ای

(۱۳) ٹریننگ کالج

پرنسپل

محمد حفیظ اللہ بی۔ اے۔ ایل۔ ٹی

لکچراران

ملک سردار علی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (نفسیات و اصول تعلیم اور تعلیم اطفال)
میر احمد علی ایم اے ایم۔ ائی۔ ڈی لیڈس بار ایٹ لا۔ (تاریخ تعلیم
تعلیم متقابلہ اور طریقہ تعلیم تاریخ)
ڈی۔ ڈی۔ شیتدر کر بی۔ اے، بی۔ ٹی، ٹی۔ ڈی، پی ایچ۔ ڈی (لندن)
(تنظیم مدرسہ۔ طریقہ تعلیم۔ ریاضی و سائنس)

چند ساعتی لکچراران

خواجہ محی الدین ایم۔ اے (ریاضی)
ریاض الدیخاں بی۔ اے، بی۔ ٹی (جغرافیہ)

(۱۴) دارالترجمہ

دارالترجمہ (آبان ۱۳۲۶ ف) مولوی عبدالحق صاحب کی نگرانی میں قائم ہوا تھا۔ (۲۰۰) کتابیں ترجمے کے لئے منتخب ہوئی تھیں جن میں سے (۱۵۰) کتابوں کا ترجمہ شائع ہو چکا ہے اور بقیہ کتابیں یا تو زیر طبع ہیں یا زیر ترجمہ و نظر ثانی ہیں۔ ایم اے اور شعبہ جات طب و انجینرنگ کی جماعتوں کے لئے جن مختلف مضامین کی کتابوں کی ضرورت ہے ان کے ترجمہ کے لئے ضروری انتظام کیا جا رہا ہے۔

دارالترجمہ کے اسٹاف میں ایک ناظم (صماء تا الف) بارہ مترجم چھ (صماء ص تا سماء) اور چھ (ماء ص تا الف) کے مقرر ہیں اور ان کے علاوہ ایک ناظر ادبی (صماء) اور ایک ناظر مذہبی (صماء) طبی تراجم کے شعبہ میں ایک مددگار ناظم (سماء) اور تین مترجمین (سماء ص) اور تین مترجمین (صماء) کے مقرر ہیں۔ تنخواہ یاب مترجمین کے علاوہ کتابوں کی ایک بڑی تعداد بیرونی اصحاب سے اجرت پر ترجمہ کرائی جاتی ہے۔

حسب ذیل اصحاب فی الوقت مامور بہ کار ہیں:۔

محمد عنایت اللہ بی۔ اے	ناظم
میجر فرحت علی بی۔ اے ایم۔ بی۔ بی۔ ایچ۔ بی۔	مددگار ناظم شعبہ طبیہ
عبدالله العمادی	ناظر مذہبی
شبیر حسن جوش	" ادبی

قاضی تلمذ حسین ایم۔ اے	مترجم سیاسیات
سید ہاشمی	" تاریخ
مسعود علی بی۔ اے	" قانون
مرزا محمد ہادی بی۔ اے	" فلسفہ
احسان احمد بی۔ اے	زائد مترجم فلسفہ
نذیر الدین ایم۔ اے	مترجم ریاضی
رشید احمد بی۔ اے	" معاشیات
محمد ابراہیم ایم۔ اے مولوی فاضل	" عربی
ابوالخیر مودودی	زائد مترجم عربی
سردار بلدیو سنگھ	مترجم سائنس
محمد عبدالستار ایم۔ اے	" تاریخ
فدا علی	" فارسی

فضل کریم خاں ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (شعبہ طب)
محمد عثمان خاں ایل۔ ایم۔ اینڈ ایس
سید مختار حسین بی۔ ایس۔ سی، ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (ہنگامی)
غلام دستگیر ایم۔ بی۔ بی۔ ایس " "
محمد حسین ایم۔ بی۔ بی۔ ایس " "
خلیل الرحمن بی۔ ایس۔ سی، ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (منصرم)

(۱۵) دائرۃ المعارف

دائرۃ المعارف کا قیام ۱۲۹۵ف میں نواب عماد الملک بہادر مرحوم (سید حسین بلگرامی سی۔ ایس۔ آئی) اور ڈاکٹر عبد القیوم صاحب مرحوم کے مساعی جمیلہ سے عمل میں آیا تھا۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ائمہ متقدمین کی نادر اور قدیم کتب عربیہ جو معرض تلف میں ہیں ان کو طبع کرکے وجود میں لایا جائے۔ اس کے لئے ابتداءً سرکار عالی سے (۵۰۰) ماہانہ کا گرانٹ منظور فرمایا گیا اور اس نے اپنا عملی کام ۱۲۹۹ف میں شروع کیا۔ ۱۳۲۹ف میں سرکار عالی نے ایک لاکھ کا عطیہ منظور فرمایا اور ۱۳۳۱ف میں بارگاہ سلطانی سے مزید چار لاکھ روپیہ کا عطیہ منظور فرمایا گیا اور اس مجموعی پانچ لاکھ کے عطیہ سے سالانہ تیس ہزار کی آمدنی ہے۔

نواب عماد الملک بہادر کے انتقال کے بعد دائرۃ المعارف ۲ر تیر ۱۳۳۵ف (مطابق ۲۴ر ذیقعدہ ۱۳۴۴ھ) سے جامعہ عثمانیہ کی نگرانی میں منتقل کیا گیا۔ اس کا انتظام ایک مجلس انتظامی کے سپرد ہے جس کے صدر اس وقت ڈاکٹر سر اکبر حیدری نواب حیدر نواز جنگ بہادر صدر المہام فینانس ہیں اور نواب مہدی یار جنگ بہادر اس کے معتمد ہیں مجلس انتظامی کے علاوہ ایک علمی مجلس بھی ہے جو کتابوں کے انتخاب و طباعت وغیرہ میں مجلس انتظامی کو مدد دیتی ہے۔ اس کے عملہ میں ایک مہتمم ایک مددگار مہتمم اور چھ مصحح عربی مامور ہیں جو طباعت کا اہتمام اور پروف کی تصحیح کرتے ہیں بیشمار مستشرق مسٹر کرنکو برٹش میوزیم اور یورپ کے دیگر مشہور کتب خانوں سے قدیم نسخوں کی سربراہی کرتے ہیں اور اس کے علاوہ مجلس

کیجانب سے تصحیح و مقابلہ کا کام انجام دیتے ہیں۔ دائرۃ المعارف نے اب تک عربی کی (۶۳) کتابیں شائع کی ہیں جن میں بعض کتابیں چار سے بارہ جلدوں پر مشتمل ہیں۔ ہندوستان کے علاوہ مغرب، افغانستان اور یورپ میں بھی ان کتابوں کی بڑی مانگ ہے۔

(۱۶) رصدگاہ نظامیہ

تمہید | نواب ظفر جنگ مرحوم نے اپنے قیام یورپ کے زمانے میں اپنے ذاتی استعمال کے لئے دو خاصی بڑی دوربینیں لے رکھی تھیں جن کو انھوں نے بعد میں تخفتاً سرکار عالی میں پیش کردیا اسی زمانے سے رصدگاہ کی تاریخ شروع ہوتی ہے۔ جس وقت اس عطیہ کا مسئلہ حکومت سرکار عالی کے زیر غور تھا۔ سر اکبر حیدری (نواب حیدر نواز جنگ بہادر) نے جو اس وقت معتمد فینانس تھے اور اب صدر المہام فینانس ہیں ایک طویل یادداشت میں اس عطیہ کی اہمیت جتائی اور بتایا کہ حکومت کو ایک نادر موقع حیدرآباد میں ایک رصدگاہ کے قیام اور علم ہیئت کی اشاعت کا ہاتھ آیا ہے۔ اس تجویز کے مطابق پیشگاہ حضرت اقدس اعلیٰ سے بکمال عطوفت منظوری صادر فرمائی گئی اور یہ طے پایا کہ ان دو دوربینوں کے ساتھ اور ضروری آلات فراہم کرکے ایک مکمل رصدگاہ کی بنیاد ڈالی جائے۔ ۱۹۰۸ء میں مسٹر چیٹ اڈ ناظم رصدگاہ مقرر ہوئے۔ انھوں نے اپنے ورود حیدرآباد کے بعد ہی ایک مناسب مقام کا انتخاب کیا اور آلات کی تنصیب کیلئے ضروری عمارتوں کی تعمیر شروع کرادی۔ ۱۹۱۰ء کے شروع میں جب کہ رصدگاہ کا باضابطہ افتتاح عمل میں آیا عکاسی استوائی دوربین (Photographic equatoral) نصب کی گئی۔ لیکن اس دوربین سے باقاعدہ کام فوراً شروع نہ کیا جاسکا کیونکہ اس کے بعض اجزا ضروری مرمت کے لئے انگلستان بھیجے گئے تھے۔ پھر دوربین از سر نو گردشی حرکت کے لئے ترتیب دی گئی۔ مسٹر چیٹ اڈ نے

اپنے زمانۂ ملازمت میں جو ۱۹۱۴ء میں ختم ہوئی تھی باقاعدہ فلکی مشاہدات شروع کر دیئے تھے اور اپنے عملہ کو اچھی خاصی مشق کرادی تھی۔ ان کے بعد نظامت پر مسٹر پوکاک کا تقرر ہوا جنھوں نے رصدگاہ کے مفوضہ کام کو پوری کوشش اور سرگرمی کے ساتھ نہایت اچھے پیمانہ پر جاری رکھا۔ ان کی زیر نگرانی تمام شاخوں میں قابل قدر ترقی ہوئی۔ صاحب موصوف نے اکتوبر ۱۹۱۸ء میں انتقال کیا اور اس وقت تک رصدگاہ کے مشاہدات کے نتائج دو جلدوں میں شائع ہو چکے تھے۔ نومبر ۱۹۱۹ء میں رصدگاہ کا الحاق جامعۂ عثمانیہ کے ساتھ عمل میں آیا اور اس کے انتظام کی نگرانی مجلس اعلیٰ کے ذمہ کی گئی۔

فہرست آلات رصدگاہ کے مخصوص آلات حسب ذیل ہیں:-

(۱) ایک ۸" والی عکاسی دوربین معہ ضروری سامان کے۔

(۲) ایک ۱۵" والی دوربین مشاہدات کے لئے جو استوائی نصب ہے۔ (اس کی تنصیب ۱۹۲۲-۱۹۲۳ء میں موجودہ ناظم کی نگرانی میں عمل میں آئی)

(۳) ایک ۳½" والا آلہ مرور۔ اور ایک دہل وقت نگار۔

(۴) تین ہستی گھڑیال اور دو بحری وقت پیما۔

(۵) برق منتقل کرنے والے رقاصوں کا ایک سٹ اور ان کے ساتھ ربط و تعلق رکھنے والے ڈائل۔

ان کے علاوہ حال ہی میں دو ملنے شاز لنز نگار بھی تعمیر کئے گئے جو عکاسی دوربین کے نیچے کے کمرے میں عارضی طور پر نصب کئے گئے ہیں۔

ہستی کام رصدگاہ کے قیام کے وقت قرار پایا تھا کہ جو کام کیا جائے ایک باضابطہ نظام عمل کے موافق کیا جائے اور ساتھ ہی معقول سا تنوع اہمیت رکھتا ہو۔ منفرد انکشافات کی طرف توجہ منعطف کرنے کے بجائے رصدگاہ کا

نصب العین یہ رہا ہے کہ ایک درمیانی طریق کار اختیار کیا جائے۔ اس طرح پر کہ کسی بڑے ہیئتی کام کے نظام العمل میں مسلسل شرکت کی وجہ سے علم ہیئت کی ترقی میں ایک حد تک اعانتی بھی ہو اور ساتھ ہی اس کے خاص تحقیقات کو بھی نظر انداز نہ کیا جائے جس کا نفس مضمون سے تعلق ہو۔

جب رصدگاہ باقاعدہ کام کے لئے ہر طرح تیار ہو چکی تو ممتاز ہیئت دانوں (سر ڈیوڈ گل، پروفیسر ٹرنر وغیرہ) نے مشورہ دیا کہ یہ رصدگاہ عظیم بین الاقوامی کام یعنے نقشہ آسمان کی ترتیب (Carte du Ciel) میں معقول اعانت کر سکتی ہے حکومت سرکار عالی اس مشورہ پر کاربند ہونے کے لئے رضامند ہو گئی اور وہ کام رصدگاہ نظامیہ کے سپرد ہوا جو نا موافق حالات کی وجہ سے جنوبی امریکہ کی رصدگاہ انجام نہیں دے سکتی تھی۔ یہ کام اب تقریباً مکمل ہو چکا ہے اور تقریباً آدھے حصے کے ابتدائی نتائج شائع ہو چکے ہیں۔

گرب استوائی دوربین سے جو ۱۹۲۳ء میں نصب کی گئی ہے چند متغیر ستاروں کا باقاعدہ مشاہدہ شروع ہو گیا ہے اس دوربین کے مشاہدے اس کی طاقت کی وجہ سے ان ستاروں کے مقامات اقل پر خاص طور سے کار آمد ہیں۔

آلہ مرور گھڑیال کی باضابطہ تصحیح کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ نیز یہ تجویز ہے کہ حیدرآباد کے توپ کے وقت کو برقی اشارات کے ذریعہ رصدگاہ کی معیاری کلاک کے صحیح وقت کے مطابق رکھا جائے۔

۹ ستمبر ۱۹۲۳ء سے زلزلہ نما کے روزانہ ریکارڈ حاصل کئے جاتے ہیں اور نتائج بین الاقوامی مجلس زلزلہ نگاری کے پاس بھیجے جاتے ہیں۔

مطبوعات | رصدگاہ کی مطبوعات میں حیدرآباد کی ہیئتی فہرست کی جلدیں اول

دوم، سوم، چہارم، پنجم و ششم اہم ترین حیثیت رکھتی ہیں۔ خالص فن سے متعلق متعدد مضامین جن کی تعداد چالیس تک پہنچ چکی ہے مختلف رسائل میں شائع ہو چکے ہیں۔

کتب خانہ | ایک مختصر کتب خانہ بھی جس میں فی الحال (۸۰۰) کتابیں ہیں تکمیل پا رہا ہے۔ ان کتابوں کا ایک حصہ دوسری رصدگاہوں کی ان مطبوعات پر مشتمل ہے جو تبادلہ میں وصول ہوئی ہیں۔

عملہ | تین مددگاروں۔ آٹھ شمار کنندوں۔ ایک اہلکار۔ اور ایک کاریگر پر مشتمل ہے۔

مسٹر بھاسکرن۔ ایم۔ اے۔ ایف۔ آر۔ اے۔ ایس اس وقت ناظم ہیں۔

(۱۷) قواعد و مضامین امتحان

شعبۂ فنون

امتحان میٹریکیولیشن

(۱) امتحان میٹریکیولیشن ہر سال ایک مرتبہ حیدرآباد۔ اورنگ آباد۔ گلبرگہ ورنگل اور بھوپال میں ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۲) امتحان مذکور میں حسب ذیل طلبہ شریک ہو سکیں گے:۔

(الف) جملہ ایسے امیدوار جنھوں نے کسی مدرسہ یا مدارس فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں باضابطہ تعلیم اطمینان بخش طریقہ پر حاصل کی ہے ایسے اُمیدوار "امیدواران مدارس" کہلائیں گے۔

(ب) جملہ ایسے اُمیدوار جنھوں نے خانگی طور پر اندرون یا بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی امتحان مذکور کیلئے تعلیم پائی ہے۔ بشرطیکہ وہ امتحان سے کم از کم چھ ماہ قبل تک کسی مدرسہ فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں زیر تعلیم نہ رہے ہوں۔

(ج) جملہ ایسے اُمیدوار جنھوں نے سرکار عالی کے یا ۱۹۰۶ء کے قبل پنجاب یونیورسٹی کے امتحان "مولوی" یا "منشی" میں کامیابی حاصل کی ہو۔

ایسے امیدواروں کو صرف انگریزی میں امتحان دینا ہوگا۔ لیکن جو امیدوار امتحان منشی میں کامیاب ہیں ان کو

دینیات یا اخلاقیات میں بھی امتحان دینا ہوگا۔ اور اس مضمون یا مضامین میں کامیابی کے بعد وہ پورے امتحان میٹریکولیشن میں کامیاب تصوّر کئے جائیں گے۔

(۳) کوئی امیدوار اس وقت تک امتحان میں شریک نہ کیا جائے گا جبتک کہ وہ جس سال کے امتحان میں شرکت کی درخواست کرتا ہے اس کے ماہ شہریور تک اس کا سن پندرہ سال نہ ہو جائے۔

(۴) امتحان میں شرکت کیلئے درخواستیں فارم مقررہ پر معہ فیس آغاز امتحان سے کم سے کم دو ماہ قبل مستعمل کے پاس پہنچ جانی چاہئیں۔ امیدواران مدارس کیلئے دس روپیہ فیس ہوگی۔ امیدواران مندرجہ دفعہ (۲) (ب) کیلئے پندرہ روپیہ اور امیدواران مندرجہ دفعہ (۲-ج) کیلئے پانچ روپیہ فیس ہوگی۔

(۵) امیدواران مدارس کو درخواست کے ساتھ اس مدرسہ کے صدر مدرس کے دستخط سے حسب ذیل صداقتنامے پیش کرنے ہوں گے جس میں وہ بوقت شرکت تعلیم پاتے ہوں:۔

(۱) صداقتنامہ اس امر کا کہ امتحان سے قبل کے سال تعلیمی میں مدرسہ جتنے روز کھلا ہوا تھا ان میں سے کم سے کم ساٹھ فیصدی ایام میں طالب علم جماعت میٹریکولیشن میں حاضر تھا۔

(۲) صداقت نامہ اس امر کا کہ مدرسہ میں طالب علم کا چال چلن اچھا تھا

(۳) صداقت نامہ عمر حسب دفعہ (۳)

(۴) صداقت نامہ اس امر کا کہ طالب علم نے مضامین امتحان کی تکمیل کر لی ہے۔

ان صورتوں میں جس میں صدر مدرس نے سفارش کی ہو مجلس انتظامی کامی وجوہ کے لحاظ سے کمی حاضری کو جس کی مقدار (۳۱) ایام سے زائد نہ ہوگی معاف کر سکیگی۔ جب کسی طالب علم نے امتحان سے قبل کے سال میں دو یا زائد مدارس میں تعلیم پائی ہو تو اسکی حاضری شمار کرتے وقت اس مدت میں اس نے جن جن مدارس میں تعلیم پائی ہو ان کی مجموعی حاضری شمار کیجائیگی۔

(۶) امیدواران مندرجۂ دفعہ (۲) (ب) کو حسب ذیل صداقتنامہ جات کسی سرکاری مدرسہ فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ کے صدر مدرس کے پیش کرنے ہوں گے:-

* (۱) صداقتنامہ اس امر کا کہ طالب علم نے آزمائشی امتحان میں (جو جامعہ عثمانیہ کے امتحان میں داخلہ کے لئے خاص طور پر لیا گیا تھا) شریک ہو کر کامیابی حاصل کی ہے۔

(۲) چال چلن کا صداقتنامہ۔

(۳) صداقت نامہ عمر حسب دفعہ (۳)

(۷) امیدواران مندرجۂ دفعہ (۲) (ج) کو علاوہ اس امتحان کے اصل صداقت نامہ کے جس میں انھوں نے کامیابی حاصل کی ہے اور جس کی بنا پر درخواست پیش کیگئی ہے۔ حسب ذیل صداقت نامہ جات کسی سرکاری مدرسہ فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ کے صدر مدرس کے پیش کرنے ہوں گے:-

(۱) صداقت نامہ اس امر کا کہ امیدوار نے آزمائشی امتحان میں (جو

---

* مدارس مسلمہ جامعہ کے مدرسین شرکت امتحان آزمائشی سے مستثنیٰ کئے جائیں گے بشرطیکہ صدر مہتمم صاحب تعلیمات اس امر کی تصدیق کریں کہ امیدوار امتحان مذکور میں شریک ہونے کے قابل ہیں اور انکی کامیابی کی امید کیجا سکتی ہے۔

جامعہ عثمانیہ کے امتحان میں داخلہ کیلئے خاص طور پر لیا گیا تھا) شریک ہوکر مضامین انگریزی اور دینیات میں کامیابی حاصل کرلی ہے۔

(۲) چال چلن کا صداقت نامہ

(۳) صداقت نامہ عمر بروئے دفعہ (۳)

(۸) ایسے اُمیدوار جن کو ایک دفعہ امتحان میٹریکیولیشن میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی مابعد کے کسی امتحان میں خانگی اُمیدوار کی حیثیت سے زیر دفعہ (۲) (ب) اور (۲) (ج) شریک ہوسکتے ہیں ایسے اُمیدواروں کو صرف اوّل الذکر دو صداقت نامے پیش کرنے ہوں گے۔

(۹) درخواست شرکت اور مقررہ فیس و صداقت نامجات وصول ہونے پر مستحل امتحان سے کم از کم دو ہفتے قبل فیس موصولہ کی رسید اُمیدوار کے پاس بھجوانے کا انتظام کرے گا۔ جو امتحان گاہ میں داخلہ کے وثیقہ کا کام بھی دیگی اور جسے اُمیدوار کو عند الطلب پیش کرنا ہوگا۔

(۱۰) جو اُمیدوار امتحان میں ناکامیاب ہوں یا امتحان میں شریک نہ ہوں ان کو فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا۔

(۱۱) امتحان میٹریکیولیشن مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا۔ بہ استثنائے مضامین ذیل سب پرچے اُردو میں ہوں گے۔ اور ان کا جواب بھی اُردو میں دیا جائیگا:—

(۱) جملہ یوروپین زبانوں کیلئے بالعموم زبان انگریزی ذریعہ امتحان ہوگی۔

(۲) سنسکرت پالی اور پراکرت کے لئے وہی زبان یا اُردو یا انگریزی ذریعہ امتحان ہوسکتی ہے۔

(۳) اردو کے علاوہ ہندوستان کی دوسری مروجہ زبانوں میں ذریعہ امتحان وہی زبان یا اردو ہوگی۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا مستثنےٰ صورتوں میں مستعمل تاریخ امتحان سے چھ ماہ قبل اس زبان کا اعلان کردیں گے جس میں پرچہ مرتب ہوگا اور امیدواروں کو اسی زبان میں جواب لکھنے ہوں گے الّا اس صورت میں کہ پہلے ہی سے انھیں کسی دوسری زبان مندرجہ بالا میں جواب دینے کی اجازت دی گئی ہو۔

(۱۲) مضامین امتحان حسب ذیل دو گروپ پر مشتمل ہوں گے۔ طلبہ کو اختیار ہوگا کہ ان دو گروپ سے کسی ایک گروپ کو لیں:۔

گروپ الف:۔	گروپ ب:۔
(۱) انگریزی	(۱) انگریزی
(۲) اردو	(۲) اردو
(۳) ریاضی ابتدائی	(۳) ریاضی اعلیٰ بعض سوالات ابتدائی
(۴) تاریخ ہند و جغرافیہ	(۴) تاریخ ہند و جغرافیہ
(۵) دینیات یا اخلاقیات	(۵) دینیات یا اخلاقیات
(۶) ایک مضمون اختیاری:۔	(۶) سائنس
(i) تاریخ انگلستان	
یا	
(ii) السنہ ذیل میں سے ایک:۔	
عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ مرہٹی۔ تلنگی	
کنڑی۔ ٹامل۔ فرانسیسی۔ جرمنی۔ لاطینی	

جو طلبہ گروپ الف لیں گے ان کیلئے میٹرک کی جماعت میں فی ہفتہ تین گھنٹے سائنس کی تعلیم لازمی ہوگی۔ طلبہ اناث کیلئے معاشیات خانہ داری کی تعلیم لازمی ہوگی مگر ان مضامین میں کوئی امتحان نہ ہوگا۔ نصاب ضمیمہ الف میں مندرج ہے۔

(۱) انگریزی

انگریزی میں دو پرچے تین تین گھنٹے کے ہونگے۔ پہلا پرچہ (۱۰۰ نشانات) کتب مطالعہ تفصیلی، صرف و نحو اور محاورات پر ہوگا۔ دوسرا پرچہ حسب ذیل ہوگا:۔

مضمون نویسی اور ترجمہ از اردو (۷۰ نشانات)
کتب مطالعہ سرسری ..... (۳۰ نشانات)

(۲) اردو

دو پرچے دو گھنٹے کے ہوں گے:۔

پرچہ اول کتب مقررہ (۵۰ نشانات)
پرچہ دوم۔ صرف و نحو (۲۰ نشانات)
مضمون نویسی (۳۰ نشانات)

(۳) ریاضی ابتدائی (برائے طلبہ گروپ الف)

پرچہ اول حساب و جبر و مقابلہ تین گھنٹے ۹۰ نشانات { حساب ۵۰ نشانات، جبر و مقابلہ ۴۰ نشانات }

پرچہ دوم ہندسہ (جامیٹری) عملی و مساحت (مینسوریشن) ڈھائی گھنٹے — ۶۰ نشانات: ہندسہ (جامیٹری) عملی ۳۵ نشانات، مساحت ۲۵ نشانات

ریاضی اعلیٰ - برائے طلبہ گروپ (ب)

پرچہ اوّل - حساب و جبر و مقابلہ تین گھنٹے — ۱۰۰ نشانات: حساب ۴۰ نشانات، جبر و مقابلہ ۶۰ نشانات

پرچہ دوم - ہندسہ (عملی و نظری) اور مساحت تین گھنٹے — ۱۰۰ نشانات: ہندسہ (عملی و نظری) ۶۰ نشانات، مساحت ۴۰ نشانات

(۴) تاریخ ہند و جغرافیہ

دو پرچے دو دو گھنٹے کے ہوں گے:-

پرچہ اوّل - تاریخ ہند۔ ۵۰ نشانات

پرچہ دوم - جغرافیہ عالم و جغرافیہ ہند تفصیلی ۵۰ نشانات

(۵) دینیات یا اخلاقیات*

اس مضمون میں ایک پرچہ تین گھنٹے ۱۰۰ نشانات کا ہوگا۔

---

* نوٹ دینیات یا اخلاقیات میں کامیابی پورے امتحان میں کامیابی کیلئے لازمی ہیگی اور ان مضامین کے نشانات دیگر مضامین کے نشانات کے ساتھ نہ جوڑے جائینگے۔ مگر کوئی طالب علم اعلیٰ امتحان میں شریک نہ ہو سکے تو جب تک کہ وہ اس کے قبل کے امتحان میں مضمون ہذا میں کامیابی حاصل نہ کرلے۔ جو طلبہ کسی امتحان میں دینیات یا اخلاقیات میں ایک دفعہ کامیابی حاصل کرلیں وہ اگر اسی امتحان میں دوبارہ شریک ہوں تو مضامین مذکورہ میں انھیں امتحان دینے کی ضرورت نہیں۔

(۶) الف ۔ تاریخ انگلستان یا السنہ (برائے طلبہ گروپ الف)
ب ۔ سائنس طبیعات و کیمیا (برائے طلبہ گروپ ب)

(الف) تاریخ انگلستان :۔
اس مضمون میں ایک پرچہ (۱۰۰ نشانات) تین گھنٹے کا ہوگا۔

السنہ :۔
السنہ ذیل میں سے کوئی ایک :۔
عربی ۔ فارسی ۔ سنسکرت ۔ مرہٹی ۔ تلنگی ۔ کنڑی ۔ تامل ۔ فرانسیسی ۔ جرمنی ۔ لاطینی ۔ یونانی
السنہ میں سے ہر ایک میں دو پرچے دو دو گھنٹے کے ہوں گے ۔ پہلا پرچہ (۶۰ نشانات) کتب مقررہ پر ہوگا اور دوسرا پرچہ (۴۰ نشانات) قواعد و ترجمہ پر ہوگا۔

(ب) سائنس
اس مضمون میں ایک پرچہ (۱۰۰ نشانات) تین گھنٹے کا ہوگا

(۱۳) کامیابی امتحان کیلئے ہر امیدوار کے واسطے ضروری ہوگا کہ وہ ہر مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات حاصل کرے لیکن اگر کوئی امیدوار صرف ایک مضمون میں (۲۰) فیصدی نشانات حاصل نہ کرے تو وہ بھی کامیاب قرار دیا جائے گا ۔ بشرطیکہ مضمون مذکورہ میں اس نے (۲۵) فیصدی نشانات حاصل کئے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ (۴۰) فیصدی ہوں ۔

(۱۴) کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے (۶۰ فیصدی) حاصل کریں وہ درجہ آنرس میں قرار دئے جائیں گے جو (۵۰) فیصدی حاصل کریں وہ درجہ اول میں ۔ جو (۴۰) فیصدی حاصل کریں وہ درجہ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں ۔ جو امیدوار درجہ آنرس اور درجہ اول میں کامیاب ہونگے

فہرست نتائج میں ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات محصلہ ہوگی۔
درجہ دوم اور سوم میں جو اُمیدوار کامیاب ہوں ان کی فہرست بلحاظ
نشان سلسلہ مرتب ہوگی۔

(۱۵) کامیاب اُمیدوار کو ایک صداقتنامہ دستخطی مسجل دیا جائے گا جس میں
تاریخ امتحان درج ہوگی اور ان مضامین کی صراحت ہوگی جو اُمیدوار
نے امتحان مذکور میں لئے تھے اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب
ہوا ہو۔

(۱۶) گروپ واری کامیابی کیلئے امتحان تین گروپ میں تقسیم ہوگا:۔

(۱) انگریزی

(۲) دینیات

(۳) بقیہ مضامین امتحان

اگر کوئی اُمیدوار ان میں سے کسی گروپ میں کامیاب ہوجائے تو آئندہ
امتحان میں اس گروپ میں امتحان دینے سے مستثنیٰ ہوگا۔ بشرطیکہ
وہ تمام مضامین میں شریک ہوا ہو اور اس کے نشانات محصلہ بحیثیت
مجموعی (۴۵) فیصدی ہوں۔ کسی گروپ میں کامیابی کیلئے اس
گروپ کے ہر مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات حاصل کرنا ضروری
ہوگا۔

(۱۷) مسجل کا فرض ہوگا کہ مدارس فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ کی فہرست اطلاع عام
کیلئے مرتب و شائع کرے۔

امتحان انٹرمیڈیٹ

(۱) امتحان انٹرمیڈیٹ ہر سال بلدہ حیدرآباد میں ایک مرتبہ ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۲) امتحان مذکور میں حسب ذیل طلبہ شریک ہو سکیں گے۔

(i) امتحان میٹریکولیشن جامعہ عثمانیہ کے جملہ کامیاب طلبہ جنھوں نے میٹریکولیشن کے بعد کم از کم دو تعلیمی سال تک جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں نصاب مقررہ کی تعلیم پائی ہو۔

(ii) جملہ طلبہ جنھوں نے ہندوستان کی کسی یونیورسٹی کے امتحان میٹریکولیشن یا امتحان ہائی اسکول یونگ سرٹیفکیٹ یا کسی ایسے امتحان میں کامیابی حاصل کی ہو جس کو جامعہ عثمانیہ نے اپنے امتحان میٹریکولیشن کے مساوی قرار دیا ہو اور جو بحیثیت انڈر گریجویٹ جامعہ میں داخل کر لئے گئے ہوں اور بعد کامیابی امتحان میٹریکولیشن کم از کم دو تعلیمی سال تک جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں نصاب مقررہ کی تعلیم پائی ہو۔

نوٹ۔ سرکار عالی کے امتحان ہائی اسکول یونگ سرٹیفکیٹ بورڈ میں جو طلبہ قدیم قواعد کے تحت کامیاب ہوئے ہوں وہ کلیہ میں صدر کلیہ کی صوابدید پر شریک کئے جائیں گے۔ مگر جو طلبہ جدید قواعد کے تحت کامیاب ہوئے ہوں اور انھوں نے اردو کو بطور زائد زبان کے لیا ہو یا مضمون نویسی کیلئے اس کا انتخاب کیا ہو وہ بلا کسی شرط کے داخل کر لئے جائیں گے جن طلبہ نے

جدید قواعد کے تحت اردو اس طرح نہ لی ہو۔ وہ صدر کلیہ کو
اردو دانی کے متعلق اطمینان دلانے پر شریک کرلئے جائیں گے۔
اردو دانی کے اس امتحان کیلئے کوئی فیس نہیں لیجائیگی
(۲) برٹش انڈیا کے مختلف صوبہ جات کے امتحان ہائی اسکول
کے کامیاب طلبہ بھی جامعۂ عثمانیہ میں شریک ہوسکیں گے بشرطیکہ
جس صوبہ کے وہ باشندے ہوں اس صوبہ کی کسی یونیورسٹی
میں وہ شرکت کے مستحق ہوں اور صدر کلیہ کو اردو دانی کے
متعلق اطمینان دلائیں۔
(iii) طلبہ جنھوں نے امتحان سے قبل ایک سال تک جامعہ عثمانیہ
کے کسی کلیہ میں باضابطہ تعلیم اطمینان بخش طریقہ پر حاصل کی ہو
اور جن کو تحت دفعہ (۳) قواعد ہذا کیسال ماقبل کی تعلیم کو
شمار کرنے کی اجازت دی گئی ہو جو انھوں نے کسی دوسری
یونیورسٹی مسلّمہ جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں حاصل کی ہو۔
(۳) کسی طالب علم کو جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ کی جماعت سال دوم میں ترقی
ہونے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ بشرطیکہ وہ ایک صداقت نامہ
اس کلیہ کے صدر کا جس میں وہ سال ماسبق میں شریک تھا (اور جو
کسی یونیورسٹی مسلّمہ جامعہ عثمانیہ سے ملحق ہو) اس امر کی بابت پیش کرے
کہ اس نے کلیہ مذکور کے پہلے سال میں حسب قواعد اس یونیورسٹی کے
جس سے کہ وہ منتقل ہو رہا ہے باضابطہ تعلیم پائی ہے اور یہ کہ وہ صدر کلیہ
کی رائے میں کلیہ کی جماعت سال دوم میں ترقی پانے کا مستحق ہے۔
(۴) جامعہ کے کسی کلیہ سے کسی طالب علم کو امتحان انٹرمیڈیٹ کے کسی

مضمون سائنس میں (جس کیلئے بروئے قواعد ہذا اعلیٰ تعلیم کی ضرورت ہی)
اس وقت تک شرکت کی اجازت نہ دیجائیگی جب تک کہ وہ صدر کلیہ کا
ایک صداقتنامہ اس امر کے متعلق پیش نہ کرے کہ اس نے کلیہ کے دار التجربہ
میں نصاب مقررہ کی تکمیل کی ہے۔ بروئے دفعہ (۵) قواعد ہذا جو امیدوار
شریک امتحان ہوں اگر وہ مضامین سائنس لیں تو انھیں اس امر کی
تصدیق پیش کرنی ہوگی کہ انھوں نے کسی دار التجربہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں
نصاب مقررہ کی تکمیل کی ہے۔

(۵) طلبات ذیل کے اشخاص کو جو جامعہ عثمانیہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے طالبعلم نہوں
امتحان ہذا میں بطور خانگی شرکت کی اجازت دیجائیگی۔

(الف) سررشتہ تعلیمات سرکار عالی کے معائنہ کنندہ عہدہ دار اور
پورا وقت کام کرنے والے مدرسین جو کسی ایسے مدرسہ میں کارگزار
ہوں جو مسلمہ جامعہ یا ماتحت سررشتہ تعلیمات ہو بشرطیکہ صدر
مہتمان تعلیمات اس امر کی تصدیق کریں کہ تاریخ درخواست
شرکت امتحان سے پہلے انھوں نے کم از کم تین سال تک
مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ب) مددگاران دار التجربہ جو جامعہ کے کسی کلیہ میں ملازم ہوں بشرطیکہ
وہ اس کلیہ کے صدر کا (جس میں وہ ملازم ہوں) ایک صداقتنامہ
(جس کی جملہ امیدواران سائنس کو زیر دفعہ (۴) ضرورت
ہے) دار التجربہ کے کام کے متعلق پیش کریں اور صدر موصوف کا
ایک اور صداقت نامہ اس امر کی بابت پیش کریں کہ تاریخ
درخواست شرکت امتحان سے پہلے انھوں نے کم از کم

تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ح) پورا وقت کام کرنے والے محافظین کتب خانہ جو جامعہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے کتب خانہ یا کتب خانہ آصفیہ یا کسی ایسے کتب خانہ میں ملازم ہوں جس کو مجلس انتظامی نے اس غرض کیلئے تسلیم کیا ہو۔ بشرطیکہ وہ اس کتبخانہ کے محافظ کا (جس میں کہ وہ ملازم ہوں) ایک سند اقتدار اس امر کے متعلق پیش کریں کہ تاریخ درخواست شرکت امتحان سے پہلے انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ط) امیدواران اناث۔

بشرطیکہ حسب صورتوں میں تاریخ کامیابی امتحان میٹریکولیشن یا کسی دوسرے مساوی امتحان سے تاریخ امتحان ہذا تک کم از کم دو تعلیمی سال گزر چکے ہوں۔

(۶) جامعہ کے کسی کلیہ کے امیدوار جن کو امتحان میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی اگر وہ کسی وجہ سے شریک نہ ہوسکیں یا شریک ہو کر ناکام رہے ہوں تو اُن کو امتحان مابعد میں بطور خانگی طالب علموں کے شرکت کی اجازت دی جائیگی بشرطیکہ وہ اُنھیں مضامین کو لیں جن میں وہ امتحان سابق میں شریک ہوئے تھے۔ اگر وہ مضامین بدلنا چاہیں تو نئے مضمون یا مضامین میں انھیں مقررہ مدت تک باقاعدہ تعلیم حاصل کرنی ہوگی۔

(۷) اس امتحان میں شرکت کیلئے خانگی امیدواروں کی درخواستیں فارم مقررہ پر مستقل کے پاس امتحان سے کم از کم دو ماہ قبل معہ فیس

مبلغ بیس روپیہ فی کس پہنچ جانی چاہئیں۔

(۸) اُمیدواران کلیہ کی درخواست ہائے شرکت امتحان اور صداقتنامہ جات حاضری فارم مقررہ پر معہ فیس فی کس بیس روپیہ صدر کلیہ ایسے وقت میں روانہ کردیں کہ وہ مسجل کے پاس امتحان سے چار ہفتے قبل پہنچ جائیں۔ خاص صورتوں میں صدر کلیہ صداقت نامہ جات حاضری کو روک سکتے ہیں۔ لیکن ایسے صداقتنامہ جات ہر حالت میں مسجل کے پاس امتحان سے کم از کم تین ہفتے قبل پہنچ جانے چاہئیں۔

ہر مضمون میں جس میں کہ اُمیدوار امتحان دینے کا خواہشمند ہو جس قدر درس ہوئے ہوں ان میں سے کم از کم (۶۶) فیصدی میں حاضری ضروری ہوگی۔ مجلس انتظامی کو اختیار ہوگا کہ وہ جامعہ کے کسی کلیہ کے صدر کی سفارش پر حاضری کی کمی کو (اگر واقع ہوئی ہو) کافی وجوہ کی بنا پر معاف کردے۔

(۹) درخواست شرکت و فیس مقررہ اور امیدواران کلیہ کی صورت میں صداقت نامجات حاضری و تکمیل تعلیم وصول ہونے پر مسجل کم از کم امتحان سے دو ہفتے قبل امیدوار کے پاس ہر ایک فیس موصولہ کی رسید بھجوانے کا انتظام کریگے جو امتحان گاہ میں داخلہ کے تصدیقہ کا کام دیگی اور جسے اُمیدوار کو امتحان گاہ میں عند الطلب پیش کرنا ہوگا۔

نوٹ:۔ جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوں تو اُن کو فیس کی واپسی کا مطالبہ کرنے کا حق نہ ہوگا۔

(۱۰) امتحان انٹرمیڈیٹ مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا بااستثنا مضامین ذیل سب پرچے اُردو میں ہوں گے اور ان کا جواب بھی اُردو میں دیا جائے گا:۔

(۱) جملہ یورپین زبانوں کیلئے بالعموم زبان انگریزی ذریعہ امتحان ہوگی۔

(۲) سنسکرت پالی اور پراکرت کے لئے وہی زبان یا اُردو یا انگریزی ذریعہ امتحان ہوگی۔

(۳) اُردو کے علاوہ ہندوستان کی دوسری مروجہ زبانوں میں ذریعہ امتحان وہی زبان یا اُردو ہوگی۔

نوٹ:۔ مندرجہ بالا مستثنےٰ صورتوں میں تبل تاریخ امتحان سے چھ ماہ قبل اس زبان کا اعلان کردیں گے جس میں پرچہ مرتب ہوگا اور امیدواروں کو اسی زبان میں جواب لکھنے ہوں گے الّا اس صورت میں کہ پہلے ہی سے انھیں کسی دوسری زبان مندرجہ بالا میں جواب دینے کی اجازت دی گئی ہو۔

(۱۱) مضامین امتحان اور تفصیل پرچہ جات حسب ذیل ہیں:۔

(ا) انگریزی

انگریزی میں تین پرچے تین تین گھنٹے کے ہوں گے پہلا پرچہ کتب نثر مقررہ پر (۱۰۰ نشانات) دوسرا کتب مقررہ نظم (۶۵ نشانات) اور کتب مطالعہ سرسری (۳۵ نشانات) پر ہوگا۔ اور تیسرا (۱۰۰ نشانات) مضمون نویسی بے پڑھی ہوئی عبارتوں اور ترجمہ پر ہوگا۔

(ii) مندرجۂ ذیل دو گروپ سے کسی ایک گروپ کے کوئی تین مضامین۔

گروپ (الف)

(۱) تاریخ انگلستان (سیاسی و دستوری)

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے جن میں تاریخی اور جغرافی سوالات شامل ہوں گے:۔

پرچۂ اوّل۔ ۱۰۶۶ء سے ۱۴۸۵ء تک (۱۰۰ نشانات)

پرچۂ دوم۔ ۱۴۸۵ء سے ختم تک (۱۰۰ نشانات)

(۲) تاریخ اسلام

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے جن میں تاریخی اور جغرافی سوالات شامل ہوں گے:۔

پرچۂ اوّل۔ عہد مبارک۔ حضرت رسول اللہؐ و خلفائے راشدین و بنی امیہ مشرقی (۱۰۰ نشانات)

پرچۂ دوم۔ بنی امیہ مغربی و بنی عباس (۱۰۰ نشانات)

(۳) تاریخ ہندوستان (تاریخ دکن کا بطور خاص مطالعہ)

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے جن میں تاریخی اور جغرافی سوالات شامل ہوں گے:۔

پرچۂ اوّل۔ ۱۵۵۶ء تک (۱۰۰ نشانات)

پرچۂ دوم ۔ سنہ ۱۵۵۶ء تا حال (۱۰۰ انشائات)

(۴) تاریخ یونان و روما

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے جن میں تاریخی اور جغرافی سوالات شامل ہوں گے :۔

پرچۂ اوّل ۔ تاریخ یونان تا سنہ ۴۶ قبل مسیح (۱۰۰ انشائات)

پرچۂ دوم ۔ تاریخ روما تا سنہ ۴۷۶ء (۱۰۰ انشائات)

(۵) تاریخ یورپ سنہ ۴۷۶ء تا سنہ ۱۴۵۳ء

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے جن میں تاریخی و جغرافی سوالات شامل ہوں گے :۔

پرچۂ اوّل ۔ سنہ ۴۷۶ء تا سنہ ۱۰۹۶ء

پرچۂ دوم ۔ سنہ ۱۰۹۶ء تا سنہ ۱۴۵۳ء

(۶) تاریخ یورپ سنہ ۱۴۵۳ء تا حال

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے جن میں تاریخی جغرافیہ کے سوالات شامل ہونگے۔

پرچۂ اوّل ۔ از سنہ ۱۴۵۳ء تا سنہ ۱۰۸۹ء

پرچۂ دوم ۔ از سنہ ۱۰۸۹ء تا زمانہ حال

(۷) معاشیات

معاشیات میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے:۔

پرچۂ اوّل۔ معاشیات عام (۱۰۰ انشائات)

پرچۂ دوم۔ معاشیات ہند (۱۰۰ انشائات)

(۸) عمرانیات

عمرانیات میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے:۔

پرچۂ اول۔ عمرانیات نظری (۱۰۰ انشائات)

پرچۂ دوم۔ عمرانیات عملی (۱۰۰ انشائات)

(۹) السنہ جدید

مندرجہ ذیل زبانوں میں سے کوئی ایک:۔

اردو۔ فارسی۔ مرہٹی۔ تلنگی۔ کنڑی۔ فرانسیسی۔ جرمنی

السنہ مذکورہ میں سے ہر ایک میں دو پرچے تین تین گھنٹے کے ہوں گے:۔

پرچۂ اوّل (۱۰۰ انشائات) مقررہ کتب نصاب پر ہوگا۔

پرچۂ دوم (۱۰۰ انشائات) صرف و نحو مضمون نویسی اور ترجمہ کا ہوگا جس میں طلبہ سے ایک مضمون لکھایا جائیگا اور مضمون نویسی پر سوالات ہوں گے اور اردو عبارتوں کا زبان منتخبہ میں ترجمہ کرایا جائیگا اردو میں پرچوں کی تقسیم حسب ذیل ہوگی:۔

پرچہ اول:۔

نثر	(۵۰ نشانات)
نظم	(۴۰ ")
کتب مطالعہ سرسری	(۱۰ ")

پرچہ دوم :-

معانی بیان بدیع عروض و قواعد	(۲۵ نشانات)
مضمون نویسی	(۵۰ ")
ترجمہ از اردو بہ ہندی بھاشا	(۱۵ ")
ترجمہ از بھاشا بہ اردو	(۱۰ ")

(۱۰) السنہ قدیم

مندرجہ ذیل زبانوں میں سے کوئی ایک :-

عربی - فارسی (بشرطیکہ السنہ جدید کے ماتحت اس کا انتخاب نہ کیا گیا ہو) سنسکرت - لاطینی - یونانی -

السنہ مذکورہ میں سے ہر ایک میں دو پرچے تین تین گھنٹے کے ہونگے پہلا پرچہ (۱۰۰ نشانات) سوائے عربی کے جہاں السنہ میں صرف و نحو پر ہوگا اور اردو عبارتیں زبان منتخبہ میں ترجمہ کرنے کیلئے دیجائینگی۔ مضمون عربی کے دوسرے پرچہ میں نشانات کی حسب ذیل تقسیم ہوگی :-

قواعد	(۴۰ نشانات)
ترجمہ عربی سے اردو	(۳۰ ")
ترجمہ اردو سے عربی	(۳۰ ")

(۱۱) منطق استخراجی و استقرائی

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے :۔

پرچۂ اول ۔ منطق استخراجی (۱۰۰ نشانات)

پرچۂ دوم ۔ منطق استقرائی (۱۰۰ ")

(۱۲) نفسیات

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہونگے اور ہر ایک کے ۱۰۰ نشانات ہوں گے :۔

پرچۂ اوّل ۔ ماہیت نفسیات ۔ ضروری عضویات معاد ادراک اور توجہ امتیاز و ابتلاف ۔ عادت ۔

پرچۂ دوم ۔ بقیہ مباحث نفسیات (مطابق کتاب مقرّرہ)

نوٹ :۔ (۱) اس گروپ کے صرف حسب ذیل مضامین ایک ساتھ لینے کی اجازت ہوگی :۔

(۱) منطق ۔ نفسیات اور ایک زبان قدیم

(۲) (الف) ایک زبان قدیم، ایک زبان جدید اور مضامین ذیل میں سے ایک :۔

تاریخ انگلستان

تاریخ ہند

تاریخ اسلام

معاشیات

عمرانیات

نوٹ:۔ فارسی کا شمار السنہ قدیم میں ہوگا۔
(ب) عربی۔ فارسی اور تاریخ اسلام یا تاریخ ہند۔
(۳) (۱) تاریخ انگلستان
(۲) مضامین ذیل میں سے ایک:۔
تاریخ اسلام
تاریخ ہند
تاریخ یورپ
(۳) ایک زبان قدیم (عربی فارسی یا سنسکرت) یا مرہٹی یا تلنگی یا معاشیات یا عمرانیات۔

* نوٹ۔ امتحان بی۔ اے میں مضمون تاریخ وہی طلبہ لے سکیں گے جنھوں نے امتحان انٹرمیڈیٹ میں یہ مضامین لئے ہوں۔

گروپ (ب)

(۱) طبعیات

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں۔
پرچۂ اوّل۔ مادّہ کی عام خصوصیات۔ حرارت اور آواز (۵، نشانات)
پرچۂ دوم۔ نور۔ برق و مقناطیس (۵، نشانات)
طبیعیات میں عملی امتحان تین گھنٹے کا ہوگا جسکے (۵۰) نشانات ہونگے

(۲) کیمیا

کیمیا میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے۔

پرچۂ اوّل ۔ اصول کیمیا ۔ نامیاتی کیمیا ۷۵ نشانات

پرچۂ دوم ۔ غیر نامیاتی کیمیا ۔ دھاتیں اور ادھاتیں ۷۵ نشانات

کیمیا میں عملی امتحان چار گھنٹے کا ہوگا جس کے (۵۰) نشانات ہوں گے۔

(۳) حیاتیات

حسب ذیل دو پرچے ہوں گے :۔

جیوانیات

پرچہ نظری	۲½ گھنٹے	(۶۰ نشانات)
پرچہ عملی	۲ گھنٹے	(۴۰ ")

نباتیات

پرچہ نظری	۲½ گھنٹے	(۶۰ نشانات)
پرچہ عملی	۲ گھنٹے	(۴۰ ")

نوٹ :۔ کامیابی کیلئے پورے مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات حاصل کرنے کے علاوہ اُمیدوار کو ہر ایک شعبہ میں کم از کم (۲۰) فیصدی نشانات حاصل کرنے ہوں گے۔

(۴) ریاضی

(۱) پہلا پرچہ ہندسہ مجسمات و مستوی (۶۰ نشانات) اور

ہندسی مخروطات ۴۰ نشانات پر تین گھنٹے کا ہوگا۔

(۲) دوسرا پرچہ جبر و مقابلہ پر دو گھنٹے کا ہوگا (۵۰ نشانات)

(۳) تیسرا پرچہ۔ علم مثلث پر دو گھنٹے کا ہوگا (۵۰ ")

(iii) دینیات* لازمی یا اخلاقیات۔

اس مضمون میں ایک پرچہ تین گھنٹے کا ہوگا اس کے (۱۰۰ نشانات) ہوں گے۔

(۱۲) کامیابی امتحان کیلئے ہر امیدوار کیواسطے ضروری ہوگا کہ وہ ہر مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات اور جملہ مضامین میں بحیثیت مجموعی (۳۳) فیصدی نشانات حاصل کرے۔ لیکن اگر کوئی امیدوار صرف ایک مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات حاصل نہ کرے تو وہ بھی کامیاب قرار دیا جائے گا بشرطیکہ مضمون مذکور میں اس نے کم از کم (۲۵) فیصدی نشانات حاصل کئے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اسکے نشانات محصلہ (۴۰) فیصدی ہوں۔

(۱۳) اف سے امیدواروں کو ہر مضمون میں (۳۳) فیصد نشانات حاصل کرنا ہوگا۔ اگر کوئی امیدوار کسی مضمون میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل نہ کرے تو وہ کامیاب قرار دیا جائیگا بشرطیکہ مضمون مذکور میں اس نے کم از کم ۲۰ فیصدی نشانات حاصل کئے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ ۴۰ فیصدی ہوں۔

---

* دینیات یا اخلاقیات میں کامیابی پورے امتحان میں کامیابی کیلئے لازمی ہوگی اور ان مضامین کے نشانات دیگر مضامین کے نشانات کے ساتھ نہ جوڑے جائینگے۔ مگر کوئی طالب علم اعلیٰ امتحان میں شریک ہو سکے گا جبتک کہ وہ اس کے قبل کے امتحان میں مضمون مذکورہ میں کامیابی حاصل نہ کرے۔ جو طلبہ کسی امتحان میں دینیات یا اخلاقیات میں ایک دفعہ کامیابی حاصل کرلیں وہ اگر اسی امتحان میں دوبارہ شریک ہوں تو مضمون مذکورہ میں انھیں امتحان دینے کی ضرورت نہیں۔

(۱۳) کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے (۶۰) فیصدی یا اس سے زائد حاصل کریں وہ درجۂ اوّل میں کامیاب قرار دے جائیں گے۔ جو (۴۵) فیصدی یا اس سے زائد مگر (۶۰) فیصدی سے کم حاصل کریں وہ درجۂ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں۔

جو امیدوار درجۂ اوّل میں کامیاب ہوں گے فہرست نتائج میں ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات تحصلہ ہوگی۔ درجہ دوم و سوم میں جو امیدوار کامیاب ہوں ان کی فہرست بلحاظ نشان سلسلہ مرتب ہوگی

(۱۴) ہر کامیاب امیدوار کو ایک صداقتنامہ دستخطی مسجل دیا جائیگا جسمیں تاریخ امتحان درج ہوگی اور اُن مضامین کی صراحت ہوگی جو امیدوار نے امتحان مذکور میں لئے تھے اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب ہوا ہو۔

(۱۵) گروپ سسٹم کی اغراض کے لئے امتحان حسب ذیل دو گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا:-

(۱) انگریزی

(۲) مضامین اختیاری

اگر کوئی اُمیدوار ان دونوں گروپوں میں سے ایک میں کامیابی حاصل کرے تو وہ کسی امتحان مابعد میں اُس گروپ میں شرکت سے مستثنیٰ ہوگا، بشرطیکہ اس نے بہ حیثیت مجموعی (۳۵) فیصدی سے کم نشانات حاصل نہ کئے ہوں اور جس گروپ میں وہ ناکام ہے اُس میں اس کا اوسط (۲۵) فیصدی سے کم نہ ہو۔ لیکن جو امیدوار ایک گروپ میں ناکام ہوا سے اختیار ہوگا کہ کسی امتحان مابعد کے جملہ مضامین میں شریک ہو۔ کسی امیدوار کو درجہ نہیں جائے گا جب تک کہ اس نے جملہ مضامین میں بوقت واحد کامیابی حاصل نہ کی ہو۔

نوٹ۔ اُمیدوار جو امتحان مابعد کے جملہ مضامین میں شریک ہوں انکا نتیجہ اس امتحان مابعد کی کامیابی یا عدم کامیابی پر منحصر رہیگا۔ امیدوار جو امتحان مابعد میں ایک گروپ میں شریک ہوں گے انھیں اس گروپ میں کامیابی کیلئے اس گروپ کے ہر مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات (اور کل ۴۲۰ میں سے ۱۳۲ یعنی ۳۲ فیصد نشانات) حاصل کرنے ہوں گے۔

امتحان بی۔ اے

(۱) امتحان بی۔ اے ہر سال حیدرآباد میں ایک مرتبہ ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۲) امتحان مذکور میں حسب ذیل طلبہ شریک ہوسکیں گے:۔

(i) جملہ ایسے طلبہ جنھوں نے جامعہ عثمانیہ کے امتحان انٹرمیڈیٹ یا کسی دوسرے امتحان یا ٹسٹ میں جس کو جامعہ امتحان انٹرمیڈیٹ کے مساوی تسلیم کرے کامیابی حاصل کرنے کے بعد جامعہ کے کسی کلیہ میں کم از کم دو تعلیمی سال تک باضابطہ تعلیم کی اطمینان بخش طریقہ پر تکمیل کی ہو۔

(ii) طلبہ جنھوں نے امتحان سے قبل ایک سال تک جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں باضابطہ تعلیم اطمینان بخش طریقہ پر حاصل کی ہو اور جن کو تحت دفعہ (۳) قواعد ہذا ایک سال ماقبل کی تعلیم کو شمار کرنے کی اجازت دی گئی ہو جو انھوں نے بعد کامیابی امتحان انٹرمیڈیٹ یا کسی دوسرے مساوی امتحان کے کسی دوسری یونیورسٹی مسلمہ جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں

حاصل کی ہو۔

(۳) کسی طالب علم کو جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ کی آخری جماعت سال چہارم میں شریک ہونے کی اجازت دیجاسکتی ہے بشرطیکہ وہ صداقتنامہ اس کلیہ کے صدر کا جس میں وہ سال ماسبق میں شریک تھا (اور جو کسی یونیورسٹی مسلمہ جامعہ عثمانیہ سے ملحق ہو) اس امر کی بابت پیش کرے کہ اس نے کلیہ مذکور کے سال آخر کے ماقبل کی جماعت میں حسب قواعد اس یونیورسٹی کے جس سے کہ وہ متصل ہو رہا ہے باضابطہ تعلیم پائی ہے اور یہ کہ وہ صدر مذکور کی رائے میں کلیہ کی آخری جماعت میں ترقی پانے کے قابل ہے۔

(۴)* طبقات ذیل کے اشخاص کو جو جامعہ کے کسی طبقہ کلیہ کے طالب علم نہ ہوں امتحان ہذا میں بطور خانگی شرکت کی اجازت دیجائیگی:۔

(الف) سررشتۂ تعلیمات سرکار عالی کے معائنہ کنندہ عہدہ دار اور پورا وقت کام کرنے والے مدرسین جو کسی ایسے مدرسہ میں کارگزار ہوں جو مسلمہ جامعہ یا متعلق سررشتۂ تعلیمات ہو بشرطیکہ صدر مہتمم تعلیمات اس امر کی تصدیق کریں کہ تاریخ درخواست شرکت امتحان سے قبل انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ب) مددگاران دارالتجربہ جو جامعہ کے کسی کلیہ میں ملازم ہوں بشرطیکہ وہ اس کلیہ کے صدر کا جس میں وہ ملازم ہوں ایک صداقت نامہ (جسکی جملہ امیدواران سائنس کو زیر دفعہ ۱۱ ضرورت ہے) دارالتجربہ کے کام کے متعلق پیش کریں۔ اور صدر موصوف کا اور ایک صداقت نامہ اس امر کی بابت پیش کریں کہ تاریخ درخواست

* نوٹ: خانگی امیدواروں کی اختیاری مفاہیم نے سکیس کے جنکی کلیہ جامعہ عثمانیہ میں تعلیم دیجارہی ہو۔ لہذا درخواست شرکت امتحان سے قبل ان کو چاہیکہ وہ اس کے متعلق دفتر مسجل سے استفسار کرلیں۔

شرکت امتحان سے قبل انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ج) پورا وقت کام کرنے والے محافظین کتب خانہ جو جامعہ عثمانیہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے کتب خانہ یا کتب خانہ آصفیہ یا کسی ایسے کتب خانہ میں ملازم ہوں جس کو مجلس انتظامی نے اس غرض کیلئے تسلیم کیا ہو۔ بشرطیکہ وہ اس کتبخانہ کے محافظ کا جس میں کہ وہ ملازم ہوں ایک صداقت نامہ اس امر کے متعلق پیش کریں کہ درخواست شرکت امتحان سے قبل انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(د) اُمیدواران اناث۔

بشرطیکہ جملہ صورتوں میں تاریخ کامیابی امتحان انٹرمیڈیٹ یا کسی دوسرے مساوی امتحان سے تاریخ امتحان تک کم از کم دو تعلیمی سال گزر چکے ہیں۔

(۵) جامعہ کے کسی کلیہ کے اُمیدوار جن کو امتحان میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی اگر وہ کسی وجہ سے شریک نہ ہوسکیں یا شریک ہوکر ناکام رہے ہوں تو ان کو امتحان مابعد میں بطور خانگی طالب علموں کے شرکت کی اجازت دیجائیگی۔ بشرطیکہ وہ انھیں مضامین کو لیں جن میں وہ امتحان سابق میں شریک تھے اگر وہ مضامین بدلنا چاہیں تو نئے مضمون یا مضامین ہیں انھیں مقررہ مدت تک باقاعدہ تعلیم حاصل کرنی ہوگی۔

(۶) اس امتحان میں شرکت کیلئے خانگی اُمیدواروں کی درخواستیں فارم

مقررہ پر مسجل کے پاس امتحان سے کم از کم دو ماہ قبل معہ فیس فی امیدوار تیس روپیہ پہنچ جانی چاہئیں۔

(۷) اُمیدواران کلیہ کی درخواست ہائے شرکت امتحان اور صداقت نامجات حاضری و تکمیل تعلیم فارم مقررہ پر معہ فیس فی اُمیدوار تیس روپیہ صدر کلیہ ایسے وقت میں روانہ کریں کہ وہ مسجل کے پاس امتحان سے چار ہفتے قبل پہنچ جائیں۔

خاص صورتوں میں صدر کلیہ صداقت نامہ جات حاضری کو روک سکتے ہیں۔ لیکن ایسے صداقت نامہ جات ہر حالت میں مسجل کے پاس امتحان سے کم از کم تین ہفتے قبل پہنچ جانے چاہئیں۔

ہر مضمون میں جس میں کہ امیدوار امتحان دینے کا خواہشمند ہو جس قدر درس ہوئے ہوں اُن میں کم از کم (۶۶) فیصدی حاضری ضروری ہوگی مجلس انتظامی کو اختیار ہوگا کہ وہ جامعہ کے کسی کلیہ کے صدر کی سفارش پر حاضری کی کمی کو اگر واقع ہوئی ہو کافی وجوہ کی بناء پر معاف کردے۔

(۸) درخواست شرکت و فیس مقررہ اُمیدواران کلیہ کی صورت میں صداقت نامہ جات حاضری وصول ہونے پر مسجل کم از کم امتحان سے ایک ہفتہ قبل امیدوار کے پاس ہر ایک فیس موصولہ کی رسید بھجوانے کا انتظام کریں گے جو امتحان گاہ میں داخلہ کے وثیقہ کا کام دیگی اور جسے امیدوار کو امتحان گاہ میں عند الطلب پیش کرنا ہوگا۔

نوٹ:۔ جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوں ان کو فیس کی واپسی کا مطالبہ

کرنے کا حق نہ ہوگا۔

(۹) امتحان بی۔اے مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا۔ باستثنائے مضامین ذیل سب پرچے اُردو میں ہوں گے اور ان کا جواب بھی اردو میں دیا جائیگا۔

(۱) جملہ یوروپین زبانوں کے لئے بالعموم زبان انگریزی ذریعہ امتحان ہوگی۔

(۲) سنسکرت پالی اور پراکرت کیلئے وہی زبان یا اردو یا انگریزی ذریعۂ امتحان ہوگی۔

(۳) اردو کے علاوہ ہندوستان کی دوسری مروجہ زبانوں میں ذریعۂ امتحان وہی زبان یا اردو ہوگی۔

نوٹ:۔ مندرجۂ بالا مستثنےٰ صورتوں میں مسجل تاریخ امتحان سے چھ ماہ قبل اس زبان کا اعلان کردیں گے جس میں پرچہ مرتب ہوگا اور امیدوار کو اسی زبان میں جواب لکھنے ہوں گے۔ اِلّا اس صورت میں کہ پہلے ہی سے انھیں کسی دوسری زبان مندرجہ بالا میں جواب دینے کی اجازت دی گئی ہو۔

(۱۰) مضامین امتحان و پرچہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

(۱) انگریزی۔

(۲) مضامین ذیل میں سے ایک:۔

(الف) السنہ

(ب) سائنس

(ج) تاریخ

(د) فلسفہ

(۳) دینیات لازمی یا اخلاقیات۔

ف۱ انگریزی

چار پرچے حسب صراحتِ ذیل :۔

(۱) کتب مقررہ نثر (۰۰ انشانات)

(۲) کتب مقررہ نظم (" ")

(۳) مضمون نویسی (۵۰ نشانات) اور بے پڑھی ہوئی عبارتیں (۲۵ نشانات)

(۴) کتب مطالعہ سرسری (۶۰ نشانات) اور مبادی ادب انگریزی (۴۰ نشانات)

ف۲ (الف) السنہ

مذکورۂ ذیل السنہ قدیم میں سے ایک :۔

فارسی معہ ابتدائی عربی۔

عربی۔

سنسکرت

لاطینی

یونانی

اور مذکورۂ ذیل السنہ جدید میں سے ایک :۔

فارسی معہ ابتدائی عربی (بشرطیکہ مذکورۂ بالا السنہ میں نہ لیگئی ہو)

اردو معہ ہندی بھاشا۔

تلنگی۔

مرہٹی

کنڑی

فرانسیسی

جرمنی

السنۂ مذکورہ کی تاریخ اور علم ادب سے واقفیت ضروری ہوگی۔ ہر دو السنہ منتخبہ میں تین تین پرچے ہوں گے۔

عربی اور سنسکرت میں پہلا پرچہ کتب مقررہ نثر (۷۵ نشانات) اور تاریخ ادب (۲۵ نشانات) پر ہوگا۔ پرچہ دوم کتب مقررہ نظم (۷۵ نشانات) اور عروض و بلاغت (۲۵ نشانات) پر ہوگا پرچہ سوم کی ترتیب حسب ذیل ہوگی:۔

عربی:۔ ترجمہ عربی سے اردو میں۔ (۴۰ نشانات)

ترجمہ اردو سے عربی میں۔ (۴۰ ")

قواعد (۲۰ ")

سنسکرت:۔ ترجمہ سنسکرت سے اردو میں (۳۵ ")

ترجمہ اردو سے سنسکرت میں (۳۵ ")

قواعد (۳۰ ")

فارسی میں پرچۂ اول و دوم کی ترتیب عربی و سنسکرت کے پرچۂ اول و دوم کے مطابق ہوگی پرچۂ سوم حسب ذیل ہوگا:۔

ترجمہ اردو سے فارسی میں (۴۰ نشانات)

مضمون نویسی (۴۰ ")

ابتدائی عربی:۔

قواعد (۱۲ نشانات)

ترجمہ عربی سے اردو میں (۱۸ ")

السنہ جدید میں پرچۂ اول و دوم کی ترتیب عربی اور سنسکرت کے پرچے کے مطابق ہوگی لیکن اردو کے پرچۂ اول میں ایک سوال مختصر نویسی پر ہوگا جس کے کم سے کم ۱۰ نشانات ہوں گے تیلنگی اور کنڑی میں پرچہ اول و دوم کی ترتیب حسب ذیل ہوگی :—

پرچۂ اول :-

نثر (۵۰ نشانات)

ڈراما (" ")

پرچۂ دوم

نظم (۲۵ ")

تاریخ ادب (۲۵ ")

عروض و بلاغت (" ")

السنہ جدید میں (سوائے مضمون اردو کے) پرچہ سوم مضمون نویسی (۵۰ نشانات) اور مختصر نویسی (۲۵ نشانات) پر ہوگا۔

اردو میں پرچہ سوم مضمون نویسی (۵۰ نشانات) اور ہندی بھاشا (۳۰ نشانات) پر ہوگا۔ بھاشا میں دو سوالات ہوں گے ایک اردو سے بھاشا میں (۱۸ نشانات) ترجمہ پر ہوگا۔ اور دوسرا بھاشا سے اردو میں (۱۲ نشانات) ترجمہ پر ہوگا۔

(ب) سائنس

شعبہ ہائے ذیل میں سے ایک :—

طبیعیات جس میں ریاضی پر ایک علٰحدہ پرچہ ہوگا۔
کیمیا جس میں طبیعیات پر ایک علٰحدہ پرچہ ہوگا۔
ریاضی (بسیط و عملی)
حکمت طبعی مذکورۂ ذیل دو علوم میں سے ایک بطور اصل مضمون
اور دوسرا بطور ذیلی مضمون کے ہونگے :-

(i) حیوانیات
(ii) نباتیات

مذکورۂ بالا شعبہ جات میں حسب ذیل پرچے ہونگے :-

طبیعیات - چھ پرچے :-

پرچہ اوّل مادّہ کے خواص اور آواز
پرچہ دوم حرارت اور نور
پرچہ سوم برق و مقناطیسیت
پرچہ چہارم ریاضی ذیلی
پرچہ پنجم } عملی
پرچہ ششم }

کیمیا - چھ پرچے :-

پرچہ اول نامیاتی کیمیا
پرچہ دوم غیر نامیاتی کیمیا
پرچہ سوم طبعی کیمیا
پرچہ چہارم طبیعیات ذیلی
پرچہ پنجم } عملی (ہر ایک چار گھنٹے کا)
پرچہ ششم }

ریاضی ۔ چھ پرچے :۔

پرچہ اوّل جبر و مقابلہ مساواتوں کا نظریہ اور علم مثلث
پرچہ دوم ہندسۂ تحلیلی اور احصائے تفرقات
پرچہ سوم احصائے تکملات اور متفرق مساواتیں
پرچہ چہارم سکونیات اور علم حرکت حصۂ اوّل
پرچہ پنجم سکون سیالات اور علم حرکت حصۂ دوم
پرچہ ششم علم ہیئت

حیوانیات ۔ چھ پرچے :۔

پرچہ اوّل غیر فقرئے ۱۰۰ نشانات
پرچہ دوم فقرئے ۱۰۰ " "
پرچہ سوم خلیات ۔ نسیجیات اور ارتقاء ۱۰۰ " "
پرچہ چہارم عملی غیر فقرئے اور نمونوں کی شناخت ۱۰۰ " "
پرچہ پنجم ۔ عملی فقرئے تشریح کی تیاری اور شناخت ۱۰۰ " "
پرچہ ششم ۔ نباتیات
(الف) نظری ۶۰ نشانات
(ب) عملی ۴۰ "

نباتیات ۔ چھ پرچے

پرچہ اول ۔ نظامی نباتیات، عام شکلیات، نسیجیات، اور کھل بیجے ۱۰۰ نشانات
پرچہ دوم ۔ فعلیات ۔ ماحولیات، ارتقاء و رشتہ، ایماکیت کوارو، سنڈیٹ ۱۰۰ "
پرچہ سوم ۔ ایجی اور میکالوجی ۔ برائیوفٹا یواسپرمز، ٹیریڈوفائٹس اور لیپٹوسپورنجیٹس
فرنز کے عام خواص ۱۰۰ نشانات
پرچہ چہارم ۔ عملی ۔ نظامی نباتیات، عام شکلیات اور تشریح ۱۰۰ "

پرچہ پنجم ۔ ویاسکیولر کریٹوگس لیکالوجی اور فعلیات ۔ انشائات

پرچہ ششم ۔ حیوانیات

(الف) نظری ۶۰ "

(ب) عملی ۴۰ "

(ج) تاریخ

پرچہ اول عام تاریخی مضمون

پرچہ دوم سیاسیات (نظری و متقابلہ)

پرچہ سوم حاشیات یا عمرانیات (نظری و اطلاقی)

پرچہ چہارم ۔ تاریخ ہند کے حسب ذیل دوروں میں سے ایک دور :۔

(۱) قدیم ۔ ۱۲۰۶ء تک

(۲) قدیم ۔ ۷۱۲ء سے ۱۲۰۶ء تک

(۳) متوسط ۔ ۱۲۰۶ء سے ۱۵۲۶ء تک

(۴) متوسط ۔ ۱۵۲۶ء سے ۱۷۶۴ء تک

(۵) جدید ۔ ۱۷۶۴ء سے زمانہ حال تک ۔

نوٹ :۔ ۱۳۴۰ء و ۱۳۴۱ء کے لیے دور متوسط از ۱۵۲۶ء تا ۱۷۶۴ء مقرر ہے ۔

پرچہ پنجم ۔ عام جو مباحث ذیل پر ہوگا :۔

(۱) تاریخ دکن ۔ جو تاریخ ہند کے اس دور سے متعلق ہوگی جو طالب علم نے لیا ہو ۔

(۲) ہندوستان کی تاریخ تمدن کے مبادیات

اس عہد کے متعلق جو طالب علم نے لیا ہو۔
(۳) سلطنت برطانیہ کی حکومت بلحاظ خاص
عملی دستور انگلستان و ہندوستان۔

نوٹ :- (۱) اور (۲) کے متعلق سوالات تاریخ ہند
کے ممتحن مرتب کرینگے اور (۳) کے متعلق سوالات
سیاسیات کے ممتحن مرتب کریں گے۔

پرچہ ششم۔ مندرجہ ذیل میں سے ایک :-
(الف) تاریخ دستور انگلستان یا
(ب) مندرجہ ذیل خاص ادوار میں سے
ایک دور :-

(۱) تاریخ اسلام :-
(الف) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و خلفائے راشدین
(ب) بنی امیہ
(ج) بنی عباس
(د) ہسپانیہ ۷۱۱ء تا ۱۴۹۲ء
(ھ) خلافت فاطمیین
(و) بنی سلجوق

نوٹ :- ۱۳۴۰ف کے لیے عہد بنی عباس (ماسوا سلاجقہ کے) مقرر ہے

(۲) یورپ قدیم :-
(الف) یونان ۴۷۹ ق م تک
(ب) یونان ۴۷۹ ق م تا ۳۶۰ ق م

(ج) یونانی شہنشاہیت مقدونیہ سنہ ۳۶۰ء تا سنہ ۳۲۶ ق م

(د) یونان۔ یونان کی آزادی کا خاتمہ سنہ ۳۲۶ء تا سنہ ۱۴۶ ق م

(ھ) روما۔ ابتدا تا گراکی (سنہ ۱۳۳ ق م)

(و) روما۔ گراکی تا اکٹیم (سنہ ۱۳۳ء تا سنہ ۳۱ ق م)

(ز) روما۔ آگسٹس تا ڈائوکلی شین (سنہ ۳۱ ق م تا سنہ ۲۸۴ء)

(ح) روما۔ ڈائوکلی شین تا زوال روما (سنہ ۲۸۴ء تا سنہ ۴۷۶ء)

نوٹ:۔ سنہ ۱۳۳ء کے لیے دور روما آگسٹس تا ڈائوکلی شین

سنہ ۳۱ ق م تا سنہ ۲۸۴ء و سنہ ۱۳۳ء کے لیے دور یونان

شہنشاہیت مقدونیہ سنہ ۳۶۰ء تا سنہ ۳۲۶ ق م مقرر ہے

(۳) یورپ عہد متوسط

(الف) زوال روما تا زوال رومی گاتھ (سنہ ۴۷۶ء تا سنہ ۱۱۷۱ء)

(ب) زوال رومی گاتھ تا جنگ صلیبی ثانی (سنہ ۱۱۷۱ء تا سنہ ۱۱۹۲ء)

(ج) از اختتام جنگ صلیبی ثانی تا سقوط قسطنطنیہ (سنہ ۱۱۹۲ء تا سنہ ۱۴۵۳ء)

(۴) یورپ عہد حال

(الف) سقوط قسطنطنیہ تا وفات لوئی چہاردہم (سنہ ۱۴۵۳ء تا سنہ ۱۷۱۵ء)

(ب) تخت نشینی لوئی پانزدہم تا دست کشی نپولین (سنہ ۱۷۱۵ء تا سنہ ۱۸۱۵ء)

(ج) یورپ سنہ ۱۸۱۵ء کے بعد سے

نوٹ:۔ سنہ ۱۳۳ء و سنہ ۱۴۵۳ء کے لیے یورپ سنہ ۱۸۱۵ء کے بعد سے مقرر ہے۔

تاریخ کے تمام پرچوں میں تاریخی جغرافیہ کے سوالات بھی شامل ہونگے۔

(د) فلسفہ

(ا) عام فلسفہ

پرچہ اول۔ ماہیت۔ مذہب۔ و مسائل فلسفہ

پرچہ دوم۔ تاریخ فلسفہ کا اجمالی خاکہ معہ ایک خاص فلسفی کی کسی اصلی کتاب کے مطالعہ کے (مثلاً ڈیکارٹ، برکلے یا ہیوم)

(ii) مشرقی فلسفہ

پرچہ سوم۔ ہندو فلسفہ

پرچہ چہارم۔ اسلامی فلسفہ۔ کلام و تصوف پر اجمالی نظر۔

(iii) نفسیات

پرچہ پنجم۔ عام مباحث نفسیات معہ ضروری اعضویات (فزیالوجی)

(iiii) اخلاقیات

پرچہ ششم۔ اختصار کے ساتھ اخلاقیات کی نظری و عملی بحث۔

ف ۳۔ دینیات اسلامی یا اخلاقیات ایک پرچہ۔

(ii) جامعہ کے کسی کلیہ کے طالب علم کو امتحان بی اے کے کسی مضمون سائنس میں جس کے لیے بروئے قواعد ہذا عملی تعلیم کی ضرورت ہے اس وقت تک شرکت کی اجازت نہ دی جائے گی۔ جب تک کہ وہ صدر کلیہ کا

+ نوٹ:۔ (۱) دینیات یا اخلاقیات میں کامیابی پورے امتحان میں کامیابی کیلئے لازمی ہوگی اور ان مضامین کے نشانات دیگر مضامین کے نشانات کیساتھ نہ جوڑے جائینگے مگر کوئی طالب علم اعلیٰ امتحان میں شریک نہ ہوسکیگا جبتک کہ وہ اسکے سبل کے امتحان میں مضمون مذکور میں کامیابی حاصل نہ کرے۔ جو طلبہ کسی امتحان میں دینیات یا اخلاقیات میں ایک فرقہ کامیابی حاصل کرلیں وہ اگر اسی امتحان میں دوبارہ شریک ہوں تو مضامین مذکورہ پر اخیر امتحان دینے کی ضرورت نہیں ہے

(۲) جملہ پرچہ جات معروضہ تین تین گھنٹے کے ہونگے اور ہر ایک کے (۱۰۰ نشانات) ہوں گے۔

ایک صداقت نامہ اس امر کی بابت پیش نہ کرے کہ اس نے کلیہ کے دار التجربہ میں نصاب مقررہ کی تکمیل کی ہے۔ ہر موئے دفعہ (۴) قواعد ہذا جو امیدوار شریک امتحان ہوں اگر وہ مضامین سائنس لیں تو انھیں اس امر کی تصدیق پیش کرنی ہوگی کہ انھوں نے کسی دار التجربہ مسلمہ جامعہ میں نصاب مقررہ کی تکمیل کی ہے۔

(۱۲) کامیابی امتحان کے لیے ہر امیدوار کے واسطے ضروری ہوگا کہ وہ ہر مضمون میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل کرے جن مضامین میں عملی امتحان لازمی ہے ان کے تحریری امتحان میں (۳۰) فیصدی اور عملی امتحان میں (۳۶) فیصدی نشانات حاصل کرنے ہوں گے۔ سال سوم سے ہر امیدوار کے واسطے ضروری ہوگا کہ وہ نظری و نیز عملی میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل کرے۔

(۱۳) کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے (۶۰) فیصدی یا اس سے زائد حاصل کریں وہ درجہ اول میں جو (۴۵) فیصدی یا اس سے زائد مگر (۶۰) فیصدی سے کم حاصل کریں وہ درجہ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں کامیاب قرار دئے جائیں گے۔

جو امیدوار درجہ اول میں کامیاب ہوں گے فہرست نتائج میں ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات محصلہ ہوگی۔ درجہ دوم و سوم میں جو امیدوار کامیاب ہوں گے ان کی فہرست بلحاظ نشان سلسلہ مرتب ہوگی۔

(۱۴) ہر کامیاب امیدوار کو ایک صداقت نامہ دستخطی امیر جامعہ دیا جائیگا جس میں تاریخ امتحان درج ہوگی اور ان مضامین کی صراحت ہوگی

جو امیدوار نے امتحان مذکور میں لیے تھے اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب ہوا ہو۔

(۱۵) اگر کوئی طالب علم انگریزی یا زبان منتخبہ میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل نہ کرنے کی وجہ سے امتحان میں ناکامیاب ہوجائے تو جس مضمون میں وہ اس طرح ناکامیاب ہوا ہو صرف اسی مضمون میں کسی مابعد کے امتحان میں شریک ہوکر کامیابی حاصل کرنے سے پورے امتحان میں کامیاب تصور کیا جائے گا بشرطیکہ امتحان مابعد میں جس مضمون میں وہ ناکامیاب رہا ہو اس میں اس کے نشانات (۲۰) فیصدی (سنسکرت سے (۲۵) فیصدی) سے کم نہ رہے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ (۴۰) فی صدی ہوں۔

امتحان ایم اے

(۱) ایم۔ اے کی طیلسان (ڈگری) کے لیے امتحان ہر سال حیدرآباد میں ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مجلس شعبہ کی سفارش پر مقرر کرے۔

(۲) امتحان ایم اے مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا اور بشرط ضرورت زبانی بھی ہوگا۔ سوالات کے پرچے اور جوابات دونوں اردو میں ہوں گے الا اس صورت میں کہ اس کے خلاف کوئی اطلاع دیجائے۔

(۳) امتحان مذکور میں صرف جامعہ عثمانیہ کے بی اے یا کسی مسلمہ جامعہ کے

بی۔ اے یا بی ایس سی شریک ہوسکیں گے جنھوں نے امتحانات بی۔ اے یا بی ایس۔ سی میں کم ازکم دو تعلیمی سال قبل کامیابی حاصل کی ہے اور اس کے بعد سے جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں کم ازکم دو تعلیمی سال تک باقاعدہ تعلیم کی تکمیل کی ہے۔

(۴) کلیہ جامعہ عثمانیہ کے کسی امیدوار کی باقاعدہ تعلیم اسی حالت میں مکمل متصور ہوگی جبکہ ہر سال تعلیمی میں وہ کم ازکم (۶۶) فی صدی درسوں میں شریک رہا ہو، مگر مجلس انتظامی کو یہ اختیار ہوگا کہ صدر کلیہ کی سفارش پر چند درسوں کی کمی حاضری کو معاف کردے بشرطیکہ سفارش معقول وجوہ پر مبنی ہو۔

نوٹ:۔ طلبہ اناث صرف مضمون "عربی" یا "اردو یا فارسی" میں خانگی حیثیت سے شریک ہوسکیں گی۔

(۵) ہر امیدوار امتحان ایم اے کو چاہئے کہ اپنی شرکت کی درخواست امتحان سے پانچ ہفتے قبل مسجل کے پاس معہ فیس مبلغ ساٹھ روپیہ بھیجے۔ ہر امیدوار کو فارم مقررہ پر ایک صداقت نامہ اس امر کا پیش کرنا ہوگا کہ اس نے امتحان کے لیے باقاعدہ تعلیم کی تکمیل کی ہے۔

(۶) امتحان ایم۔ اے فی الحال مضامین ذیل میں ہوگا:۔

(۱) عربی
(۲) فارسی
(۳) اردو
(۴) تاریخ
(۵) فلسفہ

(۶) ریاضی

مضامین فارسی و اُردو و تاریخ اور فلسفہ میں دو امتحانات ابتدائی و آخری ہوں گے اور امیدواروں کا ہر سال کے آخر میں امتحان لیا جائے گا۔

(۱) عربی (آٹھ پرچے):۔

پرچہ اوّل نظم
پرچہ دوم نثر تاریخی
پرچہ سوم نثر غیر تاریخی)
پرچہ چہارم تاریخ لسان و ادب
پرچہ پنجم بلاغت و عروض
پرچہ ششم عبرانی، جرمنی یا فرانسیسی صرف و نحو اور آسان عبرانی عبارتوں کا عربی میں ترجمہ۔
پرچہ ہفتم ترجمہ اُردو سے عربی میں اور عربی مضمون نویسی
پرچہ ہشتم مضمون اُردو میں کسی ایسے موضوع پر جو اہل عرب کی ادبیات، تاریخ یا تمدن سے متعلق ہو۔

(۲) فارسی:۔

امتحان ابتدائی (۴ پرچے) ۴۰۰ نشانات

پرچہ اول۔ نظم (ادبیات عالیہ) ۱۰۰ " "
پرچہ دوم۔ نثر " ۱۰۰ " "
پرچہ سوم { مضمون نویسی بزبان فارسی متعلق نظم و نثر عصر جدید } ۱۰۰ " "

پرچہ چہارم { فارسی بلاغت وعروض اور کتب مقررہ عربی سے اردو میں ترجمہ۔ } ۱۰۰ انشائات

امتحان آخری (۲ پرچے اور ایک مقالہ) ۴۰۰ "

پرچہ اوّل { تاریخ ادبیات ایران از ابتدا تا عہد مغول } ۱۰۰ "

پرچہ دوم { تاریخ ادبیات ایران از عہد مغول تا حال } ۱۰۰ "

مقالہ ۲۰۰ "

مقالے پروفیسر متعلقہ کی نگرانی اور مشورے کے مطابق لکھے جائیں گے مضامین کا انتخاب پروفیسر کی تحریک پر مجلس نصاب فارسی کی منظوری پر ہوگا۔ مقالہ کی جانچ دو یا تین ماہرین کریں گے۔ مقالہ پر زبانی سوالات کیے جائیں گے۔ امیدوار کو اس امر کا اطمینان دلانا ہوگا کہ اس نے اصلی ماخذ سے استفادہ کیا ہے۔ مقالہ کا حجم تقریباً ۵۰ صفحہ کا ہوگا۔

مقالہ مضامین ذیل میں سے کسی ایک پر ہوگا:-

(۱) فارسی زبان اور ادب کے ارتقاء سے متعلق کوئی مسئلہ۔

(۲) کسی خاص دور کے ادبیات کی تنقید۔

(۳) کسی خاص صنف ادب کی تحقیق و تدقیق۔

(۴) مشاہیر ادباء کی زندگی کے حالات اور
ان کے کام پر تبصرے۔
(۵) کسی خاص اور اہم کتاب کے متن کی تصحیح
اور اس پر مقدمہ نویسی۔
(۶) فارسی زبان کی ترقی ہندوستان میں
(۷) حالیہ انکشافات اور ادبیات ایران کے
زیر بحث مسائل کی توضیح و تشریح۔

(۳) اُردو

امتحان ابتدائی (۴ پرچے)	۴۰۰ نشانات
پرچہ اول۔ زبان قدیم	۱۰۰ "
پرچہ دوم۔ نظم	۱۰۰ "
پرچہ سوم۔ نثر	۱۰۰ "
پرچہ چہارم۔ مضمون نویسی	۱۰۰ "
امتحان آخری (۲ پرچے اور ایک مقالہ)	۴۰۰ "
پرچہ اول۔ تاریخ زبان و ادب اور لسانیات	۱۰۰ "
پرچہ دوم۔ بھاشا	۱۰۰ "
مقالہ۔ یا کسی کتاب کو اڈٹ کرنا	۲۰۰ "

مقالے پروفیسر متعلقہ کی نگرانی و مشورے کے مطابق لکھے جائینگے
مضامین کا انتخاب پروفیسر کی تحریک پر مجلس نصاب اردو کی منظوری سے ہوگا۔
امتحان ایم اے کے مضمون فارسی یا اردو میں صرف
وہی طلباء شریک ہو سکیں گے جنھوں نے فارسی و اردو میں امتحان

بی۔ اے کامیاب کیا ہو۔

۴) تاریخ۔

امتحان ابتدائی (۴ پرچے) ۴۰۰ نشانات

پرچہ اوّل۔ سیاسیات تقابلی بشمول:۔ ۱۰۰ "

(الف) مشرق اور مغرب کے اہم
سیاسی ادارات پر ایک عام نظر

(ب) کسی مملکت یا نظام حکومت
کے دستور کا تفصیلی مطالعہ جو
اس غرض کیلئے مقرر کیا گیا ہو۔

پرچہ دوم۔ نظریات سیاسی بشمول:۔ (۱۰۰ نشانات)

(الف) مشرقی اور مغربی سیاسی تخیلات
پر ایک عام نظر۔

(ب) کسی مفکر یا طبقہ مفکرین کے نظریہ
سیاسی کا تفصیلی مطالعہ جو
اس غرض کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔

پرچہ سوم و چہارم (کسی دو کا تفصیلی مطالعہ۔ فی پرچہ ۱۰۰ نشانات
تاریخہائے ذیل میں سے)

(۱) تاریخ ہند کا ایک دور از عہد
علاء الدین خلجی تا فیروز شاہ تغلق
تاریخ دکن کا خاص لحاظ رکھا جائیگا۔

(۲) تاریخ اسلام کا ایک دور ۳۳۹ھ تا

۱۳۴۱ء کیلئے :- عہد ہارون الرشید
و مامون الرشید

(۳) تاریخ یورپ جدید کا ایک دور
(۱۷۹۹ء تا ۱۸۷۵ء)

(۴) تاریخ دستور انگلستان کا ایک دور
(۱۶۴۲ء تا ۱۷۰۲ء)

امتحان آخری :- ۴۵۰ نشانات

پرچہ اوّل۔ عام تاریخی مضمون ۱۰۰ "

پرچہ دوم :-

۳۵۰ نشانات
(الف) سیاسیات متقابلہ کا کوئی خاص مضمون (ہندوستان اور برطانوی سوراجی قلمروؤں کے طرز ہائے حکومت)
(ب) نظری سیاسیات
ابن خلدون کے سیاسی نظریے

مقالہ :-

۲۰۰ نشانات
جس میں کم از کم دس ہزار الفاظ ہوں اور جو اس مضمون پر ہو جس کو کہ طالب علم نے ایم اے کیلئے لیا ہو۔

زبانی امتحان :-

۱۰۰ نشانات
(الف) یہ عام امتحان ہوگا اور اسکی غایت یہ ہوگی کہ طالب علم نے جو مضامین ابتدائی و آخری کیلئے لیئے ہیں انمیں اسکی قابلیت جانچی جائے

(ب) ایک زبان میں بھی امتحان ہوگا تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ طالب علم اپنے مقالہ کے اصلی ماخذ سے مستفید ہوا ہے۔ } ۔۔ نشانات

نوٹ (۱) کوئی امیدوار امتحان ایم اے (تاریخ) میں کامیاب متصور نہ ہوگا جب تک کہ وہ امتحان آخری کے پرچہ دوم میں کم از کم (۳۰) فیصدی نشانات حاصل نہ کرے۔

(۲) صرف وہی امیدوار جنھوں نے تاریخ میں بی۔اے کا امتحان کامیاب کیا ہو یا وہ امیدوار جنھوں نے کسی دوسرے مضمون میں ایم۔اے کا امتحان پاس کیا ہو۔ اور بعد ازاں ایکسال تعلیمی تک کسی کلیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں زیر تعلیم رہے ہوں امتحان ایم اے ابتدائی میں شریک ہوسکیں گے۔ اسی طور پر وہی امیدوار امتحان ایم اے آخری میں شریک ہوسکینگے جو امتحان ایم اے ابتدائی کامیاب کرنے کے بعد ایکسال تعلیمی تک کسی کلیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں زیر تعلیم رہے ہوں۔

(۳) مقالے کے مضمون کی اور جو زبان لی جائے گی اس کی منظوری امتحان سے ایک سال قبل مجلس نصاب تاریخ سے حاصل کی جانی چاہئیے۔ زبانی امتحان کے لیے کسی امیدوار کو اپنی مادری زبان لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

(۴) خاص مضامین اور عہدوں کا اعلان امتحان سے کم از کم ایک سال قبل ہوگا۔ لیکن ہر سال ایک سے زائد مضمون یا عہد تجویز نہ ہوگا۔

(۵) ہر ایک امیدوار کو لازم ہوگا کہ کم از کم تاریخ آغاز امتحان سے ایک ماہ قبل اپنے مقالہ کی دو کاپیاں داخل کرے۔ مسجل نتائج کی اشاعت کے بعد ایک کاپی اپنے دفتر میں محفوظ رکھیں گے اور دوسری کلیہ جامعہ عثمانیہ کے کتب خانہ میں بھجوائی جائے گی جہاں وہ حفاظت سے رکھی جائے گی اور مطالعہ کے کام میں آئے گی۔

(۶) درجہ ایم۔اے میں حصول سند کے لیے جو مقالات تاریخ تیار کیے جاتے ہیں ان کی تدوین اساتذہ متعلقہ کے مشورہ وہدایت سے ہونی چاہئے۔

(۷) سوالات امتحان اور ان کے جوابوں میں نیز مقالات تعلیم اسلام کے متعلق ان آداب کا لحاظ رکھنا چاہئے کہ جو اسلامی ادب کا شعار ہیں۔

نصاب مقررہ دو سالہ ہوگا طلبہ کا امتحان ہر سال کے آخر میں لیا جائے گا۔

امتحان ابتدائی (چھ پرچے)

الف لازمی:۔

(۱) فلسفہ مشرقی۔ ہندوستانی یا اسلامی

(۲) ایک مخصوص فلسفی مغربی عقلا سے

(۳) مابعد الطبیعیات۔

(۴) مضمون۔
(۵) فلسفہ

(ب) اختیاری

مضامین ذیل میں سے کوئی دو مضامین :۔
(۱) منطق اور علم العلم۔
(۲) جمالیات۔
(۳) فلسفہ مذہب۔
(۴) علم اخلاق و فلسفہ تمدن۔
(۵) نفسیات۔

امتحان آخری

(۱) ایک مقالہ جس میں دس ہزار الفاظ سے کم نہ ہوں فلسفہ کے کسی مضمون پر جس کو پہلے سے مجلس نصاب نے منظور کیا ہو۔
(۲) دو پرچے ان مضامین پر جو مقالہ کے مضمون سے متعلق ہوں۔
(۳) امتحان زبانی۔
(۶) ریاضی (نو پرچے)

پرچہ اوّل۔ جبر و مقابلہ نظریہ معادلات، مثلث مستوی تفرقی معادلات

پرچہ دوم۔ ہندسہ بسیط، جبری ہندسہ (مستوی اور مجسم)

تفرقی ہندسہ (منحنی اور سطوح)

پرچہ سوم۔ احصاء (تفرقی و تکملی)
نظریہ تفاعل متغیرات حقیقی

پرچہ چہارم۔ نظریہ تفاعل متغیرات مختلف
ناقصی تفاعل بغیر تفاعل کے سلسلہ فوریر

پرچہ پنجم۔ تجاذب۔
برق و مقناطیس

پرچہ ششم۔ دو اور سہ بعدی جیری سکونیات
ایک ذرہ کی حرکت۔
دو بعد استحرار اور حرکیات۔

پرچہ ہفتم۔ سکون سیالات بشمول شعریت۔
حرکت سیالات بغیر حرکت بھنور اور آواز۔

پرچہ ہشتم۔ کروی مثلث، کروی فلکیات، مناظر۔

پرچہ نہم۔ مسائل و مضامین مشتمل بر دو حصص۔
حصہ اوّل میں کم از کم دو مسائل حل طلب
ہوں گے اور دوسرے حصہ میں
زیادہ سے زیادہ دو مضامین تحریر
کرنے ہوں گے۔

(۷) کامیابی امتحان کے لیے ہر امیدوار کو مجموعی نشانات میں
سے (۴۰) فیصدی نشان حاصل کرنے چاہییں۔ ہر پرچہ
کے لیے اقل نشانات کامیابی مقرر نہ ہوں گے لیکن اگر

کسی پرچے میں کسی اُمیدوار کے ایک خمس سے کم نشانات آئیں تو اس پرچے کے نشانات اس کے مجموعی نشانات میں شامل نہیں کئے جائیں گے۔ کامیاب امیدواروں میں سے جو مجموعی نشانات میں سے کم از کم (۶۵) فیصدی حاصل کریں وہ درجہ اول میں اور جو (۶۵) فیصدی سے کم مگر (۵۰) فیصدی یا اس سے زیادہ حاصل کریں وہ درجہ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں کامیاب قرار دے جائیں گے۔

ابتدائی امتحانوں کے نتائج کا اعلان کیا جائیگا۔ مگر اس میں درجہ کامیابی کی صراحت نہ ہوگی۔ امتحان ابتدائی کے محصلہ نشانات امتحان آخری کے محصلہ نشانات میں جوڑے جائیں گے۔ اور ان مجموعی نشانات کے لحاظ سے امتحان آخری میں درجہ دیا جائے گا۔

(۸) جو امیدوار امتحان میں ناکامیاب ہو یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہو تو اس کو فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا۔ البتہ وہ کسی امتحان مابعد میں مماثل فیس داخل کرنے پر شریک ہو سکے گا۔ مگر اسے پھر کلیہ میں حاضری دینے کی ضرورت نہ ہوگی۔

(۹) ہر امیدوار کو ایک سند دستخطی امیر جامعہ عطا کی جائیگی جس میں اس مضمون کی صراحت ہوگی جس میں اس نے امتحان دیا ہے اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب ہوا ہے۔

شعبۂ دینیات

امتحان میٹریکولیشن

(۱) امتحان میٹریکولیشن ہر سال ایک مرتبہ بلدہ حیدرآباد، اورنگ آباد، گلبرگہ، ورنگل اور بھوپال میں ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۲) امتحان مذکور میں حسب ذیل طلبہ شریک ہوسکیں گے:-

(الف) جملہ ایسے امیدوار جنھوں نے کسی مدرسہ یا مدارس فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں باضابطہ تعلیم اطمینان بخش طریقہ پر حاصل کی ہے۔ ایسے امیدوار "امیدواران مدارس" کہلائیں گے۔

(ب) جملہ ایسے امیدوار جنھوں نے خانگی طور پر اندرون یا بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی امتحان مذکور کے لیئے تیاری کی ہے بشرطیکہ وہ امتحان سے کم از کم چھ ماہ قبل تک کسی مدرسۂ فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ میں زیر تعلیم نہ رہے ہوں۔

(ج) جملہ ایسے امیدوار جنھوں نے سرکار عالی کے یا ۱۹۰۶ء سے قبل پنجاب یونیورسٹی کے امتحان "مولوی" میں کامیابی حاصل کی ہو۔ ایسے امیدواروں کو صرف مضمون انگریزی میں امتحان دینا ہوگا۔ اور اس مضمون میں کامیابی کے بعد وہ پورے امتحان میٹریکولیشن میں کامیاب تصور کیے جائیں گے۔

(۳) کوئی امیدوار اس وقت تک امتحان میں شریک نہ کیا جائے گا۔
جب تک کہ وہ جس سال کے امتحان میں شرکت کی درخواست
کرتا ہے اس کے ماہ شہریور تک اس کا سن پندرہ سال نہ ہو جائے۔
(۴) امتحان میں شرکت کے لیئے درخواستیں فارم مقررہ پر مع فیس کے
آغاز امتحان سے کم سے کم دو ماہ قبل مسجل کے پاس پہنچ جانی چاہئیں
امیدواران مدارس کے لیئے دس روپیہ فیس ہوگی۔ امیدواران
مندرجہ دفعہ (۲) ب کے لیئے پندرہ روپیہ اور امیدواران مندرجہ
دفعہ (۲) ج کے لیے پانچ روپیہ۔
(۵) امیدواران مدارس کو درخواست کے ساتھ اس مدرسہ کے
صدر مدرس کے دستخط سے حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے
ہوں گے جس میں وہ بوقت شرکت تعلیم پاتے ہوں:۔
(۱) صداقت نامہ حاضری اس امر کا کہ طالب علم جماعت
میٹریکولیشن میں امتحان سے قبل کے سال تعلیمی میں مدرسہ
جتنے روز کھلا ہوا تھا۔ ان میں سے کم سے کم ساٹھ فیصدی
ایام میں حاضر تھا۔
(۲) صداقت نامہ اس امر کا کہ مدرسہ میں طالب علم کا چال چلن
اچھا تھا۔
(۳) صداقت نامہ عمر حسب دفعہ (۳)
(۴) صداقت نامہ اس امر کا کہ طالب علم نے مضامین امتحان کی
تکمیل کر لی ہے۔
ان صورتوں میں جس میں صدر مدرس نے سفارش کی ہو

مجلس انتظامی کافی وجوہ کے لحاظ سے کمی حاضری کو جس کی مقدار
(۳۱) ایام سے زائد نہ ہوگی معاف کر سکے گی جب کسی
طالب علم نے امتحان سے قبل کے سال میں دو یا زائد
مدارس میں تعلیم پائی ہو تو اس کی حاضری شمار کرتے وقت
اس مدت میں اس نے جن جن مدارس میں تعلیم پائی ہو
ان کی مجموعی حاضری بھی شمار کی جائے گی۔

(۶) امیدواران مندرجہ دفعہ (۲) ب حسب ذیل صداقت نامے
کسی مدرسۂ فوقانیہ سرکار عالی مسلمہ جامعہ عثمانیہ کے صدر مدرس
کے پیش کریں:۔

(۱) صداقت نامہ اس امر کا کہ طالب علم نے امتحان آزمائشی
میں شریک ہو کر کامیابی حاصل کرلی ہے جو جامعہ عثمانیہ
کے امتحان داخلہ کے لیے خاص طور پر لیا گیا تھا۔

(۲) چال چلن کا صداقت نامہ۔

(۳) صداقت نامہ عمر حسب دفعہ (۳)

(۷) امیدواران مندرجہ دفعہ (۲) ج کو علاوہ اس امتحان کے اصل
صداقت نامے کے جس میں انھوں نے کامیابی حاصل کی ہے اور
جس کی بنا پر درخواست پیش کی ہے حسب ذیل صداقتنامے
کسی مدرسۂ فوقانیہ سرکار عالی مسلمہ جامعہ عثمانیہ کے صدر مدرس
کے پیش کرنے ہوں گے:۔

(۱) صداقت نامہ اس امر کا کہ امیدوار نے آزمائشی امتحان
میں شریک ہو کر مضمون انگریزی میں کامیابی حاصل کرلی ہے

جو جامعہ عثمانیہ کے امتحان میں داخلہ کے لیے خاص طور پر لیا گیا تھا۔

(۲) چال چلن کا صداقت نامہ۔

(۳) صداقت نامہ عمر بروے دفعہ (۳)

نوٹ:۔ مدارس مسلمہ جامعہ عثمانیہ کے مدرسین شریک امتحان آزمائشی سے مستثنیٰ کئے جائیں گے۔ بشرطیکہ صدر مہتمم صاحب تعلیمات اس امر کی تصدیق کریں کہ امیدوار امتحان میٹریکولیشن میں شریک ہونے کے قابل ہیں اور ان کی کامیابی کی امید کی جاسکتی ہے۔

(۸) ایسے امیدوار جن کو ایک دفعہ امتحان میٹریکولیشن میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی مابعد کے کسی امتحان میں خانگی امیدوار کی حیثیت سے زیر دفعہ (۲) ب اور ج شریک ہوسکتے ہیں۔ ایسے امیدواروں کو صرف صداقت نامجات (۱) و (۲) مصرحہ صدر پیش کرنے ہوں گے۔

(۹) درخواست شرکت اور مقررہ فیس و صداقت نامجات وصول ہونے پر مسجل امتحان سے کم از کم دو ہفتے قبل فیس موصولہ کی رسید امیدوار کے پاس بھجوانے کا انتظام کریں گے۔ جو امتحان گاہ میں داخلہ کے وثیقہ کا کام دے گی اور جسے امیدوار کو عند الطلب پیش کرنا ہوگا۔

(۱۰) جو امیدوار امتحان میں ناکامیاب ہوں یا امتحان میں شریک نہ ہوں ان کو فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا۔

(۱۱) امتحان میٹریکولیشن مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا۔ باستثنائے

مضمون انگریزی سب پرچے اردو میں ہوں گے۔ اور ان کا جواب بھی اردو میں دیا جائے گا۔

(۱۲) مضامین امتحان و پرچہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

(۱) انگریزی

انگریزی میں دو پرچے تین تین گھنٹے کے ہونگے۔ پہلا پرچہ ۱۰۰ نشانات کتب مطالعہ تفصیلی صرف نحو اور محاورات پر ہوگا۔

دوسرا پرچہ مضمون نویسی و ترجمہ از اردو (۷۰ نشانات) اور کتب مطالعہ سرسری (۳۰ نشانات) پر ہوگا۔

(۲) تاریخ ہند و جغرافیہ

پرچہ اول۔ تاریخ ہند دو گھنٹے (۵۰ نشانات)

پرچہ دوم۔ جغرافیہ عالم و جغرافیہ ہند تفصیلی دو گھنٹے (" ")

(۳) ریاضی ابتدائی

پرچہ اول۔ حساب و جبر و مقابلہ تین گھنٹے { حساب ۵۰ نشانات ; جبر و مقابلہ ۴۰ " }

پرچہ دوم۔ ہندسہ عملی و مساحت دو گھنٹے { ہندسہ عملی ۳۵ " ; مساحت ۲۵ " }

(۴) عربی

اس مضمون میں دو پرچے دو دو گھنٹے کے ہونگے۔ پہلا پرچہ (۶۰ نشانات)

کتب مقررہ پر ہوگا اور دوسرا پرچہ (۱۰۰ نشانات) قواعد اور ترجمہ پر ہوگا۔

(۵) عقائد و مبادی منطق

اس مضمون میں ایک پرچہ (۱۰۰ نشانات) تین گھنٹے کا ہوگا۔

(۶) فقہ و حدیث

اس مضمون میں ایک پرچہ تین گھنٹے (۱۰۰ نشانات) کا ہوگا۔

نوٹ:- ہفتہ میں تین گھنٹہ لڑکوں کیلئے صنائع اور لڑکیوں کیلئے معاشیات خانہ داری کی تعلیم لازمی ہوگی۔ مگر ان مضامین میں کوئی امتحان نہ ہوگا۔ نصاب وہی ہوگا جو شعبہ فنون کے طلبہ کے لیے مقرر ہے اور جو اس کتاب کے ضمیمہ (الف) میں مندرج ہے۔

(۱۳) کامیابی امتحان کے لئے ہر امیدوار کے واسطے ضروری ہوگا کہ وہ ہر مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات حاصل کرے۔ لیکن اگر کوئی امیدوار صرف ایک مضمون میں (۳۰) فی صدی نشانات حاصل نہ کرے تو وہ بھی کامیاب قرار دیا جائے گا بشرطیکہ مضمون مذکور میں اس نے (۲۵) فیصدی نشانات حاصل کئے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ (۴۰) فی صدی ہوں۔

(۱۴) کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے (۶۰) فی صدی حاصل کریں وہ درجہ اولیٰ میں کامیاب قرار دیئے جائینگے جو (۵۰) فیصدی حاصل کریں وہ درجہ اول میں جو (۴۰) فی صدی

حاصل کریں وہ درجہ دوم میں باقی درجہ سوم میں۔

جو امیدوار درجہ آنرس اور درجہ اول میں کامیاب ہوں گے فہرست نتائج میں ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات محصلہ ہوگی۔ درجہ دوم و سوم میں جو امیدوار کامیاب ہوں ان کی فہرست بلحاظ نشان سلسلہ مرتب ہوگی۔

(۱۵) ہر کامیاب امیدوار کو ایک صداقت نامہ دستخطی مسجل دیا جائیگا جس میں تاریخ امتحان درج ہوگی اور ان مضامین کی صراحت ہوگی جو امیدوار نے امتحان مذکور میں لئے تھے۔ اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب ہوا ہو۔

(۱۶) گروپ سسٹم کی اغراض کے لیئے امتحان حسب ذیل گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

(۱) انگریزی

(۲) تاریخ و جغرافیہ۔ ریاضی

(۳) عربی عقائد و منطق۔ فقہ و حدیث

اگر کوئی امیدوار ان گروپوں میں سے ایک میں کامیابی حاصل کرے تو وہ کسی امتحان مابعد میں اس گروپ میں شرکت سے مستثنیٰ ہوگا۔ بشرطیکہ وہ تمام مضامین میں شریک ہوا ہو اور اسکے نشانات محصلہ بحیثیت مجموعی (۳۵) فیصدی ہوں کسی گروپ میں کامیابی کیلیے یہ ضروری ہوگا کہ اس گروپ کے ہر مضمون میں (۲۰) فیصدی نشانات حاصل کرے۔

(۱۷) مسجل کا فرض ہوگا کہ مدارس فوقانیہ مسلمہ جامعہ عثمانیہ کی فہرست اطلاع عام کے لئے مرتب و شائع کرے۔

امتحان انٹرمیڈیٹ

(۱) امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبہ دینیات) ہر سال بلدہ حیدرآباد میں ایک مرتبہ ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۲) امتحان مذکور میں حسب ذیل طلبہ شریک ہوسکیں گے:۔

(الف) امتحان میٹریکیولیشن (شعبہ دینیات) جامعہ عثمانیہ کے جملہ کامیاب طلبہ جنھوں نے میٹریکیولیشن کے بعد کم از کم دو تعلیمی سال تک جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں نصاب مقررہ کی تعلیم پائی ہو۔

(ب) جملہ طلبہ جنھوں نے جامعہ عثمانیہ (شعبہ فنون) یا ہندوستان کی کسی دوسری یونیورسٹی کا امتحان میٹریکیولیشن یا سرکار عالی کے امتحان ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکٹ یا کسی دوسرے ایسے امتحان میں زبان عربی کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہو جس کو جامعہ عثمانیہ نے اپنے امتحان میٹریکیولیشن کے مساوی قرار دیا ہو اور جو بحیثیت انڈر گرایجویٹ شعبہ دینیات جامعہ میں داخل کرلیے گئے ہوں اور جنھوں نے بعد کامیابی امتحان میٹریکیولیشن کم از کم دو تعلیمی سال تک جامعہ عثمانیہ کے شعبہ دینیات میں نصاب مقررہ کی تعلیم پائی ہو۔

نوٹ:۔ جن طلبہ نے سرکار عالی کے امتحان ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکٹ میں کامیابی حاصل کی ہو ان کا داخلہ جامعہ عثمانیہ کے کسی کلیہ میں صدر کلیہ کی صوابدید پر منحصر رہے گا۔

(۳) طبقات ذیل کے اشخاص کو جو جامعہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے طالب علم نہ ہوں امتحان ہذا میں بطور خانگی شرکت کی اجازت دیجائیگی:-

(الف) سررشتہ تعلیمات سرکار عالی کے معائنہ کنندہ عہدہ دار اور پورا وقت کام کرنے والے مدرسین جو کسی ایسے مدرسہ میں کارگزار ہوں جو مسلمہ جامعہ یا مسلمہ سررشتہ تعلیمات ہو بشرطیکہ صدر مہتمم تعلیمات اس امر کی تصدیق کرے کہ تاریخ درخواست شرکت امتحان سے پہلے انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ب) پورا وقت کام کرنے والے محافظین کتب خانہ جو جامعہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے کتبخانہ یا کتب خانہ آصفیہ یا کسی ایسے کتب خانہ میں ملازم ہوں جس کو مجلس انتظامی نے اس غرض کے لیے تسلیم کیا ہو۔ بشرطیکہ وہ اس کتب خانہ کے محافظ کا جس میں وہ ملازم ہوں ایک صداقت نامہ اس امر کی بابت پیش کریں کہ تاریخ درخواست شرکت امتحان سے پہلے انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ج) امیدواران اناث۔

بشرطیکہ ان جملہ صورتوں میں تاریخ کامیابی امتحان میٹریکولیشن سے تاریخ امتحان تک کم از کم دو تعلیمی سال گزر چکے ہوں۔

نوٹ :- طلبہ جو جامعہ عثمانیہ (شعبہ فنون) یا کسی اسلامی یونیورسٹی کا امتحان انٹرمیڈیٹ کامیاب ہوں وہ جماعت بی۔ اے شعبہ دینیات میں شریک ہونے کے لیے امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبہ دینیات) کے صرف ان مضامین میں جو اول الذکر کے امتحان سے علیحدہ ہوں خانگی طور پر شریک ہوسکیں گے مگر اس طریقہ سے کامیابی کے لیے انھیں جامعہ سے کوئی سند نہیں ملے گی۔

(۴) جامعہ کے کسی کلیہ کے امیدواروں کو امتحان میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی اگر وہ کسی وجہ سے شریک نہ ہوسکیں یا شریک ہوکر ناکامیاب رہے ہوں ان کو امتحان مابعد میں بطور خانگی طالب علموں کے شرکت کی اجازت دی جائے گی۔

(۵) اس امتحان میں شرکت کے لیے خانگی امیدواروں کی درخواستیں خاص مقررہ پر مسجل کے پاس امتحان سے کم ازکم دو ماہ قبل معہ فیس فی کس بیس روپیہ پہنچ جانی چاہیں۔

(۶) امیدواران کلیہ کی درخواست ہائے شرکت امتحان اور صداقت نامجات حاضری فارم مقررہ پر معہ فیس فی کس بیس روپیہ صدر کلیہ ایسے وقت میں روانہ کردیں کہ وہ مسجل کے پاس امتحان سے چار ہفتے قبل پہنچ جائیں۔

خاص صورتوں میں صدر کلیہ صداقت نامجات حاضری کو روک سکتے ہیں۔ لیکن ایسے صداقت نامجات ہر حالت میں مسجل کے پاس امتحان سے کم ازکم تین ہفتے قبل پہنچ جانے چاہیں۔

(۷) مضمون میں جس میں کہ امیدوار امتحان دینے کا خواہشمند

ہو۔ جسقدر درس ہوئے ہوں ان میں سے کم ازکم (۶۶) فیصدی میں حاضری ضروری ہوگی۔ مجلس انتظامی کو اختیار ہوگا کہ وہ جامعہ کے کسی کلیہ کے صدر کی سفارش پر حاضری کی کمی کو (اگر واقع ہوئی ہو) کافی وجوہ کی بنا پر معاف کردے۔

(۷) درخواست شرکت و فیس مقررہ اور امیدواران کلیہ کی صورت میں صداقت نامجات حاضری و تکمیل تعلیم وصول ہونے پر مستحل کم ازکم امتحان سے دو ہفتے قبل امیدوار کے پاس ہر ایک فیس موصولہ کی رسید بھجوانے کا انتظام کریں گے جو امتحان گاہ میں داخلہ کے وثیقہ کا کام دیگی اور جسے امیدوار کو امتحان گاہ میں عند الطلب پیش کرنا ہوگا۔

(نوٹ:۔ جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوں ان کو فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا۔

(۸) امتحان انٹرمیڈیٹ مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا۔ باستثنائے مضمون انگریزی سب پرچے اردو میں ہوں گے اور ان کا جواب بھی اردو میں دیا جائے گا۔

(۹) مضامین امتحان و پرچہ جات کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

(الف) انگریزی

انگریزی میں تین پرچے تین تین گھنٹے ہر ایک (۱۰۰ نشانات) کے ہونگے پہلا پرچہ کتب مقررہ نثر پر (۱۰۰ نشانات) دوسرا کتب مقررہ نظم (۶۵ نشانات) و کتب مطالعہ سرسری (۳۵ نشانات) پر

ہوگا۔ اور تیسرا (۱۰۰ انشانات) مضمون نویسی، بے پڑھی ہوئی عبارت اور ترجمہ پر ہوگا۔

(ب) ادب عربی

اس مضمون میں دو پرچے تین تین گھنٹے کے ہونگے پہلا پرچہ (۱۰۰ انشانات) کتب مقررہ نثر و نظم پر ہوگا۔ دوسرا " (۱ " ")
صرف و نحو و ترجمہ پر ہوگا جس کی تقسیم حسب ذیل ہوگی :۔

صرف و نحو	۴۰ نشانات
ترجمہ از اردو بہ عربی	۳۰ "
" " عربی بہ اردو	۳۰ "

(ج) فقہ و اصول فقہ (معہ مبادی منطق)

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے :۔

پرچہ اول۔ اصول فقہ معہ منطق (۱۰۰ انشانات)
پرچہ دوم۔ فقہ (۱۰۰ " ")

(د) تفسیر و حدیث و اصول حدیث

اس مضمون میں تین تین گھنٹے کے دو پرچے ہوں گے :۔

پرچہ اول۔ تفسیر (۱۰۰ انشانات)
پرچہ دوم۔ حدیث و اصول حدیث (" " ")

(ھ) عقاید معہ مبادیات حکمت

اس مضمون میں ایک پرچہ (۱۰۰ انشانات) تین گھنٹے کا ہوگا۔

کامیابی امتحان کے لیئے ہر امیدوار کے واسطے ضروری ہوگا کہ

وہ ہر مضمون میں (۳۰) فیصدی نشانات اور جملہ مضامین میں بحیثیت مجموعی (۳۳) فیصدی نشانات حاصل کرے۔ لیکن اگر کوئی امیدوار ایک مضمون میں (۳۰) فی صدی نشانات حاصل نہ کرے تو وہ بھی کامیاب قرار دیا جائے گا۔ بشرطیکہ مضمون مذکور میں اس نے کم از کم (۲۵) فی صدی نشانات حاصل کیے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ (۴۰) فیصدی ہوں۔

۱۳۴۲ف سے صرف وہی امیدوار کامیاب شمار ہونگے جنھوں نے ہر مضمون میں (۳۳) فی صدی نشانات حاصل کیے ہوں۔ لیکن اگر کوئی امیدوار ایک مضمون میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل نہ کرے تو وہ بھی کامیاب قرار دیا جائے گا بشرطیکہ مضمون مذکورہ میں اس نے کم از کم (۳۰) فیصدی نشانات حاصل کیے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ (۴۰) فیصدی ہوں۔

(۱۱) کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات کے (۶۰) فی صدی یا اس سے زائد حاصل کریں وہ درجہ اول میں کامیاب قرار دئے جائیں گے جو (۴۵) فیصدی یا اس سے زائد مگر (۶۰) فی صدی سے کم حاصل کریں وہ درجہ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں۔

جو امیدوار درجہ اول میں کامیاب ہوں گے فہرست نتائج میں ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات محصلہ ہوگی۔

درجہ دوم و سوم میں جو امیدوار کامیاب ہوں گے ان کی فہرست بلحاظ نشان سلسلہ مرتب ہوگی۔

(۱۲) ہر کامیاب امیدوار کو ایک صداقت نامہ دستخطی مسجل دیا جائیگا جس میں تاریخ امتحان درج ہوگی اور ان مضامین کی صراحت ہوگی جو امیدوار نے امتحان مذکور میں لیئے تھے اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب ہوا ہو۔

(۱۳) گروپ سسٹم کی اغراض کے لیئے امتحان حسب ذیل گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا:-

(۱) انگریزی۔

(۲) عربی۔

(۳) مضامین دینیات (فقہ تفسیر و عقائد)

اگر کوئی طالب علم ان گروپوں میں سے کسی ایک میں کم از کم (۲۵) فیصدی نشانات حاصل کرے اور دوسرے گروپوں میں کامیاب ہو تو وہ امتحان آئندہ میں صرف اسی گروپ میں جس میں وہ پہلے ناکام رہا تھا کامیابی حاصل کرنے کے بعد تمام امتحان میں کامیاب متصور ہوگا۔ گروپ (۳) میں کامیابی کے یہ معنی ہوں گے کہ طالب علم اس کے ہر مضمون میں کم از کم ۳۰ فیصدی (اور سنہ ۱۳۴۲ھ سے ۳۳ فیصدی) نشانات حاصل کرے ایسے طلبہ کو اختیار ہوگا کہ وہ آئندہ امتحان میں جملہ مضامین میں شریک ہوں مگر پورے امتحان میں دوبارہ ناکامی کی حالت میں رعایت ماقبل سے محروم نہ ہوں گے۔

البتہ ایسے لوگ جو ایک دفعہ سے زائد امتحان میں کامیابی حاصل کریں انھیں کوئی درجہ نہ دیا جائے گا۔

امتحان بی۔اے

(۱) امتحان بی۔اے (شعبہ دینیات) ہر سال حیدرآباد میں ایک مرتبہ ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۲) امتحان مذکور میں حسب ذیل طلبہ شریک ہو سکیں گے:۔

(الف) امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبہ دینیات) جامعہ عثمانیہ کے جملہ کامیاب طلبہ۔

(ب) ایسے طلبہ جنھوں نے کسی مسلمہ یونیورسٹی کے امتحان انٹرمیڈیٹ میں کامیابی حاصل کرنے کے علاوہ امتحان "عالم" یا اس کے مماثل امتحان میں کسی مسلمہ جامعہ سے کامیابی حاصل کی ہو۔

(ج) ایسے طلبہ جنھوں نے کسی مسلمہ یونیورسٹی کے امتحان انٹرمیڈیٹ میں مضمون عربی لیکر کامیابی حاصل کرنے کے بعد جامعہ عثمانیہ کے امتحان انٹرمیڈیٹ شعبہ دینیات کے مضامین دینیات میں شریک ہوکر کامیابی حاصل کی ہو۔ اگر اول الذکر امتحان میں عربی نہیں لی تھی تو آخر الذکر امتحان میں عربی میں کامیابی حاصل کرنی ہوگی۔

بشرطیکہ امتحانات مذکورہ کی کامیابی کے بعد طلبہ نے جامعہ کے کسی کلیہ میں کم از کم دو تعلیمی سال تک باضابطہ تعلیم کی تکمیل کی ہو۔

(۲) طبقات ذیل کے اشخاص کو جو جامعہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے طالبعلم نہ ہوں امتحان ہذا میں بطور خانگی امیدواروں کے شرکت کی اجازت دی جائیگی:

(الف) سررشتہ تعلیمات سرکار عالی کے عہدہ داران معاونین کنندہ اور پورا وقت کام کرنے والے مدرسین جو کسی ایسے مدرسہ میں کارگزار ہوں جو مسلمہ جامعہ یا مسلمہ سررشتہ تعلیمات ہو بشرطیکہ صدر مہتمم تعلیمات اس امر کی تصدیق کرے کہ تاریخ درخواست شرکت امتحان سے قبل انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ب) پورا وقت کام کرنے والے محافظین کتب خانہ جو جامعہ عثمانیہ کے کسی ملحقہ کلیہ کے کتب خانہ یا کتب خانہ آصفیہ یا کسی ایسے کتب خانہ میں ملازم ہوں جسکو مجلس انتظامی نے اس غرض کے لئے تسلیم کیا ہو بشرطیکہ وہ اس کتب خانہ کے محافظ کا جس میں کہ وہ ملازم ہوں ایک صداقت نامہ اس امر کی بابت پیش کریں کہ تاریخ درخواست شرکت امتحان سے قبل انھوں نے کم از کم تین سال تک مسلسل و مستحسن خدمات انجام دی ہیں۔

(ج) امیدواران اناث

بشرطیکہ ان جملہ صورتوں میں تاریخ کامیابی امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبہ دینیات) سے تاریخ امتحان تک کم از کم دو تعلیمی سال گزر چکے ہوں۔

(۴) جامعہ کے کسی کلیہ کے امیدوارین کو امتحان میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی اگر وہ کسی وجہ سے شریک نہ ہوسکیں یا شریک ہو کر ناکامیاب رہیں تو ان کو امتحان مابعد میں بطور خانگی طالب علموں کے شرکت کی اجازت دی جائے گی۔ بشرطیکہ اختیاری مضمون وہی رہے

جس میں وہ امتحان سابق میں شریک تھے۔ اگر اس کو بدلنا چاہیں تو کلیہ میں اس مضمون کے لئے مکرر حاضری دینی ہوگی۔

(۵) اس امتحان میں شرکت کے لئے خانگی امیدواروں کی درخواستیں فارم مقررہ پر مسجل کے پاس امتحان سے کم از کم دو ماہ قبل معہ فیس فی کس تیس روپیہ پہنچ جانی چاہئیں۔

(۶) امیدواران کلیہ کی درخواست ہائے شرکت امتحان و صداقت نامجات حاضری اور تکمیل تعلیم فارم مقررہ پر معہ فیس فی کس تیس روپیہ صدر کلیہ ایسے وقت میں روانہ کریں کہ وہ مسجل کے پاس امتحان سے چار ہفتے قبل پہنچ جائیں۔

خاص صورتوں میں صدر کلیہ صداقتنامجات حاضری کو روک سکتے ہیں لیکن ایسے صداقتنامجات ہر حالت میں مسجل کے پاس امتحان سے کم از کم تین ہفتے قبل پہنچ جانے چاہئیں۔

ہر مضمون میں جس میں کہ امیدوار امتحان دینے کا خواہشمند ہو جسقدر درس ہوئے ہوں ان میں سے کم از کم (۶۶) فیصدی میں حاضری ضروری ہوگی۔ مجلس انتظامی کو اختیار ہوگا کہ وہ جامعہ کے کسی کلیہ کے صدر کی سفارش پر حاضری کی کمی کو (اگر واقع ہوئی ہو) کافی وجوہ کی بنا پر معاف کردے۔

(۷) درخواست شرکت و فیس مقررہ اور امیدواران کلیہ کی صورت میں صداقتنامجات حاضری وصول ہونے پر مسجل کم از کم امتحان سے ایک ہفتہ قبل امیدوار کے پاس ہر

ایک فیس موصولہ کی رسید بھجوانے کا انتظام کریں گے جو امتحان گاہ میں داخلہ کے وثیقہ کا کام دے گی۔ اور جسے امیدوار کو امتحان گاہ میں عند الطلب پیش کرنا ہوگا۔

نوٹ۔ جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوں ان کو واپسی فیس کا مطالبہ کرنے کا حق نہ ہوگا۔

(۸) امتحان بی۔ اے مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا۔ باستثنائے مضمون انگریزی سب پرچے اردو میں ہوں گے اور ان کا جواب بھی اردو میں دیا جائے گا۔

(۹) مضامین امتحان حسب ذیل ہیں:۔

(الف) ادب انگریزی

اس مضمون میں حسب ذیل چار پرچے ہوں گے۔ اور ہر ایک پرچہ تین گھنٹے کا ہوگا۔

(۱) کتب مقررہ نثر	(۱۰۰ نشانات)
(۲) کتب مقررہ نظم	(۱۰۰ نشانات)
(۳) مضمون نویسی	(۵۰ نشانات) اور
بے پڑھی ہوئی عبارتیں	(۲۵ نشانات)
(۴) کتب مطالعہ سرسری	(۶۰ نشانات) اور
مبادی ادب انگریزی	(۴۰ نشانات)

(ب) ادب عربی

اس مضمون میں تین پرچے تین تین گھنٹے کے ہونگے۔ پہلا پرچہ کتب مقررہ نثر (۷۵ نشانات) اور تاریخ ادب (۲۵ نشانات) پر ہوگا۔ دوسرا پرچہ کتب مقررہ نظم (۷۵ نشانات) اور عروض و بلاغت (۲۵ نشانات) پر ہوگا۔ تیسرے پرچے کی ترتیب حسب ذیل ہوگی:۔

ترجمہ عربی سے اردو میں (۴۰ نشانات)
" اردو سے عربی میں (۴۰ نشانات)
قواعد (۲۰ نشانات)

(ج) فقہ و اصول فقہ

اس مضمون میں دو پرچے تین تین گھنٹے کے ہونگے:۔
پرچہ اول۔ فقہ (بشمول فتویٰ نویسی) (۱۰۰ نشانات)
پرچہ دوم۔ اصول فقہ (۱۰۰ نشانات)

(د) مضامین ذیل میں سے کوئی ایک:۔

(i) تفسیر دو پرچے تین تین گھنٹے (۱۰۰ نشانات) کے ہونگے
(ii) حدیث و اصول حدیث دو پرچے تین تین گھنٹے (۱۰۰ نشانات) کے ہونگے
(iii) کلام و اصول دین دو پرچے تین تین گھنٹے (۱۰۰ نشانات) کے ہونگے

(۱۰) کامیابی امتحان کے لئے ہر امیدوار کے واسطے ضروری ہوگا کہ وہ ہر مضمون میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل کرے۔

(۱۱) کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے (۶۰) فیصدی یا اس سے زائد حاصل کریں وہ درجہ اول میں کامیاب قرار دئے جائینگے۔ جو (۵۰) فیصدی یا اس سے زائد مگر (۶۰) فیصدی سے کم حاصل کریں وہ درجہ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں۔

جو امیدوار درجہ اول میں کامیاب ہونگے فہرست نتائج میں ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات محفلہ ہوگی درجہ دوم و سوم میں جو امیدوار کامیاب ہوں ان کی فہرست بلحاظ نشان سلسلہ مرتب ہوگی۔

(۱۲) ہر کامیاب امیدوار کو ایک سند دی جائیگی جس پر امیر جامعہ کے دستخط ہونگے۔ جس میں امتحان کی تاریخ، مضامین اور درجہ کامیابی کی تصریح ہوگی۔

(۱۳) اگر کوئی طالب علم (۱) انگریزی
(۲) عربی
(۳) فقہ و مضمون اختیاری

میں (۳۳) فیصدی نشانات حاصل نہ کرنے کی وجہ سے امتحان میں ناکامیاب ہو جائے تو جس مضمون میں وہ اسطرح ناکامیاب ہوا ہو صرف اسی مضمون میں مابعد کے کسی امتحان میں شریک ہو کر کامیابی حاصل کرنے سے پورے امتحان میں کامیاب تصور کیا جائیگا بشرطیکہ امتحان ماقبل میں جس مضمون میں وہ ناکامیاب رہا ہو اس میں اس کے نشانات (۲۰) فیصدی (۱۳۴۲ف سے ۲۵ فیصدی)

سے کم نہ رہے ہوں اور بحیثیت مجموعی جملہ مضامین میں اس کے نشانات محصلہ (۴۰) فیصدی ہوں۔

امتحان ایم اے

(۱) ایم اے (شعبۂ دینیات) کی طیلسان (ڈگری) کے لئے ایک امتحان ہر سال حیدرآباد میں ان اوقات اور تاریخوں میں ہوگا جو مجلس انتظامی مجلس شعبۂ دینیات کی سفارش پر مقرر کرے۔

(۲) امتحان ایم اے مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہوگا اور بشرط ضرورت زبانی بھی ہوگا۔ سوالات کے پرچے اور جوابات دونوں اردو میں ہونگے۔

(۳) امتحان مذکور میں صرف جامعہ عثمانیہ کے بی اے (شعبۂ دینیات) شریک ہوسکیں گے جنھوں نے کم از کم دو تعلیمی سال قبل امتحان مذکور میں کامیابی حاصل کی ہے اور اس کے بعد سے کلیہ جامعہ عثمانیہ میں کم از کم دو تعلیمی سال تک باقاعدہ تعلیم کی تکمیل کی ہے۔

(۴) کلیہ جامعہ عثمانیہ کے کسی امیدوار کی باقاعدہ تعلیم اسی حالت میں مکمل متصور ہوگی جبکہ ہر سال تعلیمی میں وہ کم از کم (۶۶) فیصدی درسوں میں شریک رہا ہو۔ مگر مجلس انتظامی کو یہ اختیار ہوگا کہ صدر کلیہ کی سفارش پر چند درسوں کی کمی حاضری کو معاف کردے بشرطیکہ سفارش معقول وجوہ پر مبنی ہو۔

(۵) ہر امیدوار امتحان ایم اے کو چاہیئے کہ اپنی درخواست شرکت امتحان سے پانچ ہفتے قبل مسجل کے پاس معہ فیس مبلغ ساٹھ روپیہ بھیجے۔ ہر امیدوار کو فارم مقررہ پر ایک صداقت نامہ اس امر کا پیش کرنا ہوگا کہ اس نے امتحان کے لئے باقاعدہ تعلیم کی تکمیل کی ہے۔

(۶) امتحان ایم اے حسب ذیل فنوں میں ہوگا:-

(۱) فقہ واصول فقہ

(۲) کلام وعقائد

(۳) تفسیر

(۴) حدیث بشمول سیرت

مذکورہ بالا فنوں میں سے فی الحال "کلام وعقائد" "وفقہ و اصول فقہ" میں امتحان لیا جائے گا "کلام وعقائد" میں حسب ذیل آٹھ پرچہ جات ہوں گے۔ ہر پرچہ (۱۰۰ نشانات) تین گھنٹے کا ہوگا:-

پرچہ اول - مبادی وامور عامہ از شرح مقاصد۔

پرچہ دوم - اعراض وجواہر

پرچہ سوم - سمعیات۔

پرچہ چہارم - الہیات شرح مقاصد

پرچہ پنجم - محصل معہ نقد

پرچہ ششم - دین ودانش

پرچہ ہفتم - تاریخ علم کلام وتفرقہ بین الاسلام والزندقہ

پرچہ ہشتم۔ علم کلام پر ایک مضمون اردو میں۔

فقہ واصول فقہ میں حسب ذیل آٹھ پرچہ جات ہوں گے ہر پرچہ (۱۰۰ نشانات) تین گھنٹے کا ہوگا۔

(۱) پرچہ اول۔ اصول فقہ۔ مسلم الثبوت حصہ مبادی (۱۰۰ نشانات)

(۲) پرچہ دوم " " مسلم الثبوت حصہ مقاصد (۱۰۰ ")

(۳) پرچہ اوّل فقہ ارکان اربعہ (از کتاب صنائع وبدائع) وآثار السنن (۱۰۰ ")

(۴) پرچہ دوم فقہ بدایۃ المجتہد جلد اوّل (۱۰۰ ") بجز استثناء ارکان اربعہ

(۵) پرچہ سوم فقہ بدایۃ المجتہد جلد دوم (۱۰۰ ")

(۶) پرچہ چہارم فقہ مجلۃ الاحکام (۱۰۰ ")

(۷) پرچہ پنجم فقہ فتویٰ نویسی وفیصلہ نگاری (۱۰۰ ")

(۸) پرچہ ششم فقہ مضمون متعلق تاریخ وعام معلومات علم فقہ واصول (۱۰۰ ")

(۷) کامیابی امتحان کے لئے ہر امیدوار کو مجموعی نشانات میں سے (۴۰) فیصدی نشان حاصل کرنے چاہئیں۔ ہر پرچہ کے لئے اقل نشانات کامیابی مقرر نہیں کئے جاتے، لیکن اگر کسی پرچے میں کسی امیدوار کے ایک خمس سے کم نشانات آئیں تو اس پرچہ کے نشانات اس کے مجموعی نشانات میں شامل نہ کئے جائیں گے کامیاب امیدواروں میں سے جو مجموعی نشانات میں سے کم از کم (۶۵) فیصدی حاصل کریں وہ درجہ

اوّل میں جو پچاس فیصدی یا اس سے زیادہ مگر ۶۵ فیصدی سے کم حاصل کریں وہ درجہ دوم میں اور باقی درجہ سوم میں کامیاب قرار دئے جائیں گے۔

(۸) جو امیدوار امتحان میں ناکامیاب ہو یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہو تو اس کو فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا البتہ وہ کسی امتحان مابعد میں مماثل فیس کے دینے پر شریک ہو سکے گا مگر اسے پھر کلیہ میں حاضری دینے کی ضرورت نہ ہوگی۔

(۹) ہر کامیاب امیدوار کو ایک سند دستخطی امیر جامعہ عطا کی جائے گی جس میں اس مضمون کی صراحت ہوگی جس میں اس نے امتحان دیا ہے اور اس درجہ کی جس میں وہ کامیاب ہوا ہے۔

شعبۂ قانون

امتحان ایل ایل بی

(۱) ایل ایل بی کی ڈگری کے لئے دو امتحان "ابتدائی" اور "آخری" ہوں گے۔ یہ امتحان ہر سال حیدرآباد میں ایک مرتبہ ان اوقات اور تاریخوں میں ہونگے جو مجلس انتظامی مجلس شعبۂ قانون کی سفارش پر مقرر کرے۔

(۲) یہ امتحان مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ سے ہونگے اور تمام مضامین میں اردو ذریعہ امتحان ہوگی۔

(۳) ایل ایل بی کے ابتدائی امتحان میں صرف وہ طلبہ شریک ہوسکیں گے جنھوں نے جامعہ عثمانیہ کے امتحان بی اے میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد جامعہ کے شعبۂ قانون میں کم از کم ایک سال تعلیمی تک باقاعدہ تعلیم کی تکمیل کی ہو۔ نیز امتحان مذکور میں (جامعہ کے شعبۂ قانون میں حاضری مقررہ کے بعد) ایسے طلبہ بھی شریک ہوسکیں گے جو سلطنت برطانیہ کے کسی جامعہ کے (جو قانون مروجہ کے تحت قائم ہوئی ہو) امتحان بی اے یا بی۔ ایس۔ سی یا کسی دوسرے مساوی امتحان میں کامیابی حاصل کر چکے ہوں۔ بشرطیکہ جامعہ متعلقہ ان امتحانات کو اپنے امتحان ایل ایل بی۔ یا اس کے کسی مساوی امتحان میں شرکت کے لئے تسلیم کرتی ہو۔

(۴) امتحانات مذکور کے لئے کسی امیدوار کی "باقاعدہ تعلیم"

اسی حالت میں مکمل متصور ہوگی جبکہ سال تعلیمی میں وہ کم ازکم (۶۶) فیصدی درسوں میں شریک رہا ہو۔

۵) اُمیدوارانِ امتحان "ابتدائی" کو چاہیئے کہ وہ اپنی شرکت کی درخواستیں معہ فیس مبلغ تیس روپیہ مسجل کے پاس امتحان سے پانچ ہفتے قبل بھیجدیں۔ انھیں ایک حلفنامہ بھی فارم مقررہ پر پیش کرنا ہوگا کہ وہ امتحان بی۔ اے یا بی۔ ایس سی۔ کی کامیابی کے بعد جامعہ میں کم ازکم ایک سال تعلیمی تک "باقاعدہ تعلیم" حاصل کرچکے ہیں انھیں اپنی درخواستوں کے ساتھ کافی ثبوت پیش کرنا ہوگا کہ انھوں نے بروے دفعہ (۳) قواعد ہذا بی۔ اے یا بی ایس سی کی ڈگری حاصل کی ہے۔

(۶) ہر امیدوار کو "ابتدائی" امتحان کے لئے مندرجہ ذیل مضامین میں شریک ہونا ہوگا:۔

(۱) تعزیرات ہند و ضابطہ فوجداری۔

(۲) قانون شہادت۔

(۳) قانون ٹارٹ و آسائش عامہ

(۴) معاہدہ۔

(۵) قانون دستوری و رومن لاء

نوٹ۔ ہر ایک مضمون میں ایک پرچہ (۱۰۰) نشانات کا ہوگا۔

(۷) کوئی امیدوار ایل۔ ایل۔ بی کے "آخری" امتحانات میں اس وقت تک شریک نہ کیا جائے گا جب تک کہ وہ جامعہ عثمانیہ کے "ابتدائی" امتحان میں کامیابی حاصل نہ کرچکا ہو اور اس نے کامیابی

کے بعد جامعہ کے شعبۂ قانون میں کم از کم ایک سال تعلیمی تک "باقاعدہ تعلیم" حاصل کی ہو۔ صداقت نامجات حاضری فارم مقررہ پر درخواست کے ساتھ شریک کرنے ہوں گے۔

(۸) ایل۔ ایل۔ بی کے "آخری" امتحان کے امیدوار اپنی درخواستیں مع فیس مبلغ تیس روپیہ مسجل کے پاس امتحان سے پانچ ہفتے قبل بھیجدیں۔ نیز وہ اپنی درخواست کے ساتھ جامعہ عثمانیہ کا امتحان "ابتدائی" کامیاب کرنے کا صداقتنامہ بھی پیش کریں۔

(۹) ایل۔ ایل۔ بی کے آخری امتحان کے لئے حسب ذیل مضامین ہوں گے:-

(۱) دھرم شاستر

(۲) شرح محمدی بشمول اصول فقہ۔

(۳) ضابطہ دیوانی قانون عدالتہائے دیوانی سرکار عالی قانون میعاد سماعت (بحذف ضمیمہ جات)۔

(۴) وکالت خاص اوقاف (ٹرسٹ) قانون مالگزاری بشمول عطیات۔

(۵) اصول قانون و قانون بین الاقوامی

نوٹ۔ ہر ایک مضمون میں ایک پرچہ (۱۰۰) نشانات کا ہوگا۔

(۱۰) مجلس شعبۂ قانون ہر سال ان مضامین میں کتابیں تجویز کریگی۔

(۱۱) مجلس شعبہ مجموعی درسوں کی تعداد معین نہیں کریگی بلکہ ہر سال تعلیمی میں کم از کم جس قدر درس ہونے چاہئیں ان کا تعین کرے گی جو (۳۰۰) ہونے چاہئیں۔

(۱۲) ہر میقات کے آغاز سے قبل صدر کلیہ مجلس شعبہ قانون کی منظوری کے لئے ایک نمونہ پیش کریں گے جس میں ہر میقات کے درسوں کے نصاب اور میقاتی امتحانات کی صراحت ہوگی۔

(۱۳) ہر امتحان کے پرچہ جات میں اصول قانون پر ایسے سوالات بھی ہوں گے جو امتحان مذکور کے موضوع سے متعلق ہوں۔

(۱۴) امتحانات مذکور میں کامیابی کے لئے امیدواروں کو ہر پرچہ میں ۴۰ فیصدی نشانات حاصل کرنے ہوں گے۔ کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات کے ۶۰ فیصدی حاصل کریں وہ درجہ اول میں کامیاب قرار دیے جائیں گے۔ اور جو ۴۵ فی صدی حاصل کریں وہ درجہ دوم میں۔

(۱۵) امتحانات کے اختتام پر نتائج کی ترتیب بہ لحاظ نشانات محصلہ بعجلت ممکنہ کی جائے گی۔

(۱۶) جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں وہ مابعد کے ایک یا زائد امتحانوں میں مکرر درخواست پیش کرنے اور فیس دینے پر شریک ہو سکیں گے۔

(۱۷) "ابتدائی" اور "آخری" امتحانوں میں جو امیدوار کامیاب ہوں گے انھیں صداقتنامجات دستخطی مسجل و امیر جامعہ علی الترتیب دیئے جائیں گے۔ جس میں تاریخ امتحان درج ہوگی اور اس درجہ کی صراحت ہوگی جس میں وہ کامیاب ہوئے ہوں۔

شعبۂ سائنس

امتحان ایم۔ ایس سی

کیمیا

امتحان ابتدائی:۔ سال اول میں امیدوار کو اعلیٰ نامیاتی، غیر نامیاتی، اور طبیعی کیمیا کے درسوں میں شریک رہنا ہوگا اور عملی کام اعلیٰ پیمانہ پر کرنا ہوگا۔ درس میں مضمون کے اطلاقی اور تاریخی پہلو پر خاص توجہ کی جائے گی۔ عملی کام پیچیدہ غیر نامیاتی تشریح (کمی اور کیفی)، نامیاتی مرکبات کی تیاری و شناخت، تجارتی نامیاتی و غیر نامیاتی تشریح اور طبیعی کیمیائی پیمائش پر مشتمل ہوگا۔

سال اول کے اختتام پر امتحان لیا جائے گا جس کے پرچے حسبِ صراحت ذیل ہوں گے:۔

		نشانات
پرچہ اول	عام اور غیر نامیاتی کیمیا	۱۰۰
" دوم	نامیاتی کیمیا	۱۰۰
" سوم	طبیعی کیمیا	۱۰۰

پرچہ چہارم	عملی بشمول معدنی تشخیص	۱۰۰
″ پنجم	نامیاتی تشخیص اور نامیاتی تیاریاں	۱۰۰
″ ششم	طبیعی کیمیائی پیمائش	۱۰۰
	جملہ	۶۰۰

امتحان آخری:- سال دوم یا سال آخر میں امیدوار کو نامیاتی کیمیا یا غیر نامیاتی کیمیا یا طبیعی کیمیا سے کوئی ایک مضمون بطور خاص انتخاب کرنا ہوگا اور اس مضمون کے اعلیٰ درسوں میں شریک رہنا ہوگا۔ باقی اوقات میں امیدوار کسی تحقیق کے کام میں مشغول رہیگا اور کسی پروفیسر کی مدد سے اس کے متعلقہ کتب کا مطالعہ کرے گا۔ سال کے آخر میں وہ اپنے علمی تجسس کے نتائج مقالہ کی شکل میں پیش کرے گا۔

زبانی امتحان کے علاوہ جو امیدوار کے مقالہ کے مضمون پر ہوگا ایک تحریری امتحان بھی لیا جائے گا۔ جس میں صرف دو پرچے نامیاتی یا غیر نامیاتی کیمیا پر بہ لحاظ مضمون منتخب کردہ ہوں گے۔ ہر ایک کے نشانات حسب ذیل ہوں گے:-

	نشانات
مقالہ بشمول امتحان زبانی	۲۰۰
پرچہ اول	۱۰۰
″ دوم	۱۰۰
جملہ	۴۰۰

طبیعیات

امتحان ابتدائی

پرچۂ اول ۔ عام طبیعیات و آواز	۱۰۰ نشانات
پرچۂ دوم ۔ نور (ہندسی و طبیعی)	〃 〃
پرچۂ سیوم ۔ حرارت بشمول حرکیات	〃 〃
پرچۂ چہارم ۔ حرارت، آواز اور مادہ کے خواص میں	〃 〃
پرچۂ پنجم ۔ عملی ۔ نور میں	〃 〃

امتحان آخری :۔

پرچۂ اول ۔ برق و مقناطیس	۱۰۰ نشانات
پرچۂ دوم ۔ کوئی خاص مضمون مثلاً برقیوں (Electron) کا نظریہ یا مقداروں (Quantum) کا نظریہ	۱۰۰ 〃
پرچۂ سیوم ۔ عملی امتحان مقناطیسیت و برق میں	۱۰۰ 〃
پرچۂ چہارم ۔ مقالہ	۲۰۰ 〃

پرچہ جات نظری ۳ گھنٹوں کے اور عملی ۴ گھنٹوں کے ہوں گے ۔

امتحان بی ایس سی کیمیا و طبیعیات میں کامیابی کیلئے وہی قواعد و نشانات کامیابی ہیں جو امتحان ایم اے کیلئے ہیں لیکن طلبہ کو نظری و عملی پرچوں میں الگ الگ کامیابی حاصل کرنی ہوگی ۔ اور اگر کوئی امیدوار ایک پرچہ میں ۲۵ فیصد سے کم نشانات حاصل کرے تو وہ ناکام قرار دیا جائیگا ۔

امتحان ایم ایس بی کیلئے عام قواعد وہی ہونگے جو امتحان ایم اے کیلئے منظور ہوئے ہیں

شعبۂ طبیہ

امتحان ایم۔بی۔بی۔ایس

(۱) ایم۔بی۔بی۔ایس کی طیلسان (ڈگری) کے لئے امیدواروں کو چاہئے کہ:۔

(۱) وہ جامعہ کے امتحان انٹرمیڈیٹ (شعبۂ فنون اور سائنس) میں طبیعیات اور کیمیا (نامیاتی اور غیر نامیاتی)، نباتیات اور حیوانیات لے کر کامیاب ہوں یا کسی ایسے امتحان میں کامیاب ہوں جس کو جامعہ امتحان انٹرمیڈیٹ مذکور الصدر کے مساوی تسلیم کرے۔

(۲) کامیابی امتحان انٹرمیڈیٹ مذکورہ کے بعد کم از کم پانچ سال تک جامعہ کے میڈیکل کالج میں زیر تعلیم رہیں۔

(۲) امیدواروں کو چار فنی امتحانوں میں کامیابی حاصل کرنی ہوگی جن کی تفصیل آگے آئے گی۔ یہ امتحانات حیدرآباد میں سال میں دو بار خورداد (اپریل)، اور شہریور (جولائی) میں اُن تاریخوں میں ہونگے جو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

(۳) ہر ایک فنی امتحان میں شرکت کی درخواستیں فیس مقررہ اور صداقت نامجات مصرحہ قواعد ہذا کے ساتھ کم از کم امتحان سے چار ہفتے قبل مسجل کے پاس پہنچ جانی چاہئیں۔

پہلے تین امتحانوں کے لئے فیس مقررہ پندرہ روپے

فی امتحان ہوگی اور چوتھے امتحان کے لئے تیس روپیہ ہوگی۔

(۴) جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوسکیں انھیں فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا البتہ وہ کسی امتحان مابعد میں مکرر درخواست پیش کرکے اور دوبارہ فیس داخل کرنے پر شریک ہوسکیں گے۔

(۵) ہر ایک مضمون میں امتحان تحریری تین گھنٹہ کا ہوگا اور اسکے علاوہ عملی اور زبانی امتحان بھی ہوگا۔ اردو ذریعۂ امتحان ہوگی۔

(۶) ہر فنی امتحان میں کامیابی کے لئے امیدواروں کو ہر مضمون کے تحریری امتحان میں کم از کم (۵۰) فی صدی عملی و زبانی امتحان میں کم از کم (۵۰) فی صدی اور بحیثیت مجموعی (۵۰) فی صدی نشانات حاصل کرنے ہوں گے۔ کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے کم از کم دو ثلث حاصل کریں وہ درجہ اول میں کامیاب قرار دئے جائیں گے اور باقی درجہ دوم میں اور ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات حاصلہ کی جائے گی۔

پہلے تین فنی امتحانوں میں دو دو مضمون ہوں گے اور امیدواروں کو ایک ساتھ ان دونوں میں کامیابی حاصل کرنی ہوگی۔ چوتھے فنی امتحان میں دو گروپ دو دو مضمون کے ہوں گے اور امیدواروں کو کم از کم کسی ایک گروپ کے دونوں مضامین میں ایک ساتھ کامیابی حاصل کرنی ہوگی۔

(۷) پہلے تین امتحانوں میں جو امیدوار کامیاب ہوں گے انھیں سجل کے دستخطی صداقت نامے دئے جائیں گے اور جو آخری یعنی چوتھے امتحان میں کامیاب ہوں گے انھیں امیر جامعہ کی دستخطی سند عطا کیجائے گی۔

پہلا فنی امتحان

(۸) دو سالہائے تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد پہلا فنی امتحان حسب ذیل مضامین میں ہوگا:۔

(۱) انا ٹمی

(۲) فزیالوجی

(۹) شرکت امتحان کی درخواست کے ساتھ امیدواروں کو حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے ہونگے:۔

(الف) صداقت نامہ کامیابی امتحان انٹرمیڈیٹ حسب دفعہ (۱) (ا) قواعد ہذا۔

(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقت نامہ مقررہ فارم پر:۔

(۱) دو بڑے اور دو چھوٹے میقاتوں میں انا ٹمی (بشمول امبریالوجی) کی تعلیم کے کم از کم دو سو لکچر معہ کامل جسم انسان کے ڈی سکشن اور ڈیمانسٹریشن کے۔

(۲) دو چھوٹے اور دو بڑے میقاتوں میں فزیالوجی کی تعلیم کے کم از کم دو سو لکچر۔
(۳) دو چھوٹے میقاتوں میں عملی ہسٹیالوجی کے کم از کم (۵۰) جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔
(۴) فزیالوجیکل کمسٹری کی تعلیم کے کم از کم (۲۰) جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔
(۵) اکسپیرینٹل فزیالوجی کے کم از کم (۲۰) جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

دوسرا فنی امتحان

(۱۰) پہلے فنی امتحان میں کامیابی حاصل کرکے ایک سال تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد دوسرا فنی امتحان حسب ذیل مضامین میں ہوگا:۔
(۱) بیٹریا ٹڈیکا (بشمول تھیراپیوٹکس)
(۲) ہائجن
(۱۱) درخواست شرکت امتحان کے ساتھ امیدواروں کو حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے ہونگے۔
(الف) پہلے فنی امتحان کے کامیابی کا صداقت نامہ۔
(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقتنامہ مقررہ فارم پر۔
(۱) ایک بڑے اور ایک چھوٹے میقاتوں میں

میٹریا میڈیکا (بشمول تھیراپیوٹکس) کی تعلیم کے
کم از کم ایک سو لکچر۔
(۲) فارمیسی کی جماعت کے بیس جلسے ہر ایک
دو گھنٹے کے۔
(۳) ایک بڑے میقات میں ہائجن کی تعلیم کے
کم از کم (۸۰) لکچر (بشمول عملی مشاہدات)
اور تعلیم پیچک ہزاری۔

تیسرا فنی امتحان

(۱۲) دوسرے فنی امتحان میں کامیابی حاصل کر کے ایک سال
تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد تیسرا فنی امتحان حسب ذیل
مضامین میں لیا جائے گا۔
(۱) پیتھالوجی (بشمول بیکٹریالوجی)
(۲) میڈیکل جورس پروڈنس
(۱۳) شرکت امتحان کی درخواست کے ساتھ امیدواروں کو
حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے ہوں گے۔
(الف) دوسرے فنی امتحان میں کامیابی کا صداقت نامہ
(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقت نامہ مقررہ
فارم پر:۔
(۱) دو بڑے میقاتوں میں پیتھالوجی (بشمول
بیکٹریالوجی) کی تعلیم کے کم از کم ایک سو

لکچر ہر میقات میں۔

(۲) عملی پیتھالوجی کے تیس جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۳) عملی بیکٹریالوجی کے تیس جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۴) ایک بڑی میقات میں میڈیکل جورس پروڈنس کی تعلیم کے کم از کم (۸۰) لکچر۔

(۵) پوسٹ مارٹم امتحانوں کے (۱۲) جلسے۔

چوتھا یا آخری فنی امتحان

(۱۴) تیسرے فنی امتحان میں کامیابی حاصل کر کے ایک سال تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد چوتھا یا آخری فنی امتحان حسب ذیل مضامین میں لیا جائے گا:—

گروپ (۱) مڈیسن اور کلینکل مڈیسن
مڈوائفری گینیکالوجی وامراض اطفال

گروپ (۲) جراحی اور کلینیکل جراحی
افتھالمالوجی

(۱۵) شرکت امتحان کی درخواست کے ساتھ امیدواروں کو حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے

ہوں گے :—

(الف) تیسرے فنی امتحان میں کامیابی کا صداقت نامہ۔

(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقت نامہ مقررہ فارم پر :—

(۱) میڈیسن کے دو کورس ہر ایک کم از کم سو لکچر کے۔

(۲) کلینیکل میڈیسن کے دو کورس ہر ایک کم از کم پچاس لکچر کے۔

(۳) میٹریا میڈیکا کا ایک کورس کم از کم (۸۰) لکچر کا۔

(۴) گینیکالوجی اور امراض اطفال کا ایک کورس کم از کم (۴۰) لکچر کا۔

(۵) جراحی کے دو کورس ہر ایک کم از کم سو لکچر کے۔

(۶) کلینیکل جراحی کے دو کورس ہر ایک کم از کم پچاس لکچر کے۔

(۷) آپریٹو سرجری کا ایک کورس کم از کم پندرہ جلسوں کا ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۸) اپلائیڈ اناٹمی (میڈیکل اور سرجیکل) کا ایک کورس کم از کم پچاس لکچروں کا۔

(۹) شفاخانہ امراض متعدی میں تین ماہ۔

(۱۰) کم از کم بیس زچگیوں کا مشاہدہ اور کم از کم چھ زچگیوں کا عمل۔

(۱۱) کلینیکل کلرک کی حیثیت سے میڈیکل وارڈز

ہیں (۹) ماہ۔

(۱۲) کلینیکل کلرک کی حیثیت سے سرجیکل وارڈز ہیں (۹) ماہ۔

(۱۳) بیرونی مریضا (اوٹ پیشنٹ) کے شعبہ میں (۹) ماہ۔

(۱۴) افتھالمالوجی کے کم از کم تیس لکچر (معہ کلینیکل انسٹرکشن)

(ج) صداقت نامہ اس امر کا کہ امیں تھیٹکس کے استعمال کی تعلیم حاصل کی گئی ہے۔

امتحان ایل۔ ایم اینڈ ایس

(۱) امتحان ایل۔ ایم۔ اینڈ۔ ایس کے امیدواروں کو چاہئے کہ:—

(۱) وہ جامعہ کے امتحان میٹریکولیشن میں یا کسی دوسرے امتحان میں جس کو جامعہ اپنے امتحان میٹریکولیشن کے مساوی تسلیم کرے کامیاب ہوں۔

(۲) امتحان میٹریکولیشن میں کامیابی کے بعد مضامین طبیعیات کیمیا (نامیاتی اور غیر نامیاتی) نباتیات اور حیوانیات میں ابتدائی تعلیم ایک سال تک حاصل کریں اور اس کے بعد جامعہ کے میڈیکل کالج میں کم از کم چار سال تک زیر تعلیم رہیں۔

(۲) امیدواروں کو تین فنی امتحانوں میں کامیابی حاصل کرنی ہوگی جن کی تفصیل آگے آئے گی۔ یہ امتحانات حیدرآباد میں سال میں دو بار خرداد (اپریل) اور شہریور (جولائی) میں ہوں گے۔

(۳) ہر ایک فنی امتحان میں شرکت کی درخواستیں فیس مقررہ اور صداقت نامجات مصرحہ قواعد ہذا کے ساتھ مسجل کے پاس امتحان سے کم از کم چار ہفتے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔ پہلے دو امتحانوں کی

فیس مقررہ بیس روپیہ فی امتحان ہوگی اور تیسرے امتحان کی فیس تیس روپیہ ہوگی۔

(۴) جو امیدوار امتحان میں کامیاب نہ ہوں یا کسی وجہ سے امتحان میں شریک نہ ہوں انھیں فیس کی واپسی کے مطالبہ کا حق نہ ہوگا۔ البتہ وہ کسی امتحان مابعد میں مکرر درخواست پیش کرنے اور دوبارہ فیس داخل کرنے پر شریک ہو سکیں گے۔

(۵) ہر ایک مضمون میں امتحان تحریری تین گھنٹے کا ہوگا اور اس کے علاوہ عملی اور زبانی امتحان بھی ہوگا۔ اردو ذریعہ امتحان ہوگی۔

(۶) ہر فنی امتحان میں کامیابی کے لئے امیدواروں کو ہر مضمون کے تحریری امتحان میں کم از کم (۳۳) فیصدی نشانات، عملی و زبانی امتحان میں کم از کم (۳۳) فی صدی نشانات اور بحیثیت مجموعی (۴۰) فی صدی نشانات حاصل کرنے ہوں گے۔ کامیاب امیدواروں میں سے جو جملہ نشانات میں سے کم از کم دو ثلث نشانات حاصل کریں وہ درجۂ اول میں کامیاب قرار دیے جائیں گے اور باقی درجۂ دوم میں اور ان کے ناموں کی ترتیب بلحاظ نشانات محصلہ کیجائے گی۔

جو امیدوار پہلے دو فنی امتحانوں میں کسی ایک مضمون میں اور آخری فنی امتحان میں کسی ایک

گروپ میں کامیاب ہوں تو وہ کسی امتحان مابعد میں پہلے دو فنی امتحانوں کے صرف مابقی مضمون میں اور آخری امتحان کے صرف مابقی گروپ میں شریک ہو سکیں گے ایسے امیدواروں کو امتحان کی پوری فیس ادا کرنی ہوگی۔

(۷) پہلے دو امتحانوں میں جو امیدوار کامیاب ہوں گے انھیں مسجل کا دستخطی صداقت نامہ اور جو آخری امتحان میں کامیاب ہوں گے انھیں ایسر جامعہ بہادر کی دستخطی سند عطا کی جائے گی۔

پہلا فنی امتحان

(۸) دو سالہائے تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد پہلا فنی امتحان حسب ذیل مضامین میں ہوگا۔

(۱) اناٹمی

(۲) فزیالوجی

(۳) ہیٹریاڈیکا

(۹) شرکتِ امتحان کی درخواست کے ساتھ امیدواروں کو حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے ہوں گے۔

(الف) حسب دفعہ (۱) قواعد ہذا امتحان میٹریکولیشن کی کامیابی کا صداقت نامہ اور حسب

دفعہ (۲) ایک سال کی تعلیم ابتدائی کا صداقت نامہ۔

(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقت نامہ مقررہ فارم پر۔

(۱) دو بڑے اور دو چھوٹے میقاتوں میں اناٹمی (بشمول امبریالوجی) کی تعلیم کے کم از کم دو سو لکچر مع کامل جسم انسان کے ڈیانسٹریشن اور ڈیسیکشن کے۔

(۲) دو بڑے اور دو چھوٹے میقاتوں میں فزیالوجی کی تعلیم کے کم از کم دو سو لکچر۔

(۳) عملی ہسٹالوجی کی تعلیم کے کم از کم تیس جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۴) فزیالوجیکل کیمسٹری کی تعلیم کے کم از کم (۱۵) جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۵) تجرباتی فزیالوجی کی تعلیم کے کم از کم (۱۵) جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۶) ایک بڑی اور ایک چھوٹی میقات میں تعلیم میٹریا میڈیکا (بشمول تھیراپیوٹکس) کے کم از کم ایک سو لکچر۔

(۷) فارمسی کی جماعت میں بیس جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

دوسرا فنی امتحان

(۱۰) پہلے فنی امتحان میں کامیابی حاصل کر کے ایک سال تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد دوسرا فنی امتحان حسب ذیل مضامین میں ہوگا۔

(۱) پھتالوجی (بشمول بیکٹریالوجی)

(۲) ٹڈیکل جورس پروڈنس۔

(۳) ہائیجین۔

(۱۱) شرکت امتحان کی درخواست کے ساتھ امیدواروں کو حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے ہوں گے۔

(الف) پہلے فنی امتحان میں کامیابی کا صداقت نامہ۔

(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقت نامہ مقررہ فارم پر۔

(۱) ایک بڑی میقات میں پھتالوجی (بشمول بیکٹریالوجی) کی تعلیم کے کم از کم ایک سو لکچر۔

(۲) عملی پھتالوجی اور بیکٹریالوجی کی تعلیم کے کم از کم تیس جلسے ہر ایک دو گھنٹے کے۔

(۳) ایک بڑی میقات میں ٹڈیکل جورس پروڈنس کی تعلیم کے کم از کم (۸۰) لکچر۔

(۴) ایک بڑی میقات میں ہائیجین کے
(۸۰) جلسے (مع ڈیمانسٹریشن) اور
تعلیم چیچک برآری۔
(۵) کم از کم چھ پوسٹ مارٹم امتحانوں میں
شرکت۔

تیسرا یا آخری فنی امتحان

(۱۲) دوسرے فنی امتحان میں کامیابی حاصل کرکے ایک
سال تعلیمی تک زیر تعلیم رہنے کے بعد تیسرا یا
آخری فنی امتحان حسب ذیل مضامین میں
ہوگا۔

گروپ (۱) مڈیسن اور کلینیکل مڈیسن
مڈوائفری گینیکالوجی و امراض اطفال۔

گروپ (۲) سرجری اور کلینیکل سرجری
افتھالمالوجی۔

(۱۳) شرکتِ امتحان کی درخواست کے ساتھ امیدواروں
کو حسب ذیل صداقت نامے پیش کرنے
ہوں گے۔

(الف) دوسرے فنی امتحان میں کامیابی کا
صداقت نامہ۔

(ب) حسب ذیل نصاب کی تعلیم کا صداقت نامہ مقررہ فارم پر۔

(۱) میڈیسن کے دو کورس ہر ایک کم از کم ایک سو لکچر کے۔

(۲) کلینیکل میڈیسن کے دو کورس ہر ایک کم از کم پچاس لکچر کے۔

(۳) میڈوائفری کا ایک کورس کم از کم (۸۰) لکچر کا

(۴) گینیکالوجی و امراض اطفال کا ایک کورس کم از کم (۴۰) لکچر کا۔

(۵) سرجری کے دو کورس ہر ایک کم از کم ایک سو لکچر کے۔

(۶) کلینیکل سرجری کے دو کورس ہر ایک کم از کم پچاس لکچر کے۔

(۷) آپریٹیو سرجری کا ایک کورس کم از کم (۱۵) جلسوں کا ہر ایک جلسہ دو گھنٹوں کا۔

(۸) شفاخانہ امراض متعدی میں دو ماہ۔

(۹) کم از کم بیس زچگیوں کا مشاہدہ اور کم از کم چھ زچگیوں کا عمل۔

(۱۰) کلینیکل کلرک کی حیثیت سے میڈیکل وارڈ زمیں (۹) ماہ۔

(۱۱) کلینیکل کلرک کی حیثیت سے سرجیکل وارڈ میں (۹) ماہ۔

(۱۲) بیرونی مریضاں (اوپیشنٹ) کے شعبہ میں تین ماہ۔

(۱۳) افتھالمالوجی میں ایک کورس کم از کم تیس لکچروں کا (مع کلینیکل انسٹرکشن)

(ج) انیس تھیٹھاک کے استعمال کی تعلیم حاصل کرنے کا صداقت نامہ۔

شعبۂ انجینرنگ

امتحان بی۔ای

امیدواران بی۔ای ڈگری کے کلیہ میں داخل ہونے کے لیئے ضروری ہوگا کہ وہ

(الف) (۱۸) سال سے زائد اور (۲۲) سال سے کم ہوں۔

(ب) ایک صداقت نامہ مصدقہ عہدہ دار سررشتہ طبابت جس کا درجہ سیول سرجن کے درجہ سے کم نہ ہو اس امر کا پیش کریں کہ وہ محکمہ تعمیرات کے بیرونی کام کی انجام دہی کے قابل ہیں اور یہ کہ ان کو چیچک نکل چکی ہے یا چیچک کا ٹیکہ دیا گیا ہے۔

(ج) کسی مسلمہ جامعہ کا امتحان انٹرمیڈیٹ مندرجہ ذیل مضامین لیسکر کامیاب ہوں:۔

(۱) ریاضی

(۲) طبیعیات

(۳) کیمیا

(۴) انگریزی

(د) ایک صداقت نامہ نیک چلنی پیش کریں۔

(ھ) ایک اقرار نامہ پر دستخط کریں کہ وہ کلیہ میں قواعد جامعہ کی پابندی کریں گے۔

(۵) اردو زبان میں کافی مہارت رکھتے ہوں۔

ہر سال جو امیدوار شریک کئے جائیں گے انکی تعداد (۱۰) سے زاید نہ ہوگی۔ رعایائے سرکار عالی کو ترجیح دی جائے گی اور برار کے باشندے رعایائے سرکار عالی متصور ہوں گے۔ امیدواروں کا آخری انتخاب ان کی عام قابلیت کے لحاظ سے کلیہ کے پریزیڈنٹ کریں گے اور اگر اس کی ضرورت سمجھیں تو امتحان مقابلہ بھی منعقد کریں گے۔

درخواستیں ہر سال معتمد کے پاس ۱۰ امرداد سے قبل مقررہ فارم پر جو معتمد کلیہ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں پہنچ جانی چاہیں۔

میقات کے آغاز ہو جانے پر امیدوار خاص وجوہات پیش کرنے پر اور پریزیڈنٹ کے منظوری کے بعد شریک ہو سکیں گے۔ لیکن ماہ شہریور کے اختتام کے بعد کوئی امیدوار شریک نہیں ہو سکے گا۔

حاضری چال چلن

طلبہ کو چاہیے کہ مقررہ نصاب کی تکمیل کے لیے وہ کلیہ میں پابندی سے حاضر ہوں۔ بصورت عدم حاضری تحریری درخواست معتمد کلیہ کے پاس فوراً وصول ہونی چاہیے۔ بصورت بیماری اگر طوالت کا اندیشہ ہو۔ درخواست کیساتھ

صداقت نامہ طبی بھی پیش ہونا چاہیے۔

جو طلبہ لکچروں یا دار التجربہ میں دیر سے حاضر ہوں گے رجسٹر حاضری میں ان کی حاضری شمار نہیں کی جائیگی۔

جو طلبہ کسی جماعت میں پابندی سے حاضر نہ ہوں یا کسی جماعت کی میقاتی امتحانوں میں بلا اجازت معتمد کلیہ غیر حاضر ہوں وہ اس جماعت کے صداقت نامہ حاضری کے مستحق نہ ہوں گے۔ (جامعہ کے امتحان بی۔ ای کے لیئے ایسے صداقت ناموں کی ضرورت ہے)۔

امیدوار کی اقل حاضری (۶۷) فیصدی ہوگی۔

اگر کسی طالب علم کی تعلیمی حالت اطمینان بخش نہ ہو یا اس کا چال وچلن قابل اعتراض ہو تو معتمد کی سفارش پر پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ ایسے طالب علم کو کلیہ سے خارج کردے یا مکرر داخل نہ کرے۔

نصاب تعلیم چار سالہ ہوگا جن میں سے طالب علم کو تین سال کلیہ میں زیر تعلیم رہنا ہوگا اور چوتھے سال کی حاضری تعمیرات کے کاموں پر ہوگی۔

طلبہ سال دوم کے آخر میں امتحان انجنیرنگ حصہ اول کے لیئے شریک ہوں گے اور کلیہ میں تین سال تک کامیابی کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کے بعد امتحان بی۔ ای میں شریک کئے جائیں گے۔

طلبہ سیول انجنیری آخری امتحان میں کامیاب ہونے کے

بعد ایک سال تک تعمیرات کے بڑے کاموں پر مامور ہونگے اور "تیاری مواد" "عملی تفصیلات تعمیر" "انتظام مزدوران" اور طریقہ حساب میں باضابطہ تعلیم حاصل کریں گے۔ طلبہ میکانیکل انجنیری سال آخر کسی مسلمہ انجنیرنگ ورک شاپ میں مامور کئے جائیں گے۔

جامعۂ عثمانیہ سے بی۔ای کی طیلسان انھیں طلبہ کو عطاء کیے جائیں گے جو امتحان بی۔ای ڈگری کی کامیابی کے بعد ایک سال تک عملی تعلیم حاصل کریں جس کو پریزیڈنٹ نے پسند کیا ہو۔

فیس

فیس داخلہ (۵) ہوگی جو کسی حالت میں قابل بازگشت نہ ہوگی۔

جو طلبہ دوسری جامعات سے اس جامعہ میں منتقل ہوں انھیں (۵) فیس رجسٹری ادا کرنا ہوگا۔

طلبہ سے اجرت تعلیم حسب شرح ذیل پیشگی وصول کی جائے گی:۔

سالانہ ۱۰۰

بہ اقساط (نو ماہ) ۱۰۵

سردے اور دوسرے موقعوں کے لیے طلبہ کو خود اپنے اخراجات برداشت کرنے ہوں گے۔

ہر سال بوقت شرکت طلبہ کو (۵) بطور فیس ضرب و شکست جمع کرنی ہوگی۔

کسی شکستہ چیز کی قیمت یا اشیاء نقصان رسیدہ کی مرمت کے اخراجات طالب علم کی اس جمع شدہ رقم سے منہا کئے جائینگے اور بقیہ رقم میقات ختم ہونے کے ایک ماہ کے بعد واپس کردی جائیگی۔

اگر نقصان اشیاء کی رقم فیس جمع شدہ سے زیادہ ہو تو وہ بھی طلبہ سے وصول کی جائے گی۔ اگر کسی چیز کو نقصان پہنچنے کے بعد اس کا پتہ نہ چلے کہ کون طالب علم اس کا ذمہ دار ہے تو ایسی صورت میں تمام طلبہ اس نقصان کے ذمہ دار قرار دے جائیں گے۔

فیس امتحانات حسب ذیل ہوگی:۔

امتحان حصۂ اول ۵

" دوم آخری ۵

اگر حصۂ اول کے امتحان میں کوئی طالب علم کسی مضمون یا مضامین سے مستثنیٰ کیا جائے تو اس کو امتحان کی پوری فیس ادا کرنی ہوگی۔ فیس کی رقم معتمد کلیہ کے ذریعہ مسجل کے پاس روانہ کردی جائیگی۔

طلبہ کو سالانہ (۴) چندہ کلیہ کے کھیل کی کلب کو ادا کرنا ہوگا۔

میقات

میقات کا آغاز ماہ شہریور کے پہلے شنبہ سے اور اگر اس روز تعطیل واقع ہو تو اس کے بعد کے دن سے ہوگا۔ طلبہ کا داخلہ آغاز میقات کے ایک روز قبل ہوگا۔

میقات مندرجہ ذیل دو حصوں میں منقسم ہوگا:۔

میقات سرما:۔ ماہ شہریور کے پہلے شنبہ سے سال بعد کے ماہ بہمن کے دوسرے پنجشنبہ تک۔

میقات گرما:۔ ماہ اسفندار کے پہلے شنبہ سے ماہ اردی بہشت کے آخری پنجشنبہ تک۔

امتحانات ماہ خورداد (اپریل) میں ان تاریخوں میں منعقد ہوں گے جن کو مجلس انتظامی مقرر کرے۔

آلات نقشہ کشی مثل ڈرائنگ بورڈ ٹی اسکوائر وغیرہ طلبہ ذاتی اخراجات سے مہیا کریں گے۔ البتہ دوران قیام کلیہ میں آلات سروے کی سربراہی مفت کی جائے گی۔

کمرہ ڈرائنگ سے قفل دار الماریاں بہ ادائی نیس (۵) سالانہ مل سکیں گے۔ اس کی کنجی (۱) جمع کرنے پر دی جائے گی اور یہ رقم کنجی واپس ہونے پر بازگشت کر دی جائے گی

رہائش طلبہ

طلبہ انجینیرنگ کالج اگر کلیہ جامعہ عثمانیہ کے کسی اقامت خانہ

میں رہنا چاہیں تو ان کو چاہیے کہ سکرٹری انجینیرنگ کالج کے توسط سے صدر صاحب کلیہ جامعہ عثمانیہ کو درخواست کریں۔

وظائف

مستحق طلبہ کو ہر سال وظائف دیئے جائیں گے جن کی تعداد محدود ہوگی۔ وظائف کی تفصیلی کیفیت سکرٹری صاحب انجینیرنگ کالج سے ہو سکتی ہے۔

استثنیٰ

جو طلبا نیچے مضمون طبیعیات میں کامیاب ہوئے ہوں ان کو مضمون مذکور کے درسوں میں شریک رہنے سے مستثنیٰ کیا جائے گا اور طلبا متعین ریاضی مضمون مذکور میں سال اول کے درسوں کی حاضری سے مستثنیٰ رہیں گے۔ لیکن تمام صورتوں میں ایسے طلبہ کو ممتحن متعلقہ کو اپنی مضمون دانی کا اطمینان دلانا ہوگا۔

امتحانات

ہر میقات کے ختم پر ان مضامین میں جن کی اس میقات میں تعلیم دی گئی ہے کلیہ میں امتحان لیا جائے گا۔

جامعہ کے امتحانات سال دوم و سال سوم کے آخر میں ہوں گے اور حصہ اول و حصہ دوم کے نام سے موسوم ہونگے۔

حصہ دوم کے امتحان کی کامیابی کے بعد بی۔ای کی ڈگری عطا کی جائے گی۔

امتحان حصۂ اوّل

(۱) ریاضی نظری :-

(الف) ۔ہندسہ تحلیلی اور مستوی اور مجسم
(ب) ۔احصائے۔ احصائے تکملات
احصائے تفرقات و تفرقی مساوات
} ایک پرچہ

(۲) عملی ریاضی :-

(الف) ۔سکونیات
(ب) علم حرکت
(ج) ۔اسکونیات
} ایک پرچہ

(۳) پیمائش

(۴) اشیا کی چستی اور مضبوطی اور نظریہ تعمیر
(۵) بھاپ کے انجن اور مشین کا نظریہ
(۶) سیول انجنیری تجویز و نقشہ کشی سیول انجنیروں کے لیے

یا

تجویز مشین و نقشہ کشی میکانیکل انجنیروں کے لیے

امتحان حصۂ دوم

سیول

(۱) لچک کا اعلیٰ نظریہ اور نظریہ تعمیر — ایک پرچہ

(۲) تقسیم الارض اعلیٰ — 〃 〃 〃

(۳) ماقوائیات — 〃 〃

(۴) آبپاشی — 〃 〃

(۵) سیول انجنیرنگ اور محکم کنکریٹ تجویز — 〃 〃

میکانیکل

(۱) لچک کا اعلیٰ نظریہ اور مشین کا نظریہ — 〃 〃

(۲) ماقوائیات — 〃 〃

(۳) حرحرکیات — 〃 〃

(۴) فلزیات اور ایندھن — 〃 〃

(۵) مشین اور تجویز مشنی آلات — 〃 〃

امتحان بی۔ٹی

(۱) امتحان بی۔ٹی میں صرف وہی امیدوار شریک ہوسکیں گے جو جامعہ عثمانیہ کے شعبۂ فنون یا سائنس کے طیلسانی ہوں یا کسی ایسے جامعہ کے طیلسانی ہوں جس کو جامعہ ہذا نے تسلیم کیا ہو۔

(۲) امتحان بی۔ٹی کی تعلیم اور ٹریننگ کی مدت ایک سال تعلیمی ہوگی جس میں ۳ میقاتیں ہوں گی۔ جامعہ کے ٹیچرس ٹریننگ کالج میں ۷۵ فیصدی حاضری لازمی ہوگی۔

(۳) امتحان تحریری ہوگا اور مطبوعہ پرچوں کے ذریعہ لیا جائیگا۔ طریقۂ تعلیم میں امیدوار کی قابلیت کی جانچ کے لیئے ایک عملی امتحان بھی ان مضامین کے طریقۂ تدریس میں ہوگا جن کو اس نے زیر دفعہ ۵ (د) لیا ہو امیدوار کی قابلیت کی جانچ کے لیے عملی اسباق کے متعلق کالج میں جو رکارڈ ہوگا اس کا کافی لحاظ کیا جائے گا۔

ہر امیدوار کو ایک اندرونی و ایک بیرونی ممتحن کی موجودگی میں دو مکمل سبق دینے ہونگے۔

(۴) نصاب لکچروں، منتخب کتب کے مطالعہ اور باہمی مباحثہ پر مشتمل ہوگا اس کے علاوہ جماعتوں کو قابو میں رکھنے اور تعلیم دینے کی مشق کرائی جائے گی اور مباحث بھی ہونگے۔ دوران سال میں ہر امیدوار کو کم از کم ۲۰ سبق اساتذہ کی

زیر نگرانی دینے ہونگے۔

(ہ) نصاب تعلیم جس میں کہ امتحان لیا جائیگا حسب ذیل ہوگا۔

(الف) نظم و نسق و ضبط مدرسہ معہ حفظان صحت۔ ایک پرچہ

(ب) تعلیمی نفسیات " "

(ج) عام اصول تعلیم " "

(د) مندرجہ ذیل دو گروپوں میں سے ہر ایک میں سے ایک ایک مضمون کا خاص طریقہ تعلیم " "

(۱) انگریزی علوم طبعی یا حیاتیاتی

(۲) تاریخ۔ جغرافیہ۔ ریاضی

(ھ) تخیلات تعلیمی کی تاریخ اور فن تعلیم کی خاص کتب۔ ایک پرچہ

(و) مضامین خاص مضامین مندرجہ ذیل میں سے ایک:۔ "

(۱) طریقہ تعلیم کے جدید اصول اور رسائل

(۲) تعلیمی تجربات

(۳) بچوں کی تعلیم

مندرجہ ذیل زائد مضامین میں بھی تعلیم دی جائے گی مگر ان میں امتحان نہ ہوگا۔

(الف)۔ تختۂ سیاہ کی تصویریں۔

(ب)۔ تعلیم دست کاری یا مطالعۂ فطرت و باغبانی۔

ایسے امیدوار جو ۳۵ فیصد نشانات پرچہ اول و دوم میں اور ۳۵ فیصد نشانات پرچے سوم، چہارم اور پنجم میں اور ۳۵ فیصد نشانات علحدہ علحدہ پرچہ ششم و نہم میں اور تحریری

امتحان میں بحیثیت مجموعی ۴۰ فیصدی اور امتحان عملی میں ۴۰ فیصدی نشانات حاصل کریں وہ بی۔ ٹی ڈگری کے مستحق قرار پائیں گے بقیہ ناکام شمار ہونگے۔ کامیاب امیدواروں میں سے جو بحیثیت مجموعی ۶۵ فیصد نشانات حاصل کریں وہ درجہ اول میں اور جو بحیثیت مجموعی ۵۰ فیصدی نشانات حاصل کریں درجہ دوم میں کامیاب قرار دئے جائیں گے بقیہ کامیاب امیدوار درجہ سوم میں شمار ہوں گے۔ جو کامیاب امیدوار مضمون منتخبہ زیر دفعہ ۵ (د - ۱) یا ۵ (د - ۲) میں کم از کم ۶۵ فیصدی نشانات حاصل کریں ان کو اس مضمون میں امتیاز دیا جائے گا۔

(۱۸) درسی کتب مقررہ

شعبۂ فنون

امتحان میٹریکولیشن

انگریزی

سنہ ۱۳۴۹-۱۳۴۰ف (سنہ ۱۹۳۰-۱۹۳۱)

نثر تفصیلی :-

A Book of English Prose edited by Eric Partridge (Edward Arnold & Co.). The following selections :—

1. Stage Lions—Joseph Addison.
2. The Capture of a Fleet—Jonathan Swift.
3. Beau Tibbs—Oliver Goldsmith.
4. A Dissertation on the Art of Flying—Samuel Johnson.
5. My First Play--Charles Lamb.
6. The Chase and After—Sir Walter Scott.
7. An Adventure in the South Sea Islands—E. A. Poe.
8. Squeers—Charles Dickens.
9. EarlyTimes in England —Lord Macaulay.
10. Boys Together—George Meredith.
11. English Preparations for the Armada—J. A. Froude.
12. A Glimpse of Nature—John Ruskin.
13. The Character of Dogs—R. L. Stevenson.
14. A Fight Against a Typhoon--Joseph Conrad.

نثر برائے مطالعہ سرسری :-

The Life and Adventures of Robinson Crusoe by Daniel Defoe, English Literature for Secondary Schools Series, Macmillan & Co.

The following selections from Palgrave's Golden Treasury :—

Under the Greenwood Tree .... Shakespeare.
Blow, Blow, Thou Winter wind. do
Fidele .... do
On the Tombs in Westminster Abbey ... . Beaumont.
On his blindness ... ... Milton.
Character of a Happy Life .... Wotton.
The Noble Nature ... . Ben Jonson.
To Blossoms ... . Herrick.
To Daffodils .... .. do
The Quiet Life .... .. Pope.
The Blind Boy .... .. Cibber.
Loss of the Royal George .. Cowper.
The Solitude of Alexander Selkirk do
Lord Ullin's Daughter .... Campbell.
When we two parted .. Byron.
Milton thou shouldst be living at this hour .. ... Wordsworth.
Hohenlinden .. .... Campbell.
The Burial of Sir John Moore at Corunna .. .. Wolfe.
The old Familiar Faces .... Lamb.
Past and Present .... Hood.
The Light of Other Days .. Moore.
The Scholar ... .. Southey.
To the Skylark .... Wordsworth.
Ode to a Nightingale .... Keats.
Upon Westminister Bridge .... Wordsworth.
The Reaper .... do
The World is too much with us .. do
A Jacobite's Epitaph Lord Macaulay.
The Slave's Dream Longfellow.
The Brook Lord Tennyson.
The Lost Leader R. Browning.
Home thoughts from Abroad do
Home thoughts from the Sea do
Tubal Cain Mackay.
Where Lies the land A. H. Clough.
Summer Dawn W. Morris.

سنہ ۱۳۴۱-۱۳۴۲ ف (سنہ ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

پہلی میٹرک :-
نثر تفصیلی :-

Macmillan's High School Reader No. II.

نثر برائے مطالعہ سرسری :-

Macmillan's II year Reader
Discoveries and Inventions by Ben Mendelssohn, B.A.

پیپر بک ایشن :-
نثر تفصیلی :-

A University Entrance course in Modern English Prose. (Macmillan & Co.)

The following selection :—

1. The First Railway—H. D. Williams.
4. In the Amazon Forest—R. J. Finch
5. Our Unseen Friends and Foes—From the Child's Encyclopedia.
6. The Wager—A. Dumos. Part I & II.
10. Baghdad in the Hot Weather.... Blackwood's Magazine.
12. The Bear Hunt .... Leo Tolstoy
14. The Candle Flame .... Michael Faraday
15. The Cabuliwallah Part I & II.... Ranbidranath Tagore.
16. How Stanley found Livingstone, Sven Hedin. (Part I and II)
17. The Praying Mantis .... J. H. Fabre
19. Life on the Nile .... Eliot Warburton
    (1) A crocodile Hunt
    (2) Life on the River
22. The conquest of the air .... Harry Harper

نثر برائے مطالعہ سرسری :-

Report of Hentzau by Anthony Hope, abridged by E. V Rieu (Oxford University Press)

نظم :-

The following selection from Palgrave's Golden Treasury :—

Under the Greenwood Tree	Shakespeare.
Blow, Blow, Thou Winter Wind	do
Fidele	do
On the Tombs in Westminister Abbey	Beaumont.
On his Blindness	Milton.
Character of a Happy Life	Wotton.
Blossoms	Herrick
The Blind Boy	Cibber.
The Curfew tolls the knell of parting day	Thomas Grey
The Solitude of Alexander Selkirk	Cowper
Lord Ullin's Daughter ..	Campbell.
Milton ; thou shouldst be living at this hour	Wordsworth.
Hohenlinden	Campbell.
The Burial of Sir John Moore at Corunna	Wolfe.
The Old Famliar Faces	Lamb.
Past and Present	Hood.
The Light of Other Days	Moore.
The Scholar	Southey.
To the Cuckoo	Wordsworth
Upon Westminister Bridge	do
The Reaper	do
I wandered lonely as a cloud	do
The World is too much with us	do
A Jacobite's Epitaph	Lord Macaulay.
The Slave's Dream	Longfellow.
Break, break, break	Lord Tennyson.
The Brook	do
The Lost Leader	R. Browning.
Tubal Cain	Mackay.
Where Lies the land to which the ship would go	A. H. Clough.

The Sands of Dee — Charles Kings
When all the World is young lad — do
Summer Dawn — W. Morris.
O Captain : my captain : our fearful trip is done — Walt Whitman.

English Composition by W. Turner recommended for class use only (both for the Pre-matric and Matric (Classes)

نوٹ :

Palgrave's Golden Treasury کے انتخاب کی تعلیم پری میٹرک کلاس میں شروع کیجا سکتی ہے۔ جو کتابیں پری میٹرک کلاس کیلئے مقرر ہیں ان میں صرف مدرسہ میں امتحان لیا جائیگا۔ جامعہ کا امتحان ان کتابوں میں نہ ہوگا۔

عربی

سنہ ۱۳۴۰-۱۳۳۹ ف (سنہ ۱۹۳۱-۱۹۳۰ء)

نثر :-

مجانی الادب حصۂ اوّل (مطبوعہ بیروت)
تفصیلی مطالعہ کیلئے از صفحہ ۷ تا ۲۳ و از صفحہ ۳۱ تا ۴۲
سرسری مطالعہ کیلئے از صفحہ ۵۲ تا ۶۵ و از صفحہ ۲۲ تا ۲۶

نظم :-

قصیدۂ بردہ (امام بصیری)

قواعد :-

کتاب الصرف و کتاب النحو مصنفہ حافظ عبدالرحمٰن امرتسری

سنہ ۱۳۴۱-۱۳۴۲ھ (سنہ ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

نثر :-

تفصیلی مطالعہ کیلئے :- مجانی الادب حصۂ اوّل (مطبوعہ بیروت)

از صفحہ ۲۳۱ تا ۲۳۶ و از صفحہ ۱۴۱ تا ۱۵۲

سرسری مطالعہ کیلئے :- منتخب* الملح حصۂ اوّل قسم اوّل (مطبوعہ بیروت)

از صفحہ ۱ تا ۵۵

نظم :-

قصیدہ بردہ (امام بوصیری)

قواعد و ترجمہ :-

مبادی العربیہ فی الصرف والنحو مولفہ رشید الشرتونی حصۂ اوّل (مطبوعہ بیروت)

(ترجمہ از اردو بہ عربی و از عربی بہ اردو)

---

* (یہ کتابیں عبدالصمد اینڈ سنس مالکانِ مطبع احمدیہ سید واڑہ سورت سے طلب کیجا سکتی ہیں)

سنسکرت

۱۳۴۰-۱۳۳۹ف؛ ۱۹۳۱-۱۹۳۰ء

نثر:-

Lele's Sanskrit Course, Part I (1924), from story 51 to 80 both inclusive.

نظم:-

Lele's Sanskrit Course, Part I (1924), pages 104-109, both inclusive (verses 67-125 both inclusive).

قواعد:-

Dr. Bhandarkar's Book I & II, omitting aorist (Messrs. Gopal Narayan & Co., Bombay).

۱۳۴۱-۱۳۴۲ف؛ ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء

نثر:-

Lele's Sanskrit Course, Part I (1928), from 51st Story ' The tale of King Nahusha ' (Rajno Nahushaya Katha) to the end of 80th story, Dasharatha's Curse, (Dasharath Shapvritant).

نظم:-

Lole's Sanskrit Course, Part I (1928, from verse 51st (Langulchalan etc) to the end of 101st verse (ending with Rahovitaatmurjitam etc.)

قواعد:-

Dr. Bhandakar's Book I and II, omtting Aorist, (Messrs. Gopal Narayan & Co., Bombay)

فارسی

۱۳۳۹ف سنہ ۱۹۳۰ء

گنجینۂ ادب (انوار احمدی پریس۔ الہ آباد) باستثنائے انتخاب گلستان
باب ہشتم و بوستان باب سوم

قند پارسی

مفتاح القواعد

۱۳۴۰ف (سنہ ۱۹۳۱ء)

در فارسی مولفۂ ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب

مصباح القواعد حصۂ اوّل۔ دوم و سیوم مطبوعۂ مطبع انوار احمدی الہ آباد

۱۳۴۱-۱۳۴۲ف (سنہ ۱۹۳۲ء-۱۹۳۳ء)

در فارسی مولفۂ ڈاکٹر محمد نظام الدین صاحب

مخزن القواعد مرزا علی رضا ماہر شیرازی (مکتبۂ ابراہیمیہ حیدرآباد دکن)

اردو

۱۳۳۹-۱۳۴۰ف (سنہ ۱۹۳۰-۱۹۳۱ء)

نصاب اردو مولفۂ مولوی عبدالحق صاحب۔

مصباح القواعد مصنفہ فتح محمد جالندھری

۱۳۴۱-۱۳۴۲ف (سنہ ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

حسب نصاب (سنہ ۱۳۳۹-۱۳۴۰ف و سنہ ۱۹۳۰-۱۹۳۱ء)

مرہٹی

(۱۳۳۹-۱۳۴۰ف / ۱۹۳۰-۱۹۳۱ء)

نثر:-

Vachanpathamala Part I. pages 1-160 by K G. Kinare.

نظم:-

Kekavali by Maropant—the first 50 kekas.

قواعد:-

R. B. Joshi's Grammar, Book II.

نوٹ:- یہ کتابیں نیو کتاب خانہ بدھوار پیٹ شہر پونہ سے دستیاب ہو سکتی ہیں

نثر:- (۱۳۴۱-۱۳۴۲ف / ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

Jagachen Wangmaya. Prose extracts only by R. P. Sabnis. Macmillan & Co., Ltd., Bombay.

نظم:-

Kekavali by Maropant—from keka 51 to the end.

قواعد: حسب نصاب ۱۳۳۹ و ۱۳۴۰ف

کنڑی

(۱۳۳۹-۱۳۴۰ف / ۱۹۳۰-۱۹۳۱ء)

نثر:-

Madidunno Maharaya by M S Puttana, Bangalore.

نظم:-

Torave Ramayana, Balakanda, The last 292 Stanzas. (Karnataka Sahitya Parishat Edition)

قواعد:- Vyakarna Sara Sangraha.

نظم:- سنہ ۱۳۴۱-۱۳۴۲ف (سنہ ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

Yamana Solu and Kinneri Jogi by Puttayya and Someswara Sataka, edited bp Karnataka Sahitya Parishat.

نثر:-

(1) Tapobala by Sri Siva, published by B Srinivasa Iyengar, Bangalore.
(2) Swaprayasa Phala Dipike by Vedamrita Christian Library Society, Mysore.

قواعد:-

Vyakarna Sara Sangraha.

تلنگی

نثر:- سنہ ۱۳۳۹-۱۳۴۰ف (سنہ ۱۹۳۰-۱۹۳۱ء)

Tales from the Dramas of Kalidasa by N. Ranga Rao, published by Arya Book Depot, Rajmandri.

نظم:-

Purana Mani Manjari, 2nd Edition, published by R. Venkateswar & Co,, Loan Square, George Town, Madras.

Pages 174 to 184 Stanzas 45.
,, 185 to 191 ,, 19.
,, 192 to 198 ,, 27
,, 198 to 206 ,, 34.

قواعد:-

Sulabha Vyakaranam, Parts I and II.

سنہ ۱۳۴۱-۱۳۴۲ف (سنہ ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

نثر:-

1. Suyodhana Vijayam by K. Raghupati Rao.
2. Tales from the Dramas of Kalidasa by N. Ranga Rao, published by Arya Book Depot, Rajahmandury.

3 Sath Katha Manjari, (Non-detailed) Part II. by Gollapudi Srirama Sastri, Chittore.

نظم :-

Dhruvopakhyanamu (The whole) (Vavilla R. Sastri & Sons, Madras).

قواعد :-

Sulabha Vyakaranam, Parts I& II.

تاریخ ہند و جغرافیہ

(۱) تاریخ ہند میٹریکولیشن مولفہ سید ہاشمی (سلسلۂ جامعہ عثمانیہ)
(۲) جغرافیہ میں کوئی کتاب مقرر نہیں ہے تفصیلی نصاب ضمیمہ الف میں درج ہے مندرجۂ ذیل کتاب کی سفارش کیجاتی ہے :-
جغرافیہ عالم حصہ اول و دوم (سلسلۂ جامعہ عثمانیہ)

تاریخ انگلستان

تاریخ انگلستان مصنفۂ اے۔بی۔یگلے (سلسلۂ جامعہ عثمانیہ)

ریاضی

(۱) ریاضی ابتدائی (برائے طلبہ گروپ۔الف) حساب الجبرا جیومیٹری و مساحت :-
کوئی کتاب مقرر نہیں ہے تفصیلی نصاب ضمیمہ میں درج ہے۔
(۲) ریاضی اعلیٰ (برائے طلبہ گروپ ب) حساب الجبرا و مساحت میں کوئی کتاب مقرر نہیں ہے۔ نصاب ضمیمہ میں درج ہے۔

جیومیٹری۔ ہال اینڈ اسٹونس اسکول جیومیٹری ابتدائی ۴ حصے (باستثنائے خط سمن نو قطاعی دائرہ و ابتدائی خواص مثلث متشابہ)

سائنس

طبیعات و کیمیا۔

(۱) طبیعات برائے میٹریکیولیشن حصہ اول۔ دوم (سلسلہ جامعہ عثمانیہ)

(۲) کیمیا " " " " " "

دینیات یا اخلاقیات

الف۔ دینیات برائے طلبہ حنفی۔

(۱) عقائد و اخلاق

(ا) عقائد اسلام ترجمہ فقہ اکبر مطبوعہ قیومی پریس کانپور ار صفحہ ۴ تا ختم

(اا) ترجمہ اربعین مصنفہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ (مترجمہ مولانا عاشق علی)

(۲) فقہ۔

احسن المسائل کے حسب ذیل ابواب :-

کتاب النکاح۔ کتاب الرضاعۃ۔ کتاب الطلاق۔ کتاب الایمان۔

کتاب الصید والذبائح۔ کتاب الاضحیہ۔ کتاب الکراہیۃ۔ کتاب الوقف

ب اخلاقیات۔ برائے طلبہ غیر حنفی و غیر مسلم۔

طریق سعادت حصہ اول و دوم۔ اردو ترجمہ

Gauld's youth's noble path

(مترجمہ ضامن علی کنتوری)

امتحان انٹرمیڈیٹ

انگریزی

سنہ ۱۳۴۰-۱۳۴۱ھ (سنہ ۱۹۳۰-۱۹۳۱ء)

برائے مطالعہ تفصیلی :-

نظم

1. Palgrave's Golden Treasury : the following selections :—

118 The Quiet Life	A. Pope.
119 The Blind Boy	C. Cibber.
158 Ode on a Distant Prospect of Eton College	T. Gray.
160 The solitude of Alexander Selkirk	W. Cowper.
171 —	Byron.
175 —	Coleridge.
189 To a distant friend	W. Wordsworth
194 The Rover	Scott
212 London 1802	W Wordsworth.
215 Hohenlinden	T. Campbell.
216 After Blenheim	R. Southey.
236 Rosabella	Scott.
243 To the Cuckoo	W. Wordsworth.
267 The Soldier's Dream	T. Campbell.
272 Lines written in early spring	W. Wordsworth.
286 —	"

(2). English Narrative Poems by H. Newbolt (Edward Arnold & Co.) The following Poems :—

(*i*)	Tennyson	Morte D'Arthur.
(*ii*)	Arnold	Sorab and Rustom.
(*iii*)	Byron	Mazeppa.
(*iv*)	Morris	Atalanta.
(*v*)	Scott	Bannockburn.

نثر

(1). Narrative Essays and Sketches by Treble and Vallins (Harrap). *Omitting the following* :—
1. Hazlitt's Fives Player.
2. Irving's Moor's Legacy.
3. Dickens' Nurses' Stories.
4. Grahame's Argonauts.
5. Hazlitt's Letter Bell.
6. Lamb's New Year.
7. Goldsmith's Trifles.
8. Goldsmith's Beau Tibbs.

(2). Macaulay's Essays on Goldsmith and Johnson.

برائے مطالعہ سرسری

Stevenson's Treasure Island.

(۱۳۴۱-۱۳۴۲ھ / ۱۹۳۲-۱۹۳۳ء)

(۱) نظم

English narrative poems by H. Newbolt (Edward Arnold & Co.) The following Selections :—

1.	Michael	Wordsworth
2.	The Ancient Mariner	Coleridge
3.	Morte D' Arthur	Tennyson
4.	Shorab & Rustom	Arnold

5. Mazeppa — Byron
6. Atalanta — Morris
7. Bannockburn — Scott

(۲) الف ۔ نثر تفصیلی مطالعہ کے لئے :۔

1. Selected Essays from English Literature by Elizabeth Lee (Edward Arnold & Co.) The whole, omitting the following : —
   1. Francis Bacon.
   2. Abraham Cowley.
ہائیڈروجن کلورائیڈ - کاربن ڈائی آکسائیڈ -
کاربن مان آکسائیڈ - نائیٹرس آکسائیڈ - امونیا -
(۶) قلماؤ کے پانی کی تخمین -
(۷) بعض معروف عناصر کے کیمیائی معادلات کا تعین -
(۸) سادہ نمکوں کی تیاری -
(۹) مفرد اشیاء اور آمیزوں پر حرارت کا اثر -
(۱۰) سادہ نمکوں کی کیفی تشریح -
(۱۱) حجمی تشریح کی آسان مشقیں -
(الف) ترشہ پیمائی اور قلی پیمائی -
(ب) پرمینگنیٹ کے ذریعہ فیرس لوہے اور اکسیلک ترشہ کی تخمین -
(ج) سلور نائیٹریٹ کے محلول کے ذریعہ کلورین کی تخمین -

نصاب حیاتیات

حیوانیات :-
حیاتیات کے اساسی حقائق اور کلیے -

حیوان اور نبات میں امتیاز۔
ساخت کا فرق اور تبدیلی اور خلیئے کے افعال کی تقسیم۔
حیوانی عضویات کے ابتدائی امور۔
وراثت تغیر۔ ماحول۔ موافقت اور ارتقا کے اساسی حقائق۔
مندرجۂ ذیل جانوروں کا مفصل بیان ان میں امتیاز اور ان کی تاریخ زندگی:۔
بدلو (امیبا)۔ یک خدراز (پرامیسیم) سربند۔ چنگیرا جھینگر۔ مچھر۔ زمینی کیچوا۔ اور مینڈک (بیرونی اشکال چیر پھاڑ ہضمی نظام۔ تنفسی نظام۔ نظام دوران خون۔ لمعادی نظام۔ عضلاتی نظام عصبی نظام۔ ڈھانچہ اور صرف مینڈک کا نمو)۔
پرندوں (آویز) کی عام خصوصیتیں۔
دودھیلے جانوروں (میملز) کی عام خصوصیتیں۔

نباتیات:۔

جاندار اور بے جان چیزوں میں امتیاز۔
نباتی خلیہ کا تفصیلی بیان اور اس کی خردبینی ساخت۔
نخرمائے کی کیمیائی اور طبعی خاصیتیں۔ خلیئے کی بالواسطہ اور بلاواسطہ تقسیم۔ جڑ۔ تنے اور پتے کا بیان خردبینی اور کلاں بینی کے نقطہ نظر سے پھول۔ پھول واری اور شاخداری۔ تمثیلات جو شامل نصاب ہیں ان کے پھل بیج اور بیخوں کے انتشار کا مفصل بیان۔

درختوں کے سرپایں۔ تنفس اور امتصاص۔
درجہ بندی کے اصول اور درختوں کی پیدائش۔
مندرجہ ذیل کی ساخت، فعل وسوانحعمری کی تفصیل اور عملی واقفیت:۔
خمیر (ایسٹ) پھپوندی (میوکر) اسپائیروگائیرا
فرن۔ سائیکس۔ کائی۔ اور سورج مکھی۔
نوٹ:۔ طلبہ سے توقع کیجاتی ہے کہ وہ تمام عملی تجربوں کے لیئے ایک خاص بیاض رکھینگے۔ جس کی جانچ کلیہ کے ممتحن کریں گے۔ معلم کو روزانہ عملی تجربوں کے نتائج پر دستخط ثبت کرنے ہوں گے۔

نصاب ریاضی

(۱) ہندسہ

ہندسہ مستوی۔
عملی ہندسہ کے سوالات اُن عملی مسائل پر مبنی ہوں گے جو ذیل میں (الف) کے تحت مندرج ہیں۔ ان مسئلوں کے آسان نتائج اور مشتقات بھی ان سوالات کی حدود کی اندر تصور کیئے جائیں گے۔
طالب علم کو چاہیئے کہ اپنے لئے حسب ذیل آلات بہم پہنچائے:۔
پیمانہ جس پر انچ اور انچ کے دسویں حصے، نیز سنتی میٹر اور ملی میٹر منقوش ہوں۔ جوڑی گنیوں کی۔ چاندہ پرکار اور سخت پنسل۔ تمام شکلیں صحت کے ساتھ کھینچی جائیں۔
نظری ہندسہ کے سوالات ان مسئلوں پر مشتمل ہوں گے جن کا ذکر ذیل میں (ب) کے تحت کیا گیا ہے۔ لیکن ان حدود کو مسائل مذکور پر مبنی

سوالات اور آسان مشتقات تیز حسابی تمثیلات اور توضیحات تک وسعت دی جاسکتی ہے۔ کسی مسئلہ کا کوئی بھی مدلل ثبوت قابل قبول سمجھا جائے گا جو بظاہر مضمون کی کسی باقاعدہ اور مسلسل بحث کی سلک کا جزو تصور ہو سکے مسائل کی جو ترتیب (ب) میں درج ہے اسی کو سلک بحث کی بنا سمجھنا لازمی نہیں۔ وہ ثبوت جو صرف متوافق مقداروں کے لیے جائز ہیں درست سمجھے جائیں گے۔ اختصار کے لیے ایسی رموز اور علامات جو آسانی سمجھ میں آسکیں استعمال کی جا سکتی ہیں

(الف)

ایک دیے ہوئے خطِ مستقیم کو کسی معلومہ نسبت رکھنے والے دو حصوں میں تقسیم کرنا۔

ایک مثلث یا مربع بنانا جس کا رقبہ کسی معلومہ کثیر الاضلاع کے مساوی ہو۔

دو دائروں کے مشترک مماس کھینچنا۔

کافی معلومات کی بنا پر دائرے کھینچنے کی آسان صورتیں۔

تین معلومہ خطوں کا چوتھا متناسب کھینچنا اور دو معلومہ خطوں کا وسطِ متناسب کھینچنا منتظم مخمس بنانا۔

ایک معلومہ مثلث کے اندر ایک اور معلومہ مثلث کے متشابہ اور ہم وضع مثلث کھینچنا۔

ایک مثلث کے اندر اور ایک معلومہ ذوالبتہ الاضلاع کے اندر یا گرد مربع کھینچنا۔

(ب)

تناسب۔ متشابہ مثلث

اگر ایک مثلث کے ایک ضلع کے متوازی ایک خط مستقیم کھینچا جائے تو باقی دو ضلع ایک ہی نسبت میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ اس کا عکس۔

اگر دو مثلث متساوی الزاویہ ہوں تو ان کے نظیر کے اضلاع متناسب ہوتے ہیں۔ اس کا عکس۔

اگر دو مثلثوں میں ایک مثلث کا ایک زاویہ دوسرے مثلث کے ایک زاویہ کے مساوی ہو اور دونوں مثلثوں میں اس زاویہ کے گرد کے اضلاع متناسب ہوں تو یہ دو مثلث متشابہ ہوں گے۔

اگر دو مثلثوں میں ایک مثلث کا ایک زاویہ دوسرے مثلث کے ایک زاویہ کے مساوی ہو اور ہر ایک مثلث کے کسی دوسرے زاویہ کے گرد کے اضلاع متناسب ہوں تو تیسرے زاوئے یا باہم مساوی ہوں گے یا ایک دوسرے کے مکمل۔

ایک مثلث کے زاویہ کا اندرونی منصف مقابل کے ضلع کو باقی دو ضلعوں کی نسبت میں اندرونی طور پر اور بیرونی منصف بیرونی طور پر تقسیم کرتا ہے۔

ایک قائم الزاویہ مثلث میں زاویہ قائمہ سے وتر پر جو عمود کھینچا جائے وہ مثلث کو دو ایسے حصوں میں تقسیم کرتا ہے جو ایک دوسرے کے اور بہ پورے مثلث کے متشابہ ہوتے ہیں۔

کسی مثلث کے اندرونی زاویہ کا منصف مقابل کے ضلع کو جن دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے ان کا حاصل ضرب اور نامف کا مربع دونوں ملکر زاویہ مذکور کے گرد کے اضلاع کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتے ہیں۔

اگر ایک مثلث کے راس سے مقابل کے ضلع پر عمود گرایا جائے تو اس عمود اور مثلث کے حائط دائرہ کے قطر کا حاصل ضرب مثلث کے باقی دو اضلاع کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتا ہے۔

ایک ذوالاربعۃ الاضلاع دائرہ کے اندر بنایا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ اس کے قطروں کا حاصلِ ضرب اس کے مقابل کے اضلاع کے حاصل ضربوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتا ہے۔

متشابہ مثلثوں کے رقبوں کی نسبت نظیر کے اضلاع کے مربعوں کی نسبت کے مساوی ہوتی ہے

اگر دو مثلثوں (یا متوازی الاضلاع شکلوں) میں ایک کا ایک زاویہ دوسرے کے ایک زاویہ کے مساوی ہو تو ان کے رقبے اس زاویہ کے گرد کے اضلاع کے حاصل ضربوں کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

ہم خطیت اور تراکز

اگر ایک مثلث کے راسوں سے تین متراکز خط کھینچے جائیں جو مقابل کے اضلاع سے ملیں، تو اضلاع کے چھ حصوں میں سے تین متبادل حصوں کا حاصلِ ضرب باقی تین متبادل حصوں کے حاصلِ ضرب کے مساوی ہوتا ہے۔

مثلث کے تین وسطانے ایک نقطہ پر ملتے ہیں اور یہ مشترک نقطہ تینوں وسطانیوں کو نسبت ۱ : ۲ سے تقسیم کرتا ہے۔

ایک مثلث کے راسوں سے مقابل کے اضلاع پر جو عمود گرائے جائیں وہ متراکز ہوتے ہیں

ایک مثلث کے تینوں اندرونی زاویوں کے منصف متراکز ہوتے ہیں۔ اسی طرح سے ایک اندرونی منصف اور دو بیرونی منصف متراکز ہوتے ہیں۔

مثلث کے اضلاع کے عمودی منصف متراکز ہوتے ہیں۔

ایک مثلث کے اضلاع کے تین وسطی نقطے اور اُن تین عمودوں کے پائے جو راسوں سے مقابل کے اضلاع پر کھینچے جائیں اور ان تینوں خطوط کے وسطی نقطے جو مرکز عمودی کو

راسوں سے ملاتے ہیں سب کے سب ایک دائرے کے محیط پر واقع ہوتے ہیں جس کا قطر مثلث کے حائط دائرہ کے نصف قطر کے مساوی ہوتا ہے اور جس کا مرکز مرکز ہندسی اور حائط دائرہ کو ملانے والے خط کا وسطی نقطہ ہوتا ہے۔

اگر کسی مثلث کے حائط دائرہ کے محیط کے کسی نقطہ سے مثلث مذکور کے اضلاع پر عمود نکالے جائیں تو ان عمودوں کے پائے ایک ہی خطِ مستقیم میں واقع ہوتے ہیں۔

موسیقی تقسیم ایک خط مستقیم کو اندرونی اور بیرونی طور پر اس طرح تقسیم کرنا کہ دونوں صورتوں میں اس کے حصوں کی نسبت ایک معلومہ نسبت کے مساوی ہو۔

ایک ایسے نقطہ کا طریق کہ اس نقطے کے جو فاصلے دو ثابت نقطوں سے ہوں ان کی نسبت ہمیشہ وہی رہے دائرہ ہوتا ہے۔

تشابہ کا مرکز اگر دو مساوی متشابہ شکلوں کو اس طرح رکھا جائے کہ ان کے نظیر کے اضلاع متوازی ہوں تو دونوں شکلوں میں نظیر کے نقطوں کو ملانے والے خط متراکز ہوتے ہیں۔ اور نظیر کے نقطوں کے کسی زوج کے جو فاصلے اس نقطہ سے ہوں وہ متناظر اضلاع کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

دو ثابت دائروں کے دو متوازی وتروں کو ملانے والے خط دو ثابت نقطوں میں سے ایک نہ ایک میں سے گزرتے ہیں۔

قطب اور قطبی اگر ایک معلومہ نقطہ میں سے ایک خط مستقیم کھینچا جائے جو ایک معلومہ دائرہ کو قطع کرے اور نقاط تقاطع پر مماس کھینچے جائیں تو یہ مماس ایک دوسرے کو ہمیشہ ایک ثابت خط مستقیم پر قطع کرینگے۔

اگر ایک نقطہ ایک اور نقطہ کے قطبی پر واقع ہو تو پہلے نقطہ کا قطبی دوسرے نقطہ میں سے گزرے گا۔

بنیادی محور اُس نقطہ کا طریق معلوم کرو کہ اگر اس نقطہ سے دو ثابت دائروں کے مماس کھینچے جائیں تو یہ

مماس باہم مساوی ہوں۔
تین دائروں میں سے دو دائروں کے زوج کے بنیادی محور متراکز ہوتے ہیں۔
دو معلومہ دائروں کا بنیادی محور کھینچنا۔
حائط دائرہ، اندرونی دائرہ اور جانبی دائرہ کے نصف قطروں کے لئے جملے۔

ہندسہ مجسمات

خطوں اور مستوی سطحوں کے ابتدائی خواص۔ مجسم شکلیں منتظم کثیر السطوح، متوازی السطوح شکلوں، منشوروں، مضلع مخروطوں اسطوانوں، مخروطوں اور کروں (بشمول ان کے ناقصوں کے) کی سطحیں اور حجم۔

ہندسی مخروطات

قطع مکافی۔ قطع ناقص اور قطع زائد کے ابتدائی خواص۔

(۲) جبر و مقابلہ

نسبت، تناسب اور تغیر۔ درجہ دوم کی مساواتوں کا حل اور ان کا نظریہ سلسلہ حسابیہ، ہندسیہ، موسیقیہ اعداد طبعی کے مربعوں اور مکعبوں کی جمع کے سلسلے۔ مقادیر۔ سادے اجتماع اور ترتیبیں کسی قوت نما کے لئے مسئلہ ثنائی اور ان سلسلوں کے اتفاق کے متعلق ابتدائی تخیلات۔

(۳) علم مثلث

زاویوں کی پیمائش کے لئے سینتی اور توسی پیمانے
مثلثی نسبتیں، اور ان کے باہم ابتدائی روابط۔ جن زاویوں کا فرق
زاویہ قائمہ کا ضعف ہو ان کی مثلثی نسبتوں کے باہمی تعلقات۔ جمع
اور تفریق کے ضابطے۔ لوکارتم۔ مثلثوں کا حل اور بلندیوں اور فاصلوں
کی ابتدائی صورتیں۔ مثلث کے حائط دائرہ اندرونی دائرہ اور جانبی
دائرہ کے نصف قطروں کے لئے جملے۔ مثلثی تفاضلوں کی نرمیں
مثلوث ستدیر جملے۔

امتحان بی۔ اے

حیوانیات (مضمون خاص)

پرچے تین نظری اور دو عملی پرچے ہونگے۔ ہر پرچہ کے نشانات ۱۰۰ ہونگے اور وقت ہر پرچہ کے لئے تین گھنٹے ہوگا۔

حیوانی خلیہ کی ساخت اور اس کے مظاہر۔ تولید، تناسلی اور غیر تناسلی اور اچھوت پیدائش۔ تبادلۂ نسل اور تقلب۔

ارتقاء۔ وراثت۔ اور تغیر۔

ذیل کے گروہ کی ساخت، عادات اور اُن کا نمو اور ہر گروہ کے تحت جو نمونے دئے گئے ہیں اُنکا تفصیلی مطالعہ۔

نخز حیوانات (Protozoa) امیبا۔ یوگلینا۔ مانوسٹس۔ پیارامیشیم۔ ورٹیلا۔ اور ملیریائی طفیلی۔

پوریفرا (Porifera) سائیکن۔

سیلنٹریٹا (Coelenterata) ہائیڈرا۔ اوبیلیا اور آریلیا۔

پلیٹی ہلمنتھس (Platy helminthes) فیاسیولا ہیپاٹیکا اور ٹینیا سولیم۔

نیماٹ ہلمنتھس (Nemat helminthes) اسکرس اور دوسرے نیماٹوڈز (Nematodes) کی عام معلومات۔

آنیلڈا (Aunelida) زمینی کینچوا۔ نیریس۔ اور جونک۔

اِکنیوڈرماٹا (Echinodermata) تارہ مچھلی اور انیٹڈون۔

آرتھروپوڈا (Arthropoda) جھنگا ۔ ڈیفنیا ۔ اورسائکلاپس (صرف بیرونی خواص)، جھینگر ۔ انافلیس ۔ مکھی ۔ بچھو ۔ پیرپیٹس اور اسکولوپنڈرا ۔

مولسکا (Mollusca) میٹھے پانی کا رخوہ ۔ (Mussel) اور امپولیریا، کیٹیس ۔ لیئوکس ۔

ذیل کے جیلیوں (Chordates) کی خصوصیتوں اور عادات کا تفصیلی مطالعہ ۔

ہمی کارڈیٹا (Hemichordata) بالانوگلاسس ۔

یورو کارڈیٹا (Urochordata) سیونا ۔

سفالوکارڈینا (Cephalochordata) امفیاکسس ۔

سیکلواسٹوماٹا (Cyclostomata) پیٹرومیزون (صرف عام سرتیں) ۔

پیسس (Pisces) کتا مچھلی (Dog-fish)

امفیبیا (Amphibia) رینا ٹگرینا (Rana tigrina)

رپٹیلیا (Reptilia) گرگٹ (اس کے ڈھانچہ کی بجائے ویرانس کا ڈھانچہ دکھلایا جا سکتا ہے) ۔

آوس (Aves) کولمبا (کبوتر) اس کے ڈھانچہ کی بجائے مرغ کا ڈھانچہ دکھلایا جا سکتا ہے ۔

میمالس (Mammals) پروٹوتھیریا (Prototheria) اور میٹاتھیریا (Metatheria) کی عام سرتیں جیسی کہ اکڈنا (Echidna)، کینگرو اور خرگوش سے ظاہر ہیں ۔

کینس کی کھوپڑی ۔ جماعت میملیا کی عام بہبتیں ۔
جانوروں کی ارضیاتی اور جغرافی تقسیم کے ابتدائی اصول ۔
درجہ بندی کے عام اصول ۔
ایمفیاکسس (Amphioxus) مینڈک ، چوزہ ، اور خرگوش کے نمویا نشوونما کا خاکہ ۔
مختلف حیوانی بافتوں کی نسیجیات کی ابتدائی معلومات ۔
حیوانات کے مختلف اعضاء کی ابتدائی فعلیات ۔

عملی

طلبہ کو خوردبینی تکنیک کے طریقوں سے واقف ہونا چاہیئے ۔ نیز ذیل کے جانوروں کے امتحان اور تشریح سے ۔

ایمبا ، یوگلینا ، مانوسٹس ، پیرامیشیم ، ورٹیسلا ، سائیکن ، ہیڈرا ، اوبیلیا ، فیریٹیما ، نیریس ، جونک ، تارہ مچھلی ، جھینگا ، بچھو ، یونیو ، امپولیریا ، سیونا ، کتا مچھلی ، مینڈک ، گرگٹ ، کبوتر اور خرگوش ۔

مینڈک ، گرگٹ ، مرغ اور خرگوش کی عظمیات ۔ کینس (کتے) کی کھوپڑی ۔

حیوانیات (ذیلی)

پرچے۔ امتحان ایک تین گھنٹے کے نظری پرچہ پر جسکے ۶۰ نشانات ہوں گے اور ایک تین گھنٹے کے عملی امتحان پر جسکے ۴۰ نشانات ہونگے مشتمل ہوگا۔

نظری پرچہ ذیل پر مشتمل ہوگا:۔

حیوانی خلیہ کی ساخت اور اس کے مظاہر۔ تولید تناسلی وغیر تناسلی، اچھوت پیدائش، تبادلۂ نسل اور تقلب۔

ارتقاء۔ وراثت اور تغیر۔

جانوروں کی ارضیاتی اور جغرافی تقسیم کے ابتدائی اصول درجہ بندی کے عام اصول۔

ذیل کی ساخت، عادات اور نمو۔

پروٹوزوا (Protozoa) یا نخز حیوانات:۔ امیبا، یوگلینا، مانوٹس پیارامیشیم، ورٹیلا، اور ملیریائی طفیلی۔

پوریفرا (Porifera) آبی اسفنج۔

سیلنٹریٹا (Coelenterata) ہائڈرا اور اوبیلیا۔

پلیٹی ہلمنتھس (Platy helminthes) فیاسیولا ہیپاٹیکا۔

نیماٹ ہلمنتھس (Nemat helminthes) اسکیرس۔

انیلڈا (Annelida) کینچوا اور جونک۔

آرتھروپوڈا (Arthropoda) جھنگا، جھنگر، انافلیس، مکھی اور

بچھو۔
مولسکا (Mollusca) میٹھے پانی کا رخوہ۔
ذیل کے حبلیوں (Chordates) کی اہم خصوصیتوں اور عادات کا تفصیلی مطالعہ:۔
سفالوکارڈیٹا (Cephalochordata) مفیاکس۔
سیکلوسٹوماٹا (Cyclostomata) پیٹرومیزون (صرف عام سیرتیں)۔
پیسس (Pisces) کتا مچھلی۔
امفیبیا (Amphibia) رینا ٹگرینا۔
رپٹیلیا (Reptilia) صرف عام سیرتیں۔
آوس (Aves) کبوتر۔
میامل (Mammale) صرف عام سیرتیں۔
جنینیات کا مختصر بیان، مینڈک اور چوزہ کا نمو۔

عملی

طلبہ کو خوردبینی کام سے بخوبی واقف ہونا چاہیئے۔ نیز ذیل کے جانوروں کے تفصیلی امتحان، تقطیع اور تشریح سے۔
امیبا، یوگلینا، پیرامیشیم، مانوسٹس، ورٹیسلا، ہائیڈرا، اوبلیسیا، فیریٹیما، جونک، جھنگا، جھنگر، مینڈک، کبوتر،

اور خرگوش۔

نباتیات (مضمون خاص)

تین نظری پرچے اور دو عملی امتحان ہوں گے۔ ہر نظری پرچے اور ہر عملی امتحان کے لئے ایک سو نشانات رہیں گے اور ہر ایک تین گھنٹوں کا ہوگا۔

پرچۂ اول

نظامی نباتیات، کھل بیجوں کی عام شکلیات اور نسیجیات۔
(الف)، کھل بیجے۔ سائیکیڈی، کونیفری۔
(ب)، بند بیجے۔ مقامی نباتیہ کا بالخصوص لحاظ کرتے ہوئے ذیل کے فصیلوں کا مطالعہ:۔
یک بیجے پتیے:۔ آرکڈی، اماریلڈی، لیلیئے سی اور گرامینی۔
دو بیجے پتیے:۔ رانن کلیسی، انونے سی، پاپا دریسی، کروسیفری، کیا ریئو فائلی، مالویسی، جربنیئے سی، روٹیسی، لگیومینوزی، روزیسی، میرٹیسی، کیوکربٹیسی، بگونئے سی، کیاکٹیسی، امبلی فری، روبیئسی، کمپازیٹی، اولیئسی، اپاسی نیسی، اسکلے پیئے ڈیسی، کنوالویولے سی، سولانیسی، اسکروفیولاریئسی، اکیانتھے سی، ورینیسی، لابیاٹی، بھٹاجنی، یوفوربیئسی۔

پرچۂ دوم

فعلیات، ماحولیات، اور ارتقار۔ وراثت، لیمارکیزم، دارونیزم اور منڈلیزم۔

حصۂ اول۔ فعلیات۔ پودے کی کیمیائی ترکیب، زمین اور اس کی فطرت، شعائی ترکیب، شعائی ترکیب میں محدد عامل کے متعلق بلاکمن کا خیال۔ سریان، تنفس، بالیدگی، حرکت، تولید (تناسلی اور غیر تناسلی)، دگر اور خود ثمرگی، منتظم اور غیر منتظم تغذیہ۔

حصہ دوم۔ پودے کا اس کے ماحول سے تعلق، تفصیل کے ساتھ یعنی توافق وغیرہ۔ منڈلیزم، ارتقار، لیمارکیزم دارونیزم، وراثت اور تغیر۔

پرچۂ سوم

حصہ اول۔ الجی اور میکالوجی، برائیوفٹا۔

صرف عام سیرتیں:۔ کلوروفائیسی، سیانوفائیسی، فیوفائیسی، رہوڈفائیسی، کاریسی، ہپاٹیسی اور مُسسی۔

مندرجۂ ذیل کی ساخت اور سوانح:۔

باکٹیریا، کلامیڈوموناس، اسفیرلا، والواکس، پلیوروکوکس،

ایڈوگونیم، کلاڈوفورا، واؤچیریا، اسپروگیرا، ناسٹاک، فیوکس، فائنا فیتھورا انفسٹنس، میوکر، ایسٹ، پنی سیلیئم، گاکم، کلادی سپس پرپوریا، اگاریکس، پکسینیا گرامینس، اسٹی لاگو، مارچانیشا فیونیریا۔

حصہ دوم۔ یوا سپور انجیٹ اور لیٹو اسپور انجیٹ فرن کی عام سیرتیں۔

مندرجہ ذیل کا تفصیلی مطالعہ:۔ اسپیڈیم۔ لائیکوپوڈیم، سلاجی نلا، اور اکوی زیٹم۔

عملی۔ پہلا پرچہ۔ نظامی نباتیات، عام شکلیات اور تشریح۔

دوسرا پرچہ۔ دعائی کرپٹوگیمس، مبکالوجی اور فعلیات۔

نباتیات (ذیلی)

نباتیات کا امتحان ایک ۶۰ نشانات کے تین گھنٹوں کے پرچہ اور ایک ۴۰ نشانات کے تین گھنٹوں کے عملی امتحان پر مشتمل ہوگا۔

مندرجہ ذیل نصاب تجویز کیا گیا ہے:۔

۱۔ زہروائی پودوں کی خارجی شکلیات۔

۲۔ نسیجیات خلیہ کی ساخت، مرکزہ حرکی تقسیم اور تقسیم کے دوسرے طریقے۔ پلاسٹڈس، خلوی رس، اور دوسرے خلوی مظروف، بافتوں کی ابتدا، اور بالیدگی، اولین اور ثانوی بافتیں

اور زہراوی پودوں میں اُن کا پھیلاؤ۔

۳۔ نباتاتی پودے کی فعلیات :۔ پودے کی کیمیاوی ترکیب، زمین اور اسکی فطرت، شعائی ترکیب، سریان، تنفس، بالیدگی حرکت، تولید (تناسلی اور غیر تناسلی) وگر اور خود ثمرگی، تغیر کی ابتدائی معلومات، وراثت، اور ارتقاء۔

۴۔ ذیل کی ساخت اور سوانح :۔ بیاکیٹریا، ناسٹاک، کلامیڈو موناس، والوالس، ایڈوگونیم، اسپروگیرا، فیوکس، میوکر، ایسٹ اگارنگیس، مارچانیشا، فیونیریا، اسپیڈیم اور سائکیس۔

۵۔ جماعت یا درجہ بندی کے عام اصول اور مندرجۂ ذیل عائلوں کی خصوصیات :۔

انونیسی، موریسی، مالویسی، گلیومینوزی، کیوکربیٹیسی، کمپازیٹی، سولانیسی، لابیاٹی، یوفوربیئسی، لیلیئسی، پامیسی، گرامینی۔

عملی امتحان مندرجۂ ذیل پر مشتمل ہوگا :۔ خوردبینی منظوروں کا امتحان اور انکی تشریح، پودے یا پودوں کے حصوں کا امتحان اور ان کی تشریح، معمولی خوردبینی کیمیائی تشخیص مثلاً نشاستہ، سلیلوز، لگنن، سوبرن کی۔ اور معمولی فعلیاتی آلوں کے استعمال کی توضیح۔ (مستقل تختیاں مطلوب نہیں ہیں)۔

طلبہ کو چاہیئے کہ عملی کام کی مکمل روئداد ایک خاص بیاض میں درج کریں۔ ہر عملی بیاض پر شعبہ کے اساتذہ کے کسی رکن کی بھی دستخط ہونی چاہیئے۔ طلبہ کو چاہیئے کہ وہ ان بیاضوں کو عملی امتحان کے وقت پیش کریں۔

نصاب طبیعیات

اس نصاب میں مضامین مشمولہ نصاب امتحان انٹرمیڈیٹ بھی شامل ہیں لیکن ان کا مطالعہ زیادہ وسعت کے ساتھ ہونا چاہیئے۔ اس کے علاوہ مضامین مندرجہ ذیل بھی شامل ہیں۔

علم حرکت نقل مکان، رفتاروں اور اسراعوں کی ترکیب و تحلیل، چال کے منحنی اور رفتار کی ترسیمیں۔ ذرہ کی حرکت ایک سطح میں اور مستقل اسراعوں کے ماتحت۔ بسیط موسیقی حرکت بسیط موسیقی حرکت کی ترکیب۔ زاویئی رفتار اور زاویئی اسراع۔ رفتار کا معیار اثر۔

قوت کی مطلق اکائیاں۔ قوتوں کی ترکیب و تحلیل۔ زاویئی معیار حرکت۔ جمود کے معیار اثر بسیط صورتوں میں۔ رقاص جج کی تخمین۔ کام، توانائی۔ توانائی کی ترسیمیں۔ تصادم (Ballistic) رقاص۔ دوڑیوں کے علم حرکت کی سادہ صورتیں۔ حرکت کی اکائیوں کے ابعاد۔

ایک جسم پر ایک سطح میں عمل کرنے والی قوتوں کے توازن کے شرائط۔ معیار اثر۔ جفت۔ کمیّت۔ مادہ کا مرکز۔ بسیط کلوں کا

نظریہ کلیات فرک۔ ترسیمی قاعدے اور اُن کے آسان استعمال۔

مادہ کے خواص | لچک: ھوک کا کلیہ۔ گیسوں کا پچکاؤ (بہت زیادہ اور کمتر دباؤ کے ماتحت) اور سیالوں کا پچکاؤ۔ ٹھوسوں کا پچکاؤ اور استواری لچک کی انتہائیں۔ فساد جو سادہ طولی کھینچاؤ کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ ینگ کا مقیاس اور اس کی قیمت ح اور س کی رقموں میں۔ سادہ تراش عمودی کے رقبہ والی سلاخوں کا خماؤ ایک سطح میں۔ مدور تراش عمودی رکھنے والے تاروں کا سادہ مروڑ ایسے جفت کے عمل سے جو طول پر علی القوائم رہنے والی سطح میں عمل کرتا ہو۔ استواری مڑوڑ کے اعتبار سے۔ اور مروڑ کھانے والے ترازو اور دھریاں پر اس کا اطلاق۔ دوربینی لیق جاذبہ زمین مرکب رقاص اور زمین کی اوسط کثافت دریافت کرنے کے لئے تجربات کا بیان۔

گیسوں اور سیالوں کا انتشار۔ ایصال حرارت کے ساتھ مشابہت۔ ولوجیت۔ لزوجیت۔ گیس کا دباؤ اور نظریہ تحرک کی رو سے اس کی توجیہ۔ آوگیڈرو کا دعوی ذات در دال کی مساوات۔

سکون سیالات | مستوی اور منحنی سطحوں پر سیال کا دباؤ۔ سادہ صورتوں میں دباؤ کا مرکز تیرنے والے اجسام اور قیام استواری کے شرائط۔ گیسوں کے خواص یا دپیما کے ذریعہ بلندیوں کا معلوم کرنا۔ ہیپسو۔ داب پیما اور آبی کلیں۔ شعری حوادث اور سطحی تناؤ سے انکی توضیح۔ سطح تناؤ کا عام نظریہ۔

حرارت | حرارہ پیمائی اور تپش پیمائی کے طریقے۔ بخاری دباؤ

فاصل تپش اور دباؤ۔ حرارت کا ایصال اور انتشار اور مستقلوں کی تخمین۔ اشعاع اور جذب۔ تبرید کے کلیات۔ نظریہ مبادلہ اشعاع کی تخمین کے طریقے۔ حرقوائی کلیات۔ سادہ استعمال۔

نور | نور کی رفتار۔ تنویر۔ ضیاء پیمائی۔ دو یا دو سے زیادہ پتلے عدسوں کا اجتماع۔ موٹے عدسے۔ عدسوں کے نظاموں میں بے رنگی۔ راست رویت کا طیف نما۔

نظریہ تموج | سادہ تداخل میچلسن کا اصول۔ خط مستقیم میں نور کی اشاعت، انعکاس اور انعطاف کی توضیح۔ اسی اعتبار سے آئینوں، عدسوں، وغیرہ کے عمل کا مطالعہ سادہ (Diffraction) حوادث۔ جالیاں اور محول موج کی تخمین تشریح طیف۔ ڈاپلر کا اصول۔ ثنائی انعطاف اور نور کی تقطیب سادہ استعمال۔

مقناطیسیت | قوتیں جو مقناطیس پر مقناطیسی میدان میں عمل کرتی ہیں۔ محوروں کی تعیین اور مقناطیس کے معیار اثر کی تخمین۔ مقناطیسی قوۃ۔ ہموار سطحیں۔ دو چھوٹے مقناطیسوں کا باہم عمل میدان کی طاقت کی تخمین۔ مقناطیسی غول۔ مقناطیسی میدان میں اس کی توانائی بالقوہ مجموعی طبعی امالہ۔ گاس کا مسئلہ خطوط قوت کی تعداد لوہے وغیرہ میں مقناطیسی امالہ۔ مقناطیسیت کا نظریہ زمین کا مقناطیسی میدان۔ مبادی اور ان کے تغیرات۔ کمپاس اور اس کی تصحیح۔

برق | برقی قابلیت۔ نوعی امالی قابلیت۔ موصلوں کی

سطح پر برق کی تقسیم۔ خیالات۔ تقسیم مذکور کی سادہ صورتوں میں برقی قوت کی قیمت۔ بھران دار موصلوں پر جیلی قوت برقائے ہوئے نظاموں کی توانائی۔ برق گزار واسطہ۔ برق گزار انتقالی روئیں۔

وینسٹوں کا پل۔ نوعی مزاحمت۔ مزاحم تپش پیما۔ برق پاشیدوں کی موصلیت۔ آیونائیزیشن (روانائی) نقل امکان۔ جامع خانے معیاری خانے: قوۃ پیماؤں سے تخمین۔ حرِ برق۔ حرِ قوابیات کا استعمال۔ حرِ برقی تریھیں۔ برقی مقناطیسی امالہ۔ امالہ کی شرحیں امالی چکر۔ رو کے حامل دور کی توانائی جبکہ وہ مقناطیسی میدان میں رکھا گیا ہو۔ رو کے حامل موصلوں پر جیلی قوت۔ متحرک تچھے کے آلات لینز کا کلیہ۔ ڈینامو اور موٹر وغیرہ سے توضیح۔ رو کی مزاحمت کی تخمین۔ قوت محرکہ برق۔ ق۔م۔ب۔ مطلق اکائیوں میں یکثفہ کی اتھرن۔ برقی موجیں۔

مسلسل رو والے ڈینامو اور موٹر اور متبادل ڈینامو کا ابتدائی نظریہ۔ برقی روشنی، قوتِ انتقال، تار برقی، وغیرہ میں برق کے استعمال کے عام اصول۔

آواز موجی حرکت کے ذریعہ توانائی کا انتقال، مادی واسطہ میں سے۔ مستقل نمونہ کی موجوں کی رفتارِ اشاعت۔ موسیقی آواز کی نوعیت۔ امتداد۔ سبتک۔ آواز کا انعکاس و انعطاف۔ طول موج کا اثر۔ تاروں، سلاخوں، تختیوں اور گیسی ستونوں کا ارتعاش۔ گمک۔ تداخل۔ اور انکسار آواز کی

تشریح۔ طول موج، رفتار، اور امتداد کی تخمین۔
عملی امتحان بھی ہوگا۔ جس میں طلبہ کا حوادثِ مذکور کی واقفیت اور حوادث مذکورہ کے پیدا کرنے کی قابلیت۔ جانچی جائے گی۔ علاوہ بریں طبیعی تجربوں کے متعلق بھی ان کی قابلیت دیکھی جائیگی

ذیلی ریاضی کا نصاب

(برائے طلبا طبیعیات)

نوٹ۔ نصاب ہذا کے متعلق صرف ابتدائی امور سے واقفیت کی توقع کیجائیگی

جبر و مقابلہ | مسئلہ ثنائی۔ قوت نما اور لوگارتمی سلسلے۔ مقطعات کسور جزوی۔

علم مثلث مستوی | ڈی موورے کا مسئلہ اور اس کا آسان استعمال

مخروطات تحلیلی | قائم اور قطبی معدد۔ معدودوں کا استحالہ۔ خط مستقیم۔ دائرہ، ناقص اور زائد کے ابتدائی خواص۔

احصائے تفرقی | تفاعلوں کی ابتدائی ترسیمیں۔ انتہائیں۔ ابتدائی جبر۔ اور مثلثی تفاعلوں کا تفرق ابتدائی اصولوں سے۔ عام تفرق۔ متواتر تفرق۔ لی بنے کا مسئلہ۔ سلسلوں میں پھیلانا مع ان کے اتساق اور اتساع کے متعلق معمولی تخیلات۔ ایک متغیر کیلئے ٹیلر اور مکلارن کے مسائل۔ ابتدائی جزوی تفرق۔ ماس۔ عماد۔ انحنا ایک متغیر کے تفاعلوں کی اعظم اور اقل قیمتیں۔

احصائے تکمیلی | تکمیلی کا بطور حاصل جمع کے بیان کرنا۔ تکمیل الٹ ہے تفرق کے عمل کا۔ معیاری شکلیں تحویل کے ابتدائی ضابطے۔ تخطیط تربیع۔ حجم سادہ طبیعی مثالوں پر اطلاق، دہرے تہرے حلیوں پر ابتدائی بحث۔

تفرقی مساواتیں | مساواتوں کی ساخت پہلے رتبہ کی مساواتوں کا حل، دوسرے رتبہ کی تفرقی مساواتوں کا حل جن کے سر مستقل ہوں۔

نصاب کیمیا

نظری

اصولی اور طبیعی | کیمیائی عمل کے کلیات۔ جوہری اور سالمی نظریئے۔ اوزان جواہر و اوزان سالمات کا تعین، گیسوں مائعوں اور ٹھوس اشیاء کے عام خواص۔ گیسوں کا نظریہ تحرک۔ وانڈروال کی مساوات۔ کلیہ ہیئت۔ نظریۂ اثر کمیت حملان۔ حرکیمیائی تغیرات۔ محلولوں کے خواص۔ ولوجی دباؤ۔ برق پاشیدون کا افتراق۔ ترشوں اور اساسوں کی طاقت۔ کیمیائی ساخت اور طبیعی خواص کا باہمی تعلق۔ قلموں کی ساخت۔ تابکاری ۹۹ عناصر کی جماعت بندی۔

غیر نامیاتی | مندرجہ ذیل عناصر اور ان کے اہم مرکبات

کا تفصیلی مطالعہ:۔

صفر گروہ کے عناصر۔ لیتھیم۔ سوڈیم۔ پوٹاسیم۔ روبیڈیم۔ سیزیم۔ تانبا۔ چاندی۔ سونا۔ گلوسفیم۔ میگنیشیم۔ کیلسیم۔ سٹرانشیم۔ بیریم۔ جست۔ کیڈمیم۔ پارا۔ بوروں۔ ایلومینیم۔ تھیلیم۔ کاربن۔ سلیکون۔ زرکونیم۔ قلعی۔ سیسہ۔ نائٹروجن۔ فاسفورس۔ آرسینک۔ انٹی منی۔ بسمتھ۔ آکسیجن۔ گندھک۔ سلینیم۔ ٹیلوریم۔ کرومیم۔ مولبڈینم۔ ٹنگسٹن۔ فلورین۔ کلورین۔ برومین۔ آیوڈین۔ منگنیز۔ لوہا۔ کوبالٹ۔ نکل۔ پلاٹینم۔ اہم تابکار عناصر۔

نامیاتی مندرجہ ذیل نامیاتی اشیاء کا وقوع۔ ان کی تیاری کے قاعدے اور ان کے خواص اور ساخت تما ضابطے:۔

پیرافنز۔ اولی فنز۔ ایٹیلین اور ان کے مشتقات یعنے لونجنی مشتقات۔ الکحلز۔ ایتھرز۔ ایلڈی ہائیڈز۔ کیٹونز۔ ترشے ایمائنز۔ ایمائیڈز۔ ڈائی کاربا کسیلک ترشے۔ ہائیڈراکسی ترشے گلائی کولز۔ گلسیرین۔ گندھک۔ نائٹروجن۔ فاسفورس۔ آرسینک اور سلیکن کے دہاتی نامیاتی مرکبات۔ کاربوہائیڈریٹس گلوکوز۔ ایڈز سایالوجن۔ ہائیڈروسیانک ترشے۔ یوریا۔ یورک ترشہ۔ بنزین اور اس کے مماثلات اور ان کے اہم بدلی مشتقات۔ نافتھیلین۔ اینتھراسین اور ان کے اہم مشتقات۔ پائریڈین۔ پیرول کوئی نولین اور معمولی قلیلہ سین۔

عملی

غیر نامیاتی

(۱) ایسے نمکوں کے آمیزوں کی تشریح جن میں صرف چار اصلیے موجود ہوں

(۲) مندرجۂ ذیل اصلیوں کی تقلی تخمیں:-

تانبا۔ لوہا۔ ایلومینیم۔ کیلسیم۔ میگنیزیم۔ سلفیٹ۔ کلورائڈ۔ کاربونیٹ۔

(۳) مجسمی تشریح:-

(الف) ترشوں، قلیوں اور قلوی کاربونیٹس کا معائرہ

(ب) پوٹاسیم پرمینگنیٹ اور پوٹاسیم بائی کرومیٹ کے ذریعہ لوہے کی تخمین۔

(ج) ایوڈین کے معیاری محلول کا استعمال۔

(د) اس قسم کے معائرہ جس میں ترتیب واقع ہوتی ہو۔

(۴) سادہ غیر نامیاتی مرکبات کی تیاری مندرجہ ذیل نامیاتی مرکبات کی تیاری:-

کلوروفارم۔ ایتھیلین۔ ایتھل برومائیڈ ایتھر۔ ایوڈوفارم۔ ایتھل اسٹیٹ۔ آکسلک ترشہ۔ نائیٹروبنزین۔ اینی لین ایسٹانیلائیڈ فینول۔ میتھل آرنج۔ بنزیک ترشہ۔

سلف اینک ترشہ۔

نصاب ذیلی طبیعیات

(برائے طلباء کیمیا)

خواص مادہ | مائعوں اور گیسوں کی لچک (اعلیٰ اور ادنیٰ دباؤ پر) گیسوں کا انتشار۔ لزوجیت۔

ولوج، گیس کا دباؤ۔ اس کی توجیہ نظریہ تحرک کی رو سے مساوات فان درواس۔

حرارت | حرارہ پیمائی اور تپش پیمائی کے طریقے۔ بخاری و ایصال و انتشار حرارت۔ اشعاع اور جذب، کلیات تبرید۔

حرحرکیات کے کلیئے اور انکا استعمال۔

نور | ضیاء پیمائی، بے رنگ خوردبین، دوربین اور طیف نما۔

نظریہ موج | سادہ تداخلی مظاہر، ہائی جنس کا اصول، اشعاع مستقیم کی توجیہ۔ انعکاس و انعطاف نور۔ آئینوں۔ عدسوں کا عمل اس نقطۂ نظر سے۔ سادہ انکساری مظاہر۔ جالی اور طولی موج کی دریافت۔ طیفی تحلیل، ڈاپلری اصول، دوہرا انعطاف تقطیب نور، محولانہ تقطیب سادہ استعمال۔

برق | وٹیسٹوں کا پل۔ نوعی مزاحمتی تپش پیما۔ برق پاشیدوں کی موصلیت، آیونائزیشن (روانائی) مظہر

نقل روانات، جامع خانے، معیاری خانے، قوہ پیما، حرارتیات، حرقوائیات کا استعمال، حرارتی شکلیں۔

برقی مقناطیسی امالہ، امالہ کی شرحیں، امالی پیچے، رو کے حامل دور کی توانائی، متحرک پیچے والے آلات، کلیہ لنز، مطلق اکائیوں میں رو، مزاحمت اور محرکہ برق کی پیمائش، مکثفہ سے اخراج، تابکاری

نصاب ریاضی

جبر و مقابلہ قوت نما اور لوگارتمی سلسلے۔ لاتناہی سلسلوں کے استدقاق کے جانچنے کے سادہ طریقے (نسبت اور مقابلہ کے طریقے) کسور جزوی، سلسلوں کو جمع کرنا۔ مسلسل کسرین۔ متوالی سلسلے درجۂ اول کی غیر معین مساواتیں۔

مساواتوں کا نظریہ اور مقطعات۔ مساواتوں کی اصلوں اور سروں کا باہمی تعلق۔ آسان تبدیلیاں۔ کارڈن کا حل مساوات درجۂ سوم کے لئے۔ مقطعات کے ابتدائی خواص اور ان کی تفصیل اور خطی مساواتوں کے حل میں ان کا اطلاق۔

علم مثلث ڈی مائرے کا مسئلہ۔ مثلثی تفاعلوں کی تفصیل۔ زائدی اور مقلوب تفاعل سلسلوں کو جمع کرنا۔

ہندسہ تحلیلی قائم اور قطبی محددوں کا بدلنا۔ خط مستقیم، دائرہ، قطع مکافی، قطع ناقص، قطع زائد، درجۂ دوم کی عام مساوات۔ درجۂ دوم کی عام منحنی کو مرتسم کرنا۔

احصائے تفرقات تفاعلوں کو تفرق کر سکنے کی شرائط۔ تفرق کرنا، متواتر تفرق ایک متغیر کے لئے ٹیلر کا مسئلہ پھیلاؤ غیر معین صورتیں۔ جزوی تفرق ایک متغیر کے تفاعلوں کی اعظم اور اقل قیمتیں۔ مماس عمود۔ متقارب انحنا منحنیوں کا مرتسم کرنا۔

احصائے تکملات تکمل کے عام طریقے۔ معیاری صورتیں۔ تحویلی ضابطے۔ مستوی منحنیوں کے طول معلوم کرنا۔ گردشی مجسمات کی تربیع اور حجم۔

کی تفرقی مساواتیں تفرقی مساوات کی ساخت۔ پہلے درجے اور پہلے رتبہ کی مساواتوں کی معیاری صورتیں۔ کلارٹ کی مساوات۔ منتقل سروں کی خطی مساواتیں۔ متغیر سروں کی خطی مساواتیں۔

نصاب اصول معاشیات

مقدمہ علم المعیشت کا موضوع اور اس کی تعریف۔ علم المعیشت کے مباحث اور ان کا باہمی تعلق۔ دولت، اصل، زمین، محنت، افادہ۔ قدر، قیمت کی تعریف۔

زمین زمین کی اقسام اور خواص۔ اصل اور زمین کا فرق۔ قانون تقلیل حاصل۔ ترقیات۔ زمین۔ زمین کی قدر و قیمت اور معاشی ترقیات۔

محنت محنت کے خواص۔ محنت با مہارت اور بے مہارت محنت۔ پیداوار اور غیر پیداوار۔ تقسیم عمل۔ شرائط

کارکردگی ذات پات۔ رسم و رواج اور نسل کا اثر۔ نقل پذیری محنت۔ قانون آبادی۔

اصل اصل کے خواص۔ اجتماع اصل کی شرائط۔

پیدائش دولت عاملات پیدائش اور ان کی ضرورت۔ پیدائش بر پیمانہ کبیر و صغیر۔ آجر۔ مشنری۔ اصول بدل تحصیر صنائع۔ قانون تکثیر حاصل۔ قانون استقرار حاصل۔

صرف دولت احتیاجات۔ معاشی جد و جہد اور احتیاجات کا باہمی تعلق۔ ضروریات اور تعیشات۔ قانون تقلیل افادہ۔ نفع المصرف۔ تغیر پذیری طلب۔ فیشن اور رواج۔

مبادلہ دولت بازار کا مفہوم۔ طلب و رسد۔ طلب مختتم اور رسد مختتم۔ قیمت۔ توازن طلب و رسد۔ انقضائے مدت کا اثر۔ تھوک فروشی اور خردہ فروشی۔

تقسیم دولت سود۔ منافع۔ لگان اور اجرت کی تشریح۔ سود خام اور سود خالص۔ معمولی شرح سود اور اس کی تبدیلیاں۔ سود جو کا شتکار ادا کرتے ہیں۔ لگان کا قدیم نظریہ ہندوستان کے حالات پر اس کا اطلاق۔ لگان اور قیمت کا تعلق۔ قانون کے ذریعہ لگان کا تعین۔ اجرت صحیحہ اور اجرت متعارفہ۔ فوائد خالص۔ معمولی شرح۔ اجرت۔ تخصیص یافتہ پیشوں کی آمدنی۔ اجرت تنظیم۔ قومی آمدنی۔

نصاب معاشیات ہند

مقدمہ | قدرتی نواح اور ہندوستان کی معاشی زندگی پر اس کا اثر۔ ہندوستان کی نظم معاشرت کی خصوصیات اور معاشیات ہند سے ان کا تعلق۔

پیدائش دولت | ہندوستان میں عاملات پیدائش کی حالت۔ زراعت کی حالت اور اس کی ترقی کے ذرائع۔ جنگلات۔ معدنیات۔ ہندوستان کے حیوانات اور ان کی معاشی اہمیت۔ ہندوستانی مصنوعات ان کے زوال کے اسباب ترقی کی تجاویز ہندوستانی صنعتوں کی ترقی کے لئے بیرونی اصل کی ضرورت۔ پیدائش پر پیمانہ کبیر وصغیر کا مقابلہ۔ انقلاب صنائع کارخانہ کے مزدور۔ مسئلہ مزدوران کا آغاز۔

تقسیم دولت | نظریہ تقسیم دولت اور ہندوستان کے حالات پر اس کا اطلاق۔ لگان۔ زرعی لگان اور معدنی لگان اجرت قیمتوں اور اجرتوں کا تعلق۔ سود۔ بنک کی شرح۔ قرض دہندہ۔ ضرورت قرضہ۔ قرضہ امداد باہمی۔

مبادلہ دولت | زر۔ روپیہ کی سرگذشت۔ طریق زر کاغذی یعنیا مبادلہ طلا۔ ذخیرہ معیار طلا۔ مطالبات وطن۔ کونسل بل اور ریورس کونسل۔ ہندوستان کے طریق زر اور شرح مبادلہ کی خوبیاں اور خامیاں۔ دوران جنگ میں اور اس کے بعد جو مشکلات پیدا ہوئیں ان کی نوعیت اور اسباب۔ بنک۔ ہندوستان میں طریق بنک کی ترقی کی مختصر تاریخ۔ مختلف قسم کے بنک اور

ان کا کاروبار۔ ہندوستان کا امپیریل بنک۔

صرف دولت معیار زندگی۔ صرف دولت کا اثر پیدائش دولت پر۔ ضروری اصلاحات۔

ٹیکس ٹیکس کے اصول۔ ٹیکس بالواسطہ اور بلاواسطہ ہندوستان کا نظام مالیات۔ موازنہ اور سالانہ مالی کیفیت۔ سرکاری قرضے۔

حکومت اور معاشیات طریق مالگزاری۔ زمینداری اور رعیت واری حقیقت قوانین لگان۔ قحط۔ ان کے اسباب اور نتائج۔ انسداد قحط کی تدابیر۔ ہندوستان میں تحریک امداد باہمی اس کے فوائد اور ترقی۔ ریلیں۔ ان کی ترقی کی تاریخ۔ ان کی موجودہ حالت اور آئندہ توقعات۔ سرکاری اور خانگی ریلوں کے مقابلہ کا مسئلہ ملکی صنعتوں پر ریلوں کے طرز عمل کا اثر۔ آبپاشی اس کی موجودہ حالت ذرائع آبپاشی خرد و کلاں۔ پیداآور و تامین آئندہ ترقی کی توقعات۔ حکومت اور صنعت و حرفت کا تعلق۔ تجارت آزاد و تجارت مامون۔ ہندوستان اور شاہی ترجیح۔ ہندوستان کی معاشی زندگی کے مختلف شعبوں پر جنگ کا اثر۔

نصاب عمرانیات

حسب نصاب امتحان انٹرمیڈیٹ

شعبۂ طب

ایم۔بی۔بی۔ایس اور ایل۔ایم اینڈ ایس امتحانات

تشریح

(الف) لکچر اور مظاہرے

عظمیات ۔ ہڈیوں اور اُنکی ساخت کا عام بیان۔ انسانی جسم کی تمام ہڈیوں کا مظاہرہ اور بیان (جس میں انکے تعظمی مراکز کا بھی تذکرہ ہو)۔

عضلیات ۔ روائوں اور مختلف اقسام کے عضلات کا عام بیان۔ اُنکی ساخت تمام روائوں اور عضلات کا مظاہرہ اور بیان (خط وار ترتیب میں) ہر عضلہ کے مبداء، منتہیٰ، فعل، تعلق (مجاورت)، تعصیبہ (عصبی رسد)، اور دموی رسد کے لحاظ سے۔

مفصلیات ۔ مفاصل کا عام بیان۔ اُنکی جماعت بندی یا تقسیم، اور وہ مختلف حرکات جو مختلف اقسام کے مفاصل میں ہوسکتے ہیں۔ ہر مفصل کا بیان (بالتفصیل) اُسکی ساخت، حرکات اور دموی رسد کے لحاظ سے (ایک تقطیع کردہ حصّے یا عضو پر مظاہروں کے ساتھ)۔

عروقیات ۔ دوران خون کا خاکہ۔ قلب کا بیان اور اُسکی ساخت، قلبی دورہ جنینی دوران خون۔

عروق دمویہ ۔ مختلف اقسام کے عروق دمویہ کا بیان اور اُنکی ساخت۔

شرائین ۔ ہر شریان کا بیان، اُسکے ممر، تعلقات (مجاورت)، اور شاخوں کے لحاظ سے۔

اُوردہ ۔ ہر ورید کا بیان، اُسکے ممر، تعلقات، اور معاونات کے لحاظ سے۔

نظام لمفائیہ ۔ لمفی غدد اور لمفائی عروق کی ساخت، معہ اُنکے بیان کے، جو مختلف جسمانی خطوں کے لحاظ سے ہو

عصبیات ۔ عصبی نظام (دماغی نخاعی اور مشارکی) کا عام بیان ۔ اعصاب و عقود کی ساخت ۔ مختلف اعضاء کے نمونہ جات (نمونوں) اور تراشوں پر سے بیان (بالتفصیل) اور مظاہرے ۔ لُبِّ شوکی (نخاع) ۔ دماغ کے مختلف حصّے ۔ سحایا، حجمی اور نخاعی اعصاب ۔ مشارکی نظام کے مختلف حصّے اور منفیرہ جات ۔

حسّیات ۔ چکھنے، سونگھنے، دیکھنے اور سننے کے اعضاء، اور احساس عامّہ کے اعضاب کا مجملی اختتام ۔ جلد اور اوسکے ملحقات ۔

احشائیات ۔ اعضائے تنفس و ہضم کے متعلق مظاہرے اور انکا مکمل بیان ۔ باریطون ۔ بولی تناسلی آلات (ذکور و اناث کے) ۔ بے قنات غدد ۔

جنینیات ۔ جرثومی خلیے انکا مبداء اور ساخت ۔ تخمگی اور باروری، انقطاع جرثومی تہیں ۔ مضغہ کے نمو کے ابتدائی مرحلے ۔ جنینی اغشیہ اور مشیمہ (آنول) اعضا کا نمو ۔

ب سارے جسم انسان کی تقطیع ہر طالب علم کو کرنا چاہیئے ۔

فعلیات

لکچر:-

انسجیات ۔ حیوانی خلیہ اور اُسکا انقسام ۔ سرحلمات اور اتصالی بافتوں کی (جن میں کریاں، ہڈی، اور دانت معہ اُنکے نمو کے شامل ہیں) قسمیں اور ساخت ۔

ارادی اور غیر ارادی عضلات اور اعصاب کی قسمیں اور اُنکی ساخت اور افعال معہ اُنکے نمو کے۔ بافتوں کی خراش پذیری اور قابلیت انقباض۔ عضلہ کے انقباض کے دوران میں اُسکی شکل، امتداد پذیری، لچک، تپش اور برقی حالت کے تغیرات۔ نیز کیمیائی تغیرات۔

۲۔ نظام دوران خون۔ قلب، شرائین، عروق شعریہ، وریدوں اور لمفائی عروق کی ساخت۔ فعلیاتِ قلب، جنین اور بالغ کا دورانِ خون۔ خون کا دباؤ خون کی رفتار، شریانی اور وریدی نبض، شرائین عروق شعریہ اور وریدوں میں سیلانِ خون، اور لمف کا سیلان۔ قلب اور عروق دمویہ کی عصبی رسد۔

۳۔ خون۔ خون کی ترکیب، اُسکی مقدار اور ترویب۔ خون کی کیمیائی حالت جسیمات دمویہ۔ ہیموگلوبین کے مرکبات اور مشتخرجات جسیمات دمویہ کا شمار۔ ہیموگلوبین کی تعین۔ خون کے کاشفات۔

۴۔ لمف اور لمفائی غدد۔

۵۔ بے قنات غدد۔ انکی ساخت اور افعال اور اندرونی افراز۔

۶۔ نظام تنفس۔ اعضائے تنفس اور میکانیہ تنفس۔ خون کی گیسیں، تنفس کا سبب اور تنظیم تنفس۔ مخصوص تنفسی افعال اور مصنوعی تنفس۔ دورانِ خون پر تنفس کے اثرات۔ تنفس کا تغذیہ سے تعلق۔ آکسیجن کی ضرورت۔ زیادہ دباؤ پر تنفس۔ غیر طبعی تنفس اور اختناق۔

۷۔ ہضم۔ ہضم سے متعلق افرازی غدد کی جنبیں جگر اور لبلبہ شامل ہیں، ساخت اُنکے افرازات کی ترکیب، اور مختلف غذاؤں پر اُنکے افعال۔ ہضم کے میکانی اعمال اور غذا کا جذب۔

۸۔ بولی نظام۔ آلات بول کی ساخت اور افعال۔ بول کے ترکیبی اجزا۔

یوریا، یورک ایسڈ، امونیا، کریٹی ٹن، اور کریٹی ٹنن اور ہپورک ایسڈ کا بننا۔ غیر نامیاتی بولی اجزاء اور رسوبات۔ بول کے غیر طبعی اجزاء کے کاشفات۔

۹۔ جلد اور اسکے ملحقات۔ جلد اور اسکے ملحقات کی ساخت اور اُنکے افعال۔ پسینہ کا افراز اور اُسکی ترکیب۔ تنظیم حرارت۔

۱۰۔ جسم کی کیمیائی ترکیب۔ کاربوہائیڈریٹس، پروٹین، اور شحوم کی کیمیائی فعلیات۔ اینزیمات اور اُنکے افعال۔ کاربوہائیڈریٹس، شحوم اور پروٹینز کا تحوّل، اور بقائے توانائی۔

۱۱۔ عصب، عصبی مراکز، عصبی خلیات۔ اُنکی ساخت اور اُنکے افعال۔ اعصاب کا انخطاط اور تجدید۔ عصبی صدمہ کی رفتار، سمت اور نوعیت۔ عصبی بافت کی کیمیا۔ اعصاب کی برقی حالت اور تحریک پذیری۔ خود آئین عصبی نظام۔

۱۲۔ مرکزی عصبی نظام۔ نخاع کے سپید اور رمادی مادّوں کی ساخت اور اُنکے افعال۔ نخاع کو مختلف مقامات پر قطع کرنے کے نتائج۔

متضاد عضلات کا متکافی فعل۔

نخاع مستطیل، جسرِ دماغ اور درمیانی دماغ کی ساخت۔ دماغی اعصاب کا مبداء اور اُنکے افعال۔

دمیغ کی ساخت اور اُسکے افعال۔

دماغ کی ساخت۔ دماغی افعال کے موضع کی تعیین۔ حرکی اور حسّی رقبے متلازم (موتلف) ریشے اور مراکز۔

۱۳۔ مندرجہ ذیل کی ساخت اور افعال۔

(الف) اعضائے ذائقہ وشامّہ۔
(ب) تشریح اُذن اور فعلیات سماعت۔
(ج) ساخت و افعال چشم۔
توفیق، اور آلۂ بصارت کے نقائص۔
بصری احساسات اور بصارت کے متعلق نظریے۔
۱۴۔ جلدی احساسات اور اُنکی قسمیں۔ حرکی اور حشائی احساسات
۱۵۔ حنجرہ کی تشریح۔ آواز اور کلام کی پیدائش۔
۱۶۔ تولید، جسم کا نمو اور بالیدگی۔

فعلیات

عملی نصاب

تجربی فعلیات

(الف) دوران خون۔ دوران خون کا خوردبینی امتحان۔ مینڈک کے قلب کی تقطیع۔ اسکے فعل کی ترسیمی ترقیم۔ جوفی اوتاقی اتصال کی تقطیع۔ عصب تائیہ کی تقطیع۔ قلبی مشارکی کی تقطیع۔ جوفی اوتاقی اتصال۔ عصب تائیہ اور قلبی مشارکی کا ہیجان۔ قلب کی راسی تجہیز۔ قلب پر مسکرین، ایٹروپین، حرارت، برودت، اور برقی رو کا عمل۔ اسٹی نیٹس کا تجربہ۔

(ب) عضلہ۔ عضلی ریشہ کو سوئی سے علٰحدہ کرنا۔ عضلی ریشوں کی خوردبینی تجہیز۔ عضلہ کا ارادی اور غیرارادی ہیجان میکانی، کیمیائی اور برقی طریقوں سے۔ عضلی عصبی تجہیز۔
منفرد تہیج، اور پے درپے تہیجات کے نتائج۔ کزازی انقباض، لچک اور

امتداد پذیری۔ برقی تہیجگی۔ رَدبینی تجربہ کا مینڈک (frog Rheoscopic) طنبورۂ ماری۔ عضلہ نگار۔ قلب نگار۔ پستانی حیوان کا قلب اور اُس کا تغذیہ۔

(ج) خون۔ خون کا خردبینی امتحان۔ کثافت اضافی۔ تہیجگی پیما۔ فائبرینی خمیر کی تیاری۔ درون عروقی تزویب۔ طیف نمائی امتحان۔ آکسی ہموگلوبین کی تیاری اور امتحان۔ خون کی شناخت کے کیمیائی طریقے۔ دموی خلیات پیما۔ ہموگلوبین پیما۔ نبض نگار۔ نبض پیما۔ تنفس اور مصنوعی تنفس۔ ہوا نگار۔ تقطیب پیما۔ دم سیلانی رفتار پیما (اسٹرومور)۔ موج نگار۔ خون کے گیس اور زفری ہوا کی تحلیل۔

(د) عصبی نظام۔ کبوتر کے دماغ کا انقطاع۔

معکوس افعال۔ خرگوشوں میں نخاع کا انقطاع۔ عصب اور اُس کا خردبینی امتحان۔ توفیق چشم۔ عدسہ بین۔ شبکی سایے۔

حنجرہ بین۔ چشم بین۔ شبکیہ بین۔ محیط پیما۔ بُرودت، حرارت، دباؤ اور دَرد کے نقاط۔

کیمیائی فعلیات

(الف) پروٹینز، کاربوہائیڈریٹس اور شحوم اور خاص غذائی اشیاء کے ترکیبی اجزا اور کاشفات۔ شحوم کا استحلاب۔

(ب) ہضم۔ ریق (لعاب دہن) اور معدی رس کے افعال، اور ہائیڈروکلورک اور لیکٹک تراشوں کے کاشفات۔

لبلبہ کا رس۔ صفراء اور معائی عُصارہ (succus entericus)

کے افعال۔ گلائیکوجن کے کاشفات۔
امتحان بول۔ البیومین، شکر، صفراء، خون اور رسوبات کے کاشفات۔
بول کے البیومین، شکر، یوریا، یورک ایسڈ، اور کلورائیڈز کی کمی تخمین۔

نسیجیات

بافتوں کی خردبینی تجہیزات (تصلیب، تفریش، تراش سازی، تلوین اور ترکیب)۔ مختلف بافتوں کے نسیجیاتی شریحوں کا امتحان۔

علم الادویہ

منظم لکچروں کے دوران میں تمام سرکاری ادویہ اور اہم ترین غیر سرکاری دوائی عاملات کی طبیعی تاریخ، کیمیائی اور طبیعی خواص سے، اور ساتھ ہی اُنکے اُن افعال و خواص اور علاجی استعمالات سے بحث کیجائے گی جو وہ معدی معائی خطہ، تنفس، دوران خون، افراز، ابراز، حسی حرکی اور انعکاسی میکانیہ تنظیم حرارت، اور جذب کے متعلق رکھتے ہوں۔ نیز اُنکی تیاری کے طریقوں، مقادیروں، ترکیب، ذرایع حصول، اور برطانی قرابادینی ادویہ کے طبعی، کیمیائی اور فعلیاتی تناقض کے متعلق لکچر دئے جائیں گے۔
اُن تمام فنی اصطلاحات کی تعریفات جو علم افعال الادویہ اور علم العلاج میں عام طور پر مستعمل ہیں۔
برطانوی قرابادین کی اُن مختلف ادویہ کے، جو مختلف نظامات جسم پر عمل کرتی ہیں، افعال و خواص اور علاجی استعمالات۔
(الف) نسخہ نویسی۔ (ب) لاطینی اصطلاحی فقرے جو نسخہ نویسی میں

استعمال کئے جاتے ہیں۔

(ج) ادویہ کے افعال۔

(۱) اولی فعل۔ (۲) ثانوی فعل۔ (۳) راست یا مقامی فعل۔ (۴) بالواسطہ یا بعید فعل۔ (۵) کیمیائی ترکیب اور فعلیاتی عمل کا باہمی تعلق۔ (۶) طبیعی حالت اور فعلیاتی عمل کا باہمی تعلق۔

غیر نامیاتی علم الادویہ

گروہ ۱۔ آکسیجن اور پر آکسائڈ آف ہائڈروجن۔

گروہ ۲۔ قلوی فلزات۔

پوٹاسیم، سوڈیم، امونیم، اور لیتھیم۔

گروہ ۳۔ قلوی ٹیان۔ (alkaline earths)

کیلسیئم، بیریئم، اسٹرانشیئم، اور مغنیسیئم۔

گروہ ۴۔ سیسہ، نقرہ، جست، تانبا، بسمتھ، الومینیئم۔

گروہ ۵۔ پارہ۔

گروہ ۶۔ لوہا اور مینگنیس۔

گروہ ۷۔ سم الفار یا سنکھیا۔

(الف) سنکھیا کے نامیاتی مرکبات۔

۱۔ الی فیٹک (aliphatic) یا شحمی سلسلہ اور

۲۔ بینزال حلقہ کے مرکبات یا اباریری (aromatic)

(Benzol) سلسلہ۔

(ب) آرسینو بینزال اور نیو آرسینو، اینٹی مونی (سرمہ)، کروسیئم،

یورے نیم اور فاسفورس۔

گروہ ۸۔ طفیلیات کُش ادویہ۔

گروہ ۹۔ کلورین، آیوڈین، برومین، اور (آیوڈوفارم ہالوجنس)۔

گروہ ۱۰۔ منومات (خواب اور ادویہ)۔

گروہ ۱۱۔ تُرشے۔

گروہ ۱۲۔ کاربن اور اُسکے مرکبات۔

گروہ ۱۳۔ گلوسائڈ، پیرافین، بینزین، کاربن ڈائی سلفائڈ۔

گروہ ۱۴۔ پانی۔

نامیاتی نباتی علم الادویہ

گروہ ۱۔ عصبی نظام پر عمل کرنیوالی ادویہ۔

گروہ ۲۔ قلبی عروقی نظام پر عمل کرنیوالی ادویہ۔

گروہ ۳۔ اعضائے تنفس پر عمل کرنیوالی ادویہ۔

گروہ ۴۔ ضدِ نوبہ، دافع تپ، اور دافع عفونت ادویہ۔

گروہ ۵۔ مُسہلات۔

گروہ ۶۔ طیران پذیر روغن، اور جامد طیران پذیر روغن (stearoptenes)

گروہ ۷۔ نباتی مُرّیات۔ (vegetable bitters)

گروہ ۸۔ نباتی قابضات۔

گروہ ۹۔ ملطّفات (demulcents)

گروہ ۱۰۔ کرم کش اور طفیلیات کش (parasiticides) ادویہ۔

گروہ ۱۱۔ مُدرّ بول ادویہ۔

گروہ ۱۲۔ رحم پر عمل کرنیوالی ادویہ۔
گروہ ۱۳۔ نقرس کی مستعمل ادویہ۔
گروہ ۱۴۔ طیران پذیر روغنوں سے تعلق رکھنے والے اجسام۔
گروہ ۱۵۔ اہم ترشے شامل رکھنے والی ادویہ۔
گروہ ۱۶۔ متلون عاملات۔
گروہ ۱۷۔ ادویہ جنکا فعل میکانی ہے۔
گروہ ۱۸۔ ادویہ جنکا فعل نامعلوم ہے۔

نامیاتی حیوانی علم الادویہ

حیوانی اقلیم سے اخذ کردہ اشیا، مع مندرجۂ ذیل مصلیات (sera) اور جدّرینات (vaccines)

۱۔ ضدِّ ڈفتھیریا مصل۔
۲۔ دافع گزاز مصل۔
۳۔ ضدِّ نیومو کاکس مصل۔
۴۔ دافع طاعون مصل اور جدّرین۔
۵۔ اینٹی اسٹریپٹو کاکس مصل اور جدّرین۔
۶۔ تدّرنی مصل اور جدّرین۔
۷۔ ہیضہ کا مصل اور جدّرین۔
۸۔ تپ محرقہ (ٹائیفائڈ) کا مصل اور جدّرین۔
۹۔ کلب (Hydrophobia) کی جدّرین۔
۱۰۔ ضدّ گانو کاکس مصل۔

۱۱۔ شیگا کا دافع زہر مصل۔
۱۲۔ پولنٹین (Pollantin)
۱۳۔ سلعۂ لحمیہ (سارکوما) کا سیال کالی (Coley's fluid)
۱۴۔ رائٹ کی اسٹیفلوکا کی جدرین۔
۱۵۔ اسکلاوو کا مصل، جمرہ کیلئے (Sclavo's serum for Anthrax)

عضوی علاج (Organo-Therapy)

غدۂ درقیہ (Thyroid gland)
درقیہ برآوردہ بکریوں (Thyroidectomised goats) کا دودھ۔
درقیہ برآوردہ بھیڑوں کا مصل۔
رب تیموسیہ (Thymus)
اثنا عشری کی مخاطی جھلی کا ترشئی رب۔
گردہ۔
جگر۔
طحال۔
صنفی غدے۔
مغز استخوان

فن دواسازی اور نسخہ سازی

۱۔ عام ہدایات۔

۲۔ تول اور ناپ۔
۳۔ جوشاندے۔
۴۔ خیساندے۔
۵۔ مستحلبات اور آمیزے۔
۶۔ مستحلبات اور آمیزے خاص دواؤں کے۔
۷۔ گولیاں۔
۸۔ گولیاں خاص ادویہ کی۔
۹۔ حمالات۔
۱۰۔ سفوف۔
۱۱۔ نفطات اور لصقات (Blisters & Plasters)
۱۲۔ شافے (suppositories) ۔ فرزجات (pessaries) فتیلے (bougies)
۱۳۔ صبغے۔
۱۴۔ قرص۔
۱۵۔ مرہم۔

امراضیات

۱۔ امراضیات عام۔
خلیہ تندرستی اور مرض میں۔ عام قہقری اعمالات۔ التہاب اور مرمت تحول کے امراض۔ مثلاً نقرس۔ ذیابیطس۔ تسممات اور ذاتی تسممات۔ دوران خون کے فسادات۔ استسقاء۔ علقیت۔ سدادت اور انفارکشن

(infarction) (فانک بننا) ۔سلعات ۔ساری انگوری سلعات
(granulomata) سرایت اور مامونیت ۔ اندرونی افرازات ۔تپ
اور ساری امراض ۔

حیوانی طفیلیے

نخز حیوانات ۔ قولونی ایمیبا ۔نسیج پاش معائی ایمیبا (entamoeba
histolytica) ٹریپینوسوما (trypanosoma) ۔ ملیریائی طفیلیے ۔
ٹریپونیما پیلیڈم (treponemapallidum) اور لشمین (Leishman)
کے اجسام ۔

فیتہ نما کیڑے ۔ٹینیا سولیم (Tenia solium) ٹینیا میڈیوکینیلاٹا
(Tenia echino کس ٹینیا ایکینوکاکس (Mediocanellata) tenia
(Bothriocephalus latus) باتھریوکیفیلس لیٹس (coccus-
خراطین صفاری (Ascaris lumbricoides) ۔چنے
(oxyuris vermicularis) ٹرائیکوکیفیلس ڈسپار ۔
(trichocephalus dispar) ۔ اثنا عشری کج دھنے
(trychina مرغولی ٹرائی کینا (ankylos toma duodenale)
(Filaria sanguinis hominis) انسانی خون کا فلاریہ (spiralis)
(Dracunculus medineusis) ناروہ ۔

وشائع (Fluke Worms) ۔بلہارزیا دمویہ (Bilharzia
(Schistosomum مقسومۃ البطن جاپانی haematobia)
japonicum)

۲۔ نظام وار امراضیات۔

ذیل کی ساختوں کے امراض۔ انظام دوران خون۔ ۲۔ خون اور خون ساز اعضاء۔ ۳۔ نظام لمفی۔ ۴۔ طحال۔ ۵۔ نظام تنفس۔ ۶۔ نظام ہضم۔ ۷۔ بے قنات غدے۔ ۸۔ تناسلی بولی نظام۔ ۹۔ تناسلی نظام۔ ۱۰۔ نظام عصبی۔ ۱۱۔ کھری ہڈی اور مفاصل۔ ۱۲۔ ارادی عضلے۔ ۱۳۔ وتری غلاف اور درجکیں۔ ۱۴۔ مخصوص اعضاء مثلاً آنکھ۔ کان وغیرہ۔ ۱۵۔ جلد۔

۳۔ مداریئی امراضیات۔

ملیریا۔ تپ ناکہ۔ کالا آزار۔ اورلیش مینیائیت (Leishmania sis) مداریئی کلانی طحال۔ ٹریپانوسومیت (Trypanosomiasis) ڈنگیو (Dengue) بخار۔ مالٹائی بخار۔ زرد بخار۔ پلیگ۔ فیل پا۔ جذام۔ یاز (Yaws) بیری بیری (Beri-beri) اسپرو (Sprue) ہیضہ پیچش۔ ایمیبائی پھوڑا۔ مرض القدم الفطری (Mycetoma) مرض مقسومۃ البطن۔ (Schistosomiasis)

جرثومیات

۱۔ تمہید۔ عام جرثومیاتی طریقے۔

سامان خردبین۔ خرد پیما (Micrometer) تاریک زمین کی تنویر۔ تعقیم اور دفع سرایت۔ جراثیم کی کاشت۔ ناہوا باشی کاشت مختلف طریقے۔

۲۔ خرد عضویوں کے عام خواص۔

جماعت بندی اور تشکلیات۔

جراثیم کی حیاتیات ۔ تکثیر ۔ بذرے بننا ۔ حرکت ۔ ہوا باشی ۔ ناہوا باشی
گندپودے اور طفیلیے ۔ تخمیر ۔ سڑنا ۔ جراثیمی حاصلات اور تولد المرض ۔

۳ ۔ نوعی ساری جراثیم کا مطالعہ ۔

ریم افزا جراثیم ۔ اسٹیفیلوکاکائی (Staphylococci) اسٹرپٹو
کاکائی (Streptococci) نیومو کاکس (Pneumococcus)
منگو کاکس (meningococcus) گونوکاکس (Gonococcus)
ملتے جلتے ریم افزا عضوئے ۔ قولون ٹائیفائڈ اور پیچشی گروہ کے عصبے ۔ الصاقی
تعالمات ۔ ہیضہ اور ملتے جلتے ریشے (Vibrios) ۔ جمرہ (Anthrax)
اور بی سبٹیلس (B. Substilis) ۔ ڈفتھیریا ۔ خلاسم کی تیاری ۔ ڈفتھیریانما
عضوئے ۔ نزفی عفن دموی کے عصبے ۔ بی پسٹس (B. Pestis) ۔ چوہے
اور چوہوں کے پسو ۔ ضد طاعون جدرین ۔

انفلوانزا ۔ کالی کھانسی ۔ مالٹا بخار ۔

ناہوا باش جراثیم ۔ کزاز ۔ ضد کزاز مصل ۔ ملتے جلتے عضوئے ۔

ترشہ قائم عصبے ۔ اسٹرپٹوتھرکس (Streptothrix) عصبہ تدرن
عصبہ جذام ۔ عصبہ سقاوت (B. Malli) شعاع فطریات ۔
(actinomycoses) بلاسٹومائی سیٹیز (Blastomycetes) اور
ہائیفومائی سیٹیز ۔ حلزونی (Spirillar) مرض ۔

تقطیدیہ قشب ۔ کہسرا ۔ سرخ بخار ۔ (Scarlatina) آب ترسی کلب
اور ضد کلب تطعیم چیچک گاو چیچک (Vaccinia)

۴ ۔ مامونیت ۔

ساری عمل ۔ قدرتی مامونیت ۔ صناعی مامونیت ۔ جدرینین مامونیت کے

نظریے ۔ ضد سموم ۔ ضد مصلات ۔ اور دوا سرمان تعامل اور اس کی ترمیم۔ (Modification) جراثیم پاش اجسام ۔ الصاقینین ۔ رسوبینین اور خون پاش اجسام۔

۵۔ ہوا ۔ گرد ۔ مٹی ۔ گندابی پانی ۔ اور غذا کے جراثیم۔

۶۔ دافعات سرایت ۔

۷۔ عملی نصاب۔

مرضی مادوں کو فراہم کرنے اور انکا امتحان کرنے کا طرز عمل مثلاً خون معدی اور معائی مشمولات ۔ بول ۔ ریم ۔ لساق اور رشحات (exudates) سلعات کا امتحان۔

ہائیجین (اصول صحت)

۱۔ پانی ۔ منابع ۔ ذخیرے ۔ تقسیم اور تذخیر ۔ کیمیائی ترکیب ۔ خواص۔ کثافتیں اور ان کے اثرات صحت پر ۔ تطہیر بالتقطیر اور بالتقطیر ۔ تقطیری تہیں ۔ اور گھریلو مقطارات ۔ تجزیہ کے لئے نمونوں کو جمع کرنا کیمیائی خوردبینی اور جرثومیاتی امتحان۔

۲۔ ہوا ۔ ترکیب اور طبیعی خواص ۔ کثافتیں ۔ ان کے ذرائع اور صحت پر ان کے اثرات ۔ امتحان۔

۳۔ تہویہ ۔ مطلوبہ ہوا کی مقدار ۔ تہویہ کا نظریہ اور عمل ۔ ہوا کی تطہیر۔ تہویہ کا امتحان ۔ مسکنوں کو گرم اور ٹھنڈا کرنا۔

۴۔ حرفتی امراض اور ناگوار پیشے ۔ سیسہ ۔ پارہ ۔ فاسفورس سنکھیا وغیرہ ۔ نقصان رسان پیشے اور ان کے اثرات صحت پر۔ ایسے پیشوں کی

ماہیت اور ان کا انتظام۔

۵۔ زمین۔ زمین کی اصل اور اسکی قسمیں۔ وہ خواص جنکا اثر آب و ہوا اور صحت پر ہوتا ہے۔ وہ امراض جو زمین سے پیدا ہوتے ہیں۔

۶۔ موقعے اور عمارتیں۔ تعمیر کے لئے موقعوں کا انتخاب۔ وہ اصول اور قواعد جن پر اصول صحت کے مطابق تعمیر کا انحصار ہے۔

۷۔ غذا۔ جماعت بندی۔ اشیاء غذا کی فطرت اور انکے فوائد مقدار مطلوبہ۔ اضافی قیمت۔ پکانا۔ وہ امراض جنکا تعلق غذا سے ہے۔

۸۔ نباتاتی اشیاء غذا۔ غلے cereals دالیں pulses جڑیں اور بصلے۔ ہری ترکاریاں۔ میوے اور سپاریاں nuts شکر۔ شہد۔

۹۔ حیوانی غذا۔ حیوانوں کا معائنہ۔ اچھے اور برے گوشت کی امتیازی خصوصیات۔ وہ امراض جو ناموافقت گوشت سے پیدا ہوتے ہیں۔

۱۰۔ دودھ۔ مقابلہ۔ صیانت preservation۔ دودھ سے پیدا ہونے والی بیماریاں۔ امتناعی تدابیر۔

۱۱۔ مشروبات اور مسالے۔ تخمیر نایافتہ اور تخمیر یافتہ مشروبات۔ توابل۔ صحتانی قوانین۔

۱۲۔ ہندوستان کی غذا۔ معیاری نباتاتی۔ غذا اور طبیعی نموفعلیاتی اثرات۔ روزانہ غذا۔

۱۳۔ فضلہ۔ جمع کرنا۔ دور کرنا۔ اور انجام کو پہنچانا۔

۱۴۔ گندآب۔ جمع کرنا۔ دور کرنا۔ اور انجام کو پہنچانا۔ مختلف نظاموں کے فوائد اور نقصانات۔ تجزیہ۔ صحتانی قوانین۔

۱۵۔ لاشوں کو انجام تک پہنچانا۔ احراق۔ جلانا۔ زمین میں دفن کرنا۔ مختلف طریقے جو اختیار کئے جاتے ہیں۔

۱۶۔ شخصی اصول صحت۔ عادت۔ صفائی۔ لباس۔ کھانا۔ پینا تمباکو نوشی۔ سونا۔ ورزش اور آرام کے متعلق اصول کئے ہوئے کام کا حساب۔

۱۷۔ آب وہوا۔ اور علم حوادث الجو۔ آب وہوا کے اقسام اسباب اور اثرات۔ آب ہوا کا عادی ہو جانا۔ تپش۔ کرہ ہوائی کا دباؤ۔ ہوا کی حرکات وغیرہ۔

۱۸۔ سرایت اور حاملین سرایت۔ سرایت۔ حضانت جراثیم سرایت کے طریقے۔ کیڑے مچھر۔ ریت مکھی وغیرہ۔

۱۹۔ حیوانی طفیلیے۔ شریطیے cestoda ۔ خیطیے hematoda کج دہن کیڑا hookworm فلیریا filaria وغیرہ

۲۰۔ سرایت کی روک۔ اعلان کرنا۔ تفرید۔ قرانطینہ۔ دفع سرایت۔ مامونیت۔ جدرین رسانی۔ صحتانی قوانین۔ طریقے۔

۲۱۔ انسداد پذیر ساری امراض۔ ملیریا۔ کالا آزار۔ معائی بخار پلیگ۔ ہیضہ۔ ڈفتھیریا۔ تدرن۔ چیچک وغیرہ۔

۲۲۔ مدارس کا طبی معائنہ۔ طبی معائنہ کی وسعت اور وظرت طبی ناظروں کے فرائض۔ معائنہ کے طریقے۔

۲۳۔ امیت اور بہبودی اطفال۔ امیت کی حفاظت قبل پیدائش اور بعد پیدائش زمانہ۔ مرکز بہبودی اطفال۔ ناظران صحت قبالتی خدمت۔

۲۴۔ حیوی اعداد وشمار۔ اہمیت۔ آبادی کا اندازہ۔ شرح پیدائش

وموت ۔ حیوی واقعات کا اندراج ۔ زنبیعی اموات ۔ ان کے اسباب اوران کا انسداد ۔ موت کے صداقت نامے ۔ پیشہ اور تعداد اموات ۔ خاص شرح موت ۔ جدول حیات ۔ شادیاں ۔

۲۵ ۔ میلوں اور مذہبی تہواروں کی صحت ۔ گنجانشین طبی اور صحتی انتظامات ۔ آبی رسد ۔ صفائی conservancy غذائی رسد ۔

۲۶ ۔ دیہی صحت ۔ تعلیم ۔ آبی رسد ۔ صفائی ۔ ملیریا اور دوسرے آب آور دہ امراض ۔

۲۷ ۔ عملی مظاہرے ۔ ہائیجینی نمونے اور جدول ۔ تجزیہ آب دودہ اور اس کی آمیزشوں کا امتحان ۔ مختلف نشاستوں ۔ روئی ۔ اون ۔ ریشم کے ریشوں کا خوردبینی امتحان ۔ مسلخ ۔ تقطیری نہیں ۔ رگڈ جدرین رسانی ۔ تفریدی ۔ ہسپتال ۔

طب قانونی

حصہ اول

۱ ۔ تمہید ۔

۲ ۔ زندہ اشخاص کی شناخت جسمیں بشرہ پیمائی شامل ہے ۔ انگلیوں کے نشانات اور ذاتی نشانات کی پہچان ۔ اور عمر کا اندازہ ۔

۳ ۔ مردوں کی پہچان اور ان کا امتحان ۔ عمر کا اندازہ اور جنس کا تعین ۔

۴ ۔ طبی قانونی مطالب کیلئے مردہ کا امتحان ۔ اور اس کو قبر سے نکالنا ۔

۵ ۔ موت کے طبی قانونی تعلقات ۔ مرنے کے طریقے ۔ اختناق asphyxia اور سیانات coma فوری موت ۔ قانونی مطالب کے لئے موت کے اسباب کی جماعت بندی ۔

۶ ۔ موت کی امارات ۔ سالمی اور جدی موت ۔ موت کی غیر قاطع اور یقینی امارات ۔

۷ ۔ مردہ تحلیل کی مختلف شکلیں ۔

۸ ۔ موت سے مشابہ حالات ۔ غشیان ۔ قدت ۔ trance جزوی اختناق ۔ قبل از وقت تدفین اور احراق ۔

۹ ۔ ڈوب کر مرنا ۔ دم گھٹنا ۔ پھانسی اور گلا گھوٹنا ۔

۱۰ ۔ جل کر مرنا ۔ ضربت الشمس ۔ اور برق ۔

۱۱ ۔ سردی اور فاقہ سے مرنا ۔

۱۲ ۔ زخم اور میکانی ضربات اور خون اور دوسرے دھبوں کا امتحان

۱۳ ۔ جسم کے خاص حصوں کے زخم ان کے اسباب اور اثرات ۔

۱۴ ۔ ضعفی جرائم اور تناسلی اعضاء کی غیر طبعی حالتیں ۔ عنانت اور عقم ۔ زنا بالجبر اور خلاف وضع فطری جرائم ۔

۱۵ ۔ حمل اور صحیح النسبی اور استقرار حمل ۔ مدت حمل کی امارت اور جنین علے الجنین ۔

۱۶ ۔ مجرمانہ اسقاط حمل

۱۷ ۔ پیدائش اور بچہ کشی ۔ زندہ اور مردہ مولود ۔ بچہ کشی اور نوزائیدہ رضیع کا بعد الموت امتحان ۔

۱۸ ۔ جنون کی مختلف شکلیں ۔ اور ذہن کی دوسری غیر طبعی حالتیں

معہ امتحان مجانین ۔ طبی صداقت نامے اور مجانین کو زیر حراست رکھنے
کے طریقے hypnotism منشی فی النوم ۔ عمل تنویم اور تصنعی جنون ۔
۱۹ ۔ عدالت میں حاضر ہونے کے لئے طبی امتحان ۔ ہرجانے تصنعی
امراض وغیرہ ۔
۲۰ ۔ طبیب کے قانونی اور اخلاقی فرائض بشمول اندراج پیدائش ۔
صداقت نامہ جات موت ۔ بیان بروقت موت ۔ اعلان امراض ۔
بدمعاملگی malpraxis فنی رازداری وغیرہ ۔
۲۰ طبیب کی شہادت اور عدالتوں کا طریق کار ۔

حصۂ دوم

(سمومیات)

۱ ۔ سموم کے متعلق عام واقعات بشمول تشخیص تسمم علاج کے اصول
سموم کو علیحدہ کرنا اور ان کی جماعت بندی ۔
۲ ۔ سموم اکال ۔
۳ ۔ خراش آور سموم (فلزات اور غیر فلزات)
۴ ۔ گیسی سموم ۔
۵ ۔ کاربن کے زہریلے مرکبات ۔
۶ ۔ نباتاتی الاصل سموم ۔
۷ ۔ حیوانی اصل کے سموم اور میکانی سموم ۔

طب

تمہید ۔ مرض کی تعریف ۔ تشریح وغیرہ

بخار ۔ ساری امراض ۔ نوعی تپ ۔
تنفس کے اعضاء ۔ انفی بلعوم ۔ حنجرہ ۔ نرخرہ ۔ شعبات ۔ شش اور
پلورا کے امراض ۔
نظام دوران خون کے امراض ۔ ضرب قلب کی بے قاعدگیاں ۔ درون
قلبیہ کے امراض ۔ عضلہ قلب اور گرد قلبیہ ۔ دموی عروق کے امراض ۔
نظام غدائی ۔ منہ ۔ لوزتین ۔ بلعوم ۔ ریقی غدول ۔ مری ۔ معدہ اور
آنتوں ۔ جگر ۔ لبلبہ اور باریطون کے امراض ۔
خون ۔ تلی اور لمفی نظام کے امراض ۔

درون افرازی غدد کے امراض

درقیہ (Thyroid) اور نزد درقیہ (Parathyroids)
تیموسیہ (Thymus) فوق الکلیتہ (Suprarenals) سنخامیہ
(Pancreas) اور لبلبہ یا بانقراس (Pineal) صنوبری (Pituitary)

بولی نظام کے امراض

بول ۔ گردے ۔ انکے التہابات ۔ انحطاطات اور سلعات ۔

عصبی نظام کے امراض

دماغی نخاعی اعصاب (Cranio-Spinal Nerves) حبل شوکی
نخاع مستطیل ۔ دماغ ۔ شلل کی نظام ۔ نفسی امراض

عضلات کے امراض

عظام اور مفاصل کے امراض

مزمن تسمم الکحول (Alcohol) سیسا (Lead) سنکھیا یا سم الفار (Arsenic) سیماب (Mercury)

تغذیہ یا تحول کے امراض

نقرس (Gout) کساحت (Rickets) اسکربوت (Scurvy) بیری بیری (Beri-beri) وغیرہ

جلد کے امراض

علم الجراحت (Surgery)

پہلا حصہ

زخم ۔ عمومی بحث ۔ زخموں کے اقسام ۔ زخموں کا علاج ۔ غیر عفنی طریق عمل کے متعلق عام بحث ۔ جسم کے سطحات کو صاف کرنیکا طریق عمل ۔ اعشیہ نخالی کی تعقیم ۔ تکسیہ (ڈریسنگ) ۔ زخم کو پونچھنے اور صاف کرنیکے کپڑوں اور چغوں (Gowns) کی تعقیم ۔ دوخت اور بندش کے سامان کی تعقیم ۔ پانی اور صاف کرنے والے محلولات ۔ آپریشن کرنے کا کمرہ ۔ غیر عفنی آپریشن ۔ عام اور منطقی عدم حسیت ۔ ترقیعی اور تکوینی جراحت

دوسرا حصہ

زخموں کی سرائتیں اور جراحی امراض سار یہ ۔ زخم کی سرائتوں کے متعلق

عام بحث ۔ زخمی سرایت کے دوران میں مقامی فسادات ۔ بیش اثر پذیری اور استہداف (Anaphylaxis) تپ (Fever) ریم افزا خرد بینی عضویات ۔ جراحی سرایتوں کے متعلق خون اور زخم کے افرازات وغیرہ کا امتحان ۔ ریم افزا سرایتوں کے داخل ہونے کے راستے ۔ ریم افزا سرایتیں اور ان کا علاج ۔ مختلف ماقتوں کی ریم افزا سرایتیں ۔ معفن یعنی سڑن پیدا کرنے والی سرایتیں ۔ سموم زخم وا والکلب (Ravies) جنون کلبی (Lyssa) خوف الماء (Hydrophobia) کزاز (Tetanus) دفتھیریا (خناق وبائی) جمرہ (Anthrax) سقاوت یا سراجت (Glanders) شعاعی فطریت (Actinomycosis) مادورا پا (Madura foot) فطریت ناہیضہ (Blastomycosis) بدری شعریت (Sporotrichosis) تدرن (Tuberculosis) جذام (Leprosy) نملس (آتشک) سلعہ صلبیہ (Scleroma) عنقودی فطریت (Botryomycosis)

تیسرا حصہ

تشنج ۔ تشنج ۔ عام بحث ۔ تشنج بوجہ جرح ۔ تشنج بوجہ دباؤ ضیق ۔ اختناق و تقتیل (مروڑ) تشنج بوجہ حراری و کیمیائی اسباب تشنج بوجہ سمادیت و علیقیت ۔ تشنج بوجہ مزمن امراض عروق دموبہ ۔ عصبی مرض کی وجہ سے تشنج ۔

چوتھا حصہ

نرم حصص ۔ عظام اور مفاصل کے جروح اور ان کا علاج ۔

جروح (ضربات) مختلف ہاتھوں کے میکانی جروح۔ خلوع مفاصل استخوانی نظام کے جروح۔ خاص کسور۔ فقرات کا خلع۔ عظام اور مفاصل پر عملیات۔ تبتر (Amputations) بندوق کی مار کے زخم کیمیائی اور حراری جروح۔ جرح کے عام اثرات۔ ہذیان مے نوشی (Delirium Tremens) سداویت شحم۔ جرحی ذیابیطس۔

پانچواں حصہ

سر انبیوں اور سلعات کے علاوہ دوسرے جراحی امراض

جلد کے جراحی امراض۔ عضلات اور رباطات کے امراض۔ وتری غلافوں اور کیسوں کے امراض۔ دموی اور لمفاوی عروق کے امراض۔ شرائین کے تسلسل میں ان کی بندش۔ محیطی اعصاب کے امراض۔ مفاصل کے امراض۔ ہڈیوں کے امراض۔

چھٹا حصہ

سلعات تعریف اور اقسام۔ سلعات کے اسباب کی بحث۔ سلعات کی شکل بالید۔ اور ان کی سریری اہمیت۔ سلعات کی عمومی تشخیص۔ سلعات کا عمومی علاج۔ خاص سلعات۔ شحمی سلعات۔ عنصروفی سلعات۔ عرقی سلعات۔ لمحی سلعات۔ عضلہ سے مرکب سلعات۔ مخططہ عضلی سلعات۔ سلعات جو عصبی اجزا سے بنتے ہیں۔ عصب شبیہ (عزّ العصبی) سلعات (Gliomata) سرحلمہ سے نمو یاب ہونیوالے سلعات۔ سرطانی سلعات

خبیث سلعات ۔ سلوی سرحلمی سلعہ ۔ درحلمی سلعات ۔ مخلوط سلعات مسخ نما سلعات (Teratoid tumors) مسخی سلعات

ساتواں حصہ

دویرے (Cysts) (بہ استثنائے دویری سلعات) دویری سلعات کے سوا دویرے ۔

آٹھواں حصہ

بدشکلیوں کی جراحت ۔ پیدائشی بدشکلیاں ۔ تشوّھات (Malformations) نموئی بدشکلیاں اور ہڈیوں کا نرم پڑ جانا (لینت العظام) پیدائشی خلوع المفاصل اور انقباضات ذاتی (انقباضیت) کج گردنی (Torticollis) وضع کی تقصیسی خلاف قاعدگیاں (Kyphotic anomalies) بالائی جراح کی بدشکلیاں ۔ جوارح اسفل کی بدشکلیاں ۔

نواں حصہ

عمود شوکی کی خطی جراحت ۔ عام جراحی حالتیں ۔ متشقوق عمود شوکی (Spina Bifida) التہاب الفقرات (Spondylitis) حبل شوکی کے جروح ۔ حبل شوکی سلعات ۔ شوکی عصبی جڑوں کی جراحت ورقہ برداری (Laminectomy) حبل تشگافی (Chordotomy)

دسواں حصہ

سر کی جراحت ۔ چاندلی ۔ دماغ اور اس کی جھلیوں اور عروق کی جراحت ۔ دماغ کی کوفتگی اور زخم ۔ جرحی التہاب بجیہ ۔ دماغ کا فتق ۔ دماغ کا خراج ۔ درون جمجمی اجواف کی علقیت ۔ صرع اور جراحی علاج ذہنی امراض جو جمجمی جروح کے بعد واقع ہوتے ہیں اور ذہنی امراض کا علاج دماغی سلعات کا جراحی علاج ۔ غدۂ نخامیہ کی جراحت ترفان سے ہڈی کاٹنے کا طریق عمل ۔ دماغی کچوکہ جمجمہ کا جزوی استیصال (Craolectom) ترقیع جمجمہ ۔ ترقیع ام جافیہ (Duraplasty) جمجمہ کا جزوی انقطاع (Resee tion) جمجمی و دماغی موضع نگاری ۔ کان کی جراحت ۔

گیارہواں حصہ

چہرہ کی جراحت ۔ پیدائشی تشوہات ۔ چہرہ کے جروح ۔ چہرہ کی ترقیعی جراحت ۔ سر کے عصبی درد ۔ ریقی غدد کی جراحت دانتوں اور مسوڑھوں کے امراض ۔ جبڑوں کے سلعات ۔ ناک اور اس سے ملحق اجواف کی جراحت ۔ فم (منہ) کی جراحت ۔ بلعوم کی جراحت ۔

بارہواں حصہ

گردن کی جراحت ۔ گردن کے تشوہات ۔ گردن کے جروح ۔ گردن کے امراض ۔ گردن کے سلعات ۔ حنجرہ اور قصبہ کی جراحت ۔ ہوا کی گزرگاہوں (راستوں) میں بیرونی اجسام ۔ حنجرہ اور قصبہ کے التہابی

امراض ۔ضیق اور عصبانیت ۔حنجرہ ۔قصبہ اور اولی شعبات کے سلعات ہوا کے راستوں (گذرگاہوں) پر عملیہ ۔ غدہ درقیہ کی جراحی ۔

تیرہواں حصہ

غدہ تیموسیہ کی جراحی غدہ تیموسیہ کے امراض ۔

چودھواں حصہ

مری کی جراحی ۔مری کا امتحان (Oesophagus)

پندرھواں حصہ

صدر کی جراحی ۔صدری دیوار کی جروح اور امراض ۔استرواح الصدر (Pneumo-thorax) صدر کے نافذ زخم ۔پھیپھڑے کی جراحی ۔صدر پر عملیہ ۔حجاب حاجز (ڈایافرام (Diaphragm) قلب اور غلاف قلب (ناسور) کی جراحی پستان کی جراحی ۔

سولھواں حصہ

شکم کی جراحی ۔شکمی دیوار کی جراحی ۔پاریطون کی جراحی ۔معدہ اور امعا پر عملیے ۔معدہ اور امعاء کے جروح ۔اجسام غریبہ ۔معدی اور معائی ناسور (Fistulae) معدہ امعاء کے انسحاق کے طریقے ضیق بواب (Pyloric stenosis) ساعت رملیہ کی شکل کا معدہ (Hourglass stomach) معدہ کی خلقی بے قاعدگیاں ۔معدہ اور اثنا عشری کا قرح ۔معدہ کے سلعات امعاء کی جراحی ۔ایلاوس (ileus) التہاب زایدہ اعور (Appendicitis) التہاب گرد زائدہ اعور (Perityphilitis)
جگر کی جراحی ۔طحال کی جراحی ۔لبلبہ یا البقراس کی جراحی ۔

سترھواں حصّہ

معائے مستقیم اور مبرز کی جراحی ۔ تشریحی بحث ۔ مبرز کی تشوہات ۔ معائے مستقیم میں اجسام غریبہ ۔ شقاق مبرز ۔ مبرز کا تشنج ۔ گرد مستقیمی التہاب (Periproctitis) ناسور مبرز (Fistula-in-ano) معائے مستقیم کا تنگ ہو جانا ۔ ضیق ۔ مبرز کی ضیق یا اختناق ۔ بواسیر ۔ (Haemorrhoids) سقوط معائے مستقیم (Prolapse of the rectum) مبرز اور معائے مستقیم کے سلعات ۔

اٹھارواں حصّہ

اعضائے تولید نسائیہ کی جراحی ۔ خلقی اور اکتسابی تشوہات

انیسواں حصّہ

تناسلی و بولی نظام کی جراحی ۔

گردوں ۔ فوق الکلیہ غدو اور حالبین کی جراحی (Kidneys, Suprarenal glands and ureters) مثانہ کی جراحی ۔ غدہ قدامیہ کی جراحی ۔ (غدہ قدامیہ) قضیب اور مجری بول کی جراحی ۔ خصیہ اور حبل منوی کی جراحی ۔

فنّ القابلہ (علم الولادت)

(MIDWIFERY)

۱۔ حوض ۔ اسکے مطالعہ کی اہمیت ۔ اسکے افعال و وظایف ۔ اسکا میلان ۔ اسکی ہڈیوں کی تعداد ۔ مرد اور عورت کے حوض کے درمیان فرق ۔ کاذب اور حقیقی حوض ۔ مستویات ۔ محور ۔ پیمائش و ابعاد ۔ مفاصل ۔ شیر خوار بچہ کا حوض ۔ نمو ۔

۲ ۔ تناسلی غدد کی نمو ۔ بیض کی ساخت ۔ جیب گرافیائی (Graffian follicle) کی ساخت ۔ جسم الاصفر (Corpus Luteumm) حیض (Menstruation) تبویض (Ovulation) (Fertilisation)

۳۔ بیضہ کی ابتدائی نمو ۔ رحم کے اندر تغیرات ۔ غشائے ساقط کی تکوین

۴۔ بیضہ میں مزید تغیرات ۔ سیّال النفس (رہل) اسکے افعال و وظائف ۔ المنتولیس (سلی اول) (allantois) کلمہ ۔

۵ ۔ سلی (Choroin) اور مشیمہ (placenta) کی تکوین ۔ کامل نمو یافتہ مشیمہ اور اسکے وظائف ۔ مظاہرہ ۔ حبل سری (نال) (Umbilical cord)

۶۔ جنین کی نمو ۔ جنین میں دوران خون ۔ جنین سر ۔ اسکے قطر جنین کی ابتدائی اشکال اور نمونے دکھانا چاہئے ۔

۷ ۔ وضع ۔ افتاد ۔ تقویم ۔ موضع ۔ سر کی تقدیم کے اسباب ۔ مادری

عضویہ میں تغیرات۔

۸۔ حمل کے مدارج میں رحم کی جسامت۔ عنق الرحم میں تغیرات۔ پستان میں تغیرات۔ نظام عصبی میں تغیرات۔

۹۔ حمل کی تشخیص۔ علامات۔ اشارات۔ تفریقی تشخیص۔ عرصہ دوران حمل۔ تاریخوں کا حساب۔

۱۰۔ حمل کے اصول صحت۔ پیش ولادت داشت و احتیاط۔ حمل کا انتظام اور اہتمام۔

۱۱۔ وضع حمل۔ اسکے وقوع کے اسباب۔ انقباضات۔ بازکش۔ رحم کی قطبیت۔ دردزہ کے اسباب۔ علامات منذرہ یا تحذیری علامات۔ وضع حمل کے مدارج۔

۱۲۔ وضع حمل کی میکانیت۔ مقدار قوت۔ قمی تقدیم۔ مواضع۔ حرکات جانبی ترچھاپن۔ توازی میلان (Synclitism) سانچہ میں آنا (انصباغ (moulding)

۱۳۔ مواضع کی تشخیص۔ شکمی جس۔ مہبلی امتحان۔ وضع حمل کا تیسرا دور دوران وضع حمل۔

۱۴۔ طبعی وضع حمل کا انتظام۔ مادری اور جنینی شرح اموات۔ معدم حس دوا۔ نیم تخدیر۔ (Twilight sleep)

۱۵۔ وجہی تقدیم۔ اس کا تواتر۔ اسکے اسباب۔ اسکے اقسام۔ اسکی تشخیص جنینی تقدیم۔ اسکے اسباب۔ وجہ اور جنین کا علاج

۱۶۔ خوضی تقدیم۔ اسباب۔ مواضع۔ میکانیت۔ تشخیص۔ انذار انتظام وانصرام۔

۱۷۔ حمل مضاعف ۔ دو بویضی اور یک بویضی توام ۔ ثلاثی جنین (Triplets) بے قلب مسخوطات ۔ دوہرے مسخوطات تشخیص ۔ انتظام ۔

۱۸۔ نفاس کی حالت ۔ رحم کا اغتلاف (involution) نفاس (lochia) بعد کے درد (afterpains) شیراول (colostrum) (پہلا دودھ) حالت نفاس کی تشخیص ۔ مادریت (ولادت سابقہ) کی تشخیص (Diagnosis of parity)

۱۹۔ نوزائیدہ بچّہ ۔ ولادت کے بعد دوران خون میں تغیرات ۔ حالت نفاس کا انتظام ۔

۲۰۔ بیرون رحم حمل (Ectopic gestation) اقسام ۔ اسباب انبوبی حمل ۔ انبوبی اسقاط ۔ انبوبی انشقاق ۔ درون ریاطی حمل ۔ ناکمل قرن میں ثانوی شکمی حمل ۔

۲۱۔ بیرون رحم حمل ۔ رحم کے اندر غشائے (decidua) کی تکوین ۔ سبکہ کا اخراج ۔ علامات ۔ تشخیص ۔ انذار ۔ علاج ۔

۲۲۔ حمل کے عوارض ۔ اقسام ۔ تسمات دم ۔ قے الحبالی (حمل کی شدید قے) متلف قے (pernicious vomiting) جگر کا حاد اصفرزبول (acute yellow atrophy)

۲۳۔ کلوی تسمم دم ۔ قبل ایکیمپیائی تسمم (Pre-Eclamptic) تشخیص ۔ علامات ۔ علاج ۔

۲۴۔ ایکلیمپیا (Eclampsia) توانر ۔ شرح اموات ۔ بول ۔ سریری سرگزشت ۔

۲۵۔ امراضیاتی تغیرات ۔ اسباب ۔ انذار ۔ علاج ۔ حملی تسمم دم ۔

۲۶۔ غیر و نسعینین۔ رحم اور مہبل کے پیدائشی تشوہات۔ احتباس بول کے ساتھ رحم کا انحباس۔ رحم اور مہبل کا سقوط (prolapse) پیش گردی اور خمیدگی (antiversion and flexion) پس گردی اور خمیدگی Retro-(version and flexion

۲۷۔ غشائے ساقط اور بیضہ کے امراض التہاب بطانۃ الرحم حملی سیلان الماء (Hydrorrhoea Gravidorum) مشیمہ کی خلاف قاعدگیاں جنین لحمی کاذب (carneous mole) پژمردہ بیضہ (blighted ovum) علامات۔ تشخیص۔ علاج۔

۲۸۔ غشائے ساقط اور بیضہ کے امراض۔ جنین کاذب حویصلی۔ علامات تشخیص علاج۔ انفسی یا رطلی استسقا (Hydropsamnii) حبل السری اور جنین کی خلاف قاعدگیاں۔ احتباس جنین مردہ۔

۲۹۔ حمل کی اتفاقی پیچیدگیاں۔ قلبی اور ریوی امراض۔ کلوی حوضی التہاب۔ یرقان۔ نزف۔ سلعات۔ ملیریا۔

۳۰۔ بیضہ کا قبل از وقت اخراج۔ اقسام۔ اسقاط۔ میکانیت۔ اسباب علامات۔ اسقاط ناکمل تشخیص۔ حفظ ماتقدم (تحریز) علاج۔

۳۱۔ نزف قبل الولادت۔ اقسام۔ مشیمہ متقدمہ۔ اقسام۔ اسباب علامات۔ تشخیص۔ علاج۔

۳۲۔ اتفاقی نزف۔ اسباب۔ پوشیدہ قسم۔ علامات۔ تشخیص۔ انذار علاج۔

۳۳۔ عاجل ولادت۔ مطول ولادت۔ اسباب۔ ابتدائی جمود رحم۔ ثانوی جمود۔ رحم کا تشنجی انقباض۔ علاج۔

۳۴۔ نرم حصّوں کی خلاف قاعدہ حالتوں سے پیدا شدہ مسرالولادت۔ کزاز الرحم۔ عضوی استواری۔ تشخیص۔ علاج۔ مسدودیت عنق۔ سرطان الرحم سعلون کی غیر وضعیتیں۔ ولادت کو پیچیدہ کرنیوالی۔ منہدد مثانہ۔ سعلہ دموی۔

۳۵۔ مستعرض تقدیم۔ اقسام۔ اسباب۔ تشخیص۔ قدرتی انجامات۔ غیر ملتفت واقعات۔ علاج۔

۳۶۔ پیچیدہ تقدیمات۔ بازو کی ظہری غیر وضعیت۔ مقفل توام۔ جنینی التصاقات۔ جڑے ہوئے توام۔ اقسام۔ عدیم الدماغ۔ مستقی الدماغ جنین۔

۳۷۔ منقبض حوض۔ بالیدگی اور نمو کی قوتیں۔ حوض بوقت پیدائش۔ انقباض حوض کی عام صورتیں۔ تشخیص پیمائش حوض۔ امتحان براستہ مہبل۔ منقبض حوض کے نتائج۔

۳۸۔ منقبض حوض۔ تقسیم۔ چھوٹا گول حوض۔ میکانیت۔ چپٹا حوض۔ میکانیت۔ چپٹے حوض کے شاذ اقسام۔

۳۹۔ انقباض حوض کے اثرات ولادت پر۔ منقبض حوض کا علاج۔

۴۰۔ حوض کی بدشکلی کے شاذ اقسام۔ سرشعاعی حوض۔ لینتہ العظام۔ لینتہ العظام کاذب۔ ترچھا حوض۔ اقسام۔ تشخیص۔ علاج۔

۴۱۔ مستعرض طور پر منقبض حوض۔ روبرٹ کا۔ حدبی۔ میکانیت ولادت بلند و پست تمثل کا حوض۔ ارتقاء الفقراتی حوض۔ عظمی برون بالیدگی (exostosis) علاج۔

۴۲۔ قبل از میعاد ولادت اور اسقاط کا امالہ۔ مقتضیات۔ طریقے بچہ کی حفاظت۔ محضن۔ اسقاط صناعی۔ احتیاط۔ طریقے۔ وقت کا انتخاب

۴۳۔ حوضی تقویمات میں جنین کا کھینچ کر باہر نکالنا۔ پھنسے ہوئے سرین (impacted breech) پھنسنے کے اسباب۔ مقتضیات مداخلت دھڑکی ولادت۔ بازوں کا آزاد کرنا۔ سر پر جر کا استعمال۔ طریقہ پریگ جر الفک جنین کی مضرتیں۔

۴۴۔ آلاتی ولادت۔ آلات۔ مظاہرہ۔ جنین گیر (forceps) اقسام استعمال۔ مقتضیات۔ معدم حس۔

۴۵۔ گردانی۔ راسی۔ قدمی۔ دوقطبی۔ مقتضیات۔ تقطیع الجمجمہ۔ (craniotomy) مقتضیات۔ آلات جمجمہ شکن۔ تقطیع الجمجمہ کے بعد گردانی کا عمل میں لانا۔ بعد میں آنیوالے سر کی تثقیب۔ تقطیع الجنین۔

۴۶۔ قیصری شگاف (Caesarian section) اقسام۔ مقتضیات۔ انتخاب وقت۔ طیاری۔ طریق عمل۔ مہبلی قیصری شگاف۔ ارتفاق شگافی۔ (Symphysiotomy) مقتضیات۔ خطرات۔ طیاری۔ خارجی۔ زیر جلدی۔ ہنگسٹن کا طریقہ۔ عانہ شگافی۔

۴۷۔ دوران ولادت کے حادثات۔ انشقاق الرحم۔ اسباب۔ جرحی انشقاق۔ علامات۔ تشخیص۔ حفظ ماتقدم۔ علاج۔ غیر مکمل انشقاق۔ علامات تثقب الرحم۔

۴۸۔ عنق کی دریدگی۔ مہبل اور عجان کی دریدگی۔ امتناع۔ ٹانکے لگانا فرج کی دریدگی۔ ارتفاق عانہ کا انشقاق۔ سقوط المبل۔ تشخیص۔ انداز علاج۔ انقلاب الرحم۔ اسباب۔ علامات۔ علاج۔

۴۹۔ احتباس مشیمہ۔ اسباب۔ انضمام مشیمہ۔ تشخیص۔ امتناع۔ علاج

۵۰۔ بعد از ولادت نزف۔ منبع۔ اسباب۔ علامات۔ حفظ ماتقدم

علاج ۔ بعد از ولادت ثانوی نزف۔

۵۱۔ حمی نفاسیہ ۔ جراثیم ۔ اسباب محرکہ و معدّہ ۔ اقسام ۔ تسمم الدم عفونت الدم ۔ تقیح الدم ۔ ضرارت ۔ امتناع ۔ علامات ۔ علاج ۔

۵۲۔ سراویت اور علقیت ۔ ولادت کے بعد ناگہانی موت ۔ سلوی سرطانی سلعہ۔

۵۳۔ نفاسی جنون۔

۵۴۔ جنین کے ضربات اور امراض ۔ اختناق المولود ۔ رمد المولود ۔ فساد رضاعت ۔ قلیل افراز ۔ سیلان اللبن ۔ ماؤف بھٹنی ۔ خراج پستان۔

علم امراض النسا

۱۔ زنانہ تناسلی اعضاء کی تشریح ۔

۲۔ حیض اندراج حالات ۔ امتحان ۔ کبیر و صغیر امراض النسا ۔ اختناق الرحم ضعف اعصاب ۔

۳۔ اہم علامات ۔ نزف ۔ درد ۔ مواد ۔ حیض مولم ۔ جماع مولم عقم

۴۔ عسر السطمث ۔ طمث بدیلی ۔ بے طمثیت ۔ ابتدائی ۔ ثانوی جزوی ۔ مکمل ۔

۵۔ غیر وضعیتیں ۔ طبعی محل ۔ حرکت پذیری ۔ فرش حوض کی ساخت ۔ خلقی غیر وضعیت ۔

۶۔ سقوط ۔ اقسام ۔ قبلہ مثانیہ ۔ قبلہ مستقیمیہ ۔ مدارج ۔ اسباب ۔ علامات ۔ تشخیص ۔ علاج ۔

۷۔ انقلاب الرحم ۔ حاد ۔ مزمن ۔ التہاب بطانۃ الرحم ۔ انواع

عنقی التہاب۔ بطانۃ الرحم۔

۸۔ اختلاف ناقص۔ عنق کی دریدگی۔ انقشاری اور پیرانہ بطانۃ الرحم مزمن التہاب پستان۔

۹۔ لیفی عضلی سلعات۔ سریری خصائص۔ تشخیص۔ ثانوی تغیرات

۱۰۔ لیفی عضلی سلعات۔ محوری گردش۔ تغیرات خبیثہ۔ احشاکی غیر وضعیت۔ پیچیدگی حمل۔ علاج۔ سلعات غدیہ۔

۱۱۔ رحم کے خبیث سلعات۔ سرطان عنق۔ محلات۔ انتشار۔ اقسام۔ تشخیص۔ علاج۔

۱۲۔ جسم رحم کا سرطان۔ سلعہ لحمیہ۔ سلوی سرحلمی سلعہ۔ سریری خصائص۔ تشخیص۔

۱۳۔ امراض مبیض۔ عصبی درد۔ فتق۔ غیر وضعیت۔ سلعہ دمویہ۔ سلعات کیسہ۔ دوبیرے۔ دایری غدی سلعے۔ ساخت۔

۱۴ حلیم دار دوبیرے۔ مبیضی سرطان۔ ابتدائی۔ ثانوی لیفی سلعے۔ سلعہ طمیہ۔ درحلمی سلعہ۔

۱۵۔ سلعہ مسوجیہ دوبیرے۔

۱۶۔ ادمہ نما سلعہ۔ متشملات۔ سریری خصائص۔ نزد مبیضی دوبیرے قنات گارتنر کے دوبیرے۔

۱۷۔ محوری گردش۔ سرائت۔ انشقاق۔ انضمامات۔ مبیضی دوبیروں کے سریری خصائص۔ تشخیص۔ علاج۔

۱۸۔ فلوپی نالیوں کی مختلفی غیر لبعی حالتیں۔ سلعے۔ التہاب حوض۔ اصطلاحات۔ اسباب۔ نالی کے تغیرات۔ انتشار التہاب۔

۱۹۔ نزد رحمی التہاب۔ گرد رحمی التہاب۔ علامات۔ تشخیص۔ مزمن واقعات۔ نتائج التہاب۔ امتحان۔ تفریقی تشخیص۔ علاج۔
۲۰۔ سوزاک۔ طرز سرائت۔ انتشار۔ علامات۔ تشخیص۔ فلوفی نالیوں اور عنق کا ندون۔ شعاع فطریت (Actinomycosis)۔
۲۱۔ مہبل اور فرج کے امراض۔
۲۲۔ سلعے اور دوبرے۔ بارتھولینی غدہ کے امراض۔ لحیمہ مجری بول۔
۲۳۔ تشوہ رحم۔ خنثیت۔ مثانی مہبلی ناسور۔
۲۴۔ عملیے۔ کبیر۔ صغیر۔ طیاری۔ وضع۔ طریقہ عمل۔

زمانہ شیر خواری

۱۔ نوزائیدہ رضیع کی احتیاط۔ تربیت۔ قبل از میعاد اور نازک شیر خواروں کی نگہداشت۔
۲۔ بالیدگی اور نمو۔ دانتوں کا نکلنا۔ اسکی غرابتیں۔ سمت علامات اور تشخیص۔
۳۔ بچوں کا امتحان۔ غسل معدہ۔ انبوبی تغذیہ۔ غسل المعا معتاد
۴۔ نوزائیدہ کے امراض۔ اختناق۔ یرقان۔ عدم تمدوریہ۔
۵۔ حادسرائتی امراض۔ التہاب السرہ۔ رمد نومولود۔ کزاز۔ مرض دنکل۔ مرض بوہل۔
۶۔ امراض جلد۔ نزنات۔ پیدائشی شلل۔ سلعات ناف۔
۷۔ تغذیہ شیر خوار۔ پستانی تغذیہ۔ مرضعہ کی غذا۔ بوتل سے دودھ پلانا۔ عورت کے دودھ کی ترکیب۔ گائے کے دودھ کی ترکیب۔ طریقہ پاسچر سے

دودھ کو گرم کرنا۔

۸۔ دودھ کی صیانت۔ افراعی غذائیں۔ بکری کا دودھ۔

۹۔ مصنوعی غذا۔ دودھ کی اصلاح کرنا۔ غذا دینے کی بوتل کی احتیاط۔ طبعی براز کے صفات۔

۱۰۔ اختلالات تغذیہ۔ روزانہ اوزان۔ نقشہ۔ اختلالات توازن۔ حصول (وزن) میں ناکامی۔ تحمل غذا۔ تشخیص۔ علاج۔

۱۱۔ حالت بہر۔ علامات۔ علاج۔ تحلیل۔ مزمن سوء تغذیہ۔ علاج بچوں کا تشمی ہیضہ۔

۱۲۔ مرض شکم۔ قبض۔ اسہال۔ سادہ۔ ایلیمی قولونی حمی التہاب۔ تشخیص۔ علاج

۱۳۔ قلبی امراض۔ حیاتین۔ سکربوط۔ اطفال۔ علامات۔ علاج۔ مرضی تشریح۔

۱۴۔ کساح۔ حدوث المرض۔ نظریہ تغذیہ۔ ماحولی سرائتی نظریہ کیلسیم کا تحول۔

۱۵۔ کساح۔ علامات۔ متاخر کساح۔ انذار۔ حفظ ماتقدم۔ علاج۔

۱۶۔ تشنج۔ اسباب۔ علامات۔ علاج۔ بچوں کا ملیریا۔

۱۷۔ تشنجی خناق (croup) خناق صادق۔ صریری تشنج حنجرہ۔ تنفسی نظام کے امراض۔

۱۸۔ تکزز (tetany) التہاب الدماغ سباتی۔ مقدم شوکی مادہ رمادیہ کا حاد التہاب (acute anterior pliomylitis)۔

۱۹۔ بچوں میں بواب کا بیش پروردہ تقلص۔

۳۰۔ استسقائے دماغی۔ التہاب السحایہ۔

علم امراض چشم

علم امراض چشم کی تاریخ۔
مقلہ۔ اسکے اردگرد کی ساختیں اور متعلقات
مقلہ۔ اسکے طبقات اور مشتملات۔ قرنیہ کی ساختیں۔ صلبیہ۔ مشیمیہ۔ جسم ہدبی۔ قزحیہ اور شبکیہ۔ مقلہ کے انعطافی واسطات۔ رطوبت مائیہ۔ عدسہ اور زجاجیہ۔
پپوٹہ۔ آلہ دمعی۔ دوسرا۔ تیسرا۔ چوتھا اور چھٹا حجمی عصب۔ تندرست آنکھ کے متعلق بصرپائی بحث۔ "محدب الطرفین عدسہ کا انعطاف۔ انعطاف نما۔ تکون شبیہ۔ طبعی آنکھ کے بصری نقائص۔ بصارتی احساس کی کیفیت بصارت رنگ۔ امتزاج الالوان (colour fusion) دوچشمی بصارت جامدیت کا ادراک اور تصدیق۔ فاصلہ اور جسامت کی تصدیق۔
تیزی نظر۔ بصارت بعیدہ۔ بصارت قریبہ۔ سنیلن اور جگر کے امتحانی ٹائپ شدہ حروف۔ میدان بصارت۔ محیط پیمائی میدان بصارت کا امراضیاتی تغیر۔
چشم بین امتحان کا بلاواسطہ اور بالواسطہ طریقہ۔ شبکیہ بین۔ طریقہ امتحان
پپوٹہ کے امراض۔ التہاب الحبض۔ شعیرہ۔ کلازیون (chlazion)
پٹربال۔ (trichiasis) شترہ داخلیہ (entropion)۔
شترہ خارجیہ (ectropion) اشترخاوالحبض۔ ضربات وسلعات وغیرہ۔

آلہ دمعی کے امراض ۔ دمعہ (epiphora) حاد اور مزمن التہاب دویرہ دمعیہ (daechryocystitis) اور التہاب غدہ ۔ تاجہ دمعیہ کا استئصال ۔

مقلہ کے اردگرد کی ساختوں کے امراض ۔ محجری گرد عظمی التہاب ۔ خلوی بافت کا التہاب ۔ کیسہ تنبوں کا التہاب (tenpnitis) حجوظ ۔ (exophthalmos) غور العین (entophthalmos) حجوظ نابض نقف المقلہ (enucleation of eye-ball) حشوی انقسال (evisceration) مصنوعی آنکھ ۔

امراض ملتحمہ ۔ نازلتی ۔ قیحی ۔

غشائی دانہ دار ۔ منفوظ (phlyctenular)-

التہاب ملتحمہ ۔ التصاق الجفن (symblephron)- ناخونہ ۔

امراض قرنیہ ۔ التہاب قرنیہ کے عام اور شاذ اقسام ۔ قرحے ۔ مخروط القرنیہ ابیاض وغیرہ ۔

امراض قزحیہ ۔ صلبیہ ۔ حدبی جسم ۔ مشیمیہ ۔

التہاب قزحیہ ۔ سقوط ۔ قزحیہ برآری (iredectomy) عنبیہ (staphyloma) سادہ یبتی اور جسم ہدبی کا التہاب تکوینی ۔ التہاب مشیمیہ گلاکوما (glaucomas) ابتدائی ۔ ثانوی ۔ خلقی ۔ ترفانی عملیہ ۔

امراض عدسہ ۔ موتیا بند کے اقسام اور عملیے ۔ لاعدسیت ۔

امراض شبکیہ ۔ التہاب ۔ وعائی ۔ التہاب شبکیہ لونی ۔ سلعات سرسثی سلعہ ۔

عصب بصری کے امراض ۔ عصب بصری کا درون چشمی مقلی التہاب ۔

شنگیہ کے فعلی امراض۔ غطش اور عجز البصر نصفی (hemianopsia)
عمومی بصریاتی اصول۔ مناشیر۔ انعطاف بذریعہ منشورات مناشیر کی نشان اندازی۔ عدسات۔ کروی۔ اسطوانی۔ مقعر اور محدب۔ عدسات کی نشان اندازی اور انکی تعدیل۔
عدسات کا امتحانی صندوقچہ۔ عینکیں اور چشمے۔
عینک کے شیشوں اور فریموں کی پیمائشیں اور چشموں کی نسخہ نویسی۔
اغلاط انعطاف۔ نقص البصر۔ بعید نظری۔ اسباب۔ موضوعی اور معروضی علامات۔ علاج۔
قریب نظری۔ علامات۔ علاج۔
عدم تنقیط۔ سادہ۔ مرکب۔ باقاعدہ اور بے قاعدہ امتحانات اور علاج
توفیق کی بے قاعدگیاں۔ بصر الشیوخ۔ عضلہ ہدبی کا شلل۔ خارجی عضلات
چشم کے اغلاط۔ ازدواج النظر۔ شلل۔ متسع حول۔ مستدق حول۔
عصائے میڈکس۔ خطی توازی المیلان۔ خطی اختلاف المیلان۔
خارجی عضلات پر عملیے۔ قطع الوتر متقدم۔
بارطات الحدقہ اور عضلہ ہدبی کا شلل۔
آنکھ کی حس کی تعدیم۔ مقامی اور کلی۔
آنکھ کا علم العلاج۔
آلات عملیہ چشم کا علم۔
علامات امراض چشم کی بحث۔
آنکھ کی جرثومیات اور علاج بالمجدرین۔
عملی مرضیات۔ آنکھ کی تراشوں کا طیار کرنا اور انکی تلوین۔ اور آنکھ کے

نمونوں کو مصئون کرنے کا طریقہ۔
آنکھ کے مریضوں کا تیار کرنا۔ اور انکی تیمارداری۔ اور تکسیہ۔ اور ان کے لئے دیگر ضروری اشیاء۔ اندراج حالات۔
ایل۔ ایم۔ اینڈ ایس۔ ابتدائی امتحان

طبیعیات (نظری)

۱۔ علم حیل
مادہ کے عمومی خواص۔ مادہ کی تین حالتیں (ٹھوس۔ مائع اور گیس) طول۔ رقبہ اور حجم کی پیمائش۔ کمیت اور وقت کا معلوم کرنا۔ نقل مکان رفتار اور اسراع۔ نیوٹن کے قوانین حرکت و قوت۔ کمیت اور وزن۔ ترازو (معمولی اور کمانیدار) مرکز ثقل۔ سادہ کلیں (بیرم اور چرخیاں) کام اور توانائی۔ سیالات کا دباؤ۔ کثافت۔ کثافت اضافی۔ اصول ارشمیدش۔ بار پیما۔ ہوا پمپ۔ آبی پمپ۔ اور سیفن نلی۔ قانون بائل۔
۲۔ حرارت۔
ٹھوس اجسام۔ مائعات اور گیسوں پر حرارت کا اثر۔ تپش پیما۔ (فارن ہائیٹ سینٹی گریڈ۔ رومر) گیسوں کا قانون چارلس۔ حرارہ پیمائی اور حرارت نوعی۔ حالت کا تغیر اور حرارت مخفی۔ حرارت محلول۔ مرطوبیت اور نقطہ شبنم۔ انتقال حرارت (ایصال۔ حمل۔ اشعاع) کام اور حرارت کا درمیانی تناسب۔
۳۔ نور۔
نور کی مستقیم اشاعت۔ قوانین انعکاس (مستوی مقعر اور محدب)

آئینے ۔ قوانین انعطاف ۔ مناشیر اور عدسہ جات ۔ خوربین اور دوربین چشم ۔ نقائص بصارت ۔ انتشار اور طیف نمائی ۔ نور کی تقطیب اور تقطیب نما ۔

۴ ۔ آواز

جامدات ۔ مائعات اور گیسوں میں سے آواز کی اشاعت ۔ انعکاس آواز مداخلت آواز ۔ انعکاس پر آواز کی رفتار ۔ کان اور سماعت ۔ صوتی آواز کی پیدائش ۔ شور اور موسیقی آواز ۔

۵ ۔ مقناطیسیت ۔

مقناطیس کے خواص ۔ مقناؤ کے طریقے ۔ قوانین مقناطیسیت (موافق قطبوں کا اندفاع اور مخالف کی کشش) مقناطیسی میدانوں کے نقشے لوہے کے ٹکڑوں وغیرہ کے ذریعہ ۔ زمین کی مقناطیسیت ۔

۶ ۔ برق ۔

برقاؤ پر سادہ تجربات ۔ موصلات اور غیر موصلات ۔ برق نما ۔ امالہ برق سکونی ۔ مکثفات اور لیڈن (Leyden) کے استوانئے سادہ ولٹائی خانہ ۔ گروو (Grove) ڈینیل (Daniel) بنسن (Bunsen) کے اور باریٹی کرومیٹ (Bichromate) کے خانہ جات اور جامعات ۔ برقی رو کے مقناطیسی کیمیائی اور حراری اثرات ۔ سادہ برقی روپیما ۔ برقی گھنٹی ٹیلیفون ۔ ڈائنموؤں اور موٹروں کے متعلق ابتدائی تصورات برقی روشنی اور پنکھا ۔ غازوں میں سے برق کا ایصال ۔ شعاعیں اور لا ۔ شعاعیں نابکار اشیاء اور ان کے اشعاعات کے متعلق ابتدائی تصورات ۔

عملی

میٹری پیمانے۔ خرد پیما مقیاس۔ اور کروبت پیما کے ذریعہ طولی پیمائشیں
خطی ابعاد کی پیمائش کے ذریعہ رقبہ جات اور حجمات دریافت کرنا۔
سادہ رقاص کے قانون کی تصدیق۔ "ج" کا دریافت کرنا۔
۱۰ گرام کی حد تک حساس ترازو کا استعمال۔ پانی میں تول کر حجم دریافت
کرنا۔ ظروف کی گنجائش دریافت کرنا۔
جامدات اور مائعات کے کثافت اضافی۔ آب پیما کے کا استعمال۔
فارٹن (Fortin) کے بار پیما پر مفروات لیکر اور اسکی درجہ تپش کے
لحاظ سے تصحیح کر کے کرہ ہوا کا دباؤ معلوم کرنا۔
بائل (Boyle) کے قانون کی تصدیق
تپش پیما کے نقاط ثابت دریافت کرنا۔
تجرید کے منجمدیات۔ نقاط اماعت
جامدات اور مائعات کی حرارت نوعی دریافت کرنا۔ پانی اور بھاپ
کی حرارت مخفی۔
(Regnault) کے اور تر و خشک جوفی تپش پیما کے ذریعہ نقطہ شبنم دریافت
کرنا۔
انعکاس نور کے قوانین کی تصدیق۔
شیشہ کے کندہ میں روشنی کی شعاع کے راستہ کی ترسیم اور اس سے انعطاف
نما کا استنباط کرنا۔
مقعر اور محدب آئینوں کا ماسکی فاصلہ۔

مقعر اور محدب عدسہ جات کا ماسکی فاصلہ۔
آہنی برادہ اور ایک چھوٹی کمپاس کے ذریعے مقناطیسی میدان میں خطوط قوت کی ترسیم۔
ڈینیل (Daniel) اور لیکانش (Leclanche) کے سادہ خانوں کا مولد القوہ۔
((i)) مماسی برقی رو پیما اور ((ii)) برق پاشیدگی کے ذریعہ رو کی مطلق پیمائش۔
رو سے پیدا شدہ حرارت کی پیمائش
تاروں کی مزاحمت کی پیمائش۔
سر کے دو شاخوں میں تعدد کا موازنہ
ہوائی ستونوں کی مدد سے آواز کی رفتار معلوم کرنا۔

کیمیا (نظری)

غیر نامیاتی۔

عنصری اور مرکب اشیاء۔ آمیزے۔ محلولات۔ کیمیائی عمل۔ مضاعف اور معین تناسبات۔ ڈالٹن کا نظریہ جواہری۔ جواہری اوزان۔ ڈولانگ (Dulong) اور پیٹٹ (Petit) کا قانون۔ گیسوں کا امتزاج حجم کے لحاظ سے۔ ایوو گارڈو (Avogardo) کا مفروضہ۔ کثافت بخار۔ سالمی اوزان دریافت کرنا۔
گرفت۔ معادل اور جواہری اوزان کا باہمی تعلق۔ بائل (Boyle) کا قانون۔ چارلس (Charies) کا قانون۔ بخار کا دباؤ۔ انتشار۔ کیمیائی

علامتیں ضابطے اور مساواتیں ۔ آسان نوعیت کے حسابات۔
اختراق اور شعلہ کی ساخت۔
تکثید اور تحویل۔
حملان
دوری قانون کا خاکہ
مندرجہ ذیل عناصر اور مرکبات کے خاص طبعی اور کیمیائی خصائص، تیاری اور خواص اور اس کے ساتھ مرکبات کی ترکیب کے (تا بحدِ امکان) ثبوت۔
ہائیڈروجن پانی ہائیڈروجن پروکسائیڈ (Hydrogen Proxi de)
آکسیجن اوزون (Ozone)۔
نائٹروجن ۔ کرہ ہوائی ۔ امونیا (Ammonia) نائٹرک ایسڈ (Nitric-acid)
اور نائٹریٹ ۔ نائٹرس ایسڈ (Nitrous acid) نائٹرائیٹ (Nitrites)
نائٹروجن کے اکسائیڈ ۔ کاربن ۔ کاربن ڈائی اکسائیڈ ۔ کاربن مانو کسائیڈ ۔
کوئلہ گیس ۔ کلورین ۔ ہائیڈروکلورک ایسڈ ۔ کلورائیڈ ۔ کلورین کے اکسائیڈ
اور آکسی ایسڈ ۔ زنگ کاٹ سفوف ۔ برومین ۔ آیوڈین ۔ ان کے ہائیڈریڈ
اور آکسی ایسڈ ۔ فلورین (Flourine) اور ہائیڈروفلورک ایسڈ۔
گندک ۔ سلفریٹڈ ہائیڈروجن ۔ گندھک کے اکسائیڈ ۔ سلفیورک ایسڈ
اور سلفیٹ ۔ سلفیورس ایسڈ اور سلفائیٹ ۔ تھایوسلفیٹ۔
فاسفورس ۔ فاسفوریٹڈ ہائیڈروجن ۔ فاسفورس کے آکسائیڈ ۔ فاسفورس
کے ترشے۔
بورک ایسڈ ۔ سلیکان ۔ سلیکا ۔ سلیکیٹ ۔ شیشہ ۔ سنکھیا ۔ سنکھیا کے
آکسائیڈ اور ترشے۔

مندرجۂ ذیل دھاتوں کا مختصر بیان۔ انکے تیار کرنے کے طریقوں کا مختصر بیان۔ ان کے استعمال۔ بڑے بڑے مرکبات۔ فوائد اور کاشفات۔
لتھم۔ سوڈیم۔ پوٹاسیم۔ ایونیم اصلیہ۔ کیلسیم۔ سٹرانشیم۔ بیریم میگنیسیم۔ جست۔ قلعی۔ سیسہ۔ پارا۔ ایلومینیم۔ چاندی۔ ٹن۔ برمنتھ انٹی منی۔ کرومیم۔ مینگنیز۔ اور لوہا۔

نامیاتی

مندرجۂ ذیل کی صورت وقوع۔ تیاری۔ عام خواص اور ساختی ضابطوں کا منظم مطالعہ۔
میتھین۔ ایتھین۔ ایسٹیلین اور اس کے مشتقات یعنی ہیلائیڈ مرکبات الکحل۔ ایتھر۔ الڈی ہائیڈ۔ کیٹون۔ یک اساسی ترشے۔ اگزالک سلسک ٹارٹار اور سٹرک ترشے۔ ایمائن۔ امینو ایسڈ۔ گلائی سین۔ گنے کی شکر۔ ڈکسٹروس۔ لیولوس۔ سیلولوس۔ نشاستہ۔ گلسرین۔ چربیاں۔ نباتی روغن۔ صابن یوریا۔ یورک ایسڈ۔ بنزین اسکے ہم ترکیب اور ان کے خاص مشتقات یعنی نائٹرو اور امینو مرکبات۔ فینال۔ بنزالڈی ہائیڈ۔ بنزوئک ایسڈ۔ سیلسلک ایسڈ۔ الکلائڈون کے متعلق ابتدائی معلومات۔

عملی

طلبہ سے یہ توقع کیجاتی ہے کہ وہ مندرجۂ ذیل تجربی کام کرینگے۔ ہر تجربہ کی کیفیت طالب علم ایک خاص بیاض میں تحریر کرے اور ڈیمانسٹریٹر (Demostrator) یا پروفیسر انچارج اس پر بالالتزام دستخط کرے جامعی امتحانات کے موقعہ پر یہ بیاضیں ممتحن کی خدمت میں پیش کرنی ہونگی۔

(۱) سادہ آلات کا ترتیب دینا۔
(۲) سادہ کیمیائی دست درازیاں مثلاً تقطیر کشید انتقار ناقلماؤ۔
(۳) کیمیائی ترازو کا استعمال۔
(۴) مندرجہ ذیل کی تیاری اور خواص۔
ہائیڈروجن آکسیجن کاربن ڈائی آکسائیڈ امونیا۔
(۵) مفرد ملحات کا کیفی تجزیہ۔
(۶) حجمی تجزیہ کی سادہ مشقیں جن میں (الف) قلی پیمائی اور ترشہ پیمائی (ب) پرمنگینیٹ کے ذریعہ فیرس ملحات اور اگزالک ایسڈ کی تحمین سلور نائٹریٹ کے ذریعہ کلورین کے روانات کی تحمین (ج) نامیاتی مرکبات میں۔

P, S, O, N, H, C, اور ہیلوجنوں وغیرہ عناصر کا شناخت کرنا شامل ہے

مندرجہ ذیل کتابوں کی سفارش کیجاتی ہے۔

(۱) غیر نامیاتی کیمیا از الگلنڈر سمتھ Inorganic Chemistry by Alexander Smith.

(۲) نامیاتی کیمیا کی ایک کتاب درسی از کوہن A Class Book of Organic Chemistry by Cohen.

(۳) عملی کیمیا کی ایک درسی کتاب جسے ڈاکٹر قریشی صاحب تالیف کرنے والے ہیں۔

حیاتیات

حیوانیات

حیاتیات کے بنیادی امور اور قوانین۔ حیوانات اور نباتات میں فرق۔ ساخت کا تفرق۔ خلیہ کی فعلیت کی ترمیم اور تقسیم۔ حیوانی فعلیات کے مبادیات وراثت۔ تغیّر۔ ماحول۔ توافق۔ اور ارتقاء کی اساسی حقیقت۔

مندرجہ ذیل کا عام بیان امتیازی خصوصیات اور سرگذشت حیات۔

امیبا۔ چنگیرا۔ کیچوا۔ مچھر۔ شوکہ دار جھینگا مچھلی۔ مینڈک۔ بیرونی خصائص۔ تقطیع۔ ہضمی۔ دورانی۔ تنفسی۔ کالبدی۔ عضلی اور عصبی نظام۔ مینڈک کا نو۔

پرندوں کے عام خصائص۔

پستانیوں کے عام خصائص

طلباء سے یہ توقع کیجاتی ہے کہ وہ تمام عملی کام کا ایک خاص دار التجربہ کی بیاض میں اندراج رکھیں گے۔ اور جامعی ممتحن اس بیاض کا معائنہ فرما سکتے ہیں۔ دار التجربہ کے معلمین کو چاہئے کہ ہر روز کے عملی کام کے نتیجہ پر دستخط کریں۔

نباتیات

جاندار اور بے جان اجسام کی ممیز خصوصیات۔ نباتی خلیہ کی ساخت کے متعلق ابتدائی معلومات۔ سبز مایہ کے کیمیائی طبیعی خواص۔ خلیہ کا بلاواسطہ اور بالواسطہ انقسام۔

ابتدائی تشکلیات اور فعلیات۔

زیر مطالعہ انواع کے پھول پھلداری اور پھلوں کا عام بیان۔

نباتیات میں سریاں تنفس جذب اور کاربن کا استحالہ۔

لہن فرن (Fern) کائی اور سورج مکھی کی سرگذشت حیات فعل اور

ساخت کا بیان اور ان کے متعلق عملی معلومات۔

طلباء سے یہ توقع کیجاتی ہے کہ وہ ایک خاص دار التجربہ کی بیاض میں تمام عملی کام کا اندراج رکھینگے۔ جامعہ کے ممتحن اس بیاض کا معائنہ فرماسکتے ہیں۔ دار التجربہ کے معلمین کو چاہیئے کہ ہر روز کے عملی کام کے نتیجہ پر دستخط کریں۔

مندرجۂ ذیل کتب کی سفارش کیجاتی ہے۔

1. An Introduction to Biology for Students in India by R. E. Lloyd.
2. Caver's Botany for Matriculation.
3. A Botany for Students of Medicine and Pharmacy by Fritch and Salisbury.

نصاب برائے شعبۂ انجینیرنگ

(۱) ریاضی

سال اول (ریاضی نظری)

جبر و مقابلہ	مسئلہ ثنائی اور اس کا استعمال۔ مقطعات جزوی کسور۔ قوت نما اور لوکارتمی سلسلے۔ سلسلوں کا جمع کرنا۔ سلسلوں کے استقاق اور اتساع کی جانچ۔ سود اور سالیانہ احتمال ہارنر کے طریقہ سے مساواتوں کا تقریبی حل۔
علم مثلث	مثلثوں کا حل۔ لوکارتموں کا عملی استعمال۔ طبعی لوکارتم ڈی مائیرے کا مسئلہ۔ ضابطوں کو لوکارتمی حسابات کیلئے موزوں بنانا۔ مستدیر اور زائدی تفاعل اور ان کے پھیلاؤ۔
مساحت	مستوی اور مجسم۔
ہندسہ تحلیلی	خط مستقیم، دائرہ، قطع ناقص، قطع مکافی، قطع زائد کے خواص اور مشقیں کارٹیزی اور قطبی محدودوں سے۔
ہندسہ مجسمات	ابتدائی اقلیدسی طریقے۔

احصائے

احصائے تفرقات	احصا کے اساسی تخیلات مع اس کے ہندسی اور حرکی اطلاقات کے۔ ٹیلر اور مکلارن کے مسئلے۔ جزوی تفرق

اُلرس کا مسئلہ ایک متغیر کے تفاعلوں کی اعظم اور اقل قیمتیں۔

احصائے تکملات | معیاری شکلوں کا تکمل۔ منحنی کے طولوں اور رقبوں کا محسوب کرنا۔ تکملہ بطور ایک مجموعہ کی انتہا کے اور بطور رقبہ کے۔ گردشی مجسموں کے حجم اور سطحیں۔

(۲) عملی ریاضی

سکونیات | متراکز اور متوازی قوتیں۔ معیار اثر۔ جفت۔ ہم مستوی قوتوں کا تعادل۔ موہومی کام۔ سادہ مشینیں چرخیاں چرخ اور محور فرقی چرخی۔ پیچ۔ ترازو۔ تک قائم اور غیر قائم تعادل۔ رسیوں اور زنجیروں کا تعادل۔ مکانی زنجیر تین ابعادیں قوتیں۔ قوتوں کی ترکیب اور تحلیل اور سادہ مشقیں۔

ماسکونیات | سیالی دباؤ کا انتقال۔ مستوی رقبہ پر کل دباؤ (Thrust) دباؤ کا مرکز۔ کسی سطح پر حاصل دباؤ۔ تیرنے والے اجسام کا تعادل۔ تعادل کی قائمیت۔ پس مرکز۔ مائع پیما۔ شعری ارتفاع اور انخفاض کا عام مظہر۔ ذیل کی مشینوں کے عمل کے متعلق بنیادی اصول۔ چوس پمپ۔ ڈھکیل پمپ (force pump) سائفن شکنجہ آبی۔ (برا ماپریس)

حرکت کا ہندسہ | (Kinematics) سطح مستوی میں ہٹاؤ۔ انتقالیت اور گھماؤ۔ اضافی حرکت۔ گھماؤ کا فوری مرکز۔ ہٹاؤ کی ترکیب اور تحلیل۔ رفتاریں اور اسراع۔ استوار جسم کا گھماؤ۔

حرکت | (Kinetics) ۔ حرکت کی مساواتیں معیار حرکت۔ کام طاقت اور توانائی خط مستقیم میں یا منحنی پر سادہ موسیقی حرکت۔ رقاص سادہ اور مرکب۔ تصادم جمود کا معیار اثر گھماؤ (gyration) کا نصف قطر۔

(۳) پیمائش

پیمائش | آلات پیمائش کا استعمال اور ان کی ترتیب۔ لیول کرنے کا نظریہ۔ مفرد اور مرکب پڑتالی اور متکالی لیول کرنا۔ مختلف اسباب خطا۔ عام اسباب خط لیول کرنے میں۔ ایسی خطاؤں کا ازالہ۔ مروجہ حدود خطا۔ میدانی بیاضوں کے لکھنے کے متفرق طریقے۔ ترکھومیٹروں کا استعمال۔ جریبی پیمائش جریب اور کمپاس کی پیمائش۔ زاویہ گیر سے حصری پیمائش گیل کے حصری نظام سے جو شہروں اور قصبوں کی ترقی کی پیمائش کے لیئے ہے۔ جداول حصری۔ نظریہ اور استعمال مفرد تختہ مسطحوں کا اور مماسی میسل پیماؤں کا۔ نظریہ اور استعمال فاصلہ نما کا۔ تختہ مسطح کے نقاط ثلاثہ کے مسائل عملی۔ محلوں کی قیمتوں کو تین نقاط معلومہ سے دریافت کرنا۔ حسابی عمل کرنا۔ قائمہ محدود سے بہ شمولیت استدقاق کی تقسیم رسدی کے۔ ہموار تفاعی خطوط۔ لمبے اور آڑے تراشوں کو لیول کی مدد سے لینا۔ سرنگوں۔ ریل کی سڑکوں۔ نہروں اور سڑکوں کے عام اصول خطیائی۔ سیمسن کے قواعد کٹائی اور بھرائی

کے لیے آلات کے جدید نمونوں پر مباحثے۔

(۴) اشیاء کی لچک اور مضبوطی

لچک کا معیار۔ لچک کی انتہا۔ نقطہ مغلوبیت اور انتہائی مضبوطی۔ بازگشتگی اور تھکان۔ لچک کی انتہا سے پرے فساد پوئیسان کی نسبت۔ لچک کے مقادیر مستقلہ میں باہمی رشتہ خمیدگی قرضی اور موڑ کے مسائل پر لچک کے ابتدائی اصولوں کا اطلاق۔ شہتیر اور گرڈر کی مضبوطی۔ سلامتی کے اجزا، ضربی۔ انصراف۔

(۵) تعمیر

سال اول

(الف) اشیاء

پتھر | خصوصیات اور تیاری۔ ہندوستان اور یورپ کے پتھروں کے اقسام اور کار ہائے انجنیری کے لیئے ان کی موزونیت۔ معدن سے نکالنے کے طریقے۔ دبی ہوا اور بھاپ کے برموں کا استعمال۔ دھماکو جوسرنگ اوڑانے کے لیئے استعمال ہوتے ہیں۔ پانی کا جذب۔ کثافت اور کچل مضبوطی۔

اینٹ اور کھپرے | مختلف قسم کی اینٹیں اور ان کے امتیازی اوصاف۔ موزوں چکنی مٹی۔

اینٹ اور کھپروں کے بڑے پیمانہ پر بنانے کے طریقے۔ چکنی مٹی میں قابل اعتراض اجزاء۔ درستی اور سختی۔ جسامت اور وصف میں یکسانیت۔ پانی کا جذب۔ وزن اور بچل۔ مضبوطی۔ ٹیراکاٹا (Stoneware) نل۔

سیمنٹ۔ چونا اور کنکر | رسد کے ذرائع۔ بڑے پیمانہ پر بنانے کا طریقہ۔ چونے اور سیمنٹ کے اقسام۔ چونے اور سیمنٹ کی آزمائش، ان کے استعمال میں ضروری احتیاط۔

کھاری مٹی | اس کے بنانے اور جمانے کے طریقے۔

فلز | لوہا اور فولاد۔ اقسام اور استعمال کے لیے موزونیت تانبا۔ جست۔ سیسا۔ ٹن اور دوسرے معمولی فلز اور ان کے ملوان بھرت۔

چوبینہ | کاٹنا اور رتیانا۔ ہندوستانی اور یورپی چوبینہ کے خواص اور درجہ بندی۔ گھن اور کیڑوں کے حملے سے چوبینہ کا تحفظ۔ مختلف قسم کا چوبینہ جو مختلف اغراض اور متغیر حالات میں تعمیر کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اچھے چوبینہ کی خصوصیات مختلف انواع کے چوبینہ کی کثافت۔ تنش اور بچل۔ مضبوطی۔

(ب) تعمیر

بنیاد | قدرتی اور مختلف اقسام کی مصنوعی بنیادیں مثلاً لٹھے۔ کنوین۔ اور نلیدار بنیادیں۔ محکم کنکریٹ کے لٹھے وغیرہ۔

حائط بند ۔ کھونٹی ۔ ڈھلوان لوہے کے اسطوانے ۔ پھیا ۔

پتھر کی چنائی | گنڈ کی بندش ۔ سلسلہ وار کند ے ۔ مختلف قسم کے ترشے پتھر ۔ پتھروں کا اچھی طرح جمانا ۔ بندش کے پتھروں کا تناسب ۔ بے خطر وزن ۔ چابھی چول اور تالا جوڑ (Dowels) ڈٹے ۔ چابھیاں ۔ آنکڑے ۔ اوٹھالنے کے طریقے ۔ گوا باندھنا ۔

اینٹ کی چنائی | اقسام اور ان کا استعمال ۔ بندش کی غرض اور مختلف طریقے جن سے یہ حاصل ہوتی ہے ۔ کسر بند ۔ نشست ۔ رطوبت ۔ گوا باندھنا ۔ استر کاری ۔ پوائنٹنگ (Pointing) منڈیر پر کنگنی ۔ آخری ردّا ۔ کھٹیرا ۔ موٹھی ۔ داسا خانہ ۔ ڈھلینر ۔ بنیادی پایہ ۔ الوتی ردّا ۔ داب ردّا ۔ دیوار ۔ بلاوا ۔ ڈانٹ پٹی جوڑنا ۔ مجوف چنائی ۔ محکم خشت کاری ۔ دیواروں کو چوبینہ لگانا ۔

استر کاری | اشیاء ۔ استر کاری آمیزے ۔ سنگستر ۔ صاف اور کھردری استر کاری ۔ ریشہ دار استر کاری ۔ آرائشی استر کاری ۔

محراب کاری | قالب سازی اور چوبینہ کاری ۔ قطعہ دائری بیلجی سہ وپنج مرکزی ۔ نیلکی ۔ لہریا اور نسل نما ۔ ترچھی خنزیر پشت اور پایہ دار محرابیں ۔ گنبد اور تہ خانے پشتے ۔ پیل پایہ ۔ قالب نکالنا ۔

نجاری و درودگری | مختلف اغراض کے لیے لٹھوں کو کاٹنا ۔ چوبینے کا سکڑاؤ ۔ مختلف زور کی مزاحمت کے لیے چوبینہ کا

جوڑنا۔ جوڑ تیار کرنے کے رہنما اصول۔ خانے۔ چابھیاں۔ پن اور کیلے وغیرہ۔ ہموار۔ جفت۔ ہنسلی۔ برآمدہ۔ راج اور رانی کھم۔ چھتیں۔

محکم کنکریٹ۔ بنیادی اصول جن کے تحت دو اشیاء کو ملا کر اُن کا استعمال کیا جاتا ہے۔ استعمال شدنی اشیاء کا انتخاب آمیزش اور آزمائش۔ محکم کنکریٹ کی عمارتوں کے لیے ضابطے۔

(۶) مٹی کا کام اور میدانی انجنیری

مٹی کا کام | تعریف۔ گٹے۔ مٹی کی خاصیت اور اس کی قیام پذیری۔ ناپ اور نشاندہی۔ اوزار جو استعمال ہوتے ہیں۔ تراش اور حجم۔ مسلیات۔ گارا سانا۔ ہم بستگی۔ تپہ لگانا اور درستگی۔ نرخ۔ اٹھاؤ۔ ڈھوائی۔

میدانی انجنیری | (۱) دھنی کا استعمال۔ مختلف گرھیں اور گانٹھیاں اور خاص مواقع پر ہر ایک کی موزونیت۔ رسیوں کو لپیٹنا اور استعمال کرنا۔ بلاق اور کانٹا۔ بلاق میں رسی ڈالنا۔ ہتھ کے لیے اور گردونہ کا استعمال۔ محکم گیر رسے۔ ڈیرک۔ قینچی۔ پھندوں اور ڈھانچوں کی تعمیر اور ان کا استعمال عمارت میں گرڈر اور ستون رکھنے یا کسی اور مماثل کام کے لیے۔

(۲) زمین پر خاکہ کھینچنا۔ عام اصول۔ مسطح اور مائل زمین پر بنیادوں کے لیے کارنما نقشے۔ خندقیں جن کے بازو انتصابی

یا مائل ہوں ۔ زمین پر عمارتوں کا نشان ڈالنا اور حمائل عملی کام۔

(۷) طبیعیات

مضامین مشمولہ نصاب طبیعیات امتحان انٹرمیڈیٹ کا مطالعہ بلحاظ عملی اطلاق بعض حصوں کے مشکل سوالات کے ساتھ۔

حرارت | حرارہ پیمائی اشعاعی تصحیحات کے ساتھ۔ تپش فاصل رطوبت پیمائی ۔ "جو" کی تخمین ۔ حرناگزار اور ہم تپشی ترسیمیں ۔ آتش پیمائی ۔

نور | ضیا پیمائی ۔ ایسی چھوٹی پنسلوں کا راست انعکاس و انعطاف جو مستوی اور کروی سطحوں پر واقع ہو رہے ہوں ۔ دوربین ۔ خوردبین ۔ لے لونی عدسہ تقطیب

صوت | ہوا میں آواز کی رفتار کے عام کلیات ۔ موسیقی آواز کا امتداد ۔ حدت اور نوعیت ۔ تداخل گونج ۔ گمک ۔ آواز کا انعکاس اور جذب ۔

برق و مقناطیسیت | برقی بار ۔ مکثفوں کا برقی قوہ اور گنجائش ۔ برقی اخراج کی رو ۔ ربعی برق پیما ۔ خشک خانے ۔ ثانوی مورچے اور ان کے خواص ان میں برقی بار بھرنے اور خارج کرنے سے متعلق ۔ برقی مقناطیسی امالہ ۔ ذاتی امالہ ۔ امالی چکر مسلسل اور متبادل رو والے ڈینامو اور موٹروں کا ابتدائی نظریہ ۔ برقی پیمائش کے آلات بشمول واٹ پیما ۔ لوہے اور فولاد

کے مقناطیسی خواص۔ مقناطیسی اختناق۔ مقناطیسی نفاذ کی تعریف۔ مقناطیسی میدان اس کی سمت اور حدت۔ مقناطیس بنانے کے طریقے۔

(۸) کیمیا نظری

کیفی تشریح اور ابتدائی کمی تشریح کے عام اصول۔ بعض دھاتوں اور ان کے اہم مرکبات کے خواص اور مصرف۔ معروف بھرتوں مثلاً بندوق دھات۔ فاسفر کانسی پیتل وغیرہ کی کیمیائی ترکیب اور خواص اینہ صنون کی کیمیائی تشریح۔ دشوار گزار اشیاء۔

چونا۔ آبی چونا اور سیمنٹ کی کیمیائی ترکیب اور تیاری کے طریقے۔ صبغہ اور دارنش۔ مصروف لونوں کی تیاری کے طریقے اور مصرف۔ شیشہ سازی۔ حل پذیر شیشہ کی تیاری چینی ظروف اور خشت سازی۔ چکنائیوں کا استعمال اور خواص۔ قدرتی پانی۔ ان کی کیمیائی ترکیب۔ تشریح۔ جرثومی امتحان اور مختلف اغراض کے لیے ان کی موزونیت۔ عمارتی مصالحہ کا تحفظ

(۹) نقشہ کشی

ہندسہ مستوی نقشہ کشی کے آلات کا استعمال اور ان کی حفاظت خط کی تناسبی تقسیم۔ سادہ پیمانوں وتری اور دائری وتری پیمانوں کو کھینچنا۔ اور ان کے متعلق عملی مسائل۔ قطع ناقص مماس عمود مکافی قطع زائد خط تدویر دائرہ کا دریچہ مرغولہ اور رسوم الطریق کھینچنا۔

ہندسہ مجسمات اور اظلال۔ تظلیل کے اصول نقاط اور خطوط کی تظلیل چربے خط کا میلان اور صحیح طول۔ مستویوں کے چربے اور میلان مجسمات کی تراشیں۔ مجسمات کا باہمی دخول (Interpenetration) مستوی اور منحنی سطوح کے تقاطع اور استبزا (Development) کی اور ان سے بننے والے سایوں کی سادہ شکلیں۔

مشین کی نقشہ کشی سادہ مشینوں کے اجزا، مثلاً کابون۔ ڈھیریوں کاٹروں پیچوں کیلوں وغیرہ کے نقشے بنانا۔

پائیوں اسطوانوں کے کوروں بندنوں چرخیوں رفتاری مخروطوں کو بنکوں اور زنجیری اشیاء (Link Work) ملانیوالی یا جوڑنے والی سلاخوں خروج المرکز فشاروں اسٹیفنگ (Stuffing) مکعبوں اور کھل بندنوں کی شکلیں و تناسب حاصل کرنا۔

صرف ہاتھ سے شکلیں کھینچنا اور نمونوں کی نقشہ کشی۔ (Freehand Drawing) (Model) خاکوں نقشوں اور نیز سادہ نمونوں

اور عاریاتی جزئیات کو دیکھ کر پنسل سے صحیح خاکے بنانے اور احتیاط کے ساتھ مشاہدات حاصل کرنے کے متعلق ابتدائی ہدایات۔

صرف ہاتھ سے منظری (Free-hand Perspective) نقشہ کشی اور سادہ ہیئتوں میں ہندسی نمونوں کے منظروں کی نقشہ کشی کے ابتدائی اصول۔

منظری اور متشابہ المنظر یا (ہم پیمائشی) (Isometric) نقشہ کشی۔ مخروطی تظلیل کا عام نظریہ اور منظری نقشہ کشی میں اس کا اطلاق۔ سطحی نقشے اور سائے متشابہ المنظر (ہم پیمائشی) تظلیل اور خاکے۔

عاریاتی نقشہ کشی عمارات کے سطحی نقشے تراشیں اور روکاروں کو کسی پیمانہ پر کھینچنا۔ فن عاریات کے ابتدائی اصولوں سے عمارات کے حصّوں کے نقشے بڑے پیمانہ پر کھینچنا۔

(۱۰) کارخانہ

نجاری دستی اوزاروں کی ساخت اور غرض اور ان کے استعمال کے طریقے۔ بینچی کام اور خراد کی مشقیں۔

کسائی چھیلنے۔ ریتنے۔ کھرچنے۔ پیچ تراشی اور خاکہ برمائی کی مشقیں۔ نشان کش۔ سطح کی ناپ اور کام کی نشان اندازی کے لیے مربعوں کا استعمال۔

لہاری بھٹی اور اس کے اوزار۔ آگ کا انتظام۔ گاؤدم۔

مربع اور متوازی کام کی نقشہ کشی۔ خمانا۔ ٹھونک بٹھانا۔ مڑوڑنا۔ سنبہ کرنا اور کاٹنا۔ ٹیپ جوڑنا اور چھیلنا۔ گھڑنا۔ سختانا اور آب دینا۔ ٹانکہ لگانا اور پیتل کاری۔

ڈھلائی گھر | ڈھالنے والے کے اوزار۔ آلات اور اشیاء گھڑی بھٹی۔ پیتل کی بھٹی۔ قلب سازی۔ بہنچ کی ڈھلائی۔ سیاھنا۔ قلب اندازی اور سانچوں کی تکمیل۔ خانے۔ دروازے اور رافعات۔ پیتل ڈھالنے کے خاص طریقے۔ فرشی ڈھلائی۔ کھلا زیت کا کام۔

کل کا کام | برمانے اور سوراخ کرنے کی مشقیں۔ ہاتھ اور پھسلنی خراد سے خرادنا۔ رندہ کرنا۔ جوف سازی مہین کاری۔

اشیاء کے امتحان کے تجربہ خانجات

فلز | لوہے۔ فولاد۔ ڈھلوان لوہے۔ پٹوان لوہے اور مختلف بھرتی نمونوں کا تناؤ اور پچکاؤ کا امتحان۔

اینٹ۔ چونا گچ سیمنٹ اور چھینہ | جمنے کے وقت میں تغیر اور مختلف تناسب کے لیئے تناؤ پچکاؤ اور ترضی مضبوطی کثافت اضافی اور جذب کے سادہ امتحانات۔

(۱۱) معمل طبیعیات (عملی)

افق نماؤں کی جانچ ۔ تاروں کے لیے رینگ کا معیار بخک

جمود کے معیار اثر ۔ کیٹر کا استوار رقاص ۔ آتش پیمائی پیمائشیں ۔ حرارتی موصلیت ۔ حرارت کا معادل حیلی ۔ ضیار پیمائی ۔ حدت تنویر ۔ فیبر پیڈے کے یخ کے برتن کی جانچ ۔ وہیٹسٹون کا پل ۔ قوہ پیما ۔ کلوں کا ترازو ۔ برقی رو کے حرارتی اثرات ۔ برق پاشیدگی کی رو کی پیمائشیں ۔ برقی مقناطیسی آلہ

(۱۲) معمل کیمیا (عملی)

لوہے ۔ تانبے ۔ جست ۔ کیلسیئم ۔ میگنیشیئم ۔ سلیکون ۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کی ثقلی تشریح ۔ چونے سیمنٹ اور مٹیوں کی کیفی اور کمی تشریح ۔

صنعتی تشریح ۔ انجنیری اغراض کے نقطہ نظر سے تیل ۔ کوئلہ اور پانی کا طبیعی اور کیمیائی امتحان ۔

(۱۳) ایندھن اور فلزیات

(جماعت اول)

ایندھن | ایندھنوں کی تجنیس ٹھوس سیال اور گیاسی ایندھن

کی جڑی قیمت ۔ ایندھنوں کی کیمیائی تشریح ۔ لکڑی کے کوئلے کی صنعتی تیاری ۔ کول گیاس کی صنعت اس کے ذخائر اور اس کی تطہیر ۔ ایندھنوں کے ذخائر ۔ صنعی مقاصد کے لیے ایندھنوں کا انتخاب ۔

فلزیات ۔ مقدم فلزیاتی عملیات کا خاکہ متعلق تانبا چاندی المونیم ۔ سیسہ ۔ ٹین ۔ اینٹمنی لوہا کرومیم اور میانگنیز ان دھاتوں کا استعمال اور ان کی آزمائش ۔

سادہ فلزیاتی عملیات ٹھوس محلول سختانا ۔ تپانرمانا ۔ آب دینا ۔ بھرتیں ۔ پیتلی دھاتیں ۔ کانسے ۔ دھاتوں کی گھڑائی ۔

ڈھلوان لوہا ۔ اس کی صنعت ترکیب اور استعمال ۔ جھکڑ بھٹا اور اس کا اہتمام ۔ مختلف اقسام کے ڈھلوان لوہوں کی کیمیائی ترکیب ان کی تشنی مضبوطی وغیرہ ۔ ڈھلوان لوہے میں آلودگی ۔ ڈھلائی کے کام اور مضبوطی پر اس کا اثر ۔

نرم فولاد ۔ بیسیمر اور کھلے چولہے کا طریقہ ۔ ڈھلوان لوہے اور دیگر دھاتوں کا اس فولاد کی خاصیت پر اثر ۔ فولاد کے جوہر کی پرکھ ۔ آب دینے اور تپانرمانے کے عملیات ۔

پٹوان لوہا اسکی صنعت خواص اور اس کا استعمال ۔

دیگر دھاتیں ۔ تانبا ۔ سیسہ ۔ پیتل اور ان کی بھرتوں کے حیلی اور کیمیائی خواص ۔ دھاتوں کی حفاظت ۔

(۱۴) فلزیاتی دارالتجربے

دھاتوں کا تصفیہ اور ان کی تخلیص - بھرتوں کی تیاری
اور ان کی تشریح - ایندھنوں کی جانچ -
فولاد کے مختلف اجزا کی تنقیح مثلاً کاربن سلیکن - میانگنیز -

(۱۵) بیانیہ حیلی انجنیری

تعمیری اشیاء کی خصوصیات - جوشاروں کا بیان - بھاپ
کے انجن - تیل اور گیاس انجن - بھاپ کے تربین - آبی مشینیں -
مشینین اور مشینی آلات

(۱۶) تذکراتی سیول انجنیری

مختلف قسم کے پل - بند - نہریں - سڑکیں - کارہائے آبرسانی
عمارتوں کی بنیاد - ریلوے - بندرگاہیں اور "گودی" وغیرہ -

(۱۷) بیانیہ برقی انجنیری

برقی رو کا مفہوم - برقی رو کا استعمال - حرارت پیدا کرنیوالا
اثر - برقی روشنی - مقناطیسی اثر - برق اور مقناطیسیت کی پیمائشیں -

برقی مقناطیسی امالہ۔ مکون اور موٹر۔ ابتدائی برقی سکونیات۔ بلند اوہمیج کے اثرات۔

(۱۸) مشین کا نظریہ

(سال دوم)

فرک کے قوانین پر رفتار دباؤ اور تپش کا اثر۔ پیچ اور ڈھبری کا نظریہ (Din & pivot friction) فرکی بریک اور کلچ۔ پٹہ اور رسی کے چلن۔ چکنائی ہوئی سطح کی فرک۔ مندرجہ ذیل کے تعریفات۔

مشین۔ مشین کے عناصر اور جوڑے۔ ارباط۔ زنجیرے اور میکانیتیں۔ مقید حرکت گردشی اور مستقیم حرکت۔ انی مرکزین اور طریق مرکز مجازی۔ میکانیتوں میں حرکت مجازی رفتار اور اسراع کے شکلیں۔ (Worm Gearing) عمومی جوڑ۔ دت پٹی اور دت پھرکی۔ خارج المرکز۔ کواڑی کے شکلیں اور کواڑی کے گیرے۔ پیچی ڈھکیل اور اس کا استعمال۔ بھاپ کے انجن کا ادنی توازن۔

(۱۹) حرارتی انجن

حرارت کی اکائیاں۔ حرارہ پیمائی اور ایندھن کی حرارہ پیمائی

کی قیمت ۔ ہم تپشی اور ہر ناگزیر پھیلاؤ اور پچکاؤ کے تحت گیسوں کی روش ۔

بھاپ کے انجن ۔

کارنو کے دور ۔ کامل حراراتی انجن اور ناکارگی ۔ گرم ہوا کے انجن ۔ سیر شدہ اور فوق الحرارت بھاپ کے خواص بھاپ کے انجن کا ابتدائی نظریہ (Steam Jacketing) مختلف دوروں پر بھاپ کے انجن کی استعداد ۔ بھاپ کے ترپینوں کا ابتدائی نظریہ ۔ ہوا کے (Compressors) اور موٹر ۔ اندرونی احتراقی انجنیں ۔

گیس تیل اور پٹرول کے انجن ۔ کامی اصول ۔ آمیزہ کی قوت ۔ اشتعال کا رفتاری نقطہ ۔ پچکاؤ کا اثر ۔ تبریدی پلانٹ ابتدائی اصول اور کام کرنے والے اشیاء ۔

(۲۰) ماقوائیات

(سال دوم)

توازن سیالات کے قوانین ۔ کلیہ برنولی ۔ سوراخوں اور مہنالوں میں سے پانی کی روانی ۔ مختلف تراش کے کٹ منوں پر سے پانی کی روانی ۔ برآب و عرقاب چادریں ۔ پتلی اور چوڑی پشت کی چادریں ۔ نلوں میں سے پانی کی روانی ۔ قدر متوسط

رفتار اور اخراج نلوں کے سمٹاؤ اور پھیلاؤ کے اثرات۔ دبنچوری پیما (بہاؤ پیما) کھلمندن سیفن ٹونٹیاں موڑاور دباؤ سہار کندے نہر تالے۔ کھلے نالوں میں پانی کی روانی۔ نالے کی تراش میں رفتار کے تغیرات متوسط اور محدود رفتاریں۔ قدر متوسط رفتار اور اخراج موجیں۔ پس آب۔ سیالی فرک کے قوانین۔ کھلے نالوں اور دریاؤں میں پانی کی روانی کی جانچ۔

(۲۱) اشیاء کی لچک اور مضبوطی

(سال دوم)

شہتیر اور گرڈروں میں زور۔ انصراف۔ شافٹ اور کمانیوں کی مڑڈ کی مضبوطی اور انصراف۔ قرضی زور کا نظریہ۔ متواتر لداؤ۔ ثابت شہتیروں کا ابتدائی نظریہ۔ خمیدگی کے ثانوی اثرات۔ ڈھلوان لوہے۔ فولاد پیتل اور کانسوں کی مضبوطی اور ان کی میکانی اور طبعی خواص۔

(۲۲) نظریہ تعمیر

(سال دوم)

ساکن اور متحرک بوجھ کی خمیدگی کے معیار اثر اور قرضی قوت چوکھٹے دار تعمیر مثلاً ہمالہ جھت اور پل کی قینچیوں وغیرہ میں زور

معلق پل۔ خارج المرکز لداؤ کی وجہ سے جوڑیں اعظم اور اقل زور۔ بلاک تعمیروں کا قیام۔ مٹی کا کام اور پشتہ دیواریں۔ چنائی کے اونچے بند۔ بنیادیں۔ فولاد اور چنائی کے دو دکش۔ متذکرہ بالا کے ترسیمی مسائل تختہ نقشہ کشی پر طلباء سے کھنچوائے جائیں۔

(۲۳) ریاضی نظری

(سال دوم)

دو اور تین ابعاد کا ہندسہ تحلیلی۔ دو مجہولوں میں درجہ دوم کی عام مساوات کے خواص۔ خط مستقیم کی سمتی جیوب التمام مستوی کی مساوات اور خط مستقیم کی مساواتیں اور ان پر مشقیں ایسطوانہ کرو اور دوسرے درجہ کی سطح کی معیاری شکلیں۔

احصائے تفرقات مماس۔ عماد۔ متقارب۔ انحنار کارٹیزی اور قطبی مساواتوں سے منحنیوں کی تقسیم۔ لفاف۔

درجہ بہ درجہ احصائے تکملات دوہرے اور تہرے تکملے اور ان کا استعمال مرکز ثقیمت اور جمود کے معیار اثر دریافت کرنے میں سطح پیما۔ محدود تکملوں کی تقریبی قیمت دریافت کرنا

سمین قاعدے۔

تفرقی مساواتیں۔ | تفرقی مساواتوں (جزوی اور معمولی) کی تکوین پہلے رتبہ کی مساواتوں کی معیاری شکلوں کے حل۔ مستقل یا متجانس سروں والی خطی مساواتوں کا حل۔ صرف دو تابع متغیروں میں خطی ہمزاد مساواتیں۔ ابتدائی جزوی تفرقی مساواتوں کی معیاری شکلیں۔

(۲۴) عملی ریاضی

سکونیات ماسکونیات اور علم حرکت | سال اول کے نصاب کو احصا کی مدد سے کرنا اور انجینیرنگ سے متعلق سوالات پر خاص توجہ۔

(۲۵) معاشیات

معاشیات کے مسلمات اور ان کے مطالعہ کے طریق۔ معاشی علم کا تعلق عمل سے۔ معاشی قانون کا مفہوم۔ طلب و رسد۔ قانون تقلیل افادہ۔ عوامل پیدائش اور ان کا باہمی ربط۔ محنت اور قدرتی عامل۔ تکثیر و تقلیل حاصل۔ اصل۔ اس کا اثر اور اس کی فراہمی کے شرائط۔ قدر اور تمول کا تعلق۔ قیمت افادہ دور مصارف پیدائش۔ مبادلہ کی نسبتوں کے مقطعات۔ اجزاء مصارف پیدائش۔ قدر کے پیچیدہ مسائل۔ بین الاقوامی اور داخلی تجارت کا نظریہ۔ اور ملکی تجارت سے اس کا تعلق۔ قانون لگان۔

سود اور منافع ۔ خارجی ہنڈیوں کی قدر کا نظریہ ۔

(۲۶) انجنیری تجربہ خانجات

(سال دوم)

اشیاء کی آزمائش کا تجربہ خانہ

دھات ۔ خمیدگی ۔ مڑوڑ ۔ قرض اور انصراف ۔ انتہائی مضبوطی ۔ نقطہ مغلوبیت اور لچک کی انتہا ۔ وقت اور لداؤ کے تکرار کا اثر ۔ کوئے سے سختی کی آزمائش پھیلاؤ کے مقادیر شافٹ وغیرہ کی فاصل رفتار ۔

محکم کنکریٹ ۔ محکم کنکریٹ کے شہتیر ستون اور سلوں کی تناؤ پچکاؤ اور خمیدگی کی آزمائش ۔

مشین کے آزمائش کا تجربہ خانہ

صرف میکانی انجنیری کے طلبہ کے لیے

برقی آلات کی مدد سے خراد اور دیگر مشین اوزارون کا امتحان ان کی استعداد معلوم کرنے کے لیے کرنا ۔ انتقالی اور جذبی ڈائنمو میٹر ۔

(۲۷) برقیات

(سال دوم)

برقی اکائیاں - برقی مقادیر کی پیمائشیں - رو ق - م - ب مزاحمت رو کے برقی مقناطیسی کیمیائی اور حرارت پیدا کرنے والے اثرات - ابتدائی متبادل رو - متبادل رو اور راست رو کے مشین - ڈنامو اور موٹر کا ابتدائی نظریہ اور ان کے ضروری اجزا کا تفاعل - طاقت کا ارسال اور اس کی تقسیم - سوئچ بورڈ - طاقت اور روشنی کے لیئے اندرونی تار لگانا - حاجزیت کی جانچ - نقایص کی مزاحمت اور ان کے قیام کا تعین - تار لگانے کے قواعد - برقی حرارت پیدا کرنے والا آلہ - اصل اور خرچہ محافظت تار لگانے کا خرچ فی اکائی برقی توانائی کے نرخ لگانے کے طریقے -

(۲۸) تجربہ خانہ برقیات

(سال دوم)

متبادل رو اور راست رو کے مشینوں کا عمل اور ان کے خاصوں کی جانچ - استعداد کی جانچ - برقی کھینچاؤ کا صنعتی اغراض کے لیے استعمال - برقی توانائی کا ارسال اور تحویل -

(۲۹) علم ارضیات و معدنیات

سالِ دوّم

سطح زمین کے نیچے اور اوپر کام کرنے والے ارضیاتی عوامل کی بحث۔ پانی پالا۔ برف۔ یخ کردہ ہوائی کیمیائی میکانی و نباتی عملیات۔ زلزلوں براکین زمین کے اُبھار اور پستاؤ کے مظہرات نباتات و حیوانات کے ارضیاتی تفاعل۔

مطبق قشر ارض کی درجہ بندی ابتدائی ثانوی و ثلاثی احجار رکازات و معدنیات۔ معمولی احجار کے ضروری اجزائے ترکیبی مثلاً چونا پتھر پرتیلا۔ ابرکی و کلورٹی ورقیلے گرینٹ و سیئینی ریگماٹ کف دریا ریگ سنگ سلیٹ۔ اینٹلے وغیرہ۔

خمیدگی و مفاصل کا بیان۔ پتھر کا جھکاؤ میلان۔ بارزہ و ذخیرہ ایک میلانیہ۔ ہم میلانیہ ضد میلانیہ خلل کی اصلیت و ابتدا۔ رگیں اور ڈائیک۔ اگنی پتھر۔ تقلب کج دھاتی تہہ انداز غیر تطابق۔

ارضیات ہند۔ سلسلہ ہائے کوہ۔ میدان و ندیاں۔ سیلا مواد ٹریپ اور بلورین احجار کا پھیلاؤ ہندوستانی سواحل کے د برار۔ نربدا اور تاپتی ندی کے دریا برار دریائے سندھ اور گ کے سیلابی میدان۔ اینٹلے اور ریگڑہ کی تشکیل اور سبزیات سا کا تعلق۔ سیوالک پہاڑیوں کے احجار اور ان کے جدید تر زما کے پستان حیوانات ہندوستان کے سکوی چونا پتھر اور اُن کے مشا

ثلاثی طبقات ثلاثی دور کے ممیز رکازات (۱) بحری (۲) بر ّی بحری کہربائی احجاز ان کی معدنی خاصیت اور رکازات۔ دکن کے برکانی احجار اور ان کے مابینی تہ دار تہ نشین۔ کچھ کے جیورائی احجاز اور جواہرات کا معمولی بیان اور ان کی شناخت۔

(۳۰) تذکراتی سیول انجنیری

سال دُوّم

ترتیب برآوردہ۔ محکم کنکریٹ کے کام۔ سرنگ۔ بندرگاہیں۔ پن ّالے۔ گودی۔ پل۔ طناب راہیں۔ بنیادیں۔ سڑکیں۔ ریلوے عام راستے۔ لٹھا گاڑنا۔ بازیابی اور (Dredging) وغیرہ۔

(۳۱) ارضیاتی تجربہ خانے

سالِ دُوّم

طالب علموں کو تجربہ خانہ میں معمولی طبیعیاتی وکیمیائی آزمائشات کے استعمال سے زیادہ عام کچ دھات ملحیات اور پتھر بنانے والے مادّوں کے شناخت کی واقفیت کرانا مقصود ہے۔

(۳۲) آبپاشی

سال دوم

(۱) چاہی آبپاشی - تہ زمین کے خزانہ آب - پختہ اور خام چاہات آرٹیزین چاہ - چاہات کی آبی کارگزاری کی میقات -

(۲) تالابی آبپاشی - پن ڈھال رقبہ - بارش - ماحصل - اعظم آب رفتہ - خزانہ آب پانی کی فراہمی کے لئے - خام بندات - پختہ یا چنائی والے بندات - ان کی قیام پذیری اور تجویز کا نظریہ - تجاذب اور تبخیر کے نقصانات خزانہ آب میں - کھلمندن چادریں سیلابی کوارڈ آبگیر ے - سطحی پھاٹک - زیر توم - سیفن - چھلک راہ اٹ کا اجتماع اور آبی خزانوں کی عمر - آبی خزانے کی تجاذبی قابلیت سیلاب کے لئے -

(۳۳) آب کارخانہ

بہم رسانی کے مبتداء - چشمے - کنوئیں - ندیاں - تالاب - بہم رسانی کا انتخاب -

بست خزائن و آب انبارے - درآمدین - تلچھٹ - حوض - مقطارے - تقطیر کی رفتاریں - مختلف وضع کے میکانی - مقطارے - آب مینارے -

ابھارنل - پھیلاو جوڑ - آبی ارتفاع کے نقصانات - کوارڈیاں -

مقیمی ٹانکیاں ۔ اتصالات اکنہ ۔ آب پیما ۔ چوبچے ۔ ہندوستان میں جو پمپی منصوبات استعمال ہوتے ہیں ان کی عام قسمیں ۔

(۳۴) سیول انجینری تجویز (لکچر)

سال دوم

یہ نصاب نظریہ تعمیر ۔ آبپاشی ۔ محکم کنکریٹ اور عام انجینری کاموں کے لکچروں کا ضمیمہ ہے ۔ اس میں چنائی کی عمارات اور پل ۔ فولادی عمارات ۔ تختی اور جالیدار گرڈر کے پل ۔ فولادی کمانیں معلق ۔ برآمدہ بیرم اور نلیدار پل ۔ جھولہ دار پل ۔ محکم کنکریٹ کی عمارات ۔ پشتہ دیواریں ۔ چنائی کے بند ۔ آبگذر ۔ چھت کی قینچیاں ۔ فولاد اور چنائی کے دو دکش اور مختلف اقسام کی بنیادیں وغیرہ شامل ہیں ۔

(۳۵) سیول انجینری تجویز و نقشہ کشی

سال دوم

طلبا سے توقع کیجائیگی کہ ایک چنائی اور ایک فولادی تعمیر کی مکمل تجاویز اور نقشہ پیش کریں ۔

(۳۶) حیلی انجینری کے منصوبے اور نقشہ کشی

سال دوم

(صرف حیلی انجینری کے طلبہ کے لئے)

مشکل سوالات۔ روشنائی بھرنا۔ سایوں کے خطوط کھینچنا۔ رنگ سے بجسان شوب دینا۔ دھجی دار اور مدھم سایہ نگاری۔ چربے اتارنا۔ نیلے چھاپے تیار کرنا۔ خاکہ کشی۔ حیلی اور برقی انجینری میں مستعمل مکمل مشینوں یا ان کے جزئیات کو ناپ کر عملی کام کے قابل نقشے تیار کرنا۔ تناسب پیمائشیں اور ان کے معنی۔ معلوم قاعدوں سے کسی مشین کے اجزا کے تناسب کو حسابی عمل سے دریافت کرنا چند سادہ مشینوں کے منصوبے (Design)

(۳۷) تجویز مشین پریکچر

سال دوم

صرف میکانیکل انجینیروں کے لئے

مشین کے حصوں کی تجویز میں اصول قوتِ اشیاء کا استعمال مشین کی ساخت میں جکڑنے والی اشیاء کا استعمال۔ بولٹ۔ پیچ۔ چابی۔ کاٹر (شاہی کیلہ)۔ ربٹ اور رہٹے ہوئے جوڑ۔ دہرا اور مسند ارس۔ دت گیرائی۔ گیرائی پٹہ اور (Shaft couplings) اس کے ذریعہ طاقت کی منتقلی۔ نلوں اسطوانوں۔ کرینکوں خارج المرکزوں فشاروں فشارہ کے ڈونڈوں (Stuffing boxes) سہاروں اڑپیوں اور جوڑ دنڈونکی تجویز۔ (Cross head)

(۳۸) پچک کا اعلیٰ نظریہ

سال سوم

لوہے کی مضبوطی اور انصراف کے متعلق سال دوم کے کام کا تسلسل سہ معیاری مسئلہ وغیرہ۔ مجموعی زور و فساد۔ نلوں اور موٹے استوانوں میں زور۔ طویل ستونوں میں زور، خارج المرکز لداؤ۔ ڈاٹ روک کے متعلق آئیلر کا نظریہ اور رنکین گارڈن وغیرہ کی ترمیمات گھومنے والے قرص اور شافٹ میں زور۔ شافٹ میں ارتعاش فاصل رفتار۔ تعمیر کا طولی اور عرضی ارتعاش۔ چوکھے دار تعمیر میں کام کے نظریہ سے انصراف معلوم کرنا۔

(۳۹) ماقوائیات

سال سوم

مرکز گریز اور متکافی پمپوں کا نظریہ اور منصوبہ۔ کھلمندن اور بادظرف۔ پمپوں کی استعداد۔ حیوانی طاقت کے ذریعہ پانی چڑھانے کے طریقے۔ سادہ اور تسلسلی پمپوں کے خاص خاص نمونے۔ بھاپ پمپ یا خلا پمپ (پلسومیٹر)۔ پن دھکو۔

پن چکر۔ پلٹن چکر کا نظریہ و منصوبہ۔ تصادم۔ تربین اور رد تربین کا نظریہ اور منصوبہ۔ رفتار اضافی۔ پلٹن چکر کے استعمال کے لئے پانی کی بہترین مقدار اور ارتفاع۔ تربین کے ضوابط ہواچوس نلیاں۔

اڈحوض (ترنگ حوض) ان کا نظریہ اور طریق استعمال۔
روانی آب اور پس آب مخنی کا حساب۔ کھڑی موجیں۔
گولڈ تفاعل کا اطلاق و استعمال۔ پن دہمک طاقت کی ماقوائی
منتقلی۔ جامع ظرف۔ کھلندن۔ ماقوائی بڑے نل۔ جھولا وغیرہ۔
ابعادی یکجنسی کا نظریہ۔ تحریکی مشابہت کا نظریہ اور لزج کی
قدر کا استعمال۔ بلیٹن چکر پر نمونہ کے تجربے کے لئے حسابات۔ ماقوائی
ترپین۔ مرکز گریز پمپ۔ جہازی مزاحمتیں۔ کھڑی موجیں اور دھکیلو۔

(۴۰) تقسیم الارض

پیمائش۔ منحنیوں کے نظریئے۔ زادیائی آلات کے ذریعہ منحنیوں
کو زمین پر ڈالنا۔ منحنی جو صرف مستقیم ناپوں سے وتروں سے اور
خارجی عمودوں سے منحنی کی داخلی سمت میں لگائے جاتے ہیں۔ مرکب
منحنی۔ فاصل منحنی۔ انتصابی منحنی۔ لولبی یا مرور منحنی۔ ایک خط مستقیم
کو دو مرکزوں کے طریقے سے خطیانا مٹی کے کام کو کھونٹیوں سے داغ
